# رودادِ

# کربلا

مفتی ظفر جبار چشتی

PDFBOOKSFREE.PK

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ایک ضروری گزارش!

معزز قارئینِ کرام! اس کتاب کو عام قاری کے مطالعہ، اُمتِ مسلمہ کی راہنمائی اور ثوابِ دارین کے خاطر پاکستان ورچوئل لائبریری پر شائع کر رہا ہوں۔ اگر آپ کو میری یہ کاوش پسند آئی ہے یا آپ کو اس کتاب کے مطالعے سے کوئی راہنمائی ملی ہے تو برائے مہربانی میرے اور میرے والدین کی بخشش کے لئے اللہ رب العزت سے دُعا ضرور کیجئے گا۔ شکریہ

طالبِ دُعا سعید خان

ایڈمن پاکستان ورچوئل لائبریری

PVL

PAKISTAN VIRTUAL LIBRARY

www.pdfbooksfree.pk

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# رُوداد کربلا

مصنف

مفتی مظفر جبار چشتی

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

Courtesy www.pdfbooksfree.pk

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

# رُودادِ کربلا


ناشر: ملک شبیر حسین

نظر ثانی: علامہ مولانا سجاد حسین چشتی

پروف ریڈنگ: قاری محمد عادل ولیجہ، حافظ عبد الجمال ناصر

سن اشاعت: دسمبر 2009ء

طابع: اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

کمپوزنگ: آرٹ سٹائل

سرورق: اے ایف ایس ایڈورٹائزرز 0345-4653373

قیمت: /220 روپے

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور


## ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی صحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

مَـوۡلٰـےَ صَـلِّ وَسَـلِّـمۡ دَائِـمًـا اَبَـدًا

عَـلٰـى حَبِيۡبِکَ خَيۡـرِ الۡخَلۡقِ كُلِّهِمِ

مُـحَـمَّـدٌ سَيِّـدُ الۡـكَـوۡنَيۡنِ وَالثَّقَلَيۡنِ

وَالۡـفَـرِيۡـقَيۡنِ مِنۡ عُرُبٍ وَّ مِنۡ عَجَمِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# انتساب

کنز العلماء، استاذ الاساتذہ، جانشین قبلہ محدث قصوری،

پاسبان مسلک اہل سنت شیخ الحدیث پیر طریقت رہبر شریعت

حضرت علامہ مفتی

## پیر محمد سعادت علی قادری

دامت برکاتہم العالیہ

ناظم اعلیٰ مرکزی دار العلوم جامعہ حنفیہ قصور

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# انتساب

میں اپنی اس کاوش کو اپنے پیرومرشد پیکر صبرورضا،

سید اہل وفا، قائد اہل سنت، مفکر اسلام مفسر قرآن، شیخ الحدیث،

حضرت علامہ **پیر سید ریاض حسین شاہ** مدظلہ

مرکزی ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت پاکستان

ڈائریکٹر ادارہ تعلیمات اسلامیہ پاکستان (راولپنڈی)

کے نام کرتا ہوں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk




| | |
|---|---|
| حرف آغاز | 11 |
| تقریظ مولانا محمد عبدالرحمٰن جامی سعیدی | 17 |
| تقریظ محمد سعادت علی قادری | 18 |
| تقریظ مفتی محمد لطیف نوری | 19 |
| گروپ میچنگ | 22 |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سیرت و کردار | 35 |
| ولادت باسعادت | 36 |
| حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا امام حسن کے کان میں اذان کہنا | 37 |
| آپ رضی اللہ عنہ کی پرورش | 38 |
| تعلیم و تربیت | 39 |
| سیدنا امام حسین کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا والہانہ پیار | 40 |
| حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور نسب خصوصی | 41 |
| راکب دوش مآب امام حسین رضی اللہ عنہ | 41 |
| آغوش نبوت و محبت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ | 42 |
| جگر گوشہ رسالت اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہ | 43 |
| سردار اہل جنت | 43 |
| سیدنا امام حسین کے اخلاق حسنہ اور اوصاف حمیدہ | 44 |
| تواضع | 45 |
| پاکیزگی قلب | 46 |
| شجاعت | 47 |
| علم و فضل | 48 |
| عبادت و ریاضت | 49 |
| مجسمہ اوصاف حمیدہ | 49 |
| شہادت در کربلا سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ بارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم | 50 |
| آپ کی ازواج اور اولاد آپ کی اولاد کے نام | 54 |
| سیدہ شہر بانو رضی اللہ عنہا، سیدہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا | 55 |
| سیدہ رباب رضی اللہ عنہا | 56 |
| سیدہ ام اسحاق، حضرت قضاعیہ رضی اللہ عنہن | 58 |
| آپ کی اولاد رضی اللہ عنہم تذکرہ حضرت زین العابدین | 58 |
| حضرت علی اکبر ابن الحسین، حضرت عبداللہ المشہور بہ علی اصغر رضی اللہ عنہما | 59 |
| حضرت جعفر ابن الحسین سیدہ فاطمہ صغریٰ خاتون رضی اللہ عنہا | 59 |
| سیدہ سکینہ | 60 |
| کردار یزید پلید | 61 |
| امارۃ الصبیان اور امت کی ہلاکت | 64 |
| سکی شرح میں علامہ ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ | 65 |
| علامہ حجر مکی لکھتے ہیں | 65 |
| علامہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں | 66 |
| لسان رسول کی سنت کو بدلنے والا پہلا شخص یزید ہوگا | 67 |
| یزید کی حقیقی خدوخال | 67 |
| شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فرماتے ہیں | 70 |
| علامہ ملا علی قاری فرماتے ہیں | 70 |
| یزید اور محرمات شرعیہ، زنا، ترک نماز، شراب کا ارتکاب | 71 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk




| | |
|---|---|
| علامہ سعد الدین تفتازانی لکھتے ہیں | 72 |
| علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی فرماتے ہیں | 73 |
| حضرت سید مجدد الف ثانی احمد فاروق سرہندی فرماتے ہیں | 75 |
| علامہ سید نعیم الدین مراد آبادی فرماتے ہیں | 76 |
| امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے یزید کو کافر کہا | 77 |
| امام عالی مقام کی مدینہ طیبہ سے رخصت کی حکمتیں | 82 |
| ریاض الجنۃ میں سیدنا امام حسین کی آخری رات | 84 |
| دربار رسالت ﷺ پر رات کی پچھلی گھڑی | 85 |
| سیدنا امام حسین کی مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ ہجرت | 86 |
| سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی تلاش اور جاسوسی | 89 |
| حضرت ہانی بن عروہ کا مختصر تعارف | 90 |
| بن عروہ کی گرفتاری اور ظلم عبید اللہ زیاد | 91 |
| عبید اللہ ابن زیادہ کا محاصرہ | 93 |
| سیدنا امام مسلم کی بیکسی اور خاتون طوعہ مسلمہ | 95 |
| سیدنا امام مسلم کی آخری عبادت شرف زیارت بشارت شہادت | 98 |
| مسلح لشکر ابن زیاد اور طوعہ کے گھر کا گھیراؤ | 99 |
| سیدنا امام مسلم پر سنگباری اور شجاعت ہاشمی اور گرفتاری | 100 |
| سیدنا امام مسلم کے آخری مکالمات اور ابن زیاد | 103 |
| سیدنا امام مسلم بن عقیل کی شہادت عظمیٰ | 105 |
| شان سیدنا امام مسلم بن عقیل | 106 |
| رئیس کوفہ سردار مزحج و میزبان عظیم نے مہمان جلیل پر جان فدا کر دی حضرت ہانی بن عروہ کی شہادت در کوفہ کا بیان | 109 |
| فرزند امام مسلم حضرت محمد ابراہیم کی کوفہ میں بیکسی اور شہادت عظیمہ | 111 |
| ظالم کا انجام | 116 |
| فرزندان امام مسلم سیدنا محمد اور سیدنا ابراہیم کے مزارات مقدسہ در قریب میسب اسکندریہ | 118 |
| سیدنا امام حسین کی مکہ معظمہ سے رخصت کی حکمتیں | 119 |
| حضرت عبد اللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ | 122 |
| حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما | 124 |
| سیدنا امام حسین کا مکہ معظمہ میں آخری خطبہ | 124 |
| سیدنا امام حسین کی مکہ معظمہ سے جانب کوفہ روانگی | 126 |
| پہلی منزل بستان ابن عامر | 127 |
| دوسری منزل صفاح | 130 |
| تیسری منزل ذات عراق | 131 |
| چھٹی منزل زرود | 131 |
| ساتویں منزل ثعلبیہ | 132 |
| آٹھویں منزل زبالہ | 134 |
| نویں منزل بطن عقبہ، دسویں منزل شراف، گیارہویں منزل سرات بارہویں منزل | 135 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk




| | |
|---|---|
| تیرہویں منزل بیضہ، چودھویں منزل قصر بنی مقاتل، پندرہویں منزل نینوا | 136 |
| سولہویں منزل کربلا | 137 |
| خولی بن یزید اور شمر کا خبیث یزیدی گروہ | 139 |
| سیدنا امام حسین اور یزیدی فوج کے سربراہ عمرو بن سعد کی آخری گفتگو | 142 |
| حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا کربلا کے میدان میں پہلا خطبہ | 144 |
| سفر شہادت | 145 |
| عبیداللہ ابن زیاد کا مختصر تعارف | 146 |
| ۳ محرم اور کربلا میں عمرو بن سعد چار ہزار یزیدی لشکر کے ساتھ | 147 |
| عمرو بن سعد کا مختصر تعارف | 148 |
| یزیدی لشکر جرار کی کل تعداد تیس ہزار | 150 |
| سپاہ حسینی کی کل تعداد ایک سو چالیس تھی | 151 |
| ساتویں محرم ساقی کوثر کی آل پر بندش آب | 152 |
| نویں محرم اور ایک رات کی مہلت۔ شب عاشورہ کے دلدوز واقعات | 154 |
| جانثاران حق اور جنت کے محل | 156 |
| کربلا میں سیدزادیوں سے سید کا خطاب | 157 |
| تدفین جگمگا اٹھی جب دل سے کیں عبادتیں | 158 |
| روز عاشور اور کربلا سپاہ حسینی اور لشکر اشقیاء | 159 |
| جنگ میں تاخیر کی وجہ | 160 |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا کربلا میں بہ وقت صف بندی | 161 |
| سپاہ حسینی میں حر بن یزید الریاحی | 163 |
| قوم اشقیاء سے حر ابن یزید الریاحی کا خطاب | 164 |
| لشکر اشقیاء سے آغاز جنگ اور تیروں کی بارش | 165 |
| واقعہ کربلا میں خاندان ہاشم کی قربانیاں | 167 |
| خاندان ہاشم کے پہلے شہید کی تحقیق | 168 |
| فضائل و محامد حضرت شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ | 169 |
| شجاعت و جہاد ایمان و ایقان شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ | 169 |
| شہادت عظمیٰ اور جوان بیٹے کی لاش پر بے کس باپ کی آمد | 175 |
| اولاد حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کی قربانیاں | 180 |
| حضرت عبداللہ بن امام مسلم بن عقیل کی شہادت | 180 |
| حضرت محمد بن حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت | 182 |
| حضرت جعفر ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت | 182 |
| حضرت عبدالرحمٰن ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت | 183 |
| اولاد جعفر طیار کی قربانیاں | 184 |
| حضرت محمد ابن عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی شہادت | 185 |
| اولاد سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی قربانیاں | 186 |
| شہزادہ حضرت قاسم ابن امام حسن کی شہادت | 187 |
| حضرت ابوبکر ابن امام حسن رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ (الاصغر) ابن امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت | 189 |
| اولاد سیدنا علی المرتضیٰ کی قربانیاں | 190 |
| حضرت ابوبکر بن علی المرتضیٰ کی شہادت | 190 |
| حضرت محمد ابن سیدنا علی المرتضیٰ کی شہادت | 191 |
| حضرت عبداللہ ابن علی المرتضیٰ کی شہادت | 192 |
| حضرت عثمان ابن علی المرتضیٰ کی شہادت | 192 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk




| | |
|---|---|
| حضرت جعفر ابن علی المرتضیٰ کی شہادت | 193 |
| ابوالفضل حضرت عباس ابن علی المرتضیٰ کی شہادت | 194 |
| القابات، شکل وشمائل وفضائل | 195 |
| سقائے اہل بیت ابوالفضل حضرت عباس بن علی المرتضیٰ کی شہادت | 197 |
| قیامت نما حادثہ شبیر جہانگیر بجانب رزم گاہ کربلا | 204 |
| طفل شیر خوار شہزادہ علی اصغر ابن امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت | 206 |
| وقت آخر امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی بیت کے جھرمٹ میں | 209 |
| سیدنا امام زین رضی اللہ عنہ | 210 |
| سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا | 211 |
| امام رضی اللہ عنہ کا وقت آخر لباس ستر زیب تن کرنا | 211 |
| سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی بے مثال شجاعت | 212 |
| سرکار سیدالشہداء سیدنا امام حسین کی شہادت عظمیٰ | 216 |
| قرآن اور اسلام | 223 |
| سلام بحضور سیدالشہداء امام عالی مقام | 224 |
| بعد از شہادت امام واقعہ کربلا اور صدمہ سید عالم ﷺ | 226 |
| شہادت امام حسین کے بعد غضب خداوندی کے آثار | 227 |
| ذکر واقعات شہادت اور آنکھوں سے آنسو رحمت خداوندی | 228 |
| اہل مدینہ کو شہادت کی اطلاع | 229 |
| بعد از شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ | 231 |
| سرکار امام عالی مقام کی لاش مقدس سے لباس کا اتارنا | 232 |
| سرکار امام عالی مقام کی لاش مقدس کو پامال کیا جانا | 233 |
| سرکار امام عالی مقام کے زخموں کی تعداد | 234 |
| اسپ امام عالی مقام کا حال بعد شہادت امام | 234 |
| اسپ امام عالی مقام کے نام کی تحقیق | 235 |
| مدفن شہدائے کربلا کی تحقیق | 236 |
| مزار پرانوار سیدنا امام حسین اور شہداء کربلا | 237 |
| سرکار امام رضی اللہ عنہ کے سر اقدس کے مدفن کی تحقیق وتفصیل | 238 |
| اسیران اہل بیت کے حالات کربلا سے کوفہ تک لاش امام رضی اللہ عنہ دیکھ کر | 240 |
| اسیران اہل بیت کا کوفہ میں داخلہ اور سرہائے شہداء نیزوں پر | 241 |
| سر مبارک نیزہ کی نوک پر چہرہ مبارک کی چمک اور ہوا میں ریش اقدس کی حرکت | 242 |
| سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا اہل کوفہ سے بے مثال خطاب | 243 |
| سرہائے شہداء اور دربار ابن زیاد اور گستاخی کا مظاہرہ | 247 |
| اسیران آل بیت اور عبداللہ ابن زیاد کوفہ کے دارالامارت میں | 248 |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk




| | |
|---|---|
| سیدہ زینب بنت علی المرتضیٰ کی عبید اللہ ابن زیاد سے گفتگو | 249 |
| سیدہ زینب اور امام زین العابدین کا آخری مکالمہ اور عبید اللہ ابن زیاد کی رسوائی | 251 |
| کوفہ میں اہل بیت کو کہاں اور کتنے دن اسیر رکھا گیا | 252 |
| کوفہ سے شام اسیران اہل بیت کے حالات اہل بیت کی کوفہ سے روانگی | 254 |
| کوفہ سے دمشق کی منازل اور اہل بیت کو کس راستہ سے لے جایا گیا | 254 |
| واقعہ کربلا اور اصحاب کہف | 256 |
| قافلہ اہل بیت دمشق کے قریب یزید کے کفریہ اشعار۔ دارالامارۃ کی زیبائش | 257 |
| امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک پیش ہونے پر یزید کے کفریہ کلمات | 258 |
| یزید کی امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سر اقدس کی بے حرمتی | 260 |
| واقعہ کربلا کا تحقیقی معیار | 261 |
| دمشق میں اہل بیت کا مدت قیام | 278 |
| اہل بیت کی رہائی کے علل و اسباب | 279 |
| رہائی اہل بیت شام سے مدینہ منورہ تک کے حالات احکام رہائی اور یزید | 282 |
| اہل بیت کی تعظیم کے ساتھ مدینہ روانگی | 284 |
| اہل بیت مدینہ کے بجائے کربلا | 285 |
| اہل بیت کا امام عالی مقام و شہدان کربلا کی قبور پر حاضری | 286 |
| روضہ رسول اور آل رسول | 287 |
| آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم جنت البقیع میں | 288 |
| سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت علی المرتضیٰ ولادت | 289 |
| تعلیم و تربیت | 290 |
| حامل نبوت۔ اخلاق فاضلہ | 291 |
| شباہت و شمائل۔ نکاح۔ امور خانہ داری | 292 |
| شرم و حیا۔ عظمت شوہر | 293 |
| زہد و تقویٰ | 295 |
| ایمان و توکل | 296 |
| وصال۔ مرقد اقدس | 298 |
| قاتلان امام کا عبرت ناک انجام یزید کی ہلاکت سنگباری اور آگ | 300 |
| مختار بن ابو عبیدہ کا دور حکومت | 302 |
| مختار کی مدح و قدح پر اختلاف۔ کربلا کا انتقام | 303 |
| قاتلان امام عالی مقام کے گھروں کا ڈھایہ جانا اور قتل کرنا | 305 |
| راہ فرار اختیار کرنے والوں کا تعاقب کر کے مارا جانا | 305 |
| یزیدی فوج کے وہ افراد جن کو ٹکڑے کر کے آگ لگا دی گئی | 305 |
| مختار کے لشکر کی ابن زیاد لشکر سے موصل پر جنگ ابراہیم ابن الاشتر کی فتح اور ابن زیاد کی ہلاکت | 310 |
| لمحہ فکریہ! | |

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرف آغاز

## کچھ کتاب اور صاحب کتاب کے بارے میں

دائرہ صبر و رضا...... امام اہل وفا...... غازۂ رخسار یقین...... محافظ دین مبین...... سجاد کی جستجو...... سجود کی آبرو...... مسجود کی آرزو...... شہزادۂ گلگوں قبا...... سید الشہدا...... امام عالی مقام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا سانحہ تاریخ اسلام میں ہمیشہ خون آلود حرفوں میں لکھا گیا اور اشک بار آنکھوں سے پڑھا گیا۔ محرم کے غم انگیز اور جرات خیز لمحوں میں 61ھ کی دسویں محرم کے تصور سے لہو رنگ یادوں کے المناک دریچے کھل جاتے ہیں۔ کربلا کا میدان، فرات کا کنارہ، اہل کوفہ کی بے وفائی، خاندان رسالت کا تاراج گلشن زہرا کے پھولوں کی پامالی، چمکتی ہوئی تلواریں، بجلیاں برساتے نیزے، جگر گداز سسکیاں، تڑپتی لاشیں، کاروان شہدا کی جنت کی طرف تیز گامی۔ یہ نواسہ رسول سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے علمبردار کے بازو کٹے ہیں۔ یہ ننھے علی اصغر رضی اللہ عنہ کے پنکھڑی جیسے حلق سے لہو کی آبشاریں نکل رہی ہیں۔ یہ بیبیوں کے عفت و عظمت نشاں خیموں سے آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں۔ ساقی کوثر ﷺ کے طاہر و معطر خانوادے پر فرات کے پانی بند کر دیے گئے ہیں۔ دسویں محرم کا تصور مجھے لہو رلا رہا ہے ایثار و قربانی کا یہ بھی ایک عجیب قصہ ہے جو صرف اور صرف تاجدار کربلا کا حصہ ہے۔ ایک سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ایک عظیم قربانی۔ حر رضی اللہ عنہ جیسے حق پرست وصاحب کردار کی قربانی۔ غازی عباس علمدار رضی اللہ عنہ وفا دار کی قربانی ۔ اسلام کو جگا کر خود سو جانے والے معصوم علی اصغر رضی اللہ عنہ کی قربانی۔ کرب وبلا میں سوئی ہوئی دینی اقدار وتہذیب کو جگانے والے جوان علی اکبر رضی اللہ عنہ کی قربانی۔ اور پھر حسین رضی اللہ عنہ ...... کون حسین رضی اللہ عنہ ؟ حسین گلشن رحمت کی دلنواز کلی ...... حسین نور علی ...... حسین شیر جلی ...... حسین حق کا ولی ...... حسین شہید اعظم ...... حسین فخر آدم ...... حسین پناہ عالم ...... حسین عالی نسب ...... حسین ماہ عرب ...... حسین خون رسول ...... حسین فخر بتول ...... حسین اصل اصول ...... حسین عقل عقول ...... حسین صورت حیدر ...... حسین نازش زینب ...... حسین راکب دوش رسول ...... حسین راحت زہرا ...... حسین حسن ولایت ...... حسین چرخ کرامت کے چاند کا ہالہ ...... حسین مہر نبوت پہ کھیلنے والا ......

قارئین کرام۔ اپنے کردار وعمل سے فتح وشکست کے مروجہ اصول بدل دینے والے اسی حسین ابن علی کی بارگاہ میں محبتوں، عقیدتوں، اور چاہتوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے ممتاز مذہبی سکالرز علامہ مفتی ظفر جبار چشتی صاحب نے ''روداد کربلا'' تحریر کی ہے۔ خاک راہ کربلا کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنا لینے والے صاحب درد مفتی ظفر جبار چشتی نے اپنی اس تصنیف دلپذیر میں اپنے خون کا نذرانہ دے کر بجھتے منظروں کو روشن کر دینے والے شہدائے کربلا کے والہانہ محبتوں کا اظہار کیا ہے۔ اس کتاب کا ہر لفظ شدت احساس کے ساتھ قاری کے دل کو چھوتا ہے۔ گہرے ملال میں اتر کر لکھی گئی اس کتاب کے ہر صفحے پر شہدائے کربلا کی یادوں اور باتوں کی کہکشاں سجی ہے۔ یہ کتاب نہیں بلکہ شہدائے کربلا کی یاد میں خوش گفتار اور خوش رفتار

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مفتی ظفر جبار چشتی کے قلم کی آنکھ سے ٹپکنے والے آنسوؤں کا مجموعہ ہے۔ عشق رسول کی روشنیوں سے اپنے دل کو تجلہ تنویر بنا لینے والے صاحب جمال اور صاحب کمال مفتی ظفر جبار چشتی نے اپنا قلم اپنے دل کے لہو میں ڈبو کر اپنے احساسات کو رقم کیا ہے۔ ان کی اس کتاب میں حقائق بھی ہیں اور سچائیاں بھی۔ غم کی کیفیات بھی ہیں اور لازوال قربانیوں کی کہانیاں بھی۔ رنج و ملال میں ڈوبی، محبت عقیدت میں بھیگی اور تحقیق و تفتیش میں لپٹی یہ کتاب شہدائے کربلا سے محبت کرنے والوں کے لئے گرانقدر تحفہ ہے۔

قارئین کرام۔ اس خوبصورت اور دلکشا کتاب کے فاضل مصنف مفتی ظفر جبار چشتی کا شمار ان خوش نصیب لوگوں میں ہوتا ہے جن کی دونوں ہتھیلیوں پر عشق مصطفے کے چراغ جل رہے ہیں اور جن کی چشم تصور طواف گنبد خضری میں مصروف رہ کر اپنی نجات اور مغفرت کے پھول چنتی ہے۔

شفاف دل، روشن دماغ اور زندہ ضمیر کے مالک اس جواں سال، جواں فکر عالم دین کی رات رنگ آنکھوں میں اسلام اور پاکستان کے لئے بہت کچھ کر گزرنے کے خواب جھلملاتے دکھائی دیتے ہیں۔

سلگتے جذبے رکھنے والے اس صاحب جنوں نے قلم و قرطاس کے سائے میں جو راہ شوق اختیار کی ہے اس پر خار راستے میں بہت سے مقامات آہ و فغاں بھی آتے ہیں مگر گرمی شوق سے تپتے ہوئے جذبوں والا یہ بلند ہمت اور بلند عزم نوجوان محقق اپنے رستوں میں آنے والے آگ کے دریاؤں میں ڈوب کر صورت خورشید ابھرنے اور راستہ بنانے کا ہنر جانتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



میں جذبوں ،ارادوں، امنگوں ،ولولوں ،اور خوابوں سے لبالب بھرے ہوئے مفتی ظفر جبار چشتی کو رو داد کربلا کی اشاعت پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

مجھے یقین ہے کہ امام عالی مقام سے وابستہ لفظوں کے یہ چراغ ہمیشہ روشن رہیں گے اور تا ابد لو دیتے اور شوق شہادت کے جذبے جگاتے رہیں گے۔

حرف آخر یہ کہ جس نظریہ و مقصد کیلئے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے کربلا کو آباد کیا تھا وہ امتحاں تو اب بھی جاری ہے مقامی طور پر اور بین الاقوامی سطح پر بھی۔

وقت آج بھی اپنے حسین کی تلاش میں ہے مگر حجازیوں کے کارواں میں کوئی حسین دکھائی نہیں دیتا۔ لشکر یزید میں کھڑے ہزاروں حر آج بھی اپنے حسین کی راہیں تک رہے ہیں

میرا حسین ابھی کربلا نہیں پہنچا
میں حر ہوں اور ابھی لشکر یزید میں ہوں

والسلام

محمد نواز کھرل

مرکزی سیکرٹری اطلاعات جماعت اہل سنت پاکستان

سابق جنرل سیکرٹری کونسل آف جرائد اہل سنت پاکستان

جنرل سیکرٹری ادبی تنظیم "روش"

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام

علیٰ سیدنا محمد الرؤف الرحیم وعلیٰ الہٖ واصحابہ

واولیاء امتہ وعلماء الھادین الیٰ یوم الدین اما بعد!

حمد وصلوٰۃ فقیر ناچیز نے زیرِ نظر کتاب کا مخصوص مقامات سے سماع کیا ہے۔ یہ کتاب شہزادۂ خیر الوریٰ سالارِ مردانِ حق، پیکرِ صبر و رضا، امام عالی مقام سید الشہداء امام حسین بن شیرِ خدا علی المرتضیٰ علیہما السلام کی شہادت کے موضوع پر تحریر کی گئی ہے۔ یہ بات یقیناً حق ہے کہ امام حسین علیہ السلام اور آپ کے احباب اصحاب پر سن ۶۱ ہجری میں میدانِ کرب و بلا کے اندر یزید پلید کے حکم سے ابنِ زیاد لعین کے ساتھیوں نے بہت مظالم ڈھائے ہیں۔ اور آپ علیہ السلام کو آپ کے ساتھیوں سمیت شہید کر دیا ہے۔ جس دن آپ کی شہادت واقع ہوئی ہے وہ جمعہ کا دن دس تاریخ ماہِ محرم تھا۔ اُس یومِ عاشور میں مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس پیارے نواسے اور آپ کے جانشین پر قیامت قائم کی گئی ہے اور وہ قیامت شریر ترین لوگوں کی جانب سے قائم ہوئی ہے۔ اور شاید یہی راز ہے کہ اللہ قہار جبار نے قیامت کبریٰ قائم کرنے کے لئے یومِ عاشور اور روز جمعہ مقرر کر رکھا ہے جیسا کہ احادیث مبارکہ سے واضح ہے اور وہ قیامت شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی۔ چنانچہ صحیح ابن حبان میں یہ حدیث متعدد اسناد کے ساتھ مروی ہے کہ آفتابِ رسالت ماہتابِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لا تقوم الساعۃ الا علیٰ شرار الناس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کہ قیامت بدترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی۔

اور اس میں کسی صاحب ایمان کو کچھ شک نہیں کہ جو لوگ رسول اللہ ﷺ اور آپ کی آل و اولاد امجاد اور آپ کے اصحاب کے دشمن ہیں۔ وہی بدترین لوگ ہیں اور میں کہتا ہوں کہ یزید پلید اور ابن زیادہ لعین اور قاتلانِ امام حسین علیہ السلام اور ان ظالموں کو سچا سمجھنے والے تمام بدترین لوگ ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے غضب کے مستحق ہیں۔ دورِ حاضر میں بھی ایسے کچھ جاہل لوگ موجود ہیں جو یزید پلید کو سچا سمجھتے ہیں اور انہوں نے یزید کو حق پر ثابت کرنے کے لئے کتابیں بھی لکھ دی ہیں اور اس طرح سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی مذموم کوشش کی اور کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جنہوں نے امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے واقعہ میں غلط روایات شامل کر دی ہیں۔ لہٰذا ضروری تھا کہ ایسی کتاب لکھی جائے جس میں یزید کے حامیوں کا مکروہ چہرہ بے نقاب کر دیا جائے اور غلط روایات بیان کرنے والوں کا بھی ردّ کر دیا جائے تو کتاب ہٰذا کے مصنف فاضل جلیل ممتاز مذہبی سکالر حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی دامت برکاتہم نے بڑی محنت کی ہے اور پوری کوشش اور توجہ سے ایک ایسی عمدہ اور تحقیقی کتاب تحریر فرمائی ہے کہ جس سے حامیانِ یزید پلید کا ردِ بلیغ ہو گیا ہے اور غلط روایات بیان کرنے والے واعظوں کی بھی بہت حد تک اصلاح ہو جاتی ہے اور آپ نے حق واضح کرنے کی پوری سعی محمود فرمائی ہے۔ یہ ایک ایسی معتبر کتاب ہے جس کے پڑھنے سے سنی مسلمانوں کے سچے عقیدہ کی تائید ہوتی ہے۔ اور اہلِ حق علماء کا یہی منصب ہے کہ جب وہ حق کے خلاف کوئی معاملہ دیکھیں تو وہ حق کی تائید اور باطل کے لئے میدان عمل میں اُتر کر اپنی زبان اور قلم سے پوری قوت کے ساتھ حق کی وضاحت کریں تاکہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حق کا بول بالا رہے۔ مسلمانانِ اہل سنت سے میری گزارش ہے کہ ایسی کتابوں کو ضرور پڑھا کریں۔ تاکہ وہ حق اور باطل کے درمیان تمیز کرسکیں۔ اور حق پر قائم رہ سکیں اور باطل سے بچ سکیں۔ اللہ تعالیٰ تمام اہل سنت مسلمانوں کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ اور ایسے غیور علماء اہل سنت کے حق میں میری یہ دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن کی مساعی حمیدہ کو قبول فرمائے۔ نیز علماء سے یہ بھی درخواست ہے کہ وہ اس سے بھی بڑھ کر محنت کریں اور باطل کے ردّ کے لیے کمربستہ رہیں۔ اور حق کی تائید و مدد کے لئے زیادہ سے زیادہ مساعی کریں۔ اللہ تعالیٰ علمائے اہل سنت پر رحمت فرمائے اور ہم سب کو عقیدہ اہل سنت پر قائم رکھے اور اسی پر ہمارا خاتمہ فرمائے۔ آمین بجاہِ حبیب النبی الکریم وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد الرؤف الرحیم وعلیٰ الہٖ واصحابہ اجمعین

والسلام

خاک پائے علماء اہل سنت

محمد عبدالرحمٰن جامی سعیدی

خطیب جامع مسجد نور

یاسین ٹاؤن ملت روڈ لاہور

۱۵، نومبر ۲۰۰۹ء

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

## تقریظ

شہزادۂ رسول ﷺ حضور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی وہ قربانی جو کہ آپ نے اسلام کی سربلندی کے لیے میدانِ کربلا میں دی اور جس کی مثال دنیا میں نہ ملتی ہے اور نہ ملے گی۔ آپ کے ساتھ آپ کی اہل بیت اطہار کے افراد اور دیگر جانثاران نے جس عظیم الشان انداز میں قربانیاں دیں وہ قیامت تک یادگار رہیں گی۔ اور یزید پلید اور اس کے ساتھیوں اور موجودہ دور میں اس کے چاہنے والوں کی ذلت و رسوائی کے دلائل فراہم کرتی رہیں گی۔ اہل بیت اطہار کے فضائل' واقعہ کربلا' شہادت امام عالی مقام اور شہادت کے بعد کے واقعات کے علاوہ دیگر متعلقات کو حضرت علامہ مولانا مفتی ظفر جبار چشتی صاحب مدظلہ العالی نے احسن انداز میں جمع کیا ہے۔ اس لحاظ سے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ میں نے آپ کی اس کتاب رودادِ کربلا کو بعض مقامات سے پڑھنے کا شرف حاصل کیا ہے۔ اندازِ تحریر کو نہایت احسن پایا ہے۔ مولانا موصوف زمانۂ طالب علمی میں ہی جب کہ آپ مرکزی دارالعلوم جامعہ حنفیہ قصور میں زیرِ تعلیم تھے، یہاں اپنے درسی اسباق کی طرف بھرپور توجہ دیتے تھے وہاں تحریر و تقریر کی طرف بہت توجہ رکھتے تھے۔ اور یہ تحریر ایسی تحریر ہے کہ جس کے لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ مولانا موصوف کی آخرت کا سامان ثابت ہوگی۔

فقیر ابوالعلیٰ محمد سعادت علی قادری اشرفی

خادم الحدیث والافتاء

و ناظم اعلیٰ دارالعلوم جامعہ حنفیہ قصور

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بسم اللہ الرحمن الرحیم

نواسۂ رسول جگر گوشۂ بتول حیدرِ کرار کے عظیم فرزند ملت اسلامیہ کے بطل جلیل شہزادہ گلگوں قبا سیّد الشہداء امام عالی مقام سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے اعلائے کلمۃ الحق اور عظیم الشان قربانی پیش کی اور اپنے عزیز و اقارب کے خون سے جو انمٹ نقوش ثبت کیے ہیں تاریخ حریت اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے......

معرکۂ کربلا حق و باطل کے درمیان فیصلہ کن ٹکر تھی ...... باطل اپنے تمام تر لاؤ لشکر کے ساتھ حق کے مقابل آیا یزیدی فوجوں نے اپنی تلواروں کا رخ قافلہ حسینؑ کی جانب موڑ دیا اور وہ جملہ اسباب جن کا تعلق جبر و استبداد تیر و تفنگ نیزہ و سناں حرص و ہوا اور دولت و ثروت سے تھا وہ سارے کے سارے نظریہ حسین کے مخالف تھے اور وہ سب کچھ جس کا انحصار تقویٰ و طہارت صبر و استقامت اور حق و دیانت سے تھا وہ حسینی قافلہ کے پلڑے میں تھا...... بظاہر میدان کربلا میں شمشیر و سناں کی فتح تھی بدی کا غلبہ تھا اور حرص و ہوا کی کامیابی تھی...... شہیدوں کی بکھری ہوئی لاشیں اہل بیت کے خیموں میں لپکتے ہوئے آگ کے شعلے تپتا ہوا صحرا امام ہمام کی لاش کو گھوڑوں کا روندنا اور یزیدی لشکر کا طبل فتح بجانا...... اس کے باوجود فاتح کون اور مفتوح کون تھا؟ اس کا فیصلہ تاریخ نے چھپا نہیں رکھا...... دنیا نے دیکھ لیا کہ یزید پلید حرفِ غلط کی طرح مٹ گیا خائب و خاسر ہو کر مرا اور حق سر بلند ہوا......

اس محسن ملت اور شہید اعظم کی فقید المثال شہادت سے درس حاصل کرنے کی بجائے آپ کے تذکار شہادت کے بیان میں بے جا افراط و تفریط سے کام لیا گیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ایک طبقہ نے اسے داستانِ غم کے طور پر لیا اور مقاصد شہادت کو سیاہ ماتمی پردوں میں چھپا دیا...... جب کہ دوسرے طبقہ نے تحقیق کے نام پر آپ کی تابناک شخصیت اور سنہری کارناموں کو کم سے کم تر دکھانے کی ناروا کوشش کی اور اس میں کافی حد تک تعصب بلکہ بغض و کینہ سے کام لیا......

اس پس منظر میں ضرورت اس امر کی تھی افراط و تفریط سے دامن بچا کر مستند اور ٹھوس مآخذ سے اصل حقائق پیش کیے جائیں...... زیرِ نظر کتاب رودادِ کربلا اسی سلسلہ کی ایک حسین اور خوبصورت کڑی ہے...... فاضل مصنف نے بہت سی غلط فہمیوں اور شبہات کا ازالہ کر دیا ہے سنی سنائی باتیں ذکر کر دینے کی بجائے خود تحقیق اور معیار کی کڑی کسوٹی پر پرکھنا فاضل مصنف کا طرۂ امتیاز ہے۔

ممتاز مذہبی سکالر محقق اور ادیب علامہ مفتی ظفر جبار چشتی جدید و قدیم علوم سے خوب خوب شناسائی کے مالک ہیں۔ آپ کا اندازِ تحریر نہایت عمدہ' محققانہ اور علمی ہے۔ آپ کی یہ تالیف قاری کی دلچسپی برقرار رکھتے ہوئے اسے راہِ تحقیق کا راہی اور حقیقت کا متلاشی بنا کر نتیجہ تک پہنچاتی ہے۔

سب سے اہم تر باتیں دو ہیں:

۱- مقصد شہادت کی تحقیق کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے اس عظیم سفر کا مقصد بغاوت و محض حکومت کی طلب نہ تھا بلکہ غرض اعلاء کلمۃ اللہ اور دین کی سربلندی تھی۔ اتمام حجت کے لیے آپ کے خطبات اس کی دلیل ہیں حقیقت یہی ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کا شہادت گاہ تک آنا امر تکوینی کی تعمیل تھا۔

۲- دوسری اہم بات یہ کہ امام پاک رضی اللہ عنہ کے کئی ایسے ساتھیوں سے متعلق تفصیل

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سے حقائق بیان ہیں جس کی تشنگی عام دستیاب کتب سے دور نہیں ہوتی۔

متعدد خطبات امام پاک رضی اللہ عنہ اس کتاب کی زینت اور زیور ہیں ان کے سلیس ترجمہ سے مصنف کی محنت ولیاقت پر داد دینا پڑتی ہے۔ احادیث کی تخریج کا عمدہ اہتمام کیا گیا ہے۔

حاصل یہ کہ یہ کتاب سید الشہداء رضی اللہ عنہ کے سفر کربلا سے متعلق معلومات کا خزینہ ہے۔ ہر محب اہل بیت، طالب علم، سکالر اور خطباء کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ انہیں قلمی جولانیوں سے مزید بہرہ مند فرمائے اور ان کی اس عظیم کاوش کو مقبولیت عامہ سے نوازے۔ آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین صلی اللہ علیہ وسلم

مفتی محمد لطف اللہ نوری

دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور (اوکاڑہ)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# گروپ میچنگ.....؟

کمزوری، ضعیفی یا بیماری کوئی نئی چیزیں نہیں ہیں بلکہ انسان کے وجود میں آنے کے ساتھ ہی ان کا ظہور ہو گیا تھا. چونکہ انسان کو اللہ تعالی نے جملہ مخلوقات سے ممتاز فرمایا اس لئے اسے علم و حکمت سے بھی بہرہ مند کیا. عقل و شعور اور دانش کی بے پایاں دولت سے نوازا، جس کی بنا پر اسے کمزوری، ضعیفی اور بیماری کو کنٹرول کرنے کی صلاحیتیں عطا کیں۔

ہر دور میں ضعف و ناتوانی کو دور کرنے کیلئے بڑے بڑے حکیم حاذق، اور قابل ترین طبیب ہوئے اور زمانے بھر میں محبوبیت و مقبولیت کی شہرت پائی۔

کمزوری وضعف روحانی ہو یا جسمانی، بیماری ظاہری ہو یا باطنی ہر مرض کا علاج موجود ہے کیونکہ سید عالم فخر صادق نبی اکرم رسول اعظم و خاتم ﷺ کا ارشاد ہے کل داء دواء ہر مرض کا علاج ہے، ہر بیماری کی دوا ہے۔

جیسے ظاہری بدن کی نقاہت مادی ادویات سے دور کی جاتی ہے ایسے ہی روحانی جسم کی نقاہت و کمزوری روحانی غذائیت سے دور کی جا سکتی ہے۔

گذشتہ زمانے غذائیت سے علاج کیا جاتا تھا فی زمانہ ادویات و غذائیت کے ساتھ ساتھ انسانی جسم کی کمزوری کو ڈاکٹر حضرات ڈرپ یا خون سے دور کرتے ہیں. خون ہر شخص کا نہیں لیا جاتا بلکہ ڈاکٹری فارمولے کے مطابق جس شخص کا خون بیمار کے خون سے مطابقت رکھتا ہو اس سے کیا جاتا ہے. جو آجکل کی اصطلاح میں گروپس کے الگ الگ نام رکھے گئے ہیں اے پازیٹو بی نیگیٹو وغیرہ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جب تندرست کا خون، بیمار کے خون سے میچ ہوگا وہی خون میچنگ کی بنا پر بیمار کے وجود میں سپلائی کیا جائے گا۔علاج کی یہ قسم اب بڑی تیزی سے بروئے عمل لائی جارہی ہے۔لہٰذا ان تمہیدی کلمات کو سامنے رکھئے اور بلا تمثیل سمجھئے۔

جب یزیدی دور میں اسلام کی حالت انتہائی ناگفتہ بہ ہوچکی تھی، کمزوری کا یہ عالم تھا کہ حضرت سید الشھداء امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام کو اپنے بچوں سمیت میدان کربلا میں لانے کی ضرورت پیش آئی تاکہ اپنا اور اپنی اولاد اور رفقائے خاص کا خون اسلام کے وجود میں انڈھیل کر اسکی نقاہت وکمزوری کو دور کیا جا سکے۔

قدرت نے جب اسلام کی قوت وطاقت کی بحالی کیلئے خون کی میچنگ کی تو وہ امام عالی مقام اور آپ کی اولاد امجاد کے خون سے ہوئی لہٰذا آپ نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے اپنا اور اپنے اور اپنے خواص کا خون دے کر اسلام کی عزت وجرات کی طاقت میں اتنا مظبوط اضافہ کیا کہ صدیاں گذر جانے کے باوجود بھی باغ رسالت سبز وشاداب اور اسلام زندہ وپائندہ ہے۔(فراز) الہ آبادی نے کیا خوب فرمایا

تیرے جوان قاسم و خون سے
سرسبز آج باغ رسالت ہے یاحسین

اورظفر علی خان یوں پکار رہے ہیں۔

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

سلطان الہند خواجہ خواجگاں حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کی یہ شہرہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



آفاق رباعی بھی میرے خیالات کی (نوید) ثابت ہو گی

شاہ است حسین بادشاہ است حسین
دیں است حسین دیں پناہ است حسین
سرداد نداد دست در دست یزید
حقا کہ بنائے لاالہ است حسین

پیش نظر تصنیف لطیف محترم ومکرم حضرت مولانا مفتی ظفر جبار چشتی نے امام عالی مقام اور شہدائے کربلا کے حضور بطور عقیدت نذر کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ حضرت علامہ مفتی ظفر جبار چشتی ایک فاضل عالم دین ہیں اور ان کا علم پختہ ہے ان کی باتیں تحقیق کے معیار پر پوری اترتی ہیں اور انہوں نے وقت کی ضرورت کا احساس کرتے ہوئے بہت ہی عمدہ مدلل کتاب تحریر فرمائی ہے میں اس بہترین کاوش پر موصوف کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ دعا ہے اللہ تعالی موصوف کی اس عقیدت ومحبت کو قبولیت کا شرف عطا فرمائے پہلے بھی اس موضوع پر ایک کتاب لکھ چکے ہیں، یہ نقش ثانی سمجھئے گو راقم کتاب ھذا کو بعض مقام سے ہی دیکھ پایا ہے انداز عمدہ اور اچھا ہے۔

آخر میں حضرت مولانا علامہ ضیاء القادری کے اس شعر کہ ہدیۂ قارئین بنایا جاتا ہے

حسین ابن علی کی شان رفعت کوئی کیا جانے
حسن جانے علی جانے، نبی جانے خدا جانے

فقط

محمد منشاء تابش قصوری

مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور پاکستان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین و العاقبۃ للمتقین و الصلوٰۃ و السلام علیٰ سیّدنا محمد الرؤف الرحیم و علیٰ الہٖ و اصحابہٖ و اولیاء امتہ و علماء الھادین الٰی یوم الدین اما بعد!

تاریخ کا کوئی عہد عظیم المرتبت افراد کے وجود سے خالی نہیں رہا۔ جب سے انسان قابل ذکر رہا آسمانی ہدایت کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا۔ اولی العزم انبیاء نے شریعتوں کے ذریعے مقاصد حیات کی وضاحت کی۔ ان انبیاء کی تعلیم کا مخاطب انسان تھا۔ اور ہدف ایک ایسے معاشرے کا قیام تھا جہاں انسان انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو اُجاگر کر سکے۔ لیکن مخصوص گروہوں کی طرف سے ہر نبی کو سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑا تاریخ عالم پر نظر دوڑائیں آپ کو جراتوں اور شجاعتوں کے پیکر ایسے ان گنت عظیم انسان نظر آئیں گے جنہوں نے مال نثار کر دیا۔ اولاد قربان کر دی اور جان چلتے آروں اور دہکتے انگاروں کے سپرد کر دی لیکن ان کے پائے ثبات میں لغزش نہ آئی۔ دنیا کا کوئی جبر، طاغوت کا کوئی لشکر اور ظلم و استبداد کا کوئی ہتھکنڈہ ان کی گردن باطل کے آگے جھکا نہ سکا۔ انبیاء کرائم علیہم السلام کی مقدس تاریخ قرآن و سنت کے سینہ میں محفوظ ہے۔ کیا حضرت زکریا علیہ السلام کو آرے سے نہیں چیرا گیا؟ کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کو بھڑکتی آگ کے الاؤ میں نہیں پھینکا گیا؟ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تختہ دار پر لٹکانے کا مکمل بندوبست نہیں کیا گیا؟ کیا حضور سیّد عالم ﷺ کو طائف کے بازاروں میں پتھر مار مار کر لہولہان نہیں کیا گیا؟ جبر و استبدا ۔۔۔۔ ن ساحر ۔ تو ح

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



امام الانبیاء ﷺ کی ذات اقدس پر نہیں آزمایا گیا؟ اور غلامان محمد ﷺ پر ظلم کی کون سی داستان نہیں دہرائی گئی؟ کون ہے جو حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کے بدن اقدس کے دولخت ہونے کے خونی منظر کو فراموش کر دے؟ ہے کوئی جو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دہکتے ہوئے کوئلوں پر لیٹنے اور سینے پر ظالموں کے کھڑا ہونے کی خونچکاں داستان قصہ ماضی بنا دے؟ اور آگ برساتی دھوپ میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھسم کر دینے والی ریت پر لٹایا جانا سینے پر بھاری پتھر کی سل اور سر پر کوڑے برساتا ہوا ظالم آقا! کیا تاریخ حق کے ان علمبرداروں کو فراموش کر سکتی ہے؟ نہیں، ہرگز نہیں تاریخ عالم کا حسن و جمال انہی پر عزم افراد کا مرہون منت ہے جنہوں نے اپنا سب کچھ لٹا دیا لیکن باطل انہیں نہ ڈرا سکا نہ جھکا سکا۔ اس جدلیاتی علم میں اہل اللہ میدان عمل میں اتر کر ضد انقلاب قوتوں کے اقتدار کو چیلنج کرتے نظر آتے، ان مقدس افراد نے انبیاء کے انقلابی پیغام کو زندہ رکھنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے میں کبھی دریغ نہیں کیا۔ ان ہی عظیم شخصیتوں میں سے ایک ہستی ''امام حسین رضی اللہ عنہ'' ہیں۔ جن کے نانا اللہ کے رسول ﷺ جن کے والد داماد رسول جن کی ماں بنت رسول جن کا بھائی جگر پارہ بتول رضی اللہ عنہا جنہوں نے اسلام کی خاطر جان و مال کا نذرانہ پیش کیا۔ گھر بار چھوڑ کر اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ کی رضا کیلئے ہجرت کی قدم قدم پر رسول اللہ ﷺ کی شریعت کی حفاظت کی امام حسین رضی اللہ عنہ تاریخ اسلام کا وہ کردار ہے جس کا ذکر صدر اول سے آج تک زندہ ہے برس ہا برس بیت جانے کے باوجود امام حسین رضی اللہ عنہ کی جرأت و استقامت وفا شعاری و راست بازی دین حق اعلائے کلمۃ الحق کے لئے حقیقی طور پر سر دھڑ کی بازی لگا دینے کے تذکرے ہوتے رہے ہیں، ہوتے رہیں گے۔ جب تک شفقِ نیلگوں پر ستارے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جھلملاتے رہیں گے۔ جب تک سورج اپنی نقرئی کرنوں سے عالم ہستی پر ضو پاشی کرتا رہے گا جب تک موذن کی اذان کی گونج سنائی دیتی رہے گی اور جب تک خدا اور رسول ﷺ کا نام لیوا ایک فرد بھی باقی رہے گا۔ ذکر حسین رضی اللہ عنہ ہوتا رہے گا اور یہ مقدس ذکر تمام غموں کے ساتھ لبوں پر جاری رہے گا۔ شہادت حسین رضی اللہ عنہ کا تذکرہ اہل ایمان کو ایک نیا عزم اور تازہ ولولہ بخشتا رہے گا اس لئے کہ حسین رضی اللہ عنہ زندہ ہیں۔ ان کا نام زندہ ہے ان رضی اللہ عنہ کا کردار زندہ ہے اور تا قیامت زندہ رہے گا۔ (انشاء اللہ)۔ قرآن پاک کی تفاسیر احادیث کے مجموعوں اور سیرت و تاریخ میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واقعات موجود ہیں۔ ہر عہد کے حریت نوازوں نے آپ رضی اللہ عنہ کے اسوۂ حسنہ سے تقویت حاصل کی۔ امام حسین رضی اللہ عنہ نے مختلف انداز میں ہر دور کو متاثر کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ کی قربانی استقلال اور صبر پر ایک دنیا فریفتہ ہے۔ درد اور اعلیٰ انسانی اقدار کے حوالے سے آپ رضی اللہ عنہ کی ذات کے گرد تخلیق ہونیوالا ادب انسانی تاریخ میں اپنی مثال آپ ہے۔ حق و صداقت کے پرستاروں کے لئے حسینی ادب روشنی کا عظیم مینار ہے۔ انسانی زندگی میں مہہ و سال کا بڑا عمل دخل ہے۔ ذوی الحج کا مہینہ سیّدنا ابراہیم علیہ السلام اور سیّدنا اسماعیل علیہ السلام کے حوالے سے بڑا محترم ہے تو ربیع الاول اور شعبان خاتم الانبیاء ﷺ کی نسبت سے ہمیں بہت ہی عزیز ہے۔ رمضان المبارک نزول قرآن کے باعث عظمتوں کا حامل ہے۔ لیکن اسلامی کلینڈر میں محرم الحرام وہ واحد مہینہ ہے جو آل رسول ﷺ کی شہادت کی وجہ سے یادگار بنا۔ آل ﷺ کی عظیم قربانیوں کے حوالے سے تمدنی ورثہ میں اعلیٰ بشری اقدار کی علامت کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔ محرم ان تمام اقدار کا عملی اظہار ہے جو ربیع الاول، شعبان، رمضان، ذوی الحج کی شکل میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



انسانیت کو حاصل ہوئے۔ اگر رسالت مآب ﷺ کی محبت و مودت ہمارے ایمان کا مرکزی نقطہ ہے تو جن سے آپ ﷺ کا والہانہ پیار تھا اور جنہیں آپ ﷺ نے اپنے جسم کا ٹکڑا قرار دیا اور جن سے محبت کا اظہار گھر سے باہر گروہ اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں بار بار کیا۔ تا کہ محبت کا یہ اظہار روز روشن کی طرح جریدہ عالم پر ثبت ہو جائے۔ ان سے محبت اور ان کے ذکر کے لئے ایک مومن مسلمان کو کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ ہر نماز میں سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام اور سیدنا مرسلین ﷺ کی اولاد پر درود بھیجنے سے نا صرف نماز ہی قبول ہوتی ہے بلکہ ہر نماز کی وجہ سے آلِ نبی اولادِ علی رضی اللہ عنہ سے محبت میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور درود کا علم ایک ایسا روحانی جزو ہے کہ اس کی ادائیگی کے بغیر کوئی نماز مکمل و مقبول نہیں ہوتی۔ جب ہماری روزمرہ زندگی میں رسول اللہ ﷺ کے متعلقین کا ذکر اس تواتر سے ہو تو لازم ہے کہ ان کی زندگی کا بھی مطالعہ کیا جائے تا کہ یہ بھی دیکھا جا سکے کہ رسول اللہ ﷺ کے مشن میں مدد کرنے والے عزیز و اقرباء کا کردار کیا تھا۔ جن کی محبت کو رسول اللہ ﷺ نے جزو ایمان قرار دیا۔

اور کیا یہ حقیقت نہیں کہ امام حسین علیہ السلام اہل بیت میں بلا اتفاق شامل ہیں اور اہل بیت کے متعلق قرآن کریم کی یہ آیت کریمہ کیوں فراموش کر دی جاتی ہے؟ جس میں فرمایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اہل بیت کے دلوں کو یوں پاک کرنا چاہتا ہے جیسا کہ پاک کرنے کا حق ہے اور تطہیر کا کم سے کم درجہ دل کا حب دنیا سے پاک ہونا ہی تو ہے اس سے واضح ہوا کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا دنیا کی محبت سے پاک ہونا تو قرآن مجید کی واضح آیت سے ثابت ہے۔ اب بھی اگر کوئی کہے امام حسین رضی اللہ عنہ حکومت کے لالچ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



میں گئے تھے تو آخر وہ کس منہ سے اپنے آپ کو مومن کہتے ہیں اور کیا ترمذی شریف کی روایت فراموش کی جا سکتی ہے جس میں حضور ﷺ نے اہل بیت اور قرآن مجید کے متعلق فرمایا کہ یہ دونوں جدا نہ ہوں گے۔ یہاں تک کہ حوض کوثر پر میرے پاس آجائیں۔ کیا یہ حدیث پاک واضح الفاظ میں اعلان نہیں فرما رہی ہے کہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کیا وہ قرآن کے مطابق ہی تھا۔ حسین رضی اللہ عنہ قرآن کے ساتھ اور قرآن حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ! اس کے باوجود بھی اگر کوئی امام حسین رضی اللہ عنہ کو باغی کہتا ہے تو وہ خود فیصلہ کرے کہ وہ ذلالت، گمراہی کے کس گڑھے میں گرا جا رہا ہے۔ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی عظمت اور موقف کی صداقت میں کیا وہ حدیث کافی نہیں جن میں امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کو جوانان جنت کا سردار کہا گیا ہے۔ خدارا خود ہی سوچئے کیا سیّد الشباب اہل الجنہ کو دنیاوی لالچ میں گرفتار سمجھنا گمراہی نہیں تو ہدایت کی کون سی قسم ہے؟ امام عالی رضی اللہ عنہ کی عظمت و شرافت کا اقرار صرف تاریخ نہیں عقیدہ ہے اور عقیدہ قرآن و سنت سے بنتا ہے۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظمت پر قرآن و سنت شاہد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امت مسلمہ ہمیشہ سے امام حسین رضی اللہ عنہ کی بارگاہ اقدس میں محبتوں کے خراج اور عقیدتوں کے نذرانے پیش کرتی رہی ہے اور شہادت حسین رضی اللہ عنہ پر ہمیشہ اشک بار رہی ہے۔ شاید کربلا میں بہنے والے ایک قطرہ کے عوض آنسوؤں کے کئی کئی سمندر بہائے جا چکے ہیں لیکن پھر بھی غم حسین رضی اللہ عنہ کا کرب کم نہیں ہوا بڑھتا ہی جا رہا ہے ستم بالائے ستم یہ کہ ان محسن ملت اور شہید اعظم کی فقید المثال شہادت سے درس حاصل کرنے کی بجائے آپ کے تذکار شہادت کے بیان میں بے جا افراط و تفریط سے کام لیا گیا۔ جبکہ کچھ بیمار ذہنیت کے حامل لوگ یہ مسموم فقرے پھیلانے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کہ یزید برحق تھا اور امام حسین رضی اللہ عنہ نے خلیفہ برحق کے خلاف بغاوت کی۔ آپ نے یہ خروج صرف دنیاوی لالچ کی وجہ سے کیا (نعوذ باللہ)

بقول علامہ اقبال ؎

حقیقت خرافات میں کھو گئی
یہ امت روایات میں کھو گئی

☆☆☆

ہوس بالائے منبر ہے تجھے رنگین بیانی کی
نصیحت بھی تیری صورت ہے اک افسانہ خوانی کی

اس پس منظر میں ضرورت اس امر کی تھی کہ افراط وتفریط سے دامن بچا کر مستند اور ٹھوس ماخذ سے اصل حقائق پیش کیے جائیں۔ میں نے اپنی اس حقیر سے کاوش میں کوشش کی ہے کہ جہاں ٹھوس حقائق پیش کئے جائیں۔ کہ جس میں امام حسین رضی اللہ عنہ کا صرف تذکرہ ہی نہ ہو بلکہ یہ ذکر موضوعاتی شکل میں ہو جائے۔ میں نے اس کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے پہلے اہل بیت کے فضائل ومناقب دوسرا امام حسین رضی اللہ عنہ کی سیرت مطہرہ کے مختلف گوشوں کو اجاگر کیا ہے اور تیسرے میں مستند حوالوں سے امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی داستان شہادت رقم کی ہے اور چوتھے میں شہادت کے بعد کے واقعات اور یزید پلید کے متعلق ٹھوس شواہد تحریر کئے ہیں کچھ لوگ جو شہادت امام عالی رضی اللہ عنہ مقام میں لمبے لمبے مکالمے پڑھ کر شہادت کا ایک مخصوص نقشہ اپنے ذہن میں بٹھائے بیٹھے ہیں انہیں شائد یہ کتاب عجیب سی محسوس ہو لیکن ان مکالمات اور افسانوی قصوں کو نہ لکھنا میری مجبوری تھی کیوں کہ میں نے تاریخ بتانی تھی بنانی نہیں تھی۔ تاریخ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے ان مکالمات کا ذکر نہ کرنے کا میرے پاس علم کا کوئی ایسا خصوصی ذریعہ نہیں جس کی بنیاد پر ان واقعات اور مکالمات کو معتبر سمجھوں جس کے متعلق تاریخ اور امہات الکتب نہ صرف خاموش بلکہ ان کی منکر نظر آتی ہیں۔ اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے اس کے کتاب پر کافی محنت کی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ میرے ممدوح سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شخصیت اتنی عظمتوں کی حامل ہے کہ مجھ جیسے حقیر اور عاجز انسان کو اس موضوع میں قلم اُٹھانے کا خوف دامن گیر تھا۔ محبت کا تقاضہ تھا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے مداحوں میں داخل ہو کر حضور پرنور شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اپنے لیے یقینی بنا لوں کتاب کے حصول کے لئے حتی المقدور تگ و دو کی معزز علماء دین سے رہنمائی لیتا رہا۔ اگرچہ موضوع کے اعتبار سے یہ ایک مکمل کاوش ہے لیکن پھر بھی ارباب علم و دانش کو اس میں کچھ فروگذاشت نظر آئیں تو انہیں میری ناقص العقل اور میرے کوتاہی علم و نظر پر محمول کرتے ہوئے اپنے مفید مشوروں سے مستفید فرمائیں۔ احسان فراموشی ہو گی کہ اگر میں اپنے پیر و مرشد پیکر صبر و رضا سیّد اہل وفا علامہ پیر سیّد ریاض حسین شاہ صاحب دامت برکاتہم القدسیہ جن کی نگاہ ولایت سے مجھے یہ سعادت حاصل ہوئی کہ میں نے ان سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات طیبہ پر بارہ ضخیم جلدوں میں اسوۃ النبی کے نام سے سیرت طیبہ تحریر کی اور قرآن مجید کا ترجمہ "ریاض الایمان" جو شائع ہو چکا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ پیر و مرشد کی نظر ولایت ہے کہ رب کائنات نے اپنے محبوب کی نعلین شریف کے صدقے یہ سعادت مجھے عطا کی ورنہ میں اس قابل کہاں۔ اور یہاں میں خصوصاً اپنے استاد محترم استاذ العلماء، جانشین محدث قصوری شیخ الحدیث حضرت صاحبزادہ پیر مفتی محمد سعادت علی قادری دامت برکاتہم العالیہ کا تذکرہ ضرور

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کروں گا کہ جب میں حضرت کی خدمت میں دارالعلوم حاضر ہوا تو قبلہ استاد محترم نے کمال شفقت فرمائی میں نے آپ کے حکم سے کتاب پیش کی حضرت کتاب کا مطالعہ فرماتے جاتے اور ساتھ فرط غم میں آپ کی آنکھوں سے بے ساختہ آنسو بھی نکل آئے یہاں تک کہ متعدد بار آپ کے غم حسین میں بہنے والے آنسو کتاب کے اوراق پر بھی گرے حضرت قبلہ نے اپنے رومال سے انہیں صاف کیا تو مجھے اس بات کا بخوبی اندازہ ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے میری اس کاوش کو اپنی بارگاہ صمدیت میں قبول فرمالیا گہرا مطالعہ کرنے کے بعد چند جگہ پر میری رہنمائی فرماتے ہوئے تقریظ تحریر شروع کی لیکن فرط غم میں بہنے والے آنسو بدستور جاری تھے۔ اس کے بعد ان حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کتاب کو مکمل کرنے میں میرے ساتھ بھرپور تعاون فرمایا۔ جس میں فاضل جلیل حضرت علامہ محمد سجاد حسین قادری صاحب، علامہ مفتی لطف اللہ صاحب مدرسہ جامعہ حنفیہ، فریدیہ بصیر پور شریف، ادیب ملت حضرت علامہ مولانا الحاج محمد منشاء تابش قصوری صاحب، مدرسہ جامعہ نظامیہ لاہور، عالم نبیل حضرت علامہ صاحبزادہ مفتی عبدالرحمٰن جامی صاحب اور ممتاز دانشور، ادیب وصحافی محمد نواز کھرل صاحب مرکزی سیکرٹری اطلاعات جماعت اہل سنت پاکستان فاضل جلیل حضرت علامہ پیر سید منور حسین شاہ صاحب کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ ان حضرات نے اپنا قیمتی وقت نکال کر مسودے کو پڑھا، مجھے گراں قدر مشوروں سے نوازا اور اپنی مبسوط آراء رقم فرمائیں اور ملک شبیر حسین صاحب اور شبیر برادرز کی انتظامیہ کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کو خوبصورت انداز اور تمام تر طباعتی حسن کے ساتھ شائع کرنے کا ذمہ اٹھایا اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو بہترین جزائے خیر عطاء فرمائے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



آخر میں انتہائی عاجزی اور انکساری سے رب کائنات کے حضور دعا گو ہوں کہ خدائے مصطفیٰ ﷺ میری حقیری کاوش کو اپنی بارگاہ اقدس میں قبول فرما کر مقبولیت عامہ سے نوازے اور اسے میرے لئے کفارہ سیئات بنائے اور بروز محشر میرا اور میرے تمام بزرگوں کا حشر اہل بیت اطہار کے قدموں میں کرے اور ہم سب کا شمار غلامان حسین علیہ السلام میں کرے آمین ثم آمین۔

خاکپائے آل رسول

**ابو حمزہ ظفر جبار چشتی**

☆☆☆☆☆

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تاج ور صبر کا شاہ گل گوں قبا
کشتۂ ہر جفا شاہ گل گوں قبا
وہ قتیل رضا شاہ گل گوں قبا
اس شہید بلا شاہ گل گوں قبا
بے کس دشت غربت پہ لاکھوں سلام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سیرت و کردار

غریب و سادہ و رنگیں ہے داستان حرم
نہایت اس کی حسین، ابتدا ہے اسماعیل

## نام ونسب

آپ کا اسم گرامی حسین کنیت ابوعبداللہ اور لقب سبط الرسول اور ریحانۃ الرسول ہے نسب مبارک اس طرح ہے۔ حسین ابن علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصیٰ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ، آپ کی والدہ ماجدہ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا بنت محمد رسول اللہ ہے۔

## خواب اور تعبیر

حضرت سیدہ ام الفضل رضی اللہ عنہا بنت الحارث سے روایت ہے کہ میں نے ایک خواب پریشان دیکھا تو اس حال پریشان میں بارگاہ رسالت ماب ﷺ میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں نے بہت سخت عجیب خواب دیکھا ہے آپ نے فرمایا وہ کیا ہے جو تم نے دیکھا عرض کیا وہ بہت ہی ڈراونا خواب ہے آپ نے فرمایا کوئی بات نہیں تم بیان کرو عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں نے دیکھا ہے کہ آپ کے جسم اقدس کا ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھ دیا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا اے ام الفضل یہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



گھبرانے کی بات نہیں ہے یہ تو بڑا مبارک خواب ہے، اس کی تعبیر یہ ہے کہ انشاء اللہ میری بیٹی سیدہ فاطمۃ الزہرا کو اللہ تعالیٰ بیٹا عطا فرمادے گا جسے تم اپنی گود میں لوگی۔

(مشکوٰۃ باب مناقب اہل بیت النبی ﷺ)

## ولادت باسعادت

حضرت سیدہ ام الفضل بن حارث جو حضور ﷺ کی چچی اور نبی علیہ السلام کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی رفیقہ حیات تھیں اپنا خواب سنا کر اور اس کی تعبیر سن کر چلی گئیں تھیں۔ زمانہ گزرتا گیا یہاں تک کہ ۴ھ کے ماہ شعبان المعظم کی پانچ تاریخ ہوئی۔ تو حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے ہاں مدینہ طیبہ میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔ آپ کی بشارت کے مطابق حدیث میں آتا ہے۔

فَوَلَدَتْ فَاطِمَةُ الْحُسَيْنَ وَكَانَ فِي حِجْرِیْ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ

## نام حسین رضی اللہ عنہ

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی ولادت ہوئی تو وہ انہیں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لائیں، لہٰذا آپ ﷺ نے ان کا نام حسن رکھا اور جب حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تو انہیں حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لا کر عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یہ (حسین) اس (حسن) سے زیادہ خوبصورت ہے، لہٰذا آپ نے اس کے نام سے اخذ کر کے اس کا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نام حسین رکھا۔ (المصنف عبدالرزاق ۴:۳۳۵ رقم الحدیث ۷۹۸۱، تاریخ دمشق الکبیر ابن عساکر ۱۴:۱۱۹، سیر اعلام النبلا ذہبی ۳:۲۸۰، تہذیب الکمال مزی: ۶:۲۲۴)

## حسن اور حسین جنت کے دو نام

مفضل سے روایت ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حسن اور حسین کے ناموں کو حجاب میں رکھا یہاں تک کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے بیٹوں کا نام حسن اور حسین رکھا۔ (الشرف المؤبد نبہانی ۴۲۴، تہذیب الاسماء نووی ۱، ۶۲ رقم الحدیث: ۱۱۸، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ ابن اثیر ۲: ۱۳)

## حضور ﷺ کا امام حسین رضی اللہ عنہ کے کان میں اذان کہنا

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں حسین کی ولادت پر ان کے کان میں اذان دی۔ (المستدرک لحاکم ۳:۱۹۷ رقم الحدیث ۴۸۲۷ تلخیص الحبیر عسقلانی ۴:۱۴۹ رقم الحدیث ۱۹۸۵، خلاصۃ البدر المنیر ابن ملقن انصاری ۲:۳۹۱ رقم الحدیث ۲۷۳۱، نیل الاوطار شوکانی ۵:۲۲۹ حاکم نے اس روایت کی اسناد کو صحیح قرار دیا ہے جب کہ بخاری ومسلم نے اس کی تخریج نہیں کی۔)

## آپ رضی اللہ عنہ کا عقیقہ حضور ﷺ کی طرف سے

جب حضور نبی اکرم ﷺ نے آپ کے کان میں اذان دی تو اور تکبیر کہی اور اپنا لعاب دہن ان کے منہ میں ڈالا اور آپ کے حق میں دعا فرمائی اور آپ کا نام حسین

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



رکھا اور حکم دیا کہ ساتویں دن اس کا عقیقہ کرو، اور بالوں کو اتار کر اس کے ہم وزن چاندی خیرات کردو۔

روایت میں ہے کہ حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسن اور حسین میں سے ہر ایک کی طرف سے ایک ہی جیسے دو دنبے عقیقہ میں ذبح کیے۔

(مستدرک الحاکم ۴:۲۶۵ رقم الحدیث ۷۵۹۰)

نیز حدیث میں ہے کہ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حسن اور حسین کی پیدائش کے ساتویں دن ان کی طرف سے دو بکریاں عقیقہ میں ذبح کیں۔ (المصنف عبدالرزاق ۴:۳۳۰ رقم الحدیث: ۷۹۶۳ مجمع الزوائد ہیثمی ۴:۵۸ صحیح ابن حبان ۱۲:۱۲۷ رقم الحدیث ۵۳۱۱ تحفۃ المحتاج وادیاشی ۲:۵۳۷ رقم الحدیث ۱۷۰۰ موارد الظمآن ہیثمی ۱:۲۵۰ رقم الحدیث ۱۰۵۶)

## آپ رضی اللہ عنہ کی پرورش

جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تو اس وقت آپ کے بڑے بھائی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی مدت رضاعت یعنی دودھ پلانے کا زمانہ ختم نہیں ہوا تھا۔ اس لئے حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنی چچی ام فضل رضی اللہ عنہا سے فرمایا آپ حسین رضی اللہ عنہ کو دودھ پلایا کرو۔ چنانچہ امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کا نہیں بلکہ حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا کا دودھ پیا، اس لئے حدیث میں رسول اللہ ﷺ کے جسم اطہر کا ٹکڑا ام فضل بنت حارث کی گود میں آگیا، حضرت ام الفضل نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے ایسی ہی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



محبت فرمائی جیسی حقیقی بیٹے سے ہوتی ہے۔ آپ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی پرورش میں نہایت والہانہ محبت فرما کر آپ کے لئے اپنے تمام آرام قربان کر دیئے جیسا کہ ایک حقیقی ماں کرتی ہے۔

## تعلیم و تربیت

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اپنے بچپن کے سات سال سات ماہ اور سات دن اپنے نانا جان حضور نبی اکرم ﷺ کی آغوش میں رہے، گو آپ کو زیادہ مدت نانا جان کی زیر تربیت رہنے کا موقع نہ ملا کہ حضور نبی اکرم ﷺ ظاہری پردہ فرما گئے لیکن پھر بھی سات سال سات ماہ کا جو موقع حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ سے حاصل ہوا وہ کسی کو نہ ملا آپ اکثر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ ہی رکھتے اور خود ہر چیز کے آداب سکھاتے تھے۔ امام بخاری ایک واقعہ اپنی کتاب حدیث میں درج فرماتے ہیں کہ

ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں زکوۃ کی کھجوروں کا ٹوکرا آیا اتنے میں امام حسینؓ تشریف لائے اور بچے ہی تھے کہ ایک کھجور اٹھا کر منہ میں رکھ لی، حضور نبی اکرم ﷺ نے اسی وقت آپ کے منہ میں انگلی ڈال کر کھجور نکالتے ہوئے فرمایا کخ کخ، نبی کے اہل بیت زکوۃ نہیں کھایا کرتے، سبحان اللہ (بخاری ۲:۱۲۹ طبع مصر)

اللہ محفوظ رکھے ہر بلا سے<br>
خصوصاً جھوٹی سیادت کے دعویٰ سے

## جبرائیل کا داد دینا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کے سامنے حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کشتی لڑ رہے تھے اور آپ ﷺ فرما رہے تھے حسن جلدی کرو سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے کہا: یارسول اللہ ﷺ آپ صرف حسن کو ہی ایسا کیوں فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب دیا کیونکہ جبرائیل امین حسین کو جلدی کرنے کا کہہ کر داد دے رہے تھے۔ (المعجم ابو یعلی ۱:۱۷۱ رقم الحدیث ۱۹۶ الاصابہ عسقلانی ۲:۷۷ رقم الحدیث ۱۷۶۲، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ ابن اثیر ۲:۲۶ الکامل ابن عدی ۵:۱۸ رقم الحدیث ۱۱۹۱)

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کیساتھ حضور نبی اکرم ﷺ کا والہانہ پیار

احادیث صحیحہ اور روایات مصدقہ پر جب غور کیا گیا تو معلوم ہوا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو امام حسین رضی اللہ عنہ سے بہت زیادہ محبت تھی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میری ان آنکھوں نے دیکھا اور کانوں نے سنا، حضور نبی اکرم ﷺ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں کو پکڑے ہوئے تھے اور حسین رضی اللہ عنہ نے پاؤں حضور نبی اکرم ﷺ کے پاؤں پر رکھے ہوئے تھے اور حضور نبی اکرم ﷺ فرما رہے تھے اے ننھے منھے قدموں والے چڑھ آ چڑھ آ۔ چنانچہ امام حسین رضی اللہ عنہ جسم اطہر پر چڑھتے گئے یہاں تک کہ اپنے قدم حضور نبی اکرم ﷺ کے سینہ پر رکھ دیئے پس آپ نے فرمایا منہ کھول، پھر آپ نے اپنا لعاب دہن حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے منہ میں ڈالا اور چوم لیا، پھر فرمایا اے اللہ تو اسے محبوب رکھ میں اسے محبوب رکھتا ہوں۔

(اصابہ ابن حجر عسقلانی، استیعاب ۱:۱۴۴، ۱۴۵)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور نسب خصوصی

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حسین مجھ سے اور میں حسین سے ہوں جو حسین سے محبت کرے گا اللہ اس کے ساتھ محبت کرے گا حسین میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔ (استیعاب ۱: ۱۴۴، ۱۴۵)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا قیامت کے دن میرے حسب و نسب کے سوا ہر سلسلہ نسب منقطع ہو جائے گا۔ ہر بیٹے کی باپ کی طرف نسبت ہوتی ہے ماسوائے اولاد فاطمہ کے کہ ان کا باپ بھی میں ہوں اور ان کا نسب بھی میں ہی ہوں۔ (فضائل صحابہ احمد بن حنبل ۲: ۶۲۶ رقم الحدیث ۱۰۷۰، البیان والتعریف حسینی ۲: ۱۴۵ رقم الحدیث ۱۳۶۱، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ محب طبری ۱: ۱۶۹، المصنف عبدالرزاق ۶: ۱۶۴ رقم الحدیث ۱۰۳۵۴، سنن الکبریٰ بیہقی ۷: ۶۴ رقم الحدیث ۱۳۱۷۲، المعجم الاوسط طبرانی ۶: ۳۵۷، رقم الحدیث ۶۶۰۹، المعجم الکبیر طبرانی ۳: ۴۴ رقم الحدیث ۲۶۳۳ مجمع الزوائد ہیثمی ۴: ۲۷۲)

اس سے معلوم ہوا کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خصوصی نسب اور خاص تعلق ہے اور اسی تعلق کی بناء پر یہاں تک فرما دیا کہ جو میرے اس حسین سے محبت کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرے گا۔

## راکب دوش مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام حسین رضی اللہ عنہ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حسنین کریمین رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ کر فرمایا: اے اللہ میں نے ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت فرما۔

(جامع صحیح ترمذی ۵:۶۶۱ ابواب المناقب رقم الحدیث ۳۷۸۲ سیر اعلام النبلا ذہبی ۳:۲۵۲، نیل الاوطار شوکانی ۶:۱۴۰، ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح قرار دیا ہے۔)

نیز ایک اور روایت میں ہے کہ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کو کندھے پر اٹھائے ہوئے ہیں اور فرمار ہے ہیں۔ اے اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما۔ (نزول الابرار)

## آغوش نبوت و محبت سیدنا امام حسینؓ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے پس حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور آپ کی آغوش اقدس میں لیٹ گئے اور اپنی انگلیاں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش اقدس میں ڈالنے لگے، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا منہ مبارک کھولا اور اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں ڈال دی پھر فرمایا اے میرے اللہ میں اس کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی اسے محبوب رکھ اور جو اس کے ساتھ محبت کرے گا تو بھی اس کے ساتھ محبت فرما۔ (تاریخ دمشق ابن عساکر)

## حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور لعاب حسین رضی اللہ عنہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حال میں دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے لعاب کو اس طرح چوس رہے ہیں جیسا کہ آدمی کھجور چوستا ہے۔(الضحاک ص ۱۰۲)

## جگر گوشہ رسالت اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہ

حضرت زید ابن زیاد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پس حضور نبی اکرم ﷺ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے نکلے تو آپ کا گزر حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے گھر کے دروازے سے ہوا تو آپ نے سنا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ رو رہے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا اے فاطمہ رضی اللہ عنہا تم جانتی ہو کہ حسین کے رونے سے میرے دل کو تکلیف ہوتی ہے یعنی اس کو رونے نہ دیا کرو۔(نزل الابرار ص ۵۵)

## سردار اہل جنت

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔

(جامع صحیح ترمذی ابواب المناقب ۵:۶۵۶ رقم الحدیث ۳۷۶۸، سنن الکبری نسائی ۵:۵۰ رقم الحدیث ۸۱۶۹، صحیح ابن حبان ۱۵، ۴۱۲ رقم الحدیث ۶۹۵۹، مسند احمد بن حنبل ۳:۳ رقم الحدیث ۱۱۰۱۲، المصنف ابن ابی شیبہ ۶:۳۷۸ رقم الحدیث ۳۲۱۷۶، المعجم الاوسط طبرانی ۲:۳۴۷ رقم الحدیث ۴۷۷۸، موارد الظمآن ہیثمی ۱:۵۵، رقم الحدیث ۲۲۲۸، مجمع الزوائد ہیثمی ۹:۲۰۱ ہیثمی نے اس کے رواۃ کو صحیح قرار دیا ہے، الدر المنثور فی التفسیر بالماثور سیوطی ۵:۴۸۹، خصائص علی نسائی ۱:۲ ۱۴ رقم الحدیث ۱۲۹، معارج القبول حکمی ۳:۱۲۰۰)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ تمام جوانان جنت کے سردار ہیں۔ (المعجم الکبیر طبرانی ۳:۳۵ رقم الحدیث ۲۵۹۸، طبرانی نے المعجم الاوسط میں حضرت اسامہ بن زید سے مروی حدیث بھی بیان کی ہے۔ ۵:۲۴۳ رقم الحدیث ۵۲۰۸، تاریخ دمشق الکبیر ابن عساکر ۱۴:۱۳۲ مجمع الزوائد ہیثمی ۹:۱۸۲)

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے اخلاق حسنہ اور اوصاف حمیدہ

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے اخلاق نہایت اعلیٰ اور عادات نہایت پاکیزہ تھیں کیونکہ آپ نے اس فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آغوش میں پرورش پائی جن کو خدائے بزرگ و برتر نے (انک لعلی خلق عظیم) کا لقب عنایت فرمایا ہے تو ایسی آغوش رحمت میں کھیلنے والے کی عادت عین سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش مبارک پر تھیں۔ چنانچہ ایک بار ایک شخص کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا تو اسے شناخت کے طور پر بتایا کہ جب تم مدینہ میں پہنچ کر مسجد نبوی میں داخل ہو گے تو وہاں تمہیں لوگوں کا ایک حلقہ نظر آئے گا، اس حلقے میں لوگ نہایت باادب طریقے سے بیٹھے ہوں گے تو سمجھ لینا کہ یہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا حلقہ ہے۔

معلوم ہوا کہ آپ کی اخلاقی خصوصیات اتنی بلند تھیں کہ لوگوں میں آپ بہت مقبول تھے اور لوگ آپ کا ادب واحترام کرتے تھے۔
(تاریخ دمشق الکبیر ابن عساکر ۴:۳۲۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک کنیز نے پھولوں کا گلدستہ لا کر پیش کیا۔ گلدستہ ہاتھ میں لے کر حضرت نے سونگھا اور کنیز سے ارشاد فرمایا جاؤ تم اللہ کی راہ میں میری طرف سے آزاد ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا حضرت آپ نے ایک گلدستہ پر ہی اتنی اچھی خوبرو کنیز کو آزاد کر دیا۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

جب تمہیں اچھا تحفہ پیش کیا جاوے تو تم اس جیسا یا اس سے بہتر تحفہ دیا کرو۔ پس اس لئے سب سے اچھا تحفہ یہی ہو سکتا تھا کہ میں اسے اللہ کے لئے آزاد کر دوں۔

(تحفہ اثنا عشریہ از شاہ عبدالعزیز)

## تواضع

حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ میں نہایت عاجزی اور انکساری تھی تکبر سے سخت نفرت رکھتے تھے آپ کو کسی کام کے کرنے میں یا کسی طبقے کے لوگوں میں بیٹھنے سے کبھی کسی قسم کا کوئی عار نہ تھا۔ ایک مرتبہ کہیں تشریف لے جا رہے تھے راستہ میں چند غریب لوگ کھانا کھا رہے تھے، انہوں نے آپ کو جو دیکھا تو دوڑتے ہوئے حاضر خدمت ہو کر عرض کیا حضور آیئے اور کھانا تناول فرمائیں، آپ اس وقت ان غرباء کے حلقہ میں جا بیٹھے اور ان کے ساتھ کھانا کھا کر فرمایا مجھے کھانے کی حاجت تو نہیں تھی لیکن تمہاری خوشی کی خاطر چند لقمے تناول فرما لئے ہیں۔

(تاریخ دمشق الکبیر ابن عساکر)

بے شک اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والوں کو ہرگز پسند نہیں فرماتا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## پاکیزگی قلب

حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے قلب کو ظاہر و باطن پاکیزگی حاصل تھیں، سب سے بڑی مومن کے قلب کی پاکیزگی یہ ہے کہ وہ کسی مسلمان کے بارے اپنے دل میں کینہ نہ رکھے، چنانچہ ایک مرتبہ آپ اپنے بھائی محمد اکبر سے جن کو ابن الحنیفہ رضی اللہ عنہ کا لقب حاصل تھا ناراض ہو کر چلے آئے آپ کے چلے جانے کے بعد کچھ دوستوں نے حضرت محمد اکبر ابن الحنیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اب امام حسین رضی اللہ عنہ آپ کے پاس کبھی نہیں آئیں گے۔ حضرت محمد اکبر ابن الحنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا نہیں اگر تم لوگ کہو تو میں ابھی حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلا کر بتا دوں یہ کہہ کر آپ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو لکھا، اے برادر معظم! ہم دونوں کے والد بزرگوار مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں اس لحاظ سے نہ مجھ کو آپ پر اور نہ آپ کو مجھ پر کوئی فضیلت حاصل ہے۔ لیکن ہاں آپ کی والدہ محترمہ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شہزادی تھیں میری ماں کے تمام کمالات شمار کر لیے جائیں تو بھی آپ کی والدہ کی شان و عظمت کے برابر نہیں ہو سکتی پس اس لحاظ سے آپ کو مجھ پر فضیلت حاصل ہے اور آپ بڑے ہیں اس لئے آپ میرے پاس بھی آنے میں سبقت حاصل کریں، کیونکہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر دو مسلمانوں میں ناچاقی ہو جائے تو جو کوئی دونوں میں صلح کرنے میں سبقت کرے گا اسے اللہ تعالیٰ پہلے جنت میں داخل کرے گا۔ میری خواہش ہے کہ اپنی فضیلت کی وجہ سے جنت میں داخل ہونے میں بھی آپ ہی سبقت کریں۔ والسلام۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ حضرت امام محمد اکبر ابن الحنیفہ رضی اللہ عنہ کا یہ خط پڑھ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کر بہت ہی محظوظ ہوئے اور اسی وقت جا کر اپنے بھائی سے بغل گیر ہوئے۔
(الحسین ص ۴۱-۴۲)

## شجاعت

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ شجاعت میں بھی نہایت بلند مقام رکھتے تھے خود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مجھ سے حسین رضی اللہ عنہ کو ہیبت و جرأت عطا ہوتی ہے۔ آپ کی جوانمردی اور بہادری کا اس سے بھی اندازہ ہو سکتا ہے کہ جب ۳۵ھ میں باغیوں اور مفسدوں نے حضرت عثمان غنیؓ کے مکان کا محاصرہ کیا تو مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے امام حسن رضی اللہ عنہ اور امام حسین رضی اللہ عنہ دونوں کو آپ کی حفاظت کے لئے مقرر فرمایا: چنانچہ اس موقعہ پر امام عالی مقام نے نہایت نمایاں خدمت سرانجام دی اور باغیوں کے ساتھ جنگ کی دروازہ سے کسی کو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے قریب نہ جانے دیا، بالآخر باغی لوگ دوسرے راستے سے آپ کے مکان میں داخل ہوئے۔
(الحسین ص ۴۲)

اسی طرح آپ نے جنگ جمل اور جنگ صفین اور معرکہ نہروان میں اپنی حیرت انگیز شجاعت سے متعدد معرکے سر کئے ایک مرتبہ آپ نے ایک جنگ میں سب سے آگے بڑھ کر فرمایا ہے کہ کوئی تم میں سے میرے مقابلے میں آئے حضرت امام عالی مقام کا یہ چیلنج سن کر ایک بہت بڑا بہادر زبرقان مقابلہ کے لئے نکلا اور پوچھا کہ تم کون ہو تو آپ نے فرمایا میں حسین بن علی رضی اللہ عنہ ہوں اس پر زبرقان نے کہا، اے میرے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بیٹے تم میدان سے ہٹ جاؤ کیوں کہ ایک دن میں نے دیکھا تھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ اونٹنی پر سوار ہو کر قبا کی طرف جا رہے تھے اور تم نبی ﷺ کے آگے بیٹھے ہوئے تھے۔ میں حضور نبی اکرم ﷺ سے اس حالت میں ملاقات کرنا نہیں چاہتا کہ میرے ہاتھ تمہارے خون سے رنگین ہوں۔ (الحسین ص ۴۲)

حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد حکومت و امارت میں ممالک غیر کو جو مہمات بھیجی گئی تھیں۔ ان میں سے ایک مہم میں حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے بھی حصہ لیا یہ قسطنطنیہ کی مہم تھی اور ۴۹ھ میں بھیجی گئی تھی اس مہم کے کمانڈر انچیف سفیان بن عوف تھے۔ (الحسین ص: ۴۲)

بعض مورخین نے بنو امیہ کی خوشامد کی خاطر یزید امیہ کا نام اس مہم کے کمانڈر کی حیثیت سے درج کیا، ورنہ حقیقت یہ ہے کہ تاریخ میں چند جھوٹ بولے گئے ہیں ان میں سب سے بڑا جھوٹ یہ بھی بیان کیا ہے جیسا کہ اس کا ذکر آئندہ یزید اور قسطنطنیہ کے ذکر میں آئے گا۔ (ان شاء اللہ) اس قسطنطنیہ کی مہم میں بھی حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے عظیم شجاعت کا مظاہرہ کیا۔ آپ نہایت شجاع دل غازی اور مجاہد تھے اور سب سے بڑا کارنامہ شجاعت تو امام عالی مقام کا کرب و بلا میں تھا جس کا نام تا قیامت زندہ رہے گا۔ (ان شاء اللہ)

## علم و فضل

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے باب مدینۃ العلم مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی آغوش میں بچپن سے لیکر جوانی تک تعلیم و تربیت پائی باب مدینۃ العلم نے جس کو خود

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تعلیم دی، محبت رسالت ﷺ کے تربیت یافتگان سے جس نے براہ راست کسب فیض کیا ہو اس کو اگر علم وفضل کا بحر بیکراں کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا، علماء سیر وتواریخ متفقہ طور سے لکھتے ہیں کہ امام عالی مقام اپنے زمانہ کے بہت بڑے عالم اور فاضل تھے۔ (اسد الغابہ)

چنانچہ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ کو دودھ پینے والے بچے کا وظیفہ مقرر ہونے کے متعلق مسئلہ معلوم کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ اس مسئلے میں بھی انہوں نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے استفسار کیا، آپ نے فرمایا بطنِ مادر سے نکلنے کے بعد جب بچہ آواز سے رو دے اس وقت سے وہ وظیفہ کا مستحق ہو جاتا ہے۔ (اسد الغابہ فی معرفۃ صحابہ)

## عبادت وریاضت

سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے اپنی تمام زندگی رضائے الٰہی کے حصول اور عبادت الٰہی میں صرف کردی آپ کے دن تدریس دین اور راتیں قیام وسجود میں بسر ہوتیں۔ اکثر لوگوں نے دیکھا کہ آپ جب اللہ تعالیٰ کے حضور کھڑے ہوتے تو خشوع وخضوع اور تضرع کا عالم یہ تھا کہ آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑیاں بندھ جاتی، میدان کربلا کے عظیم مصائب کے وقت بھی آپ نے دن اللہ کے کلام کی تلاوت اور رات اللہ کے حضور رکوع وسجود میں گزار دی، آپ نے اپنی زندگی میں امام حسن رضی اللہ عنہ کی طرح خود پچیس حج پیدل ادا کئے۔ (تہذیب والحیاء ۲: ۱۲۳)

## مجسمۂ اوصافِ حمید

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ابن عربی اور ابن ابی شیبہ بیان کرتے ہیں کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ ان اوصاف جلیلہ کے حامل تھے۔ علم وحلم، عبودیت، صبر و استقلال اولوالعزمی، سخاوت، شجاعت و تدبر، عاجزی و انکساری، حق گوئی، حق پسندی اور راضی برضائے الٰہی کے مجسمہ تھے۔ مزید فرماتے ہیں کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ قرآن کے عالم باعمل، زاہد متقی، متورع، صاحب جود و کرم، صاحب فصاحت و بلاغت، عارف باللہ اور ذات باری تعالیٰ کی حجت تمام تھے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی تھے۔ (الحسین: ۵۲، ۵۳)

## شہادت در کربلا سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ بارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت طیبہ کے ساتھ ہی آپ کی شہادت کربلا مشہور ہوگئی، احادیث صحیحہ کثرت کے ساتھ اس پر شاہد ہیں۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چچی ام الفضل بنت حارث حضرت سیدنا عباس بن عبدالمطلب کی شریک حیات ایک روز حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اس حال میں کہ گود میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ تھے آپ نے انہیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی گود اقدس میں دیا تو میں نے دیکھا کہ اور میں نے دوسری طرف دیکھنے کے بعد جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوجائیں کیا بات ہے تو آپ نے فرمایا جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے ہیں پس انہوں نے مجھے خبر دی ہے کہ میری امت میرے اس بیٹے کو شہید کردے گی۔ (مشکوۃ ص ۵۵۶)

حضرت سیدہ ام الفضل رضی اللہ عنہا نے عرض کیا واقع ہی ایسا ہوگا تو آپ نے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



فرمایا: ہاں میرے پاس اس جگہ سے وہ مٹی بھی لائی گئی ہے اور وہ مٹی سرخی مائل ہے۔
(مشکوۃ ص ۵۵۶، مستدرک الحاکم ۲:۷۷ا)

معلوم ہوا کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت کے ساتھ ہی آپ کی شہادت کی خبر مشہور ہو چکی تھی شیر خوارگی کے ایام میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام الفضل کو آپ کی شہادت کی خبر دی، خاتون جنت نے اپنے اس نونہال کو زمین کربلا میں خون بہانے کے لئے اپنا خون جگر (دودھ) پلایا، علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اپنے دل بند جگر پیوند کو خاک میں لوٹنے اور دم توڑنے کے لئے سینہ سے لگا کر پالا، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیابان میں سوکھا حلق کٹوانے اور راہ خدا میں جان نذر کرنے کے لئے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی آغوش رحمت میں تربیت فرمائی، یہ آغوش کرامت و رحمت فردوسی چمنستان اور جنتی ایوانوں سے زیادہ بلند مرتبت ہے اس کے رتبہ کی کیا نہایت ہے جو اس گود میں پرورش پائے اس کی عزت کا کیا اندازہ، اس وقت کا تصور دل لرزا دیتا ہے، جب کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چشم اقدس نے اشکوں کے موتی بہائے۔
(سوانح کربلا)

اس خبر نے صحابہ کبار جان نثاروں اہل بیت کے دل ہلا دیئے اس درد کی نیش زنی علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے دل سے پوچھئے صدق وصفا کی امتحان گاہ میں سنت خلیل ادا کر رہے ہیں حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا کی خاک زیر قدم پاک پر قربان جن کے دل کا ٹکڑا نازنین لاڈلا سینۂ اقدس سے لگا ہوا ہے، محبت کی نگاہوں سے اس نور کے پتلے کو دیکھتے ہیں وہ اپنے سرور آفرین تبسم سے دلربائی کرتا ہے، ہمک ہمک کر محبت کے سمندر میں تلاطم پیدا کرتا ہے اور پیاری پیاری باتوں سے دل لبھاتا ہے، عین اس حالت میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کربلا کا نقشہ آپ کے پیش نظر ہوتا ہے۔ (سوانح کربلا)

نازوں کا پالا، بھوکا پیاسا، بیابان میں بے رحمی کے ساتھ شہید ہو رہا ہے، نہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ساتھ ہیں نہ حسن مجتبیٰ ساتھ ہیں، عزیز و اقارب برادر عزیز و فرزند قربان ہو چکے ہیں تنہا یہ نازوں کا پلا حسین رضی اللہ عنہ کا جسد طاہر تیروں کی بارش سے لہولہان ہو رہا ہے۔ کربلا کی زمین حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پھول کے پاکیزہ خون سے رنگین ہو رہی ہے۔ (سوانح کربلا)

باوجود اس کے بارگاہ الٰہی میں اس حادثہ فاجعہ سے محفوظ رہنے اور دشمنوں کے برباد ہونے کی دعا نہیں فرماتے کیونکہ پیش مقصد ثابت قدمی تھا۔ (سوانح کربلا)

ہاں یہ دعائیں کی گئیں کہ اس حسین رضی اللہ عنہ نور عین مقام صدق و صفا میں ثابت قدم ہو تو توفیق الٰہی مساعد رہے مصائب اور آلام کا انبوہ اس کے قدم کو پیچھے نہ ہٹا سکے، حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ کی شہرت میں کثرت کے ساتھ احادیث موجود ہیں۔ ایک حدیث حضرت سیدہ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مٹی مجھے حسین کی قتل گاہ کی دی گئی ہے وہ میں تمہیں دیتا ہوں اس مٹی سے دکھ اور مصیبت کی بو آتی ہے اس کو اپنے پاس سنبھال کر شیشی میں رکھ لو۔ (ترمذی، مشکوۃ، واستیعاب ص ۳۸۰)

اے ام سلمہ رضی اللہ عنہا جب یہ مٹی سرخ ہو جائے تو سمجھ لینا کہ میرا بیٹا حسین رضی اللہ عنہ کربلا میں شہید ہو گیا ہے۔ اسی وجہ سے کربلا کی مٹی ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو دی گئی، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جانتے تھے کہ واقعہ کربلا کے وقت میری یہ بیوی مدینہ طیبہ میں موجود ہوں گی اور اس وقت تک ان کی حیات ہو گی اس لئے انہی کو کربلا کی یہ مٹی دینی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



چاہئے۔

چنانچہ مشکوۃ شریف میں دوسرے مقام پر حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ عین واقعہ کربلا میں جب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے تو وہی شیشی جس میں کربلا کی مٹی تھی وہ خون بن گئی، جس کو ام المومنین نے دیکھا اور روئیں اس سے معلوم ہوا کہ شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کا بار بار ان کے عہد طفولیت سے ہی حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اور یہ شہادت مشہور ہو چکی تھی سب کو معلوم ہو گیا کہ ان کی جائے مشہد کربلا ہے۔

حاکم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ تحقیق اس میں کچھ شک نہیں رہا اور اہل بیت بالاتفاق یہ جانتے تھے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کربلا میں شہید ہوں گے۔ (سوانح کربلا)

ابو نعیم یحیٰی حضرمی سے روایت ہے کہ سفر صفین میں حضرت مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے ہمراہ تھے، جب نینوی کے قریب پہنچے وہاں حضرت سیدنا یونس علیہ السلام کا مزار اقدس ہے تو آپ نے فرمایا اے ابو عبداللہ فرات کے کنارے ٹھہرو بعد ازاں آپ اس مقام پر آئے جہاں آج بھی سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مزار اقدس کربلائے معلّٰی ہے، میں نے دیکھا کہ آپ پھوٹ پھوٹ کر روئے آپ سے دریافت کیا کہ آپ اس مقام پر کیوں رو رہے ہیں تو آپ نے روتے ہوئے اشارے سے فرمایا یہاں شہیدوں کی سواریاں باندھی جائیں گی اور یہاں پر خیمے نصب ہوں گے اور یہاں پر خون بہائے جائیں گے آل محمد ﷺ کے کتنے ہی خون یہاں پر ہوں گے اور اس وقت زمین و آسمان روئیں گے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



(مستدرک الحاکم، سوانح کربلا)

ان واقعات سے ثابت ہوا کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت در کربلا سب جانتے تھے بالخصوص اہل بیت اطہار اس مقام پر پہاڑ بھی ہوتا تو وہ بھی گھبرا اٹھتا اور زندگی کا ایک ایک لمحہ گزرنا مشکل ہو جاتا مگر طالب راہ حق مولا تعالیٰ کی مرضی پر فدا ہونے اور جان قربان کرنے اور صبر و استقامت کے ساتھ منتظر ہیں کہ کونسا وہ وقت آئے گا جب کہ فرزندان مصطفیٰ ﷺ کو یہ عظیم درجۂ شہادت کا حصہ ملے گا۔

## آپ کی ازواج اور اولاد

نواسہ سید الابرار سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ازواج و اولاد کے متعلق دریافت شاہد ہیں کہ آپ کی کل ازواج کی تعداد پانچ ہوئی ہیں مختلف وقتوں میں اور اولاد کی تعداد چھ ہے۔

## آپ کی ازواج کے نام یہ ہیں

۱۔ سیدہ شہر بانو ۲۔ سیدہ معظمہ لیلیٰ ۳۔ سیدہ رباب

۴۔ سیدہ ام اسحاق ۵۔ سیدہ قضاعیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن اجمعین

## آپ کی اولاد کے نام یہ ہیں

۱۔ حضرت علی المعروف بہ رضی اللہ عنہ امام زین العابدین

۲۔ حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ

۳۔ حضرت عبداللہ المشہور بہ علی اصغر رضی اللہ عنہ

۴۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



۵۔ حضرت فاطمہ صغریٰ خاتون رضی اللہ عنہا

۶۔ حضرت سکینہ خاتون رضی اللہ عنہا

ان ازواج کا ذکر جن کو سرکار امام حسین رضی اللہ عنہ کی زوجیت کا شرف حاصل ہوا۔

## ۱۔ سیدہ شہربانو رضی اللہ عنہا

یہ محترمہ بنت یزدجرد بن شہریار بن خسرو پرویز بن ہرمز بن کسریٰ نوشیروانِ العادل، یزدجرد بادشاہان فارس میں سے آخری بادشاہ سے تھیں۔ سیدنا امیر المومنین حضرت عمر ابن الخطاب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں جب ملک فارس میں فتح حاصل ہوئی تو اس وقت یہ محترمہ اسیر ہو کر مالِ غنیمت میں لائی گئیں، سیدنا عمر ابن الخطاب فاروق اعظم خلیفۃ المسلمین امیر المومنین نے اس محترمہ حسینہ و جمیلہ مع مزین ہیرے و جواہرات و زیورات کے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو عطا کر دیں۔

گویا کہ شہنشاہ کسریٰ کی بیٹی کو شہنشاہ شہزادہ کونین سید امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ زوجیت کا شرف حاصل ہوا، ان کے بطن سے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں حضرت علی المعروف بہ امام زین العابدین متولد ہوئے۔

## ۲۔ سیدہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا

یہ محترمہ بنت ابی مرہ بن مرہ بن عروہ بن مسعود بن معتب الثقفی سے تھیں ان کو سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں آنے کا شرف حاصل ہوا ان کے بطن سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں حضرت علی اکبر متولد ہوئے۔

## سیدہ رباب رضی اللہ عنہا

یہ محترمہ بنت امراء القیس بن عدی الکلبیہ سے ہیں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی ازواج میں ان سے زیادہ محبت تھی اور ان کا بہت زیادہ اکرام واحترام فرماتے تھے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے یہ اشعار بہت مشہور ہیں جو آپ نے سیدہ رباب رضی اللہ عنہا کے متعلق فرمائے۔

ترجمہ: سچائی یہ ہے کہ مجھے محبت ہے اس زمین سے جہاں رباب وسکینہ ٹھہری ہیں۔ ان پر دولت کثیر خرچ کرتا ہوں اور رقابت کے عتاب کی پرواہ نہیں کرتا گو وہ یہاں موجود نہیں پرداخت سے بے خبر نہ رہوں گا جب تک زندہ ہوں اور مٹی نہ چھپالے۔

جب سکینہ اور رباب رضی اللہ عنہما اپنے اقارب سے ملنے گئی ہوں تو رات ایسی لمبی نظر آتی ہے کہ دوسری رات مل گئی۔

اس سے معلوم ہوا کہ امام عالی مقام کو حضرت سکینہ اور ان کی والدہ ماجدہ سے کس قدر محبت تھی حضرت سکینہ خاتون انہی کے بطن سے تھیں اور حضرت عبداللہ المشہور بہ علی اصغر بھی ان ہی کے بطن سے متولد ہوئے، یعنی امام حسین رضی اللہ عنہ کی ایک صاحبزادی سیدہ سکینہ خاتون اور صاحبزادے عبداللہ یعنی علی اصغر یہ بہن بھائی انہی سے پیدا ہوئے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## سیدہ رباب رضی اللہ عنہا کے درد بھرے اشعار بعد شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ

مہر و وفا کی پتلی نے واقعہ کربلا کے بعد اپنے عظیم شوہر کی جدائی پر یہ کلمے ارشاد فرمائے۔

اَنَّ الَّذِیْ کَانَ اسْتَاضَاءَ بِہٖ
بِکَر بَلا قَتِلَ غَیْرِ مَدْفُوْنِ

وہ نور جو روشنی پھیلاتا تھا کربلا میں بے دفن پڑا ہے۔

سِبْطِ النَّبِی جَزَاکَ اللّٰہُ صَالِحَۃً
عَنَادِ جَیْتَ خسرانِ الْمُوزِیْنِ

اے سبط نبی اللہ ہماری طرف سے تجھے بہترین جزا دے آپ میزان عمل سے بچا لیے گئے۔

قَدْ کُنْتَ نِیْ جَبَلاً صَعْبًا اَلوذِبِہٖ
وَکُنْتَ تَصْحَبُنَا بِالرَّحِمِ وَالدِّیْنِ

میرے لئے آپ بلند پہاڑ کی چوٹی تھے جس کی پناہ میں آپ کا برتاؤ رحم اور دین تھا۔

مَنْ لِلْیَتَامٰی وَمَنْ لِلسَّائِلِیْنَ وَمَنْ
یَغْنِیْ وَیَاوِیْ کُلَّ مِسْکِیْنَ

اب کون رہ گیا جس کے پاس ہر مسکین، یتیم اور فقیر کو پناہ ملے گی اب مسکینوں کا کون ہے؟

وَاللّٰہِ لَا اَبْتَغِیْ بَعْدَ صُھْرًا کُمْ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حَتّٰی اُعَنِیْتَ بَیْنَ الرَّمَلَ وَالطِّیْنِ

اب اس قرابت کے بعد اور کوئی خوشی پسند نہیں کروں گی۔ حتی کہ ریت اور مٹی کو جا چھوؤں۔

## سیدہ ام اسحاق رضی اللہ عنہا

یہ محترمہ طلحہ بن عبداللہ اتسمینہ سے ہیں ان کے والد معظم حضرت طلحہ عشرہ مبشرہ میں ہیں اور ان کے بطن سے امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں ایک صاحبزادی فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا ہوئیں۔

## حضرت قضاعیہ رضی اللہ عنہا

یہ محترمہ قبیلہ بنی قضاعیہ سے ہیں اسی نام قضاعیہ سے مشہور ہیں ان کو امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ شرف زوجیت حاصل ہوا۔ ان کے بطن سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں ایک صاحبزادے جعفر پیدا ہوئے۔

## آپ کی اولاد امجاد کا تذکرہ

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ان مذکورہ ازواج میں سے آپ کے چار صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔

## حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ

ان کی والدہ محترمہ شہر بانو ہیں، واقعہ کربلا میں سیدنا علی المعروف بہ زین العابدین بیمار تھے اور ان کی والدہ محترمہ کربلا میں موجود تھیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حضرت علی اکبر ابن الحسین رضی اللہ عنہ

ان کی والدہ ماجدہ محترمہ ام لیلیٰ ہیں واقعہ کربلا کے وقت جوان تھے اور عمر مبارک اٹھارہ سال تھی اور کربلا میں اپنے والد بزرگوار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ جام شہادت نوش فرما گئے۔

## حضرت عبداللہ المشہور بہ علی اصغر رضی اللہ عنہ

ان کی والدہ محترمہ سیدہ رباب تھیں واقعہ کربلا میں ان کی عمر چھ ماہ تھی اور یہ شیر خوارگی کے عالم میں تھے سخت شدت پیاس پر پانی کے بجائے ان کے حلق اقدس پر ایک ظالم نے تیر مارا، کہ تڑپ کر شہزادے نے والد بزرگوار کی آغوش میں جان دیدی گویا کہ سرکار عالی مقام کے اس طفل شیر خوار کی شہادت ہوئی آپ کی والدہ سیدہ رباب واقعہ کربلا کے وقت موجود تھیں۔

## حضرت جعفر ابن الحسین رضی اللہ عنہ

ان کی والدہ محترمہ سیدہ قضاعیہ تھیں سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے قیام مدینہ طیبہ میں بچپن میں ہی انتقال فرما گئے بعد کئی سالوں کے واقعہ کربلا پیش آیا۔

## سیدہ فاطمہ صغریٰ خاتون رضی اللہ عنہا

ان کی والدہ ام اسحاق تھیں امام حسین رضی اللہ عنہ کے حین در مقام مدینہ طیبہ پر جوان تھیں اور ان کا نکاح حضرت حسن مثنیٰ ابن امام حسن کے ساتھ ہو چکا تھا اور یہ مع اپنے بچوں کے اپنے شوہر حسن مثنیٰ یعنی اپنے گھر میں تھیں۔ امام حسین رضی اللہ عنہ کے مدینہ طیبہ رحلت فرمانے پر ان کو ہمراہ نہ لے جانے کی یہی وجہ مانع ہوئی کہ یہ شادی شدہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اپنے گھر والی ہیں۔ دوسرا ان کے شوہر تجارت پر باہر تشریف لے گئے تھے انکی اجازت کے بغیر ان کا لے جانا بھی مناسب نہ تھا۔ واقعہ کربلا کے وقت سیدہ خیر و عافیت کے ساتھ مدینہ طیبہ میں اپنے گھر پر تھیں۔ سیدہ فاطمہ صغریٰ کے بطن سے حسن مثنیٰ ابن امام حسن کے ہاں تین صاحبزادے ہوئے جن کی نسل روئے زمین میں ہے، عبداللہ المحض ابراہیم، الغمر، حسن المثلث

## سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا

ان کی والدہ محترمہ سیدہ رباب تھیں، واقعہ کربلا کے وقت اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ واقعہ کربلا میں موجود تھیں لیکن ان کی عمر مبارک اس وقت سات سال تھی کربلا میں ان کے نکاح کی جو روایت مشہور ہے وہ بالکل غلط ہے اس کی کچھ اصل نہیں کچھ ایسے کم عقل لوگوں نے یہ روایت وضع کر دی جنہیں اتنی تمیز نہ تھی کہ وہ یہ سمجھ سکتے کہ اہل بیت رسالت کے لئے توجہ الی اللہ اور شوق شہادت و تمام حجت کا تھا، اس وقت شادی نکاح کی طرف التفات ہونا بھی ان حالات کے منافی ہے، پھر حضرت سکینہ کی وفات راہ شام مشہور کی جاتی ہے، یہ بھی بالکل غلط ہے، بلکہ کربلا کے بعد عرصہ تک حیات رہیں اور ان کا نکاح حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوا یہ وہ صاحبزادی سکینہ ہیں جن کے ساتھ امام عالی مقام کو شدید محبت تھی اور ان کی والدہ کے ساتھ بھی محبت تھی، واقعہ کربلا کے خونی منظر میں یہ شہزادی اور ان کی والدہ محترمہ موجود تھیں۔ گو بعض نے کچھ اختلاف بھی پیدا کئے ہیں لیکن ان کی صداقت کا معیار علماء محققین کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نزدیک جو درست ہے وہی قابل قبول ہے، سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ کے بعد آپ کی نسل روئے زمین میں آپکے صاحبزادے سیدنا علی المعروف امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے پھیلی ہوئی ہے اور شہزادی حضرت فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا سے بھی آپ کی نسل روئے زمین آج تک موجود ہے۔ یاد رہے کہ یزید علیہ اللعنۃ کی بہت اولاد تھی بعض نے لکھا ہے کہ اس کے چودہ لڑکے تھے اور چودہ میں آج تک نسل لعین کا کہیں کوئی نام ونشان بھی موجود نہیں، کتب عربی و فارسی وتواریخ معتبرہ کی ورق گردانی کے باوجود کچھ پتہ نہیں چل سکا، ثابت ہوا ایک ہی صاحبزادے سے کل روئے زمین میں نسل مبارک موجود ہے۔ (الجواہر، تاریخ کربلا، حیات الحقی)

# کردار یزید پلید

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ، حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادت عظمیٰ کے بعد مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوئے، اہل کوفہ نے آپ کے دست حق پرست پر بیعت کی اور آپ نے وہاں قیام فرمایا، اس کے بعد آپ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو درج ذیل شروط سے خلافت تفویض فرمادی۔ (سوانح کربلا)

۱۔ بعد حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلافت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو ملے گی۔

۲۔ اہل مدینہ وحجاز واہل عراق میں کسی شخص سے بھی عہدِ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق کوئی مواخذہ ومطالبہ نہیں کیا جائے گا۔

۳۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے یہ تمام شرائط قبول کیں اور باہم صلح ہوگئی اور حضور

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نبی اکرم ﷺ کا یہ معجزہ ظاہر ہوا جو آپ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے اس فرزند ارجمند کی بدولت مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح فرمادے گا، سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ نے تختِ خلافت معاویہ رضی اللہ عنہ کو تفویض کر دیا۔ (سوانح کربلا)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے رجب ۶۰ ھ میں بمقام دمشق لقوہ میں مبتلا ہو کر وفات پائی، آپ کے پاس حضور نبی اکرم ﷺ کے تبرکات میں سے ازار شریف، قمیض مبارک موئے شریف اور تراشہائے ناخن، آپ نے وصیت کی تھی کہ مجھے حضور نبی اکرم ﷺ کی ازار شریف وردائے مبارک قمیض اقدس میں کفن دیا جائے اور میرے ان اعضاء پر جن سے سجدہ کیا جاتا ہے حضور نبی اکرم ﷺ کے موئے مبارک اور تراشہ ناخن اقدس رکھ دیئے جائیں اور مجھے ارحم الراحمین کے رحم پر چھوڑ دیا جائے۔ (سوانح کربلا)

کور باطن یزید نے دیکھا تھا کہ اس کے باپ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ کے تبرکات اور بدن اقدس سے چھوئے جانے والے کپڑوں کو جان سے زیادہ عزیز رکھا تھا اور آخر تمام زر و مال ثروت و حکومت سب سے زیادہ وہی چیز پیاری تھی اور اس کو ساتھ لے جانے کی تمنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دل میں تھیں۔ (سوانح کربلا)

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد یزید تخت سلطنت پر بیٹھا اور اس نے اپنی بیعت کے لئے اطراف ممالک سلطنت میں مکتوبات روانہ کئے، یزید بن معاویہ ابو خالد اموی وہ بدنصیب شخص ہے جس کی پیشانی پر اہل بیت کرام کے بے گناہ قتل کا سیاہ داغ ہے اور جس پر دنیائے اسلام ملامت کرتی رہی ہے اور قیامت تک

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس کا نام تحقیر کے ساتھ لیا جائے گا۔ (سوانح کربلا)

یہ بدباطن، سیاہ دل، ننگ خاندان ۲۵ھ میں امیر معاویہ کے گھر میعون بنت مجدل کلبیہ کے پیٹ سے پیدا ہوا، نہایت موٹا، بدنما، کثیر الشعر، بدخلق، تند خو، فاسق، فاجر، شرابی، بدکار، ظالم، بے ادب اور گستاخ تھا، اس کی شرارتیں اور بے ہودگیاں ایسی ہیں جن سے بدمعاشوں کو بھی شرم آئے، عبداللہ بن حنظلہ الغسیل نے فرمایا، خدا کی قسم ہم نے یزید پر اس وقت خروج کیا جب ہمیں اندیشہ ہوگیا کہ اس کی بدکاریوں کے سبب سے آسمان سے یہاں پتھر نہ برسنے لگیں محرمات کے ساتھ نکاح اور سود وغیرہ منہیات کو اس بے دین نے اعلانیہ رواج دیا۔ (سوانح کربلا)

مدینہ طیبہ مکہ مکرمہ کی اعلانیہ بے حرمتی کرائی ایسے شخص کی حکومت گرگ چوبانی سے زیادہ خطرناک تھی، ارباب فراست، اور اصحاب اسرار اس وقت سے ڈرتے تھے جب کہ عنان سلطنت اس شقی کے ہاتھ میں آیا۔ (سوانح کربلا)

اس نے اپنی بیعت کے لئے اطراف وممالک سلطنت میں مکتوب روانہ کئے مدینہ طیبہ کا عامل جب یزید کی بیعت کے لئے حضرت امام رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اس کے فسق وظلم کی بناء پر اس کو نااہل قرار دیا اور بیعت سے انکار فرمایا اور حضرت ابن زبیر حضرت عبداللہ ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی بیعت سے انکار فرمادیا، شقی کے ہاتھ عنان سلطنت آنے سے قبل حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے دعا کی۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ راس الستین وَاَمَارَۃِ الصِّبیانِ۔

یارب میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں ۶۰ھ کے آغاز اور لڑکوں کی حکومت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہے۔

اس دعا سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جو حامل اسرار تھے انہیں پتہ تھا کہ ۶۰ھ کا آغاز لڑکوں کی حکومت اور فتنوں کا وقت ہے ان کی یہ دعا قبول ہوئی انہوں نے ۵۹ھ میں بمقام مدینہ طیبہ رحلت فرمائی (سوانح کربلا)

## امارۃ الصبیان اور امت کی ہلاکت

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

میری امت کی ہلاکت قریش کے لڑکوں کے ہاتھوں ہوگی، عمرو بن یحیٰ فرماتے ہیں کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوگی، انہی میں سے ایک مروان لڑکا ہی ہے اور کہا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اگر تم چاہو تو میں بتا سکتا ہوں کہ وہ فلاں فلاں لڑکے ہوں گے اور عمر بن یحیٰ نے کہا کہ شام میں اپنے دادا کے ساتھ جاتا تھا تو میں نے ان نوخیز چھوکروں کو دیکھا یہ انہیں میں سے ہیں جن کی بشارت دی گئی، شاگردوں نے کہا آپ خوب جانتے ہیں (بخاری کتاب الفتن ۲: ۱۰۴۶) اس حدیث کے تحت امام بخاریؒ فرماتے ہیں۔

احداث یعنی جوان ہوں گے ان کا پہلا شخص یزید ہے اور یہ عموماً بڑی عمر والوں کے شہروں کی امارت سے علیحدہ تھا اور اپنے رشتہ داروں میں کم عمر والوں (چھوکروں) کو والی بنا دیا تھا (عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری ۱۱: ۳۳۴)

مزید اسی حدیث کے تحت ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



غلمہ سے مراد وہ جوان ہیں جو کمال حق عقل کے مرتبہ تک نہیں پہنچتے ہیں اور وہ نوعمر جو قار والوں کی پرواہ نہیں کرتے اور ظاہر ہے کہ وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل کیا اور حضرت علی و حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کیا، مظہر نے کہا کہ ان لوگوں سے مراد وہی ہیں جو خلفاء راشدین کے بعد تھے جیسے یزید اور عبدالمالک بن مروان وغیرہ وغیرہ (فتح الباری ۱۳: ۸)

نیز ایک اور حدیث میں ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اے لوگو! ستر سال کی ابتداء اور چھوکروں کے امیر ہونے سے پناہ مانگو۔ (مشکوۃ شریف ۲: ۳۲۳)

## سبکی شرح میں علامہ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ

امارۃ الصبیان سے مراد جاہل چھوکروں کی حکومت ہے، جیسے یزید ابن معاویہ اور حکم بن مروان کی اولاد اور ان کے ہم مثال ایک روایت میں آتا ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے منبر پر کھیل کود کرتے ملاحظہ فرمایا: (یعنی اس سے وہی لوگ مراد ہے۔(فتح الباری ۳: ۷)

## علامہ حجر مکی لکھتے ہیں کہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

یزید کے متعلق جو باتیں مذکور ہیں جس کو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا۔

اس کا علم آپ کے بتانے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو ہوا تو وہ دعا کیا کرتے تھے کہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اے اللہ ۶۰ھ کی ابتداء اور چھوکروں کی امارت سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی یہ ۴۹ھ میں وفات پا گئے اور حضرت معاویہ کی بعد یزید کی حکومت ۶۰ھ میں ہوئی (البدایہ والنہایہ ۸: ۲۳۰)

## علامہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ

حدیث مذکورہ میں اشارہ ہے کہ یزید کا زمانہ جو اس کی ابتداء ساٹھ ہجری سے ہوئی (جس میں شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے) بعد واقعہ حرہ بھی ہے اور یہی نشانیاں ہیں اس میں اور اس سے یزید مراد ہے۔ (ازالۃ الخفاء ص ۳۵۸)

احادیث صحیحہ سے اور محدثین کرام علیہم الرحمۃ سے ثابت ہوا کہ ساٹھ ہجری میں جو حکومت قائم ہوگی وہ یزید کی ہی حکومت تھی اور امت کو برباد کرنے والے امت کی تباہی کا ذریعہ چند قریشی لڑکے بنیں گے، لڑکوں کا لفظ تغیر کے ساتھ لایا جاتا ہے اور ان کی طرف اشارہ ہے، اس لئے ان کو سفہا سے تعبیر کیا گیا ہے یعنی یہ تباہی لڑکوں کے ہاتھوں ہوگی جن میں سفاہت ہوگی، جن سے ان کی بدنظری واضح ہے، اور وہ بدنظر وہ ہے جس کے دل درست نہیں وہ نیک کام کیا کر سکے گا، اس لئے ان لڑکوں کو حسان سے تعبیر کرتے ہوئے ان کی عملی کیفیت بیان کی گئی ہے کہ وہ نمازوں کو ضائع کریں گے اور شہوات نفس کی پیروی کریں گے اور جہنم میں وادی غی میں ڈال دیئے جائیں گے۔ (جذب القلوب ص ۳۳، سوانح کربلا)

معلوام ہوا کہ اس حدیث میں یزید کا نام تو نہیں آیا لیکن محدثین کرام اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دعا اور یزید کے افعال شنیعہ نے نصف النہار کی طرح یزید کو ظاہر کر دیا ہے کہ ایسی حدیث کا اولین مصداق یزید کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## لسان رسول کی سنت کو بدلنے والا پہلا شخص یزید ہوگا

حضور نبی ﷺ نے فرمایا ہے:

ہمیشہ میری امت میں انصاف کا دور دورہ رہے گا یہاں تک کہ سب سے پہلے اس میں سوراخ امیہ کا ایک شخص کرے گا جس کا نام یزید ہوگا اور یہی سب سے پہلے میری سنت کو بدلے گا، ابو داؤد نے اپنی مسند میں تخریج کی ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ میری سنت کو بدلنے والا پہلا شخص بنی امیہ سے ہوگا جس کو یزید کہا جائے گا۔ (الصواعق المحرقہ، سوانح کربلا، تاریخ الخلفاء، البدایہ والنہایہ ۸: ۲۳۱ ماثبت بالسنۃ ص ۱۶)

## یزید کی حقیقی خدوخال

نواسہ رسول جگر گوشہ بتول سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے دین اسلام اور ملت اسلامیہ کے تحفظ کی خاطر اپنے اور اپنے خاندان والوں کے خون سے میدان کربلا میں جو نقوش ثبت کئے۔ افسوس کہ اسے فراموش کر دیا گیا اور ان کی اس عظیم قربانی کے اعلیٰ ترین مقصد کو قابل التفات ہی نہیں سمجھا گیا بلکہ بدبختوں نے یزید کی حمایت کرکے اسے خلیفۂ رسول ثابت کرنا اپنی زندگی کا مقصد بنا لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کا حشر بھی یزید پلید کے ساتھ کرے (اور یقیناً کرے گا) جنہوں نے شہید انسانیت کے احسان کو بھول کر محض یزید کی پوزیشن صاف کرنے کے لئے سرکار سید الشہداء نواسہ سید الابرار امام حسین رضی اللہ عنہ پر بغاوت کا الزام عائد کیا ہے۔

ان جاہلوں کو پہلے بغاوت کی شرعی تعریف معلوم ہونی چاہئے تو وہ یہی ہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے صحیح وارث و جانشین کے خلاف علم مخالفت بلند کرتا ہے۔

نیز کسی شخص پر بغاوت کا الزام عائد کرنے سے پہلے یہ معلوم کرنا ضروری ہے کہ جس کے خلاف اس نے کوئی الزام اقدام کیا ہے، آیا اس کی خلافت صحیح طریقہ پر ثابت بھی ہے یا کہ نہیں اس اصول کے تحت اگر یزید کا جائزہ لیا جائے تو وہ قواعد حقہ کے مطابق کسی طرح درست ثابت نہیں ہوتی اور اس کی کئی وجوہات حقہ ہیں۔

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

میں نے سنا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد خلافت تیس برس رہے گی اس کے بعد بادشاہی ہوگی۔ (اشعۃ اللمعات جز الرابع کتاب الفتن ص ۲۸۵ طبع لکھنو)

اس ارشاد کے مطابق خلافت کی مدت بعد از نبوت تیس برس بتائی گئی ہے جس کو خلافت علیٰ منہاج النبوۃ بھی کہا جاتا ہے اور یہ سلسلہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لیکر سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ پر ختم ہو جاتا ہے اور اس کے بعد ملوکیت ہے چنانچہ اس حدیث کے تحت محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں۔

ترجمہ: یہ بات جامع اصول اور دیگر مسند کتب سے ثابت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت دو سال اور چار ماہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت دس سال اور چھ ماہ ہے اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت بارہ سال میں کچھ روز کم ہے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت چار سال اور نو ماہ ہے اور اس حساب سے خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم کی خلافت انتیس سال سات ماہ ہوتی ہے اور امام المسلمین امام حسن ابن علی کی خلافت پانچ ماہ شامل ہو کر مکمل پورے تیس سال ہوتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس حدیث کے مطابق جب کہ خلافت ہی باقی نہ رہی تو سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اس کی طلب فرما سکتے تھے، کیونکہ اس حدیث میں خلافت سے مراد خلافت راشدہ ہے، جس کی عمر تیس سال بتائی گئی ہے۔ اس خلافت کو خلافت علی منہاج النبوت کہتے ہیں اور اس کے بعد سلسلہ حکومت کہلاتا ہے۔ خلافت راشدہ یا خلافت نبوت تو ایسی چیز تھی کہ اہل دین و دیانت کے لئے اس کی طلب اور اس کے مل جانے پر جماؤ کے ساتھ اس پر استقامت دکھلانا عقل اور شرعی تقاضا ہوسکتا تھا اور اس پر جماؤ ایسا ہی ہوتا ہے غور کیا جائے جبکہ شیخ محققؒ نے فرمایا ہے تو چھ ماہ پر وہ تیس سال مدت پوری ہوتی ہے۔ جو خلافت نبوت کی عمر بتلائی گئی ہے۔

جس کے معنی یہ نکلتے ہیں کہ جب تک خلافت راشدہ کا دور قائم رہا، قبول کئے رہے، جب نہ رہا تو اس سے علیحدہ ہوگئے اور اس سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ خلافت راشدہ کا دور ختم نہ ہوتا تو وہ اسے حضرت سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کی طرح ترک نہ فرماتے، خواہ حضرت معاویہ سے کتنا ہی سخت مقابلہ ہوجاتا ہے۔ جیسا کہ شیر خدا حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے بھی سخت مقابلوں کے باوجود منصب خلافت سے دست برداری اختیار نہ فرمائی لیکن خلافت راشدہ کی مدت گزر جانے کے بعد اگر مطلق ملوکیت کے لئے جان کی بازی لگائی جائے تو اس میں محض اپنا ذاتی مفاد پیش نظر ہوتا اور مسلمانوں کا خون ضائع ہوتا اس لئے آپ نے خلافت ترک فرما کر مسلمانوں کی دو عظیم جماعتوں کو آپس کی خونریزی سے بچالیا اور ان میں صلح پیدا فرما کر اپنی سیادت کا وہ عملی ثبوت پیش فرمادیا جس کے متعلق حضور نبی اکرم ﷺ نے بشارت دی تھی، یہ میرا بیٹا سید ہے اور مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح فرمائے گا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ تو نانا جان ﷺ کی حدیث پر عمل کرتے ہوئے کہ خلافت راشدہ کی عمر تیس سال ہے اس کی عمر پوری ہونے پر خلافت ترک کرنا، (فتاوی عزیزی ۱:۱۲)

اس سے پتہ چلتا ہے کہ جب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ جانتے تھے کہ خلافت نبوت کا دور ختم ہو چکا ہے، تو اس کی طلب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس لئے ان کے کربلا کے اقدام کو طلب خلافت پر محمول کرنا اول درجہ کی جہالت۔

## شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا یزید کے خلاف کھڑا ہونا دعوائے خلافت راشدہ کی بناء پر نہ تھا جو تیس سال گزرنے پر ختم ہو چکی تھی۔ بلکہ رعایا کو ایک ظالم (یزید) کے ہاتھ سے چھڑانے کی بناء پر تھا اور ظالم کے مقابلہ میں مظلوم کی اعانت واجبات (دین) میں سے ہے۔ (فتاوی عزیزی ۱:۲۱)

معلوم ہوا کہ جب یزید کا خلیفہ ہونا شرعاً درست نہیں تو اس کے خلاف اقدام کرنے والا کیونکر باغی قرار دیا جا سکتا ہے۔ اقدام امام حسین رضی اللہ عنہ نہ طلب خلافت کے لئے تھے نہ حصول جاہ و اقتدار کے لئے بلکہ یہ ایک عظیم جہاد تھا جو کہ مظلوموں کو ظالموں کے پنجوں سے رہائی دلانے کے لئے تھا۔

## علامہ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں

اور یہ جو بعض جہلا نے افواہ اڑا رکھی ہے کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ باغی تھے تو اہل سنت والجماعت کے نزدیک باطل ہے شاید یہ خارجیوں کے بیانات ہیں جو راہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں۔ (شرح فقہ اکبر ص ۸۷)

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ جاہل ہیں جنہوں نے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ پر بغاوت کا الزام لگانے کی کوشش کی ہے، سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا صحابی اور اہل بیت رسول اور افضل المسلمین ہوتے ہوئے کربلائی اقدام کسی حصول جاہ واقتدار کے لئے نہ تھا بلکہ عظیم جہاد تھا جس کو معرکہ کربلا میں عملی شکل میں پیش فرمایا، جب یزید خلیفہ ہی نہیں تو اس کے خلاف اقدام کیوں کر باغیانہ ہوسکتا ہے۔

## یزید اور محرمات شرعیہ، زنا، ترک نماز، شراب کا ارتکاب

حضرت عبداللہ ابن حنظلہ (غسیل الملائکہ) بیان کرتے ہیں۔

واقدی نے متعدد طریق سے یہ روایت کیا ہے کہ عبداللہ ابن حنظلہ نے فرمایا کہ واللہ ہم نے یزید کی بیعت اس وقت فسخ کیا جب ہم کو اپنے اوپر آسمان سے پتھر برسائے جانے کا خطرہ پیدا ہوا کہ وہ (یزید) اپنی ماؤں سے بیٹیوں سے اور بہنوں سے نکاح کرتا ہے اور نماز ترک کرتا ہے۔

(تاریخ الخلفاء سیوطی ۲۰۷، تذکرہ ص ۱۶۳، صواعق الحرقہ ۱۳۴)

## یزید کے متعلق دنیائے اسلام کی رائے

### علامہ ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں

یعنی کفر یزید کے بارے میں اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ ہاں وہ کافر ہے کیونکہ اس سے ایسے اقوال وافعال نقل ہوتے ہیں جو اس کے کفر پر دلالت کرتے ہیں جیسے شراب کو حلال سمجھنا وغیرہ اور شاید ان ہی وجوہ کی بناء پر امام احمد بن حنبل نے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس کے کفر پر فتوی دیا ہے کیونکہ ان کے نزدیک اس کے یہ کافرانہ اقوال وافعال ثابت ہو گئے تھے۔ (شرح فقہ اکبر، از ملا علی قاریؒ)

## علامہ سعد الدین تفتازانیؒ لکھتے ہیں

یزید پر لعنت بھیجنی علی الاطلاق جائز ہے اس لئے کہ اس نے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کا حکم دے کر کفر کیا اور تمام اس پر متفق ہیں جس نے یہ فعل کیا یا اس کا حکم دیا اور اس پر راضی ہوا اس پر لعنت بھیجنے کا جواز ہے۔ اور سچی بات یہ ہے کہ یزید سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے قتل پر راضی ہوا اور خوش ہوا اور اس نے عزت رسول کی بے حرمتی کی، ہم یزید پر لعنت کرنے کے جواب بلکہ اس بے دین اور بے ایمان ہونے میں کسی قسم کا توقف نہیں کرتے اور شک وشبہ نہیں رکھتے، اس پر اور اس کے اعوان و انصار پر خدا کی لعنت ہو۔ (شرح عقائد نسفی ص ۱۱۷)

شرح عقائد نسفی کے حاشیہ میں ہے کہ

یزید شراب پیتا تھا اور یہ بات تو تاریخ سے ثابت ہے کہ یزید نے امام کے قتل کے لئے لشکر بھیجا اور پھر انہوں نے قتل کیا اور آل رسول کی توہین کی۔

ابن جوزی علیہ الرحمہ نے یزید کے کفر پر اور اس پر لعنت بھیجنے پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ جس کا نام (الرد علی المتعصب العنید فی جواز اللعن علی یزید) اس سے انہوں نے دلائل قاطعہ براہین ساطعہ سے ثابت کیا ہے کہ یزید کے لعنت و کفر میں کچھ شک وشبہ نہیں۔

## علامہ جلال الدین سیوطیؒ لکھتے ہیں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اللہ تعالیٰ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے قاتل اور ابن زیاد اور یزید پر لعنت کریں۔

حضرت علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ واقعہ حرہ کی تفصیل بیان فرماتے ہوئے اس حدیث کَیْفَ بِکَ یَا اَبِیْ ذَرْ اے ابوذر تو اس وقت کیا کرے گا جب مدینہ منورہ خون سے رنگین ہوگا کے تحت فرماتے ہیں۔ یعنی یزید جہنم میں گیا اور اس یزید کو ملعون و کافر جہنمی لکھا ہے۔ شیخ محقق نے یزید کے نام کے ساتھ ملعون کا لفظ استعمال کیا ہے۔

## علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ فرماتے ہیں

ابن جوزی نے کہا کہ قاضی ابوالعلی نے کتاب المعتمد الاصول میں اپنی سند سے روایت کی ہے کہ صالح بن احمد حنبل نے کہا اپنے باپ سے کہ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم یزید ابن معاویہ سے محبت کرتے ہیں پس احمد نے کہا اے بیٹے جو اللہ پر ایمان رکھے اسے چاہیے کہ وہ یزید سے اسی طرح لعنت کرے جس طرح اللہ نے اس پر لعنت کی محبت کی ہے، میں نے کہا کہ یزید کو اللہ تعالیٰ نے کہا لعنت بھی بھیجی ہے تو آپ نے کہا اس آیت میں

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَ تُقَطِّعُوْا اَرْحَامَكُمْ

تو کیا تمہارے یہ لچھن نظر آتے ہیں کہ اگر تمہیں حکومت ملے تو زمین میں فساد پھیلاؤ اور اپنے رشتے کاٹ دو یہ ہیں وہ لوگ جن پر اللہ نے لعنت کی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



(تفسیر مظہری ۸: ۴۴۴)

یزید فسادی تھا اور اس نے خون ریزی کی اور اس نے نواسہ سید الابرار کو بھی اوران کے خاندان کو بھی قتل کرنے سے گریز نہ کیا اور مدینہ طیبہ میں بھی قتل عام کیا۔

دوسرے مقام پر علامہ قاضی صاحب علیہ الرحمہ سورۃ ابراہیم کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

میں کہتا ہوں کہ بنو امیہ نے کفر سے فائدہ اٹھایا یہاں تک کہ ابوسفیان اور معاویہ اور عمرو بن العاص وغیرہ مسلمان ہو گئے پھر یزید نے کفر کیا اور جو اس کے ساتھی تھے ان نعمتوں کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے ان پر کیں اور انہوں نے آل رسول ﷺ کے ساتھ دشمنی کی اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو ظلم اور کفر سے قتل کیا اور یزید نے دین مصطفیٰ ﷺ کے ساتھ کفر کیا۔ (تفسیر مظہری ۸: ۴۴۴، ۵: ۲۱)

• علامہ سید محمود آلوسیؒ روح المعانی میں زیر آیت

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾

(سورۃ محمد)

کے تحت بڑی تفصیل کے ساتھ اس کی وضاحت کرتے ہیں اور آخر میں لکھتے ہیں کہ میں کہتا ہوں اور میرے نزدیک یہی حق ہے کہ فی الحقیقت یزید پلید حضور نبی اکرم ﷺ کی رسالت مقدسہ کا دل سے قائل ہی نہ تھا۔ اس کے افعال شنعیہ وخبیثہ جو اس نے اپنے دور حکومت میں کیے تھے حرمین شریفین کی بے حرمتی کی اور انہیں ناقابل بیان ظلم وستم کا نشانہ بنایا اور قیامت کبریٰ یہ ہے کہ اس نے اہل بیت کے ساتھ بے پناہ ظلم وستم کیے اور امام حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کیا اور طیب وطاہر خاندان نبوت کے ساتھ جو ظلم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کئے وہ اس کے عدم تصدیق رسالت پر دلالت کرتے ہیں اور اس کے خصال شنیعہ و خبیثہ جن کو اس نے محیط کیا ہوا تھا یہ سب اس کے جواب اسباب لعنت کے ہیں اور نہ توبہ کی اس نے اور اس کے حواریوں نے پس لعنت ہے، یزید اور ابن زیاد اور ابن سعد اور اس کی جماعت پر اللہ تعالیٰ عزوجل کی۔

(تفسیر روح المعانی ص ۶۶ تا ۶۷ ج خامس عشرون مطبوعہ مصر)

## حضرت سیدنا مجدد الف ثانی احمد فاروقی سرہندیؒ فرماتے ہیں

وہ کم بخت یزید اصحاب میں سے نہ تھا اس کی بدبختی میں کسی کو کلام نہیں جو کام اس بدبخت نے کیا کوئی کافر فرنگ بھی نہیں کرتا۔

مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خان بریلویؒ فرماتے ہیں یزید پلید مایستحقہ من العزیز الجید قطعاً یقیناً باجماع اہل سنت فاسق وفاجر وجری علی الکبار تھا، اس قدر پر ائمہ اہل سنت کا اطلاق اور اتفاق ہے، امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ اور ان کے اتباع وموافقین اسے کافر کہتے ہیں اور بہ تحقیق نام اس پر طعن کرتے ہیں اس کے فسق وفجور سے انکار کرنا اور امام مظلوم پر الزام رکھنا ضروریات اہل سنت مذہب کے خلاف ہے اور ضلالت و بے دینی ہے۔ بلکہ انصافاً یہ اس قلب سے نہیں جس میں محبت سید عالم کا شبہ ہو۔

وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَىَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔

شک نہیں اس کا قائل ناصبی و مردود اور اہل سنت کا عدو عنود ہے اور ان کلمات شنیعہ سے حضرت بتول زہرا، علی المرتضیٰ اور خود حضور سید الانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلوۃ والثناء کا دل دکھا چکا ہے۔ اللہ واحد قہار کو ایذا دے چکا ہے۔ (عرفان شریعت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ص ۳۳)

ارشاد باری تعالی ہے

رالذین یوذون رسول اللہ لھم عذاب الیم، ان لذین یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعدلھم عذابا مھینا۔

## سیدالمفسرین حکیم الامت رئیس المحققین صدرالافاضل حضرت علامہ سید محمد نعیم الدین مرادآبادیؒ فرماتے ہیں

یزید بن معاویہ ابو خالد اموی وہ بدنصیب شخص ہے جس کی پیشانی پر اہل بیت کرام کے بیگناہ قتل کا سیاہ داغ ہے اور جس پر قرن (زمانہ) میں دنیائے اسلام ملامت کرتی رہی ہے اور قیامت تک اس کے نام تحقیر کے ساتھ لیا جائے گا، یزید بدباطن، سیاہ دل، ننگ خاندان ۲۵ھ میں معاویہ کے گھر میسون بنت نجدل کلبیہ کے پیٹ سے پیدا ہوا، نہایت موٹا، بدنما، کثیر الشعر، بدخلق، تندخوں، فاسق، فاجر، شرابی، بدکار، ظالم، بے ادب گستاخ تھا اس کی شرارتیں اور بے ہودگیاں ایسی ہیں جن سے بدمعاشوں کو شرم آئے، عبداللہ ابن حنظلہ الغسیل نے فرمایا خدا کی قسم ہم نے یزید پر اس وقت خروج کیا جب ہمیں اندیشہ ہوگیا کہ اس کی بدکاریوں کے سبب آسمان سے پتھر نہ برسنے لگیں۔ (واقدی)

## مورخ جلیل مسعودی لکھتے ہیں

یزید اور اس کے ہمراہوں کے اخبار وآثار عجیب اور مصائب ومثالب کثیر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہیں جیسے شراب پینا، فرزند رسول کو قتل کرنا، اہل بیت پر لعن وطعن کرنا، خانہ کعبہ کا گرانا، مسلمانوں کا خون بہانا اور مختلف قسم کے ایسے فسق وفجور کے کاموں کا ارتکاب کرنا جن کے ارتکاب کرنے والوں کے لئے اس طرح رحمت خداوندی سے ناامیدی کی وعید تہدید وارد ہوئی ہے، جس طرح منکرین توحید ومخالفین رسل کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔

(مروج ۱:۱۲۲)

## امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ نے یزید کو کافر کہا

اپنے علم ورع کے اعتبار سے وہ کافی ہیں ان کے علم وورع اس بات کے گواہ ہیں کہ یزید کو کافر اس وقت کہا ہوگا جب کہ صریح موجب کفر باتیں اس سے واقع ہوئی ہوں گی ایک جماعت کا جن میں ابن جوزی وغیرہ ہیں یہی فتوی ہے یزید کے فسق پر اجماع ہے بہت سے علماء کرام نے یزید کا نام لے کر اس سے لعنت کرنے کو جائز رکھا ہے، امام احمد سے مروی بھی یہی ہے ابن جوزی نے بتایا کہ قاضی ابوالعلی نے مستحقین لعنت کے بارہ میں ایک کتاب لکھی ہے اس میں یزید کا نام بھی ذکر کیا ہے (اسعاف الراغبین ص ۱۶۵)

کچھ دلائل سابقہ بھی بیان ہونے کے علاوہ اب یہ دنیائے اسلام کی رائے بمتعلق یزید لکھی گئی ہیں، مفسرین، محدثین، محققین، مجتہدین، آئمہ، اربعہ، فقہاء، فضلا، علماء اکابرین امت کے حوالہ جات کو ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

## یزید عنان سلطنت پر اور بیعت لینے پر اصرار اور امام عالی مقام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## کا انکار

رجب کی تاریخ کو تخت شام پر قدم رکھتے ہی اپنی بیعت لینے کے لئے اطراف وممالک میں مکتوب روانہ کئے اور سب سے زیادہ توجہ حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اور بالخصوص سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف دی، اگر یہ حضرات بیعت قبول کرلیں گے تو ان کی پیروی میں تمام لوگ میری بیعت کرلیں گے، چانچہ اس نے اس کام کے لئے مدینہ طیبہ کے اس وقت کے گورنر ولید بن عتبہ کو ایک خط بذریعہ قاصد روانہ کیا، جس میں اپنے والد کے انتقال اور اپنی جانشینی کی اطلاع دی اور ساتھ یہ ہدایت کی کہ جتنی جلدی ہو سکے۔

فَخُذْ حُسَيْنًا وَ عَبْدَاللّٰهِ بِنْ عُمَرَ وَعَبْدَاللّٰهِ ابْنِ الزُبير بالبيعَةِ اَخذاً شَدِيْدًا يَسْتُ فِيْهِ رُخصَةً حَتّٰى يبَايَعوا۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور عبداللہ ابن عمر اور عبداللہ ابن زبیر کو میری بیعت پر مجبور کرو، جب تک یہ میری بیعت نہ کریں ان کو ہرگز نہ چھوڑیں۔ (حیات الحیٰی ۲:۲۴)

بعض روایات میں اس کے مزید الفاظ بھی درج ہیں۔

اِنْفَذْ كِتَابِىْ اِلَيْهِمْ فَمَنْ لَمْ يُبَايِعكَ فَانْفِذُوْا اِلَى بِرَاسِهٖ مَعَ جَوَابَ كِتَابِىْ هٰذَا۔

ان کے سامنے میرا خط پیش کرو اور ان میں سے جو بھی میری بیعت سے انکار کرے اس کا سر قلم کر کے میرے اس خط کے جواب میں بھیج دو۔ (حیات الحیٰی ۲:۲۴)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ولید بن عتبہ گورنر مدینہ فطرتاً صلح پسند اور خون ریزی وفساد کو پسند نہ کرتا تھا اور جب اس نے یہ خط پڑھا تو وہ ڈر گیا کہ یزید نے کیسا حکم دیا ہے اس نے مروان بن حکم کو مشورہ کے لئے بلایا اور یزید کا حکم نامہ پڑھ کر سنایا اور پوچھا تمہاری کیا رائے ہے اور مجھے کیا کرنا چاہئے، مروان مفسد اور بد باطن تھا۔ اس نے مشورہ دیا کہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ اور ابن علی رضی اللہ عنہ دونوں کو بلاؤ اور یزید کی بیعت پہ آمادہ کرو اگر انکار کریں تو گردن اڑادو، کیونکہ ایسا نہ ہو کہ یہ لوگ مدعی خلافت بن جاویں اور پھر کچھ نہ ہو سکے۔ ولید بن عتبہ گورنر مدینہ نے جب یہ بات سنی تو اس نے کہا۔

قَالَ لَا یَرَانِی اللّٰہِ اَقْتِلَ ابن بِنْتَ نَبِیِہٖ وَلَوْ جعل یَزِیْدُ لِیَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا۔

خدا مجھے اس حال میں نہ دیکھے گا کہ میں اس کے نبی کی بیٹی کے بیٹے کو قتل کروں خواہ مجھے یزید ساری دنیا کی سلطنت کیوں نہ دے دے۔

لیکن ہاں میں ان کو بلوا کر بات کروں گا چنانچہ ولید بن عتبہ نے ان حضرات کو بلوانے کے لئے ایک قاصد بھیجا جب قاصد ان کو بلانے کے لئے گیا تو مسجد نبوی شریف میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ دونوں بیٹھے ہوئے تھے اور آپس میں باتیں کر رہے تھے اور یہ رات کا وقت تھا جب دونوں کو یہ پیغام ملا تو اپنی ذہانت سے یہی اندازہ ہوا کہ اس وقت طلبی کا مقصد یزید کی بیعت کرانا مقصود ہے، کیونکہ یہ خبر پہنچ چکی تھی کہ یزید تخت مسند نشین ہو گیا ہے۔ لہٰذا یقیناً اسی بات کے لئے بلوایا گیا ہے، ان حضرات نے قاصد کو فرما دیا کہ تم چلو اور ہم آرہے ہیں۔

حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سمیت باقی چند اصحاب کو ہمراہ لے کر ولید بن عتبہ گورنر مدینہ کے پاس پہنچ گئے۔ گونر ولید نے کہا کہ حضور میں نے آپ کو تکلیف دی ہے۔ اس کی معذرت چاہتا ہوں۔ میں نے نہایت مجبور ہو کر اور پریشان ہو کر آپ کو بلوایا ہے میرے دل میں اہل بیت عظام کا احترام ہے خود حاضر ہونے کی بجائے آپ کو بلانا مناسب نہ تھا۔

بات دراصل یہ ہے کہ مجھے یزید نے یہ حکم نامہ بھیجا ہے جسے آپ خود پڑھ لیں میری زبان تو زیبا نہیں دیتی جو الفاظ یزید بن معاویہ نے تخت نشین ہوتے ہی آپ حضرات کے متعلق لکھ بھیجے ہیں۔ آپ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے انتقال پر فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ باقی رہا جو کچھ یزید نے لکھا ہے کہ یہ حضرات میری بیعت کر لیں تو اس کا جواب یہ ہے۔

اے گورنر مدینہ! ہم اہل بیت نبوت و رسالت ہیں ہمارا گھرانہ فرشتوں کی آمد و رفت ہے، خدا نے ہمارا گھرانہ بلند و بالا بنایا ہے، یزید بن معاویہ فاسق، فاجر، شارب الخمر (شراب کا عادی) اور ظالم اور قاتل معلن فاسق ہے، ہم جیسا (پاکباز) گھرانہ ایسے شخص کی بیعت نہیں کر سکتے کیونکہ میں حسین اسی پاک خاندان سے ہوں (الحیات الحی ۲:۲۵)

خلاصہ یہ ہوا کہ پاک کا کیا کام ہے کہ وہ پلید کے ہاتھ پر بیعت کرے۔ خاندان نبوت ورسالت پر سب سے عظیم داغ ہوگا کہ نواسہ رسول علیہ السلام نے ایسے پلید لعین کے ہاتھ پر بیعت کر کے اس کو مسلمانان اسلام کا خلیفہ مان لیا۔ اس کے بعد حضرت امام رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



صبح ہونے دو ہم غور کریں گے اور آپ بھی غور کریں کہ ہم میں کون بیعت خلافت کا حق دار ہے۔ (الحیات الخفی ۲:۲۵)

سبحان اللہ! حضرت امام عالی مقام سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا یہ جواب ساٹھ ہجری بتاریخ ۲۷ رجب المرجب روز شنبہ کی شب کو والی مدینہ کو کئی اصحاب کی موجودگی میں ملا، یہ وہ جملہ تھا جس پر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے جان دے دی لیکن دین مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء پر داغ نہ آنے دیا ورنہ آیۃ تطہیر کی چادر پر وہ سیاہ دھبہ لگ جانا تھا، جس سے قیامت کو بھی بچاؤ نہ تھا۔ نواسۂ رسول کی یہی وہ حق بات تھی جس نے کربلا کے تپتے ہوئے میدان میں آپ کو آزمایا اور آزمائش کرنے والے نے دیکھ لیا کہ وہ اس بات پر قائم رہے جان دے دی، لیکن نانائے پاک ﷺ کے دین پر داغ نہ آنے دیا، گویا کہ کربلا کی پہلی سیڑھی کی ابتداء ہو چکی ہے۔

جب حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ یہ جواب دے کر بمعہ اپنے اصحاب کے واپس دولت سرائے اقدس میں پہنچ گئے تو مروان بن حکم نے والی مدینہ کو پھر کہا کہ تم نے ایسے سخت امام کے جواب میں کچھ نہیں کیا بہتر تھا کہ تم اس کی گردن اڑا دیتے جس نے صاف انکار کر دیا ہے تو پھر گورنر مدینہ ولید بن عتبہ نے اس کو کہا مجھے تم پر افسوس ہے کہ تو نے مجھے بار بار مفسدانہ سفاکانہ مشورہ دیا ہے۔ باقی جہاں تک اس امر کا تعلق ہے تو میری بات یاد رکھو۔

میں اپنا دین اور دنیا ہلاک نہیں کرنا چاہتا خدا کی قسم اگر مجھے دنیا کی بادشاہی اور دنیا کی دولت مل جاوے تو بھی میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ اور اقدام نہ کروں گا۔ (الحیات الخفی ۲:۲۵)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



معلوم ہوا کہ وہ اصل حقیقت تھی جس کے مطابق گورنر مدینہ نے کئی بار ایسا ہی کیا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اہل بیت اطہار کا کس قدر بلند مقام ہے اور میں نہیں چاہتا کہ میری طرف سے اس عظیم ہستی کی رائی برابر گستاخی ہو اور اگر ایسا ہوا تو دنیا و آخرت تباہ اور عذاب الیم کا مستحق ٹھہروں گا کاش اگر اتنی بات بھی یزید بن معاویہ یا اس کے حواریوں کے دل میں آجاتی تو یہاں تک نوبت نہ آتی لیکن یہ بدنما داغ جس کے لئے تھا اسے مل کر رہنا تھا اور اب تک ہے اور روز حشر تک یہ داغ مٹ نہ سکے گا۔

## امام عالی مقام کی مدینہ طیبہ سے رخصت کی حکمتیں

پھر سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے اہل بیت اطہار اور اصحاب و رفقاء اہل مدینہ سے یزید کی ساری بات بیان فرما کر ان سے اور اپنے بھائی حضرت محمد ابن الحنیفہ رضی اللہ عنہ سے مشورے طلب کئے، سب نے آپ کا خیال دریافت کیا تو آپ نے وہی جواب دیا جو آپ نے گورنر مدینہ کو دیا تھا کہ میں خاندان نبوت کا چشم و چراغ ہرگز ایسے فاسق و فاجر کے ہاتھ پر بیعت نہیں کرتا اور اس کی خلافت کو تسلیم نہیں کرتا، اس پر سب نے اتفاق کیا اور مشورہ دیا کہ آپ مدینہ طیبہ سے مکہ معظمہ چلے جائیں۔ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا بھی یہی ارادہ ہوا کہ مدینہ طیبہ میں رہنا درست نہیں کیونکہ اب یہ خطرہ یقینی کسی حد تک پہنچ چکا ہے۔ کیونکہ حضرت امام رضی اللہ عنہ جانتے تھے کہ میرا انکار بیعت یزید کے اشتعال کا باعث بنے گا اور نابکار جان کا دشمن اور خون کا پیاسا ہو جائے گا جس کا نتیجہ یہ بھی نکلے گا کہ مدینۃ الرسول کہیں میری وجہ سے رنگین خون نہ ہو جائے اور یہ توہین برداشت سے باہر ہے۔

لیکن حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی دیانت و امانت و تقویٰ نے اجازت نہ دی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کہ اپنی جان کی خاطر یا عزیز و اقارب یا وطن کی خاطر نا اہل کے ہاتھ پر بیعت کر لیں اور مسلمانان اسلام کی تباہی اور شرعی و احکام کی بے حرمتی اور دین کے نفرت کی پرواہ نہ کریں اور یہ امام جیسے جلیل القدر فرزند رسول ﷺ سے کیونکر ممکن ہو سکتا تھا۔ اگر امام اس وقت یزید کی بیعت کر لیتے تو ظاہر ہے کہ یزید آپ کی قدر و منزلت کرتا اور آپ کی عافیت و راحت میں کوئی فرق نہ آنے دیتا اور بہت سی دنیاوی دولت کے انبار آپ کے قدموں میں نچھاور کر دیتا۔ لیکن اسلام کا نظام درہم برہم ہو جاتا اور اس پر داغ لگ جاتا اور یزید کی ہر بدکاری کے جواز کے لئے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بیعت سند ہوتی اور شریعت اسلامیہ و ملت حنیفہ کا نقشہ مٹ جاتا۔ یہاں پر ان حضرات کو بھی یاد رکھنا چاہیے کہ حضرت امام رضی اللہ عنہ نے اپنی جان خطرہ میں ڈال دی اور تقیہ کا تصور بھی خاطر پر نہ گزرا، اگر تقیہ جائز ہوتا تو اس کے لئے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے لئے اور کونسا وقت زیادہ ضرورت کا تھا، حضرت امامؓ ابن عمرو ابن زبیر رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے بیعت کی درخواست اسی لئے سب سے پہلی کی گئی کہ اگر ان حضرات نے بیعت کر لی تو پھر کسی کو تامل نہ ہوگا۔ لیکن ان حضرات کے اس انکار سے وہ منصوبہ خاک میں مل گیا اور یزیدیوں کی آتش عناد بھڑک اٹھی اور ایسی ضرورت پہ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کو مدینہ طیبہ چھوڑنے کا ارادہ کرنا پڑا کہ واقعہ ہی اب ولید بن عتبہ نے یزید کے تحریری حکم میں کچھ دیر کر دی تو اسے معزول کر کے دشمن اسلام کو گورنر بنا دے اور ایسا ہو سکتا تھا اور انکار بیعت امام رضی اللہ عنہ کی صورت میں مدینۃ الرسول کے بازار اور گلیاں خون سے رنگین نہ ہو جائیں اور عظیم متبرکات عظیمہ کی توہین نہ ہو جائے یقیناً طرفین سے یہ کام شروع ہو جائے گا، حضرت امام رضی اللہ عنہ کے حمایتی ایک طرف اور یزیدی ایک طرف اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سے مدینۃ الرسول کی اہانت ہوگی اور یہ داغ بھی حضرت امام رضی اللہ عنہ کی وجہ سے نہیں آنا چاہئے۔

اس لئے حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے متفقہ طور پر مصمم ارادہ فرمالیا کہ جتنی جلدی ہوسکے اب مدینۃ الرسول سے کوچ کر جائیں۔

## ریاض الجنۃ میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی آخری رات

مدینہ طیبہ سے حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی رحلت کا دن اہل مدینہ اور خود حضرت امامؑ کے لئے غم واندوہ کا دن تھا، اطراف عالم سے تو لوگ وطن ترک کر کے اعزا واحباب کو چھوڑ کر مدینہ طیبہ حاضر ہونے کی تمنائیں کریں اور دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی حاضری کا شوق ودشوار گزار منزلیں اور بحروبر کا طویل خوفناک سفر اختیار کرنے کے لئے بیقرار بنادے۔ ایک ایک لمحہ کی جدائی انہیں شاق ہو، اور فرزند رسول صلی اللہ علیہ وسلم جوار رسول سے جانے پر مجبور ہو اس وقت کا تصور دل کو پاش پاش کر دیتا لیکن یہ وہی جانتے ہیں جن پر یہ وقت آیا کہ ان پر کیا گزری۔ روایات صحیحہ ومعتبرہ اس پر موجود ہیں کہ دن کو مکمل تیاری فرمالی اور احباب اہل بیت اطہار کو اپنے ہمراہ لے جانے کے لئے تیار کرالیا اور شب کو ریاض جنت میں عبادت ونوافل میں مشغول رہے اور بارگاہِ عزت رب ذوالجلال میں دعا فرمائی۔

ترجمہ: اے میرے اللہ تیرے نبی کی قبر اطہر ہے اور میں تیرے نبی کی بیٹی کا بیٹا ہوں۔ میں جن حالات سے مجبور ہو کر جارہا ہوں تو جانتا ہے میں نیکی کو اختیار اور بدی سے اجتناب کو پسند کرتا ہوں۔ اے اللہ میں تجھ سے اور صاحب قبر کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ تو میرے لئے راستہ پیدا فرما جس میں تیری اور تیرے رسول کی رضا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مندی ہے۔ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ یہ دعا فرماتے رہے اور روتے رہے۔ (الحیات النقی ۱:۲۷)

## دربار رسالت ﷺ پر رات کی پچھلی گھڑی

نوافل و عبادت اور دعوات سے فارغ ہونے کے بعد حضرت امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے نانا جان آقا و مولیٰ سرکار محمد ﷺ کے مزار پر انوار پر حاضر ہوئے ہدیہ درود و سلام پڑھتے اور روتے رہے اور قبر انور کے ساتھ لپٹ گئے، اسی حالت میں آپ دیکھتے ہیں کہ فرشتوں کی جماعت کثیرہ ہے اور حضور پرنور ﷺ جلوہ افروز ہیں اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کو آپ نے اپنی آغوش میں لیا اور سینے اقدس سے لگایا اور چوما اور فرمایا:

اے میرے پیارے حسین! میں تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ عنقریب تم خاک و خون میں تڑپائے جاؤ گے اور میری امت کے چند اور ساتھیوں کے ساتھ زمین کربلا میں ظلم کے ساتھ ذبح کئے جاؤ گے اور تم سب پیاسے بھی ہوگے اور تمہیں پانی میسر نہ ہوگا اور اس کے باوجود قاتل میری شفاعت کے امیدوار ہوں گے خدا کی قسم ان کو میری شفاعت نصیب نہ ہوگی، گھبراؤ نہیں تم عنقریب اپنے ماں باپ کے پاس پہنچ جاؤ گے سب تمہارے مشتاق ہیں۔ (الحیات النقی ۲:۲۸)

اسی حالت میں حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اپنے نانا جان ﷺ سے روتے ہوئے عرض کرتے ہیں۔

اے پیارے نانا جان! میری دنیا میں جانے کی کوئی خواہش نہ سوائے اس کے کہ آپ مجھے بھی اپنے ہمراہ قبر میں جگہ دے دیں۔ (الحیات النقی ۲:۲۸)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حضور ﷺ نے اپنے حسین کو تسلی دی اور فرمایا۔

نہیں اے پیارے بیٹے تمہارے لئے دنیا میں ابھی رجوع ہے کیونکہ تمہیں شہادت کا وہ مرتبہ پانا جو خدا نے تمہارے لئے لکھ دیا گیا ہے جس کا عظیم ثواب تم کو ملنا ہے۔

اسی حال میں حضرت عالی مقام رضی اللہ عنہ قبر اطہر سے بیدار ہوئے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور کہا اے پیارے نانا جان اب حسین کی آخری حاضری ہے امید نہیں کہ اب دوبارہ قبر اطہر کی حاضری مجھ کو نصیب ہو۔ امام حسین رضی اللہ عنہ صبر کا دامن تھامے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی قبر اطہر پر روئے اور سلام عرض کیا۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مدینہ منورہ سے مکہ معظّمہ ہجرت

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے جس صبح کو مدینہ طیبہ سے روانہ ہونا تھا اسی رات کا کچھ حصہ اپنے نانا (مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء) اور اپنی محترمہ والدہ معظّمہ طیبہ و طاہرہ سلام اللہ علیہا اور برادر مکرم سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور امہات المومنین اور اصحاب عظام جو بقیع قبرستان میں ہیں ان کی حاضری اور ہدیہ سلام میں شرف فرمایا، یہ تھا وہ ایک مسلسل فکری جہاد اور عقلی جہاد اور پھر اپنے وطن مدینہ طیبہ کے حسین منظر کو چھوڑ کر مکہ معظّمہ کے دشوار گزار سفر کو بمعہ اہل وعیال رخصت ہونا یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے بلکہ یہ بھی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا بہت بڑا جہاد تھا جس کو آپ نے عملی شکل دے دی، آج جو آپ مدینہ طیبہ سے مکہ معظّمہ ہجرت فرمارہے ہیں وہ آج سے ٹھیک ساٹھ برس پہلے حضرت امام حسینؓ کے جد امجد سرکار سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی مکہ معظّمہ سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کے ساتھ عجیب مشابہت رکھتی ہے۔

عام انسانی فطرت کا تقاضا ہے کہ انسان اپنا وطن چھوڑتے وقت وطن کی ہر پسندیدہ چیز حتیٰ کہ اس آب وگیاہ اور خاک سے بھی پیار وداع کرتا ہے اور ان پر حسرت ویاس کی نگاہ ڈالتا ہے۔ روایات شاہد ہیں کہ حضور سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ معظمہ سے روانہ ہوتے وقت مڑ مڑ کر بار بار درودیوار پر نگاہ ڈالتے تھے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کو تسلی دینی پڑی۔

اس طرح جب حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اپنے خاندان مقدسہ کو لئے ہوئے ۶۰ ہجری ماہ رجب کی ستائیس تاریخ بروز اتوار 3 مئی 280ء کو مدینہ طیبہ سے روانہ ہوئے تو مدینہ پاک سے حضرت امام رضی اللہ عنہ کی اہل مدینہ اور خود امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے لئے کیسا رنج واندوہ کا وقت تھا۔ اطراف عالم سے تو مسلمان وطن ترک کرکے اعزہ واقارب کو چھوڑ کر مدینہ طیبہ حاضر ہونے کی تمنائیں کریں اور دربار سرکار ابد قرار حبیب کردگار شان پر وقار سید الابرار سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی حاضری کا شوق دشوار گزار منزلیں اور بری وبحری اور ہوائی کا طویل اور نان ونفقہ وزادراہ کا بوجھ اور خوفناک سفر اختیار کرنے کے لئے بیقرار بنادے ایک ایک لمحہ کی جدائی انہیں شاق ہو اور فرزند رسول جگر گوشہ بتول اور نور نظر مولا علی السلول جوار نبوت ورسالت سے جدا ہونے پر مجبور ہو یہاں پر ہی حضرت کی ولادت اور یہاں پر ہی حضرت کی بلندی عظمت اور یہاں پر ہی راکب دوش نبوت۔۔۔لیکن

(الحسین ج ۱: ۱۵، سوانح کربلا)

اس وقت کا تصور دل کو پاش پاش کردیتا ہے۔ جد کریم علیہ افضل الصلوٰۃ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



والتسلیم کے روضۂ طاہرہ سے جدائی کا صدمہ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے دل پر رنج وغم کے پہاڑ توڑ رہا ہے۔

اہل مدینہ کی بھی مصیبت کا کیا اندازہ ہوسکتا ہے، دیدار حبیب کے فدائی اس فرزند کی زیارت سے اپنے مجروح قلوب کو تسکین دیتے تھے ان کا دیدار ان کے قلب کا قرار تھا۔

یقیناً آج اہل مدینہ کا حال بے حال ہو رہا ہے کہ آج یہ اقرار دل بے قراری نہیں بلکہ اوروں کا یہ قرار دل مدینہ طیبہ سے رخصت ہو رہا ہے۔ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ مایوسانہ نگاہ سے اپنے اصحاب اور مدینہ کے حسین درودیوار پر نگاہ ڈالتے ہوئے اور اپنے جد کریم کے گنبد اقدس کی بہار رحمت کا مزہ دیکھتے ہوئے بہزار غم واندوہ بادل ناشاد ہدیہ سلام فرماتے ہوئے رحلت فرماتے ہیں۔ تو زبان اطہر سے قرآن حکیم کی یہ آیت پڑھ رہے ہیں۔

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۚ قَالَ رَبِّ نَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾۔

اس آیت کی تلاوت بھی حضرت امام رضی اللہ عنہ کے علم وفضل کی اور ایک عظیم پیرائے کی ترجمانی اور عظیم مقصد کی نشانی تھی، اول یہ کہ اس آیت میں حضرت سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وہ ذکر ہے اس وقت کا جب کہ فرعون کے ظلم وتشدد سے بیزار ہو کر مصر سے باہر نکلے تو عرض کیا اے میرے رب میں ظلم وستم سے بیزار ہو کر نکلا ہوں مجھے ان ظالم لوگوں سے نجات عطا فرما۔ (الحیات الحجی ۲:۳۶)

گویا حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اس طرف اشارہ فرمارہے تھے کہ ہم یزید

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے ظلم وستم سے بیزاری کی بناء پر مدینہ طیبہ سے رخصت ہو رہے ہیں۔

## سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی تلاش اور جاسوسی

عبیداللہ ابن زیاد نے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی تلاش کے سلسلہ میں کئی دن لگا دیئے لیکن کہیں سے آپ کی جائے اقامت کا پتہ نہ چل سکا۔ حیرت ہے کہ کسی کے ذریعہ بھی ان کا کہیں جائے مقام کا پتہ نہیں چلا۔ بالآخر اس نے بنو تمیم کے ایک آزاد غلام معقل کو تین ہزار درہم دے کر سراغ رسانی پر مقرر کیا۔ معقل نے سر توڑ کوشش شروع کر دی۔ یہ شخص جامع مسجد کوفہ میں آیا اور وہاں ایک آدمی کو نماز نوافل میں مشغول دیکھا۔ معقل نے اس کی کثرت عبادت سے اندازہ کیا کہ یقیناً یہ آدمی یزیدی، زیادی نہیں بلکہ کوئی حسینی دینی جماعت کا ہے جب وہ فارغ ہوا تو اس نے آگے بڑھ کر حال پوچھا اور بڑے احترام سے کہا میں ایک شامی ہوں میرے دل میں اہل بیت اطہار کی محبت ہے مجھے معلوم ہے کہ یہاں سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کے معتمد امام مسلم بن عقیل آئے ہوئے ہیں میں چاہتا ہوں کہ ان کی زیارت کروں اور ناچیز ہدیہ بھی پیش کروں۔ مسلم بن عوسجہ منافقانہ باتوں میں آ گئے اور چال نہ سمجھ سکے منافق ایسے ہی چیٹ پٹی میٹھی باتیں کر کے راز لے لیتے ہیں اور بھولے بھالے بڑی جلدی ان کی ایسی باتوں میں آجایا کرتے ہیں۔ بالآخر مسلم بن عوسجہ نے اجازت لے کر چند روز کے بعد معقل کو سیدنا امام مسلم بن عقیل کے حضور پیش کر دیا اس نے بیعت کر لی اور ہدیہ پیش کیا تو آپ نے انکار فرمایا تو ابو ثمامہ صیدوی نے لیا یہ روزانہ اول حاضر ہوتا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اور آخر میں جاتا تا کہ سب آمد و رفت والوں کی جانوں اور باتوں کا راز لوں پھر ابن زیاد کے پاس جایا کرتا تھا۔ (الحیات الحقی ۲: ۱۱۸)

حتی کہ عبید اللہ بن زیاد کو تمام حالات اور جائے اقامت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ معلوم ہو گئی۔

## حضرت ہانی بن عروہ کا مختصر تعارف

ہانی بن عروہ یہ وہ صاحب ہیں جو قبیلہ بنی مراء کو غذحج کے سردار تھے اور بڑے بزرگ اور صاحب اقتدار تھے جب کسی مہم کے لئے نکلتے تو چار ہزار زرہ پوش اور آٹھ ہزار پیادہ آدمی ان کے ساتھ ہوتے تھے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے دور میں کئی جنگوں میں شریک ہوتے رہے۔ شہادت کے وقت ان کی عمر اٹھانوے برس تھی جیسا کہ آگے ان کی شہادت کا ذکر آ رہا ہے۔ غرضیکہ ہانی بن عروہ ایک روسائے کوفہ میں بڑی اعلیٰ شخصیت تھے۔ ان کی اسی سرداری کی وجہ سے ابن زیاد خود ان کے پاس ملنے آیا کرتا تھا اور آپ بھی دوستانہ تعلقات کے پیش نظر اس کے پاس آتے جاتے تھے۔ لیکن جب سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ ان کے ہاں رہائش پذیر ہوئے تو انہوں نے آنا جانا کم کر دیا تھا کہ کہیں ان کو میرے ہاں حضرت کی رہائش کا علم نہ ہو جائے اور کوئی بات سامنے نہ آئے۔

(الحیات الحقی ۲: ۱۱۸)

## مہمان جلیل سیدنا امام مسلم بن عقیل کو پناہ دینے پر حضرت ہانی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## بن عروہ کی گرفتاری اور ظلم عبیداللہ ابن زیاد

عبیداللہ ابن زیاد گورنر کوفہ کو اپنے جاسوس معقل کی زبانی سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ معلوم ہو چکا تھا کہ آپ ہانی بن عروہ کے گھر میں مقیم ہیں چنانچہ ابن زیاد نے محمد ابن اشعث، اسما ابن خارجہ کو بلایا اور کہا کہ ہانی کئی روز سے نہیں آئے ان کو بلا کر لاؤ۔ انہوں نے کہا معلوم نہیں ہو سکتا ہے کہ وہ ابھی بیماری سے صحت یاب ہوئے ہوں کہنے لگا اچھا تم جاؤ اور ان کو ضرور ساتھ لے کر آؤ۔ پھر یہ دونوں اشخاص ہانی کے پاس آئے اور ابن زیاد کا پیغام دیا کہ وہ آپ کو بلا رہا ہے اور آپ کو چلنا چاہئے۔ وہ بھی اس معاملہ میں بے خبر تھے۔ حضرت ہانی بغیر کسی کو اطلاع دیئے ہوئے تنہا حسب روایات چلے گئے تو دیکھا کہ ابن زیاد کے تیور بدلے ہوئے ہیں۔ ابن زیاد دیکھتے ہی کہنے لگا موت کے منہ میں آ گئے ہو آپ نے فرمایا کیوں کیا بات ہو گئی۔ کہنے لگا تم نے مسلم بن عقیل کو اپنے پاس رکھا ہوا ہے۔ حضرت ہانی نے کہا تم کو اس کی کس نے خبر دی۔ اس نے اشارہ کیا اپنے جاسوس معقل کی طرف کہ یہ کہتا ہے جو روزانہ تمہارے ہاں آتا جاتا تھا اسی نے مجھے تمام حالات بتائے ہیں حضرت ہانی نے جب اس شخص کو دیکھا تو سمجھ گئے اور واقعہ کی تہہ تک پہنچ گئے کہ یہی جاسوس ہے جس نے یہ خبر ان تک پہنچائی۔ آپ نے برموقعہ جواب دیا مہمان کو میں نے پناہ دی ہے تو کیا حرج ہے مجھے یہ گوارا نہ تھا کہ مہمان کو اپنے گھر سے نکالوں۔ ابن زیاد نے کہا اچھا یہی بات ہے تو مسلم کو ہمارے حوالے کر دو۔ حضرت ہانی نے جواب دیا یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہنے لگا پھر یہاں آپ کا چھٹکارا مشکل ہے جب تک انکو میرے پاس نہ لاؤ۔ آپ نے فرمایا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



لَا وَاللّٰہِ لا اَجِیْئُکَ بِہٖ اَبَدًا اَجِیْئُکَ بِضَیْفِی تَقْتُلَہٗ۔

اللہ کی قسم میں ان کو ہرگز تمہارے پاس پیش نہیں کروں گا کیا اس لئے تو میرے مہمان کو قتل کر ڈالے۔ جب بات باہمی تکرار میں شدت اختیار کر گئی اور آپ نے انکار کرتے رہے تو ایک شخص مسلم بن عمرو باہلی کے پاس کھڑا تھا اس نے علیحدہ کر کے حضرت ہانی کو کہا کہ آپ کی بڑی ذلت ہے جب یہ کہتے ہیں کہ ان کو حاضر کر دو تو اس میں آپ کا کیا حرج ہے۔ حضرت ہانی نے کہا کہ خدا کی قسم اگر میرے ساتھ کوئی نہ ہو تو بھی کٹ مروں گا لیکن اپنے مہمان کو کسی قیمت پر خود ان کے حوالے نہیں کروں گا۔ یہ بات بھی ابن زیاد نے سن لی تو کہنے لگا۔ لتاتنی اولاضرب عنقک اگر تم نے اس کو حاضر نہ کیا تو تمہاری گردن اڑا دوں گا۔ حضرت ہانی نے فرمایا اذا واللہ تکثر لبارقۃ۔ خدا کی قسم اگر تم ایسا کرو گے تو تمہارے قصر کے ارد گرد تلواریں ہی تلواریں چمک اٹھیں گی۔ یہ سن کر ابن زیاد آگ بگولہ ہو گیا اور کہنے لگا اَتُخَوِّفُنِي بِالْبَارِقَۃِ تم مجھے تلواروں سے ڈراتے ہو آپ نے فرمایا نَعَمْ کَمَا تَخَافُنِی ہاں جیسا تم مجھے ڈراتے ہو۔ اسی حال میں ابن زیاد جلتا اٹھا اور اپنے عصا سے حضرت ہانی کو اس قدر مارا کہ ان کے رخسارے پھٹ گئے اور ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی اور خون کے فواروں نے تمام بدن اور لباس رنگین کر دیا چونکہ آپ کے پاس کچھ نہ تھا آپ نے ایک تلوار کو جو وہاں پڑی ہوئی تھی پکڑنا چاہا وہ چھین لی گئی اس زخمی بے چارگی کی حالت میں سسکتے ہوئے آپ کو کمرے میں قید کر لیا گیا اور دروازہ مقفل کر دیا تا کہ کسی کو ان کا حال معلوم نہ ہو جائے۔ اگر واقعی کسی کو معلوم ہو گیا تو تمام کوفہ تلواریں لے کر آ جائے گا۔ عبید اللہ ابن زیاد ایسا کر تو چکا تھا لیکن اب خائف تھا اور کوئی تدبیر یعنی چالا کی سوچتا رہا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



(الحیات ج ۲ ص ۱۱۹)

## عبیداللہ ابن زیاد کا محاصرہ

تھوڑی ہی دیر کے بعد سارے کوفہ میں خبر پھیل گئی کہ حضرت ہانی کو قتل کر دیا گیا ہے تو ہانی کے برادر۔۔۔ عمرو بن حجاج زبیدی نے یہ خبر سنتے ہی بہت بڑی بنی مدحج کی جماعت لے کر قصر دار الامات کو آ کر گھیر لیا اب ابن زیاد کو اپنی شامت نظر آ رہی تھی اس نے ایک ترکیب سوچی تھی کہ قاضی شریح کو بلوایا تو ابن زیاد نے کہا دیکھو فلاں کمرے میں ہانی زندہ ہیں یا کہ نہیں۔ انہوں نے دیکھا زندہ ہیں لیکن زخمی اور بیمارگی کی حالت میں ہانی نے شریح سے کہا کہ خدارا قوم کو میرے متعلق صحیح بات سے آگاہ کرو کہ میرے ساتھ یہ سلوک ہوا ہے۔ اگر دس آدمی آ جائیں تو آج اس کا مقابلہ ہو جائے گا کہاں گئی میری قوم اور کہاں گئے مددگار یہ الفاظ آپ کہہ رہے تھے کہ قاضی شریح نے کہا میں اسے بتا تو دوں لیکن اس نے میرے ساتھ اپنے جاسوس ہمراہ بھیجے ہیں تا کہ کسی کو اصل حقیقت سے خبردار نہ کر دے۔ اس کے بعد ابن زیاد نے بڑی منت ساجت کر کے قاضی شریح سے کہا کہ تم نے ان لوگوں کو یہاں سے لے جانا ہے اور ان کی تسلی کرنی ہے اور کہنا کسی مصلحت کے تحت انہوں نے ان کو پاس بیٹھایا ہوا ہے۔ کیونکہ ان کے دوستانہ تعلقات ہیں چنانچہ قاضی شریح نے باہر لوگوں کو تسلی دی اور کہا کہ تم اپنے اپنے گھروں میں چلے جاؤ ایسی کوئی بات نہیں ہانی بخریت وسلامتی ہیں تو عمرو بن حجاج نے کہا الحمدللہ اگر وہ خیریت سے ہیں تو ہم کو یقین آ گیا لہٰذا سب چلتے ہیں۔ گویا کہ یہ بھی ایک کرن تھی کہ شائد حضرت ہانی بچ جاتے لیکن یہ کرن نمودار ہوتے ہی آن کی آن میں غائب ہو گئی۔ یہ خبر تو پہلے ہی مشہور ہو چکی تھی لیکن ہانی کے گھر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سب رو رہے تھے۔ سیدنا امام مسلم بن عقیل کیسے برداشت کر سکتے تھے کہ معزز میزبان انہی کی خاطر مصائب میں گرفتار ہیں اور وہ ابھی گھر نہیں آئے اور بار نکل آئے اور چند افراد کو ہمراہ لے کر سیدھے قصر دار الامارہ پہنچ گئے اور کچھ لوگ بھی شامل ہو گئے جب ابن زیاد کو پتہ چلا کہ مسلم بن عقیل لشکر لے کر آ رہے ہیں اور قلعہ کا محاصرہ کرنے لگے ہیں تو اس نے کوفہ کے روسا جن کی تعداد بیس تک تھی اور کچھ اور دس افراد تھے۔ ان کو کہا اور کچھ باہر اس کام پر مامور تھے کہ وہ لوگوں کو ڈرائیں اور دھمکائیں چنانچہ وہ بیس افراد قلعہ کے اوپر چڑھ کر لوگوں کو ڈرانے لگے کہ ہم روسا کوفہ ہو کر تم کو بتا دینا چاہتے ہیں۔

لوگو اپنے گھروں میں چلے جاؤ جلدی کرو یزید کے لشکر آ رہے ہیں اور وہ تمہارا قلع قمع کر دیں گے اور تمہاری اولاد تم کو ایک دوسرے سے جدا کر دیں گے یعنی قتل کر کے اڑا دیں گے اور تمہاری کوئی مدد نہیں کرے گا۔

اس شیطانی مکر و فریب کا کافی اثر ہوا کہ لوگ متفرق ہوئے اور بھاگنے شروع ہو گئے یہاں تک کہ عورتیں آدمیوں کو اور باپ لڑکوں کو مائیں بیٹوں کو اپنے اپنے قریبیوں کو بلا بلا کر لے گئے کیونکہ خوف دہراس لشکر یزید سے بڑا ڈرایا دھمکایا گیا کہ کوئی یتیم ہو گا کوئی بیوہ اور کوئی بے اولاد۔

عورتیں اپنے مردوں اور بیٹوں اور بھائیوں کے پاس آتیں اور کہتیں واپس چلو واپس چلو شام کا لشکر آ جائے گا کیا کرو گے۔

(الحیات ص ۱۲۰ کامل ۲۷۲)

## جامع مسجد کوفہ میں بحالت نماز مغرب آخری افراد کا سیدنا امام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## مسلم بن عقیل سے فرار

اب چند سو آدمیوں کی تعداد سیدنا امام مسلم بن عقیل کے ہمراہ ہے آپ نے خیال کیا کہ اور تو لوگ ڈر اور لالچ انعام اکرام کی خاطر چلے گئے امید ہے کہ یہ نہیں جائیں لیکن معلوم نہیں کہ یہ بھی وقت آخر ساتھ چھوڑ دیں گے اسی اثناء میں جب نماز مغرب کا وقت ہوا تو جامع مسجد کوفہ میں آپ نماز کی ادائیگی کے لئے تشریف لے گئے اور یہ افراد جن کی تعداد پانچ سو کے قریب تھی وہ بھی ساتھ رہے جب اذان کے بعد جماعت کھڑی ہوئی اور امامت کے فرائض سیدنا امام مسلم بن عقیل ہی فرما رہے تھے تو سب آپ کے پیچھے کھڑے تھے لیکن جب آپ نے سلام پھیرا تو دیکھا کہ پیچھے تو ایک شخص بھی موجود نہیں۔

پس جب آپ نے فراغت نماز کے بعد پیچھے دیکھا تو صفوں پر لوگوں میں سے کوئی ایک آدمی بھی آپ کے پیچھے نہ رہا۔

یہ تو تھا ان کا حال اور جو دیگر محلوں میں تھے ان کی ناکہ بندی کر دی گئی تھی کہ کوئی شخص امام مسلم کی نصرت کے لئے نہ آسکے بلکہ جو نکلے ان کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ یہ واقعہ آٹھویں ذوالحج ساٹھ ہجری کا ہے۔ (الحیات الخفی ۲:۱۲۲)

## سیدنا امام مسلم کی بیکسی اور خاتون طوعہ مسلمہ

اس غربت میں سیدنا امام مسلم بن عقیل جامع مسجد کوفہ سے باہر نکلے تو دیکھا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ آج شہر کوفہ کی عظیم گنجان آبادی میں سرگرداں پھر رہے ہیں اس پریشانی کے عالم میں کہ کدھر جائیں اور کہاں رات گزاریں کوفہ کے وسیع خطہ میں دو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



چار گز زمین کا ٹکڑا شب گزارنے کے لئے نظر نہیں آتا۔ اب سوچتے ہیں کہ واقعی ہی بد عہد قوم نے بیوفائی کا وہی مظاہرہ کیا ہے جس کا چرچا مشہور ہے حیرت ہے کہ کوفہ کے تمام لوگ مہمان کو مدعو کرنے میں اور رسل ورسائل کا سلسلہ شروع کرنے میں کس قدر پیش پیش تھے اور آج کوئی ایک ہمدم نظر نہیں آرہا۔ اسی بے کسی اور بے بسی کے عالم میں بنی کندہ کے قبیلہ بنی جبلہ کے محلّہ میں جا نکلے اور چلتے چلتے ایک عورت طوعہ نامی کے دروازے پر جا پہنچے۔ آپ نے دیکھا کہ یہ عورت رات کی تاریکی میں نہ معلوم اپنے دروازہ کو کھول کر کیوں بیٹھی ہوئی ہے۔ آپ نے اس عورت کو اس طرح دیکھ کر فرمایا: اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا امۃ اللّٰہِ اَسْقِیْنِی ماءً اے اللہ کی بندی تجھ پر سلام ہو مجھے کچھ پانی تو پلا دو۔ اللہ اکبر۔ جس گھر سے دنیا کو بھیک ملتی ہے آج وہ امام جلیل بھوک اور پیاس سے کوفہ کی گلیوں میں پھر رہے ہیں اور ایک عورت سے پانی مانگ رہے ہیں اور سخت پریشان اور مصیبت اس عورت کی قسمت کو ارجمندی فرما رہے ہیں اور سخت پریشانی اور مصیبت وغم میں بھی شریعت مطہرہ کا لحاظ ان کی رگ ہاشمی میں موجود ہے جب عورت سے پانی طلب فرماتے ہیں تو بغیر السلام علیکم کے نہیں فرماتے۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ آقا و مولا سرکار محمد رسول ﷺ کا حکم کہ کسی مسلمان سے کوئی بات نہ کرو جب تک اسے سلام نہ کرلو ایسی حالت میں بھی ایک لحہ ایک خلاف سنت رسول کلمہ نہیں فرماتے۔

اس عورت نے اسی وقت پانی کا پیالہ پیش کیا حضرت نے پانی پیا تو فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ جَزَاکَ اللّٰہُ یا امۃ اللہ کا شکر ہے اے پانی پلانے والے خدا تجھ کو جزائے خیر دے اب پانی پی کر حضرت کے قدم اٹھتے نہیں اور وہیں تھکے ماندے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



دروازہ کے نزدیک دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئے۔ کون کیا بتائے جوان کے دل میں گزری۔ عورت نے جب آپ کو بیٹھے ہوئے دیکھا کہ یہ اب جاتے نہیں تو کہنا پڑا کیا بات ہے آپ کہاں بیٹھ گئے اپنے گھر کیوں نہیں جاتے سیدنا امام مسلم نے فرمایا:

یا امة اللّٰه مالی هذا المِصر مَنزِلِ وَلَا عَشِیرَةِ فَهَل لَکَ اَجرُ وِ مَعرُوف وَلَعَلَّ اٰیتک بَعدَ الیَوم۔

اے اللہ کی بندی جاؤں کہاں اس شہر میں نہ تو میرا کوئی گھر ہے اور نہ کوئی میرا ہمسر ہے کیا تو مجھے اپنے گھر ٹھہرا سکتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آج کے بعد اس نیکی کا بدلہ تجھے دے سکوں۔

امام کی زبان سے یہ کلمات نکلنے تھے کہ طوعہ عورت گھبرا کر کہنے لگی۔ یَا عَبدُ اللّٰه مَاذَا حَالک وَمَنْ اَنتَ الرُّجل اے اللہ کے بندے ماجرا کیا ہے اور آپ کون ہیں۔

حضرت امام مسلم بحالت زار فرمایا ہمارا کیا حال پوچھتے ہو کچھ بتانے کے لئے نہیں رہا۔ انا مسلم ابن عقیل من اهل البیت خدعنی هولاء القوم وفروا واخرجونی۔ میں مسلم بن عقیل اہل بیت سے ہوں اور مجھے ان لوگوں نے یہاں بلوا کر دھوکہ دیا اور اب سب بھاگ گئے ہیں۔

اس نام کا سننا تھا کہ طوعہ عورت آپ کے قدموں میں گر گئی اور نہایت عزت وتکریم کے ساتھ اپنے گھر کے اندر لے گئی اور اپنی لاعلمی کی معافی چاہی بستر آرام بچھایا اور کھانا تیار کر کے پیش خدمت کیا۔ زہے نصیب۔

حضرت امام مسلم بن عقیل نے کھانا نہ کھایا بڑے اصرار کے باوجود آخر آپ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نے فرمایا نہیں مجھے بھوک نہیں۔ ہاں مجھے وضو کے لئے کسی برتن میں پانی ڈال کر میرے پاس رکھ دو۔ رات کا کافی حصہ گزر چکا تھا کہ اس عورت کا لڑکا بلال نامی آیا اور اس نے دریافت کیا یہ کون شخص ہے طوعہ نے کہا یہ امام مسلم بن عقیل اہل بیت سے ہیں ہماری خوش نصیبی ہے کہ مہمان عظیم کے قدم اقدس ہمارے گھر میں آگئے ہیں ان کی خدمت اور تعظیم و تکریم دنیاوی و اخروی بھلائی ہے اس کے بعد وہ لڑکا بلال سو گیا۔

## سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی آخری عبادت، شرف زیارت، بشارت شہادت

صبح ہونے کے بعد طوعہ خاتون نے سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا حضور آپ رات کو سوتے نہیں اکثر وقت آپ عبادت خداوندی میں مصروف رہے ہیں آپ نے فرمایا اس اللہ کی جتنی یاد کی جائے بہتر ہے طوعہ خاتون نے عرض کیا کھانا تیار کر لیا ہے آپ نے رات کو بھی کھانا نہ کھایا اب تو کھائیں میں کھانا لائی ہوں۔ آپ نے فرمایا کھانا کھانے کو جی نہیں چاہتا۔ بڑے اصرار پر بھی یہی فرمایا۔ طوعہ خاتون نے کہا کہ آخر اس کی وجہ کیا ہے آپ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ خدا کے حضور اسی حالت میں جاؤں۔ گھبرا کر کہا ایسا کیوں فرماتے ہیں آپ نے فرمایا پس آج مسلم کا آخری دن ہے اس لئے کہ میں نے آج شب۔۔۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کیا ہے میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسلم جلدی جلدی کرو۔ میرا گمان یہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرا دنیا میں آخری دن ہے۔

طوعہ گھبرا گئی اور کہا ایسا کیوں آپ نے فرمایا دشمن میری تلاش میں مارے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مارے پھر رہے ہیں ہوسکتا ہے کہ ان کو میری خبر ہو جائے اس نے کہا ایسا نہیں کون ہے جو یہ بتائے۔ آپ نے فرمایا یہ خبر اقامت مسلم اب کیسے چھپی رہ سکتی ہے اس کے بعد آپ پھر نوافل اور ادعیہ الٰہیہ میں مصروف ہو گئے۔

## مسلح لشکر ابن زیاد اور طوعہ کے گھر کا گھیراؤ

اسی دن عبیداللہ ابن زیاد کے اس اعلان پر کہ مسلم بن عقیل کی تلاش کرو وہ کہاں ہے اور عمر بن حریث نامی کو اس کام پر مامور کر دیا۔ پھر شہر کی ناکہ بندی کی گئی اور گھروں کی تلاشی شروع ہوئی دارالامارت میں ابن زیاد نے پوچھ گچھ شروع کر دی۔ ان میں خاتون طوعہ کا لڑکا بلال بھی پہنچا جب اسے معلوم ہوا کہ یہ تو اسی شخص کی تلاش میں ہیں جو ہمارے گھر میں ہیں اگر بتادوں گا تو بہت بڑا مال ومتاع پاؤں گا بدطینت اس لالچ میں اسی لئے آیا کیونکہ ابن زیاد اعلان عام کر چکا تھا۔

ابن عقیل نے حکومت کی جو مخالفت کی وہ تم لوگوں نے دیکھ لی۔ ہم نے جس کے گھر سے پالیا اس کی جان و مال تباہ کر دیں گے اور جو اسے پکڑ کر ہمارے پاس لے آئے گا اس کو دیت دیا جائے گا (یعنی دیت کے برابر انعام مال ومتاع)

بدبخت عبدالرحمٰن ابن محمد بن اشعث کے پاس گیا اور کہا کہ مسلم ہمارے گھر میں رات کے موجود ہیں اور ابن زیاد کو کہہ کر انعام حاصل کریں۔ یہ فوراً ابن زیاد کو کہتا ہے مسلم بلال کے گھر میں ہیں ابن زیاد نے چھڑی مار کر کہا جلدی کرو اس کو پکڑ کر لاؤ۔ اس نے کہا میں اس کو اکیلے نہیں لا سکتا۔ آپ مجھے پورا دستہ فوج دیں تا کہ اسے پکڑ سکیں اس نے کہا ایک آدمی کے لئے یہ کوئی معمولی بات ہے ابن زیاد نے کہا اچھا اس کے بعد ستر آدمی تلوار اور گھوڑے لے کر دوڑے (بعض نے ان کی تعداد تین سو کے قریب

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بھی لکھی) یہ لشکر بکف اسلحہ جنگی سامان سے بھرپور ہو کر طوعہ خاتون کے گھر تک پہنچ کر تمام گھر کا محاصرہ کرلیا۔ (الحیات الکلی ص ۱۲۸ ج ۲)

## سیدنا امام مسلم پر سنگباری اور شجاعت ہاشمی اور گرفتاری

اچانک گھوڑوں کی ٹاپوں اور لوگوں کے شوروغل کی آواز کانوں تک پہنچی کہ یزیدی فوجیں آگئیں۔ سیدنا امام مسلم فوراً اٹھے اور اپنی تلوار حمائل کی اور طوعہ کو کہا یہ ہے تمہارے بدبخت لڑکے کا حال میری اقامت کی اس نے خبر دے دی ہے لیکن میں کیا کرسکتی تھی۔ آپ نے فرمایا اس کو کیے ہوئے کا صلہ ملے گا اور تم کو اپنی نیکی کا ملے گا آپ باہر نکلنے لگے تو طوعہ خاتون نے کہا آپ باہر نہ جائیں آپ نے فرمایا مجھے اندیشہ ہے کہ ظالم مکان کو آگ نہ لگادیں یا گرا نہ دیں میں خود ہی ان کے سامنے چلا جاتا ہوں یہ کہہ کر طوعہ کو فرمایا آخری سلام مسلم کا قبول ہو۔

تو نے میرے ساتھ نیکی کر کے سید الانس والجان سرکار محمد رسول اللہ ﷺ کی شفاعت اپنے نصیب میں لکھ لی ہے۔

طوعہ خاتون روتی رہ گئی سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ باہر نکلے تو دیکھا کہ لشکر اپنے ناپاک ارادوں میں تیار ہے اور زبان حال سے فرمایا اُخرِجیْ لِلْمَوْتِ الَّذِی لَیْسَ مِنْہُ مَحِیْصٍ اے جان نکل موت کی طرف جس سے کچھ خطرہ نہیں۔

ظالموں نے حضرت کو دیکھتے ہی درندوں کی طرح آپ پر حملہ آور ہوگئے۔ شجاعت ہاشمی کے پیکر عظیم نے تن تنہا اپنی تلوار سے مقابلہ کیا اور اپنی تلوار کے ایک ہی وار سے کئی کو واصل جہنم کیا۔ آپ کی زبان اطہر سے یہ کلمات جاری تھے۔

هُوَالْمَوْت فَاصْنَعَ وَیْکَ مَا اَنْتَ صَانِعٌ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مَـاانـتَ بِـكـاسِ الْـمَـوْتِ لاَ شکّ جـارعٌ

نَـصَبْـراُ لِّـا مــرِ الـلّٰـه جَـلِ جَـلالـهُ

مـحـكـمُ قَـضـا اِ الـلّٰـه فـی الـخَـلَقِ وِاقـعٍ

جو کچھ کرنا ہے کرے موت موجود ہے اور یہ کلمات کا پیالہ تم نے ضرور پینا ہے اللہ تعالیٰ کے حکم پر صبر کرنا لازمی ہے سب مخلوقات پر اسی کا حکم نافذ العمل ہے۔

یہاں تک کہ آپ نے اکتالیس یزیدیوں کو مار ڈالا اور گھبرا گئے محمد بن اشعث گھبراتا ہوا گھوڑے کو دوڑاتا ہوا ابن زیاد کے پاس گیا کہ ہمارے اکتالیس آدمی اکیلے مسلم نے مار ڈالے ہیں اور ہمیں اور آدمی دیئے جائیں آگ بگولہ ہو کر محمد بن زیاد اشعث پر ٹوٹ پڑا اور کہنے لگا۔

ہم نے تم کو ایک پکڑنے کے لئے بھیجا اور تمہارا یہ حال ہوا اگر تم کسی فوج کے مقابلہ پر بھیج دیا جائے تو پھر تمہارا کیا حال ہوگا۔

اے امیر آپ کا کیا خیال ہے کہ آپ نے مجھے کسی کوفہ کے گنڈے سبزی فروش کے پاس بھیجا ہے یا قوم مقانی کی طرف (بزدل وموصل میں ایک قوم کی طرف اشارہ ہے) بھیجا ہے کیا آپ نہیں جانتے کہ آپ نے کس کی طرف بھیجا ہے جو شبیر شجاعت عالم اور اس کی تلوار حسام ہے اور جو جلیل امام ہمارا امام ہے اور وہ نسل حضور خیرالانام ہے۔

ابن زیاد یہ سن کر چکرا گیا کہنے لگا اَعْطَهُ الْاَمَانِ فَاِنَّکَ لَاتَقْدِرَ عَلَیْهِ اَلَّابِهٖ اس کو امان وسلامتی کا دھوکہ دے کر اس بہانے سے میرے پاس لے آؤ کہ ابن زیاد امان دے گا آپ کو کچھ نہ کہا جائے گا۔ ورنہ اس کے بغیر تم اس پر قابو نہ پاسکو گے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ابن اشعث گھوڑا دوڑاتا ہوا آیا تو دیکھا کہ مقابلہ ہو رہا ہے اور سیدنا امام مسلم بن عقیل شدید زخمی ہیں زخموں کی کثرت اور خون کے زیادہ بہہ جانے سے اور شدت پیاس سے نڈھال ہو کر دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئے ہیں اسی اثناء میں آپ نے طوعہ خاتون کو آواز دی کہ تھوڑا سا پانی پلا دو وہ جلدی سے پانی لے کر آئی کہ حضرت پانی پینے نہ پائے کہ ایک ظالم نے اس قدر زور سے پتھر مارا کہ حضور امام مسلم بن عقیل کے منہ پر لگا اور ہونٹ مبارک چھید اگیا اور اگلے دانت ٹوٹ گئے آپ نے فرمایا شکر ہے اللہ تعالیٰ اگر یہ دنیاوی پانی ہماری قسمت میں نہیں ہے تو حوض کوثر سے سیراب ہو جائیں گے پھر ایک ظالم نے اور پتھر مارا جو سیدنا امام مسلم کی پیشانی اقدس پر لگا خون کا فوارا پھوٹ پڑا بدن لہولہان ہو گیا داڑھی مبارک اور چہرہ خون آلود ہو گیا۔ پھر آپ نے فرمایا تمہیں کیا ہو گیا مجھے تو پتھر اس طرح مار رہے ہو جیسے کفار کو مارے جاتے ہیں حالانکہ میں تو انبیاء و ابرار کے خاندان مصطفیٰ ﷺ سے ہوں تمہیں ان کے خاندان و اولاد کا کچھ پاس نہیں۔

اس کے بعد ایک ظالم نے پیچھے سے اچانک اس قدر زور کا پتھر مارا جو کمر اقدس پر لگا اور گر گئے اور زبان حال سے بے بس ہو کر فرمایا۔

ہائے اے حسین کیا اپنے بھائی جگر خستہ مسلم کی آپ کو خبر ہے کون ہے جو آپ کو خبر کرے کہ مجھ پر کیا ظلم ڈھائے جا رہے ہیں اور کون ہے جو آپ کو سرزمین کوفہ میں آنے سے روکے۔

ظالموں نے خستہ بدن حالت میں لاچار دیکھ کر آپ کو پکڑا اور گھوڑے پر سوار کرنے لگے آپ نے فرمایا کہاں لے جانے لگے ہو ابن اشعث نے کہا ابن زیاد

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



آپ کو امان دے گا آپ نے فرمایا ظالمو! اب بھی مجھے امان کا دھوکہ دے کر لے جانا چاہتے ہو۔ کہنے لگا نہیں آپ نے فرمایا تم پر کچھ اعتبار نہیں لیکن اب بھی تمہارا پتہ چل جائے گا سیدنا امام مسلم بن عقیل کو دارالامارت کوفہ ابن زیاد کے پاس لے آئے۔
(الحیات الطمی ۲:۱۲۹)

## سیدنا امام مسلم کے آخری مکالمات اور ابن زیاد

تمام معتبرہ روایات اس پر شاہد ہیں کہ صاحب علم وفضل صاحب کمال حسن عبادت غیرت ہاشمی کے پیکر سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ جب زخمی حالت میں دربار ابن زیاد میں آئے تو آپ نے نہ اشارۃ اور کنایۃ اور نہ زبان سے اطہر سے سلام کہا۔ ایک شخص نے کہا امیر کو سلام کہو تو آپ نے فرمایا۔

اگر ابن زیاد میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہے تو اس کو میرا سلام نہیں اور اگر ایسا نہ کرے جیسا کر رہا ہے تو پھر سلام وکلام ہوتا ہی رہے گا۔

ابن زیاد نے کہا مجھے قسم ہے اپنی عمر کی تجھ کو ضرور قتل کروں گا۔ سیدنا امام مسلم نے فرمایا میں قتل ہونے ہی کے لئے بلوایا گیا ہوں ابن زیاد نے کہا جمع لوگوں میں آخر تو نے یہاں تفرقہ ڈالا۔ سیدنا امام مسلم نے فرمایا تمہارا الزام غلط ہے یہاں کے لوگوں نے ہم کو دعوت دے کر بلایا تب ہم یہاں آئے تا کہ لوگوں میں عدل وانصاف کے ساتھ حکم اور کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ پر عمل ہو۔ ابن زیاد نے کہا اس کا حق دار یزید ہے اور میں حقدار ہوں۔ سیدنا امام مسلم رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

یزید نے اور تم نے فتنہ فساد مچایا اور اتحاد کو برباد کیا اور سنت رسول کو بدلا!! کیا وہ یزید جو شارب الخمر اور فاسق وفاجر اور قاتل کیا یہ ہیں امیر المومنین ہونے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حقدار۔

ابن زیاد کے پاس کچھ جواب نہ رہا اور کہنے لگا اب تم کو برسرِ عام قتل کیا جائے گا۔ سیدنا امام مسلم نے فرمایا تو میری موت سے پہلے میری چند وصیتیں ہیں اگر تم اس کو سن لو کہنے لگا ہاں ضرور بیان کریں۔

۱۔ جب سے کوفہ آیا یوں سات سو درہم مجھ پر قرض ہے میری موت کے بعد میری تلوار اور زرہ فروخت کر کے میرا قرض ادا کر دیں اعلان کرا دیں کہ جو قرض کسی نے مسلم کو دیا تھا وہ آ کر لے جائے۔

۲۔ میرے قتل کے بعد میری لاش کو رنگین خون کے اسی لباس میں دفن کر دینا۔

۳۔ مکہ معظمہ سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیج دیں کہ مسلم نے کہا ہے کہ یہاں نہ آئیں کیونکہ میں ان کو پہلے بلوا چکا ہوں۔

جواب ابن زیاد! جہاں تک قرض کا تعلق ہے وہ ادا کر دیا جائے گا جیسا کہ آپ نے کہا ہے ۲۔ جہاں تک لاش کا تعلق ہے تو اس سے ہم کو کوئی سروکار نہیں دفن کرا دیا جائے گا انہی کپڑوں میں ۳۔ جہاں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے اگر وہ ہماری طرف قصد نہ کریں تو ہم ان کی طرف قصد نہیں کریں گے۔

قارئین نے دیکھا کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے کس جرات مندانہ حقیقت پسندانہ اور قوت ایمانی ہاشمی کا ابن زیاد ظالم گورنر کوفہ کے ساتھ کلام فرمایا باوجود یہ کہ آپ زخموں سے چور ہیں اور شہادت کا وقت قریب ہے لیکن پیکر صبر و رضا نے ثابت کر دیا کہ جان دے دوں گا لیکن دین نبوی کے خلاف قطعاً اقدام نہیں کیا جائے گا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اسی مقصد پر قائم رہے۔

جان دی تو دی ہوئی اسی کی ہے مگر حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

## سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ

عبید اللہ ابن زیاد نے پھر اعلان عام کرایا کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو قصر امارت پر برسر عام قتل کیا جا رہا ہے آ کر دیکھو کہ کوئی حکومت یزیدیت کی مخالفت کرے گا اس کا یہی حال کیا جائے گا لوگ قصر امارت کے باہر بڑی تعداد میں جمع ہو گئے۔ آخر کار عبید اللہ ابن زیاد نے ایک شقی ازلی بکیر بن حمران الاحمری ملعون کو کہا قصر امارت کی بلندی پر لے جا کر ان کو تلوار مار دو۔ سیدنا امام مسلم بن عقیل کو ظالم ہمراہ لئے ہوئے بالائی منزل پر لے جانے لگے تو آپ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ قرآن جاری تھے۔

اے اللہ! تو ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما بے شک تیرا فیصلہ سب سے بہتر ہے یہ قوم وہ قوم ہے جس نے دھوکہ دیا جھوٹ بولا ہے۔

جب آپ نے اوپر چڑھ کر نیچے دھیان فرمایا تو دیکھا کہ جم کثیر کا ہجوم ہے لیکن کوئی یار و مددگار نہیں رہا۔ اس ظالم احمری لعنۃ اللہ علیہ دنیا کے کتے نے آپ پر اس قدر زور سے تلوار کا وار کیا کہ سید امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کا سر انور تن سے جدا کر دیا سر انور نیچے گرا تو ظالم نے تن اقدس نیچے گرا دیا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

یہ واقعہ شہادت روز چہار شنبہ ۹ ذوالحج ۶۰ ھ کا ہے کہ آفتاب ہدایت غروب

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہو گئے۔(الحیات الخفی، تاریخ طبری)

شہید مسلم بیکس ہوئے ہزار افسوس
فرشتے کرتے ہیں اس غم سے ہزار افسوس
شقی نے کچھ نہ ان کی غربت کا پاس کیا
چلائی حلق پہ شمشیر آب دار افسوس
کر لیا نوش جس نے شہادت کا جام
اس مسلم ابن عقیل پہ لاکھوں سلام

## سیدنا امام مسلم کا مزار مسجد انبیاء در کوفہ مرکز برکات عام وخاص

شہادت عظمٰی کے بعد سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے جسد اطہر اور سر اقدس کو کوفہ کی جامع مسجد میں دفن کیا گیا جسے مسجد انبیاء بھی کہتے ہیں۔ اس لئے کہ یہاں پر مختلف انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام نے نمازیں ادا فرمائیں ہیں اور ان کے مصلوں کے نشان دکھائی دیتے ہیں اس مسجد کے صحن کے بائیں جانب (مشرقی) دیوار کے ساتھ خوبصورت قبہ کے ساتھ حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک ہے اب تک صبح وشام لوگوں کا تانتا آپ کے روضہ اطہر پر حاضری دے کر فیوضات و برکات سے مالا مال ہوتا ہے اور آپ کی قبر اطہر پر ہدیہ فاتحہ پیش کرتے ہیں۔

(تاریخ کربلا)

## شان سیدنا امام مسلم بن عقیل

یہاں پر یہ بات بھی واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ایک شخص نے سیدنا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی ذکر شہادت کے بعد ان کی شان اقدس میں جرات کے ساتھ گستاخی کی ہے وہ کسی ایک مستند کتاب میں موجود نہیں اور بالکل بے اصل اور سراسر اپنی طرف سے بنائی ہوئی توہین آمیز عبارت لکھ دی ہے۔

اگر کوئی شخص اپنی جہالت کی بنا پر ایسی غلط اور توہین آمیز باتیں لکھے تو اس کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ پورا مسلک اہلسنت اس کا ذمہ دار ہے یا ایسا عقیدہ یا خیال ونظر یہ پورے مسلک اہلسنت کا ہے اصولاً تو ہر شخص کو بات لکھتے وقت اپنے مذہب کا پاس ہونا ضروری ہے اور یہ بھی لازم ہے کہ وہ اس کے متعلق مکمل چھان بین اور تحقیق کے بعد اور بات نوک قلم پر لائے تاکہ پورے مذہب وعقیدہ اور اس سے منسلک افراد اس کا شکار نہ ہوں۔ اب اس شخص کی توہین آمیز عبارت ملاحظہ فرمادیں۔

صاحب مجموعہ اپنے مجموعہ کے صفحہ ۱۳۰ سطر ۱۳، ۱۴ پر تحریر کرتے ہیں۔

سر کاٹ کر دارالامارت کے باہر لٹکا دیا گیا اور لاش مبارک کتوں سے نچوا دی گئی ہے۔

العیاذ باللہ! ناظرین نے دیکھا کہ مصنف مذکورہ نے کس قدر صریحاً دریدہ دہنی اور بدزبانی کے ساتھ گستاخی کا مظاہرہ کیا ہے کہ لاش مبارک کتوں سے نچوا دی گئی ہے۔ اب تک ہزاروں کتابیں اس موضوع شہادت پر لکھی گئی ہیں لیکن کسی ایک نے ایسا جملہ آپ کے متعلق نہیں لکھا اور پھر سینکڑوں عربی وفارسی کی مستند معتبر کتابیں ہیں جن میں اس کی کچھ اصل تو درکار ایسا جملہ ذکر نہیں۔ شاید ایسی بات کو پس پشت رہنے دیتا۔ لیکن مجبور ہو کر ذکر کرنا پڑا کیونکہ اہل احباب اہل سنت وجماعت مذہب حق کو اس شدید توہین ہونے پر سخت دل آزاری ہوئی اور پھر اس کی تردید نہ کرنا سراسر ایک ایسی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بات کے ساتھ اتفاق ثابت کرتا ہے مجھے خود اہل سنت کے دو افراد کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ بعض ذاکرین نے اپنی عشرہ محرم کی مجالس میں لاؤڈ سپیکر پر مذکورہ حوالہ دے کر اہل سنت کے علماء حق اور احباب اہل سنت کی پوری جماعت کو برا کہا اور اہل مجلس حاضرین کی زبانی بڑے ناجائز الفاظ کہلوائے گئے۔ گواہ موجود ہیں میں نے اپنے موضوع شہادت کی تقریروں میں اس کی تردید کی اور اب تحریری طور پر پوری ذمہ داری سے یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہم اہل سنت و جماعت کا اس توہین آمیز عبارت سے کچھ تعلق نہیں۔ اگر ایک شخص نے ایسی غلطی کی ہے تو اس کا یہ معنی نہیں کہ تم پوری جماعت کو اس کا نشانہ ٹھہراؤ۔

صاحب تفسیر خازن نے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جانوروں پر حرام کر دیا ہے اسی لئے مومن انبیاء و اولیاء کے اجسام ان سے محفوظ رکھے گئے ہیں بلکہ یاد رہے کہ سیدنا حضرت ایوب علیہ السلام کے متعلق بھی جو مشہور ہے کہ بدن اقدس میں کیڑے پڑ گئے یہ بھی شان نبوت کی توہین اور ایسا امتحان میں ہونا ناممکن اور دلیل نہیں۔ بلکہ ایسا نہ ہوتا تو نبوت اور ولایت کے اعلیٰ مقام کی دلیل ہے کہ جب آپ علیہ السلام کے بدن اطہر پر مکھی بیٹھی نہ دیکھی گئی تو دریافت صحابہ پر آپ نے فرمایا کہ انبیاء پر اللہ تعالیٰ نے غلیظ چیزوں کا آنا حرام کیا ہوا ہے چنانچہ یہی شخص مذکورہ صفحہ ۳۴ پر لکھتے ہیں کہ سیدنا حضرت ایوب علیہ السلام کے تن اقدس میں کیڑے پڑ گئے اب جس شخص نے مقام نبوت کا لحاظ نہ کیا اور اس کے آگے سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے جسد اطہر کو کتوں سے نچوایا لکھ کر کیا مشکل خیال کر سکتا ہے (یہ بھی کوئی دلیل ہے کہ امتحان کیڑوں کے ہی پڑنے سے ہوتا ہے) العیاذ باللہ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


(تفسیر الخازن ۴:۱۷۴) قرطبی، روح المعانی وغیرہ نے کیڑوں کا صریح انکار کیا ہے

# رئیس کوفہ سردار مذحج و میزبان عظیم نے مہمان جلیل پر جان فدا کردی حضرت ہانی بن عروہ کی شہادت در کوفہ کا بیان

حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد عبید اللہ ابن زیاد نے حضرت ہانی بن عروہ کو پہلے ہی زخمی کر کے قید کر رکھا تھا صرف اس بنا پر کہ انہوں نے حضرت مسلم کو پناہ دے رکھی تھی۔ اس واقعہ امام مسلم میں حضرت ہانی نے جس بلند کردار کا مظاہرہ کیا ہے اس کی نظیر دنیا کے بڑے بڑے لوگوں کے سوائے کہیں نہیں مل سکتی۔ اہل بیت کا وفادار ہوتے ہوئے انہوں نے اہل بیت پر جان نثار کردی۔ حضرت ہانی کے کردار کا جوہر اس وقت بھی نمایاں نظر آتا ہے کہ جب عبید اللہ ابن زیاد ان کی عیادت کے لئے گھر پر آتا تو ان سے ابن زیاد کے قتل کا کہا جاتا ہے اور قتل کردینے کی اجازت مانگی جاتی ہے لیکن اس موقعہ پر اس اقدام کی مخالفت کرتے ہوئے فرماتے ہیں گھر آئے ہوئے مہمان کو قتل کرنا درست نہیں حالانکہ اس وقت ان کے ایک ادنی اشارے پر ابن زیاد کا سر قلم ہو جاتا۔ ان کے عظمت کردار کے جوہر اس وقت بھی نمایاں نظر آتے ہیں کہ جب عبید اللہ ابن زیاد نے ان کو کہا کہ مسلم کو ہمارے حوالے کردو تو فرمایا اپنے مہمان کو دشمن کے حوالے نہیں کروں گا ایسی صورت میں بھی ان کی جان بچ جانے کا امکان تھا لیکن ان کی شرافت و غیرت اپنے مہمان کو دشمن کے حوالہ کرنے کو گوارہ نہیں کرتی باوجود یہ کہ آپ نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی معیت میں کربلا کے میدان میں شہید ہونے کی سعادت نہیں ملی مگر انہوں نے کوفیوں میں ہی جن دشوار گذار مرحلوں سے گزر کر موت کو مرحبا کہا اس بنا پر انہیں شہدائے کربلا میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ممتاز مقام حاصل ہے۔ چنانچہ عبید اللہ ابن زیاد نے حضرت ہانی کو قید کے کمرے سے نکالا اور حکم دیا کہ اس کی مشکیں باندھ دو جب مشکیں باندھ دی گئیں تو حکم دیا ان کو بر سر عام بازار لے جا کر قتل کر دو تا کہ لوگ اس کا بھی حال دیکھ لیں جب حضرت ہانی کو اس حالت میں کوفہ کے بازار میں لے جایا جا رہا تھا تو دیکھا کوئی ہمسر و یار و مددگار نہیں ہے تو اس وقت زبان پہ کہہ رہے تھے۔

کہاں ہیں میرے قبیلہ مذحج والے آہا آج کوئی قبیلہ مذحج کدھر دکھائی نہیں دیتا۔ ہائے اتنے بڑے سردار کو ایسی حالت زار کے ساتھ قتل گاہ کی طرف لے جایا جا رہا ہے کہ کوئی آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھ سکا۔ عین اس جگہ پر جہاں گوسفندوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے حضرت ہانی بن عروہ رضی اللہ عنہ کو مارنا چاہا تو اس وقت ان کی زبان پر یہ کلمات جاری تھے اِلَی اللّٰہِ المَعَادُ اللّٰھُمّ اِلیٰ رَحْمَتِکَ وَرِضْوَانِکَ وَاَنَا لِلّٰہِ وعدہ کے مطابق میں اپنے اللہ کی طرف جا رہا ہوں اور میرے اللہ یہ تیری رحمت ہے جو مجھ پر ہے اس تیری رحمت و خوشی کی طرف بڑھ رہا ہوں۔ ابن زیاد کے ایک غلام رشید ترکی نامی نے حضرت ہانی بن عروہ رضی اللہ عنہ کو تلوار کا نشانہ بناتے ہوئے اس زور سے تلوار ماری کہ آپ کا سر مبارک تن سے جدا کر دیا۔۔ (الحیات الخفی ۲: ۵ ۱۳)

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

گویا میزبان عظیم بھی اپنے مہمان جلیل کے پاس جا پہنچے اور اپنے مہمان پر جان قربان کر دی۔ کمال شان اور کمال محبت کی نشانی یہ بھی ہے کہ شہادت کے بعد حضرت ہانی کو بھی سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن کیا گیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حضرت ہانی کی قبر امام مسلم رضی اللہ عنہ کے ساتھ

جامع مسجد کوفہ المعروف مسجد انبیاء علیہم السلام کا اس مسجد کے صحن کی مشرقی دیوار کے ساتھ جہاں سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ آرام فرما ہیں ان کی قبر اطہر کے ساتھ اس کے متصل ہی حضرت ہانی بن عروہ رضی اللہ عنہ کا مزار اقدس ہے صبح و شام لوگ آپ کی قبر پر حاضر ہوتے اور فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔ (تاریخ کربلا)

## فرزند امام مسلم حضرت محمد ابراہیم کی کوفہ میں بیکسی اور شہادت عظیمہ

سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے دو شہزادے حضرت محمد اور حضرت ابراہیم اپنے والد معظم کے ہمراہ کوفہ میں تشریف لائے تھے جب کوفہ کے حالات سنگین صورتحال اختیار کر گئے اور حضرت ہانی کی گرفتاری پر آپ کو ان کی خاطر ان کے گھر سے باہر نکلنا پڑا تو اس وقت آپ نے حضرت ہانی کے گھر والوں کو فرمایا کہ میرے دونوں بچوں کو پاس ہی رکھیں اور اگر میں قتل ہو جاؤں تو ان کو کسی طریقہ سے کسی کے ہمراہ مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ بھیج دینا۔ جب خطرہ شدت اختیار کر گیا اور سیدنا امام مسلم دار فانی سے دار بقاء کو چلے گئے تو پھر یہ بچے یہاں سے کسی کے ذریعہ اپنی طرف سے بھجوا دیئے گئے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جب حضرت امام مسلم اور حضرت ہانی کے قتل سے عبید اللہ ابن زیاد فارغ ہوا تو اس کو یہ خبر بھی پہنچی کہ امام مسلم کے دو شہزادے جوان کے ہمراہ آئے تھے۔ وہ یہاں کوفہ میں ہی ہیں یا کہیں چلے گئے۔ تو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عبید اللہ ابن زیاد نے اعلان کرا دیا کہ جو ان کو بھی پناہ دے گا وہ قتل کر دیا جائے گا لہذا وہ بچے خود بخود ہمارے پاس پیش کر دے ہم اس کو انعام واکرام دیں گے۔ اور اس کو کچھ نہیں کہیں گے۔ ان حالات میں شام کے وقت ہانی کے گھر والوں نے مناسب جانا اور کہا کہ بچو! آپ کے باپ کو اور ہمارے عظیم سردار کو عبید اللہ ابن زیاد نے شہید کر ڈالا ہے اور اب ایسا نہ ہو کہ تمہارے ساتھ بھی ایسا ہی ناروا سلوک ہو بہتر یہ ہے کہ جس طرح بھی ہو کوفہ سے باہر چل پڑو اور راستہ مکہ و مدینہ اختیار کر لینا۔

شہزادوں نے جونہی اپنے پدر شفیق کی شہادت کی خبر سنی تو وہ یا ابتاہ یا ابتاہ کہنے لگ گئے ہائے ابا جان۔ ابا جان۔ اور روتے رہے لیکن اب معظم شفیق کہاں سے آخر دلاسے دے سکتے ہیں ماں اور بہن بھائیوں سے چھوٹے اور دشمن کے نرغے میں آ گئے۔ اب کون ہے جو ان روتے ہوئے شہزادوں کو تسکین دے سکے جہاں موجود ہیں وہاں سے بھی ان کو جانے کو کہا جا رہا ہے اب شہزادے سوچتے ہیں اور اسی غم و آس و بیکسی میں دونوں شہزادے نکل پڑے اور رات کی تاریکی میں کوفہ سے بچتے ہوئے باہر کی جانب آ گئے تو دیکھا کہ راستہ تاریکی میں نظر نہیں آتا اب کہاں جائیں اور کیا کریں چلتے چلتے ایک بڑھیا اپنے مکان کے باہر بیٹھی ہوئی دکھائی دی تو شہزادے کہنے لگے۔

اے ضعیفہ ہم دو صغیر السن بچے ہیں راستہ سے ناواقف ہیں رات کی تاریکی زیادہ ہو گئی ہے ہم کو آج کی رات اپنے پاس ٹھہرا لو، صبح ہوتے ہی اپنا راستہ پکڑ لیں گے ضعیفہ نے ان بچوں کو پا کر اور ان کی بات سن کر کہا۔

میرے پیارو! مجھے یہ بتاؤ کہ تم کون ہو میں نے دنیا کی خوشبوئیں دیکھی ہیں لیکن جو خوشبو تم سے آ رہی ہے وہ عجیب خوشبو ہے۔ شہزادوں نے فرمایا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اے ضعیفہ ہم تیرے نبی محمد ﷺ کے خاندان سے ہیں بخوف قتل ابن زیاد:

ضعیفہ نے جب یہ سنا تو اس نے شہزادوں کو سینے لگا لیا اور پاؤں کو بوسہ دیا اور کہا کہ میں تمہیں اپنے گھر رکھ لیتی ہوں لیکن میرا ایک داماد ہے وہ لشکر ابن زیاد میں شامل ہے اور جو کچھ آپ کے باپ اور ہانی کے ساتھ ہوا وہ اس میں تھا کہیں ایسا نہ ہو کہ اسے پتہ چل جائے تو آپ کو یہاں پا کر کوئی تکلیف نہ دے شہزادوں نے کہا رات اندھیری ہو گئی ہے صبح صادق ہوتے ہی ہم چلے جائیں گے۔ بڑھیا نے شہزادوں کو کھانا و پانی پیش کیا پھر ان کو بستر آرام دیا دونوں شہزادے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر سو گئے۔ آدھی رات کے وقت دروازہ کھٹکا اور بڑھیا نے دروازہ کھولا تو وہی اس کا داماد تھا بڑھیا نے کہا آدھی رات جہاں گزاری باقی رات بھی وہاں گزار لیتے اتنی دیر کیوں لگا کر آئے ہو۔ کہنے لگا پس سارا دن اب تک کئی گھروں میں پھر رہا تھا اور تھک گیا ہوں اس نے کہا کیوں کہنے لگا ابن زیاد نے دو ہزار روپے کا اعلان کر دیا ہے کہ جو مسلم کے بچوں کو جہاں کہیں سے پکڑ کر ہمارے پاس لائے۔ تو میں ان کی تلاش میں رہا۔ بڑھیا نے کہا تم ایسا نہ کرو اس لئے کہ اہل بیت اطہار پر ظلم اور وہ یتیم بچے یہ تمہارے لئے دنیا و آخرت کا خسارہ ہے کہنے لگا واہ دو ہزار روپیہ ملے گا اور کیا چاہیے اور یہ اس وقت کے دو لاکھ کے برابر تھا۔ ظالم ملعون کہنے لگا تیری اس باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ تو ان کی حمایت کرتی ہے تیرا بھی پھر وہی حشر ہو گا جو دوسروں کے ساتھ ابن زیاد نے کیا ہے بڑھیا نے کہا مجھے کیا کر سکتا ہے کہنے لگا اٹھو کہنے لگی کیوں میں ایک اپنے گھر کوفہ کے بالکل باہر صحرا میں رہ رہی ہوں میں کیوں جاؤں اور میرا کیا سروکار ہے۔ پھر ظالم روٹی کھا پی کر اونٹ کی طرح گڑگڑانے لیتا ہوا سو گیا جب اس کی آنکھ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کھلی تو شہزادوں کی دھیمی دھیمی سانس کی آواز رات کی خاموشی میں اس کے کانوں تک پہنچی تو حیران ہوا یہ آواز کیسی ہے اٹھا اور دوسرے کمرہ میں جہاں شہزادے آرام فرما تھے اس کمرہ میں ہاتھ مارتا مارتا شہزادوں تک جا پہنچا اور ظالم پلید کا ہاتھ یا کان عترت کے جسم اطہر پا جالگا حیران ہوا یہ کون ہیں۔

حضرت محمد کی آنکھ کھل گئی اور حضرت ابراہیم کو کہنے لگے۔

پیارے بھائی اٹھو جس مصیبت سے ڈر کر یہاں آئے وہ مصیبت آ گئی۔

ظالم شہزادوں سے کہنے لگا تم کون ہو شہزادوں نے جواب دیا۔

ہم تمہارے نبی کے خاندان سے ہیں اور قتل عبیداللہ ابن زیاد کے خوف سے یہاں آ گئے ہیں۔

ظالم کہنے لگا سارا دن اور رات گئے تک میں تمہاری تلاش میں تھا کہ مجھے دو ہزار روپیہ انعام ملے گا اور تم یہاں پر موجود ہو میں تو اب اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا ہوں۔

ظالم ملعون نے شہزادوں کو صبح کے وقت کھینچا اور باہر لے آیا۔ بوڑھی عورت بہت ہاتھ پیر مارتی رہی اور روکتی رہی لیکن وہ ملعون باز نہ آیا۔

کھینچا اسے کہ پرزے ہوئے کرتے سارے
منہ کے بل گر گئے وہ برج شرف کے تارے

اور شہزادوں کو باندھ کر اپنے غلام سیاہ فام، قلیج نامی کو کہا کہ ان کو فرات کے کنارے لے جا کر قتل کر دو اور سر میرے پاس لے آؤ تا کہ یہ ابن زیاد کو دے کر انعام لیا جائے وہ غلام شہزادوں کو لے کر دریائے فرات پر چلا گیا اور شہزادوں سے کہنے لگا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مجھے آقا نے تمہیں قتل کرنے کا حکم دیا ہے اس لئے اب تم کو قتل کردوں گا شہزادوں نے کہا کہ اے شخص ہم کو ایسا نہ کر تو اپنے نبی کی عترت کے ساتھ یہ ظلم کرنا چاہتا ہے جب غلام نے یہ جملے سنے تو فوراً قدموں پر گر پڑا اور کہنے لگا میری جان آپ پر قربان ہو میں ہرگز اب ایسا نہیں کروں گا مصطفی ﷺ کی عترت کو دیکھ کر ان کو قیامت کے روز کیا جواب دوں گا۔ ملعون نے یہ منظر دیکھ کر اس سے کہا غلام ہو کر تم نے میرا ابھی تک یہ کام نہیں کیا غلام نے کہا خدا کی قسم میں خدا کی نافرمانی میں تمہاری فرماں برداری نہیں کرسکتا اور میں نے ہمیشہ کے لئے تم سے بیزار ہوں۔ پھر اس نے اپنے بیٹے سے کہا کہ تم ان کو قتل کرو یہ مال تمہارے لئے ہی ہوگا جو اس کے بدلہ میں انعام ملے گا جب نوجوان لڑکے نے جرات کی اور تلوار لے کر سامنے ہوا تو شہزادوں نے کہا اے نوجوان تمہاری جوانی کا یہ خطرہ ہے یہ آتش جہنم کا بالن نہ بن جائے عترت رسول کے ساتھ ایسا نہ کر۔ لڑکے کے دل پر اثر پڑا وہ بھی قدموں میں گر گیا اور تلوار کو پھینک دیا۔

اب وہ ملعون آگ بگولہ ہو کر تلوار پکڑ کر جب شہزادوں کو قتل کرنے لگا تو شہزادوں کو یقین ہو گیا کہ اب یہ ہم کو نہیں چھوڑے گا شہزادوں نے کہا۔

اے شخص ہمیں بازار میں لے جا کر فروخت کر دے اور پیسے کما لے لیکن ہم کو قتل کر کے محمد رسول ﷺ کو ناراض نہ کر۔

ملعون نے کہا ضرور قتل کردوں گا اور دو ہزار ابن زیاد سے انعام پاؤں گا۔

شہزادوں نے فرمایا۔

اے شخص تجھ کو ہماری قرابت رسول کا کچھ پاس نہیں ہمیں زندہ عبید اللہ ابن زیاد کے پاس لے جاتا کہ وہ ہمارے متعلق فیصلہ کرے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



معلون کہنے لگا ایسا بھی نہیں ہوگا تمہیں قتل کر کے ابن زیاد کے پاس سر لے کر جاؤں گا شہزادوں نے فرمایا کیا تجھ کو ہماری صغیر السنی پر ترس نہیں آتا۔ ظالم نے کہا نہیں شہزادوں نے جان لیا کہ اب یہ کتا ہماری جان نہیں چھوڑے گا شہزادوں نے فرمایا ہمیں مہلت دے کہ آخری نفل ادا کرلیں اس نے موقعہ دے دیا چار رکعت نماز نفل شہزادوں نے ادا فرمائی اور اونچی آواز سے کہا یَا حَیُّ یَا حَلِیمُ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ احکم بَیْنَنَا وَبَیْنَہٗ بالحق اے حی حلیم اے احکم الحاکمین تو ہمارے اور اس درمیان برحق فیصلہ فرما۔ اتنے میں کہنے کی زیر تھی کہ ظالم نے تلوار اس قدر زور سے ماری کہ حضرت سیدنا محمد شہزادے مسلم کے لاڈلے کا سر انور تن سے جدا کر دیا سیدنا ابراہیم چھوٹے بھائی کی تن اقدس سے خون کے فواروں پر جا گرے ظالم نے تلوار مار کر لپٹے ہوئے تڑپتے ہوئے شہزادے پر شہزادے کے بھی سر انور کو تن سے جدا کر دیا شہزادوں کے تن اور سر تڑپتے رہے اور چند لمحوں کے بعد ہمیشہ کے لئے خاموش ہو گئے اور اپنے آقا و مولی رضی اللہ عنہ کی آغوش میں جا ملے اور جنت میں والد معظم کے پاس سدھارے۔ (الحیات الخفی ۲: ۱۴۳، ۱۴۲، ۱۴۱)

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

## ظالم کا انجام

دونوں سر ہائے مقدسہ کو لے کر ظالم ملعون کتا جب عبید اللہ ابن زیاد کے پاس لے کر گیا تو دیکھتے ہی وہ کرسی پر بیٹھا تین بار اٹھا اور کہنے لگا تو ان بچوں کو کہاں سے پایا کہنے لگا ایک بڑھیا کے ہاں شام کو آئے اور رات کو پا کر اب قتل کر کے ان کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سر لا رہا ہوں ابن زیاد نے کہا تو نے ان کے ساتھ ایسا کیوں کیا، خاموش ہو گیا۔ ابن زیاد نے کہا انہوں نے کچھ کہا تھا کہنے لگا ہاں انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں قتل نہ کرو اور بازار میں فروخت کر کے ہماری قیمت وصول کر لو یا ابن زیاد کے پاس زندہ لے جاتا کہ وہ ہمارا فیصلہ کرے۔ میں نے کہا میں نے دو ہزار روپیہ انعام پاؤں گا اور تمہیں قتل کروں گا اور کہا ہماری قرابت رسول کا لحاظ کر نہ صغیر السنی کا لحاظ کر میں نے کہا نہیں پھر انہوں نے نماز کو کہا وہ نماز چار رکعت پڑھ چکے۔ ابن زیاد نے کہا پھر انہوں نے کیا کہا پھر وہ ان الفاظ کے ساتھ یہ دعا کر رہے تھے۔

**یاحَیّ یا حَلیمَ یَا اَحْکم الحَاکمِینَ احکم بَینَنا وَ بَینَه۔**

ہمارے اور اس درمیان برحق فیصلہ کر۔ ابن زیاد نے کہا پھر انہوں نے تجھ سے کچھ کہا تھا کہ نہیں میں نے یہ الفاظ سنتے ہی ایک تلوار مار کر سر قلم کر دیا ابن زیاد نے کہا کتے کہیں کے اب پھر تجھ کو فیصلہ ملتا ہے کرسی سے اٹھا اور کہنے لگا کون ہے تم میں جو اس کتے کو ابھی وہاں جا کر قتل کرے جہاں ان شہزادوں کو قتل کیا و ران کے خون و جسم کے ساتھ اس کا خون و جسم نہ ملنے پائے اور اس کو وہیں پانی میں پھینک دو اور شہزادوں کے تن اقدس کا اٹھا کر لے آؤ اور تاکہ سر ہان مقدسہ کے ساتھ محفوظ کیا جا سکے۔

ایک شامی نے اٹھ کر کہا اے جناب امیر آپ کے اس فیصلہ سے میں خوش ہوا خدا کی قسم اگر ساری دنیا کی بادشاہی مجھے دے دیتے تو اس زیادہ خوشی نہ ہوتی جو یہ کہ آپ نے اس کتے کو مار دینے کا حکم دیا ہے تو اور آدمی ساتھ لئے اور اس کو پکڑ کر لے گئے۔ کوفہ کے بازاروں اور سڑکوں پر عورتیں اور مرد رو رہے تھے اور کئی بچوں نے کتے پر پتھر برسائے ابن زیاد کے درباریوں نے کہا ہم اس کو قتل کرنے کے لئے جا رہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہیں۔

جب ظالم کو اس جگہ فرات کے کنارے قتل کر کے دریا میں پھینکا تو مردود کی لاش پانی میں جاتے ہی پانی میں اس زور کی ٹھلیں پڑیں کہ لاش باہر کنارہ پر آ گئی۔ اندازہ ہوا کہ اس کی لاش کو پانی نے قبول نہیں کیا ابن زیاد کو پیغام دیا گیا کہ اس کی لاش کا کیا کرنا چاہئے دریائے فرات نے اس کی لاش کو باہر پھینک دیا ہے کہنے لگا گڑھا کھود کر اوپر مٹی ڈال دو جب گڑھا کھودا اور اس میں لاش رکھی تو مٹی اچھلی پھر لاش باہر پھر پیغام بھجوایا کہ اب کیا کریں اس کو تو مٹی بھی قبول نہیں کرتی۔ کہنے لگا لکڑیاں رکھ کر آگ لگا دو۔ لکڑیاں کی آگ میں اس کی لاش جلا کر راکھ کر دی گئی گویا کہ سیدنا محمد سیدنا ابراہیم پر ظلم و ستم کرنے والے کو دنیا میں نہ مٹی و پانی نے قبول کیا اور دنیا میں ہی آگ رسید ہوا اور ہمیشہ کے لئے عذاب جہنم ہوا۔

(الحیات الخفی ۲:۵ ۱۴)

## فرزندان امام مسلم سیدنا محمد اور سیدنا ابراہیم کے مزارات مقدسہ در قریب مسیّب اسکندریہ

کربلائے معلٰی اقدس کے قریب اسکندریہ ایک آبادی کا نام ہے اس کی تھوڑی دور مسیّب ایک جگہ ہے مسیّب کے بائیں جانب ایک میل کے فاصلے پر ایک گاؤں ہے جس کا نام ہے قریہ اولاد مسلم۔ یعنی اس آبادی کا نام ہی حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیلؓ کی اولاد میں ان دو شہزادوں حضرت سیدنا محمد اور سیدنا ابراہیم سے منسوب ہے اسی لئے اس کو قریہ اولاد مسلم یعنی امام مسلم کی اولاد کی بستی کہا جاتا ہے اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بستی میں کافی لوگ آباد ہیں اس آبادی میں شہزادگان مسلم آرام فرما رہے اور ان کے مزارات مقدس ہیں۔ مزرات مقدس کے بیرونی دروازہ کے بعد ایک بہت بڑا صحن ہے جس کے بائیں جانب کمرے اور سامنے برآمدے ہیں اور برآمدے میں مزارات کا دروازہ ہے مزارات نہایت خوبصورت بنے ہوئے ہیں دونوں بھائیوں کی قبریں ساتھ ساتھ ہیں مزارات پر بہترین گنبد بنا ہوا ہے۔ اور گنبد پر سبز رنگ ہے اور اس کے اوپر سونے کا عکس چڑھا ہے۔ صبح و شام لوگ فاتحہ خوانی کرنے اور فیوض و برکات حاصل کرنے کے لے حاضری دیتے ہیں۔ یاد رہے کہ بعض لوگوں نے ان مزارات کے اندرونی حصہ میں تصویریں لگادی ہیں ایسا ہونا تو نہیں چاہئے ان تصاویر میں دونوں شہزادوں کو دکھایا گیا ہے۔ اور ظالم قاتل کو بھی ہاتھ میں خنجر لے کر ذبح کرتا دکھایا گیا ہے۔ لیکن یہ سب اہانت ہے اور خلاف حقیقت تصویر ہے۔ جیسا کہ آج کل کئی بعض لوگوں نے بعض شخصیتوں کی تصویریں بنا کر کیلنڈروں میں پیش کی ہیں نہ تو وہ اصل تصاویر ہیں اور اس طرح انسانی تصویریں پیش کرنا ناجائز ہے اس لئے بعض بناوٹی تصاویر کو اصل سمجھ لیتے ہیں اللہ تعالیٰ ہدایت دے۔

یاد رہے کہ سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ اور فرزندان امام مسلم کے متعلق ان کی شہادتوں پر بھی بعض مجموعات میں مختلف طریقوں سے ذکر کیا گیا اور بعض نے تو فرزندان مسلم کے کوفہ میں شہید ہونے پر بھی انکار کیا لیکن میں پوری تحقیق کے بعد جس نتیجہ پر پہنچا اس کے مطابق اصل حقائق ذکر کئے ہیں۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ معظمہ سے رخصت کی حکمتیں

اب وہ وقت قریب آ گیا ہے جب کہ اطراف عالم اور اکناف عالم سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مسلمان فریضہ حج ادا کرنے کے لئے مکہ معظمہ کا رخ کر رہے تھے اور ابن رسول فرزند علی السلول دلبند زہرا و بتول سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ جن کے ذوق عبادت وشوق حج کا یہ عالم تھا کہ پچیس حج پیدل کر چکے تھے اور اب حج میں صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں اور آپ عمرہ تمتع کو عمرہ مفردہ کے ساتھ تبدیل کر کے مکہ مکرمہ چھوڑنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ اس لئے کہ آپ کو سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کا وہ خط جو انہوں نے ۱۲ ذی القعدہ کو عابس بن شبیب شاکری کے ہاتھ بھیجا تھا آپ کو مل چکا تھا لیکن کوفہ کے اندرونی حالات کی بجائے ظاہری حالات کچھ مشکوک بھی نظر آتے تھے۔ اب حج بیت اللہ کو ترک کر کے اس قدر جلدی سے یہ سفر کوفہ کی تیاری کیوں تھی۔ حج میں صرف دو دن رہ گئے ہیں۔ کیا سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ جیسی شخصیت عظیم کا ہی غیر متوقع اقدام غیر معمولی حالات واسباب کے پیدا ہونے کی غمازی نہیں کرتا۔ یہ شخصیت امام سے ناواقف آدمی تو کہہ سکتا ہے بلکہ کہا گیا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اہل کوفہ کے پیہم اصرار اور ان کے دعویٰ خلوص ومحبت نے آپ کو تکمیل حج بھی نہ کرنے دیا اور سفر عراق پر روانہ ہو گئے۔ مگر جو لوگ اہل بیت اطہار کے مقام کی کچھ بھی معرفت رکھتے ہیں وہ تو ہرگز ایسا گمان بھی نہیں کر سکتے لیکن ان سب کا تعلق ظاہری حالات کے مطابق ہے اور بغور نظر حقیقت کی تہہ تک پہنچا جائے تو یہ معلوم ہوگا کہ یزید پلید نے حاجیوں کے لباس میں کئی آدمی بھیجے ہوئے تھے کہ موقع پا کر امام حسین رضی اللہ عنہ کی شمع حیات کو گل کر دیں۔ چنانچہ کتب سیر وتواریخ سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے۔ (سوانح کربلا)

اس تاریخ ۸ ذوالحجہ ۶۱ھ کو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ مکہ سے روانہ ہوئے طواف وسعی کے بعد اپنے حج کو عمرہ مفردہ کے ساتھ بدل کر محل ہو گئے تھے کیونکہ تکمیل

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حج نہ کر سکتے تھے اس لئے کہ یزید نے تیس ۳۰ آدمی حج کے بہانہ سے حاجیوں کے لباس میں بھیجے تھے اور ان کو حکم دیا کہ ہر حال میں موقعہ پا کر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیں۔(الحیات الخفی ۲: ۱۶۳)

لہٰذا اگر آپ مکہ معظمہ سے تشریف نہ لے جاتے تو اس میں سب سے بڑی خرابی یہ تھی کہ مکہ معظمہ کی اور بالخصوص بیت اللہ کی ہتک ہوتی۔ جسے آپ ہرگز پسند نہیں کر سکتے تھے کہ میری وجہ سے حرم خدا کی اور مکہ معظمہ کی توہین ہو۔ آپ نے خود بھی فرمایا تھا کہ اگر میں مکہ معظمہ سے ایک بالشت باہر قتل کیا جاؤں تو یہ مجھے پسند ہے۔ لیکن مکہ معظمہ میری وجہ سے رنگین ہو تو میں اس کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔

(الحیات الخفی ج ۲ ص ۶۳)

دوسرے اس طرح دشمن بڑی آسانی کے ساتھ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت پر پردہ ڈالنے اور اپنی برات کرنے میں کامیاب ہو جاتے۔ ممکن تھا کہ طواف کعبہ اور وقوف عرفات قربانی منیٰ یا صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے وقت آپ شہید کر دیئے جاتے اور اس ہنگامہ آرائی میں قاتل گم ہو جاتے تو پھر کون باور کر سکتا تھا کہ یزید کے آدمی قاتل ہیں یا کہ اور افراد۔ اس طرح یزید کا قاتل ہونا ثابت نہ ہو سکتا اور اس پر خود یزید نے پردہ ڈالنے کی کوشش کرنی تھیں۔ لیکن حضرت سیدنا امام عالی مقام یزید پلید کے ان حالات سے مکمل طور پر واقف تھے۔ جبکہ مدینہ کا قیام بھی انہی وجوہات پر ترک کیا تو اب مکہ معظمہ میں رہنے کا سوال ہی پیدا نہ ہو سکتا تھا۔ اس لئے مکہ معظمہ سے خروج کرنے کا مقصد بھی یہی تھا اس وقت جبکہ تمام اطراف عالم کے مسلمان فریضہ حج ادا کرنے کے لئے وہاں جمع ہو رہے ہیں۔ احرام حج کو توڑتے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہوئے سفر عراق پر روانہ ہو کر لوگوں کے جمود نکیر کو توڑ دیا اور ان کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ آخر کن حالات سے متاثر ہو کر سیدنا امام عالی مقام نے یہ اقدام کیا ہے۔ اہل و عیال سمیت نانا جان کا جوار مدینہ کیوں ترک کیا اور صرف دو دن باقی تھے کہ حرم خدا میں حج بھی نہ کر سکے اور یہاں پر رہنا بھی ان کے لئے مشکل ہو گیا کہ حسین کیوں اور کہاں جا رہے ہیں۔ ہر آدمی کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ وہ غور کرے کہ وہ کون سے حالات تھے جنہوں نے حرم خدا میں بھی سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو آرام و سکون کا سانس نہ لینے دیا اور یہ کہ ان حالات کا ذمہ دار کون ہے۔ یہ اقدامات حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے صلح پسندانہ اور حکیمانہ طرز عمل پر بین ثبوت ہیں۔ ان کی وجہ سے یزید لعین کا ظلم و ستم تشت از بام ہو کر رہ گیا۔ (الحیات النقی ۲:۱۶۵)

## حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ

اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ مکہ معظمہ کے احباب واصحاب نے آپ کو ارادۂ سفر عراق سے منع کیا۔ حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ کوفیوں کا کچھ اعتبار نہیں ان پر قطعاً اعتبار نہ کریں یہ وہی لوگ ہیں جن کا ہاتھ آپ کے باپ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اور آپ کے بھائی سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت میں تھا اس لئے آپ وہاں جانے کا ارادہ ترک کر دیں۔ لیکن حضرت امام اس بات کو بھی سن کر اپنے ارادہ میں متزلزل نہ ہوئے۔ (الحیات ۲:۱۶۵)

## حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے رشتہ سے سیدنا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



امام حسینؓ کے چچا تھے اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے رشتہ سے نانا تھے اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے عمر میں تقریباً نو سال بڑے تھے اور بزرگ بھی تھے۔ ان کو معلوم ہوا کہ کوفہ والوں کے بلاوے پر وہاں جارہے ہیں تو آپ نے فوراً خود آ کر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ راز مجھ سے تو بیان کرو آپ کوفہ جارہے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں مصمم ارادہ کر چکا ہوں کیونکہ چچازاد بھائی مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ نے مجھے خط لکھ دیا ہے اور کوفہ سے قاصدین کی جماعتیں اور درخواستیں آ چکی ہیں اور ان سے وعدہ کر چکا ہوں اب مجھے جانا چاہئے اور دوسرا مجھے رسول اللہ ﷺ نے عالم خواب میں خاص حکم فرمایا ہے۔

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَمَرَنِیْ بِاَمْرٍ وَّاَنَا مَاضٍ فِیْهِ۔

میں اس حکم کی تعمیل کر رہا ہوں۔ آپ نے یہ سن کر فرمایا۔ اچھا تو میری ایک بات تو مان لو وہ یہ کہ اپنے ہمراہ بیوی بچوں اور خاندان کو نہ لے جاؤ مجھے خطرہ ہے کہ آپ قتل نہ ہو جائیں اور جس طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بیوی بچے دیکھتے رہ گئے کہ وہ ان کے سامنے شہید کر دیئے گئے۔ یہ عظیم صدمہ خواتین اور بچے نہیں دیکھ سکیں گے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا زندگی کے آخری لمحات میں چاہتا ہوں کہ سب میرے ساتھ ان کی جدائی برداشت نہیں کر سکتا جب تک میں شہید نہ ہو جاؤں اور اللہ تعالیٰ کی مشیت بھی یہی ہے کہ میرے بچے اور خاندان والے بھی اس ابتلا میں مبتلا ہوں اس گفتگو کو سیدہ زینب بھی سن رہی تھیں آپ نے فرمایا اے بزرگوار بے شک آپ درست فرمارہے ہیں اور قلبی احترام رکھتے ہیں۔ لیکن میں اپنے بھائی کو ایسے موقعہ پر اپنے سے جدا نہیں ہونے دوں گی اگر یہ جائیں گے تو زینب رضی اللہ عنہا ضرور جائے گی اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



لئے کہ بھائی تنہا نہیں جانے دیا جائے گا۔ حضرت نے فرمایا یہ تو ظاہر ہے کہ جب یہ اس سفر کو ترک نہیں کریں گے تو آپ کس طرح رک سکتے ہیں۔ (المختفی ج ۲ ص ۱۶۵)

## حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہا

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ جو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے عمر میں تقریباً سولہ سال بڑے تھے۔ ان کو جب معلوم ہوا تو انہوں نے بھی بڑی کوشش کی کہ آپ نہ جائیں۔ کوفی دغاباز ہیں لیکن ان کو بھی اس کوشش میں کامیابی نہ ہوئی۔ واقعہ کربلا کے بعد ایک مرتبہ ایک عراقی نے آپ سے مسئلہ دریافت کیا کہ حالت احرام میں مکھی کا مارنا جائز ہے یا کہ ناجائز۔ تو آپ نے فرمایا اے اہل عراق تمہیں مکھی کی جان کا تو خیال آیا مگر تم کو نواسہ رسول اور اس کے خاندان کی جانوں کا خیال نہ آیا۔ تم وہی تو ہو جو آج مکھی پر مسئلہ چھیڑ رہے ہو۔ (الحیات ص ۱۶۵ ج ۲)

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا مکہ معظمہ میں آخری خطبہ

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے مکہ معظمہ میں اپنی روانگی سے قبل جو خطبہ حاضرین کے سامنے دیا اس کا مضمون یہ تھا۔

موت فرزندان آدم (علیہ السلام) کے لئے اس طرح لازم اور باعث (زینت) ہے۔ جس طرح نوجوان عورت کے گلو کے لئے قلادہ (ہار) مجھے اپنے بزرگوں کے دیدار کا کس قدر سخت اشتیاق ہے جس طرح حضرت یعقوب علیہ السلام دیدار یوسف علیہ السلام کے مشتاق تھے میرے لئے ایک مقتل تیار کیا گیا ہے جسے میں ضرور دیکھوں گا گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ جنگل کے بھیڑیئے (فوج یزید کے بھیڑیئے بصورت سپاہی)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



میرے جوڑوں کو جدا کر رہے ہیں۔ اور مجھ سے بصورت پیاسی آرزو و تمناؤں کے ) شکم پر کر رہے ہیں۔ اس دن سے بچنے کے کوئی چارہ نہیں۔ جو قلم قضا سے لکھ دیا گیا ہے۔ ہم اہل بیت خدا کی رضا مندی پر راضی ہیں ہم اس کی آزمائش مصیبت و بلا پر صبر کریں گے اور وہ ہمیں اجر و ثواب عطا فرمائے گا۔ رسول اللہ ﷺ میرے جد امجد سے ان کے پارہ ہائے گوشت دور نہیں ہوں گے ( بلکہ ) بہشت عنبر سرشت میں وہ سب ان کے پاس جمع ہوں گے اور ان کی وجہ سے میرے نانا جان علیہ السلام کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ خدا ان سے کئے ہوئے وعدے پورے فرمائے گا جو ہمارے بارے میں اپنی جان قربان کرنا چاہتا ہے اور ملاقات حق کے لئے اپنے نفس کو آمادہ کر چکا ہے وہ ہمارے ہمراہ چلے میں کل انشاء اللہ روانہ ہو رہا ہوں۔ امام عالی مقام کے مذکورہ خطبہ جلیل سے یہ بات آفتاب کی طرح روشن ہو جاتی ہے اور حادثہ کرب و بلا کا خونی منظر سامنے آجاتا ہے۔

سیدنا امام عالی مقام اسی روز اپنے اہل بیت کے علاوہ اور موالی و خدام اور احباب جن کی کل تعداد دو سو کے قریب تھی اپنے ہمراہ لے کر سفر عراق کو روانہ ہوئے مکہ معظمہ بیت الحرام سے اہل بیت رسالت کا یہ چھوٹا سا قافلہ روانہ ہوتا ہے۔ تو ان کی جدائی نے باشندگان مکہ کو مغموم و آبدیدہ کر دیا۔ مگر وہ جانبازوں کے امیر لشکر اور فدا کاروں کے قافلہ کے سالار مردانہ ہمت کے ساتھ اہل مکہ اور حرم خدا کو الوداع الوداع کہتے ہوئے زبان اطہر سے قرآن کی یہ آیت پڑھتے ہیں:

قُلْ لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ترجمہ: تم فرماؤ ہمیں نہ پہنچے گا مگر جو اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا وہ ہمارا مولی ہے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ چاہیے۔

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مکہ معظمہ سے بجانب کوفہ روانگی

ہلال عید الاضحیٰ نمودار ہو چکا تھا اور یوم عید میں صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں۔ دنیائے اسلام عید کی خوشیوں میں ہے اور حجاج اکرام روز حج کی خوشی میں ہیں اور اکسٹھ ہجری کی صبح صادق ۸ ذوالحجہ طلوع نہیں ہوئی کہ نواسہ رسول راکب دوش و رسول سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ رات کی تاریکی میں خانہ خدا بیت اللہ میں داخل ہوئے۔ دو نفل پڑھے اور سجدے میں گرے اور با آواز بلند عرض کیا اے معبود حقیقی۔ اس وقت جب کہ عید الاضحیٰ سر پر ہے اور مسلمانان اسلام حج کے لئے تیرے اس گھر کی طرف آرہے ہیں۔ اور تیرے محبوب کا نواسہ تیرے اس گھر سے جدا ہو رہا ہے۔ آج وہ درودیوار سے جن میں عمر کا ایک حصہ گزرا تھا بچھڑ رہا ہوں اور جہاں شب و روز تیری رحمت و برکات کے نزول تھے وہاں سے اوجھل ہو رہا ہوں۔ میں تیرے محبوب اپنے نانائے پاک کی اس پیشگوئی پر کہ مکہ میں خون بہایا جائے گا اور اس کی بے حرمتی کی جائے گی۔ یہاں سے جارہا ہوں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ پیشگوئی مجھ پر صادق آجائے اور کعبۃ اللہ المقدسہ میری وجہ سے خون سے لبریز ہو جائے۔ اور مسلمان مکہ کا خون بے گناہ بہایا جائے۔ اے احکم الحاکمین تو مجھے معاف فرما تجھے علم ہے اور جانتا ہے کہ میرا جانا کسی حکومت وقت کا مقابلہ نہیں اور نہ کسی کے خلاف کوئی اقدام ہے اور نہ ہی کوئی اقتدار کا لالچ ہے۔ میرا سفر تیرے گھر کا احترام ہے اور میں اس سخت سفر میں چھوٹے چھوٹے بچوں اور حرمات کی تکلیف اس لئے گوارا کر رہا ہوں کہ وہ پیشگوئی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



میرے واسطے پوری نہ ہو جائے۔ اے اللہ العالمین تو مجھ پر رحم فرما تو جانتا ہے کہ میں نے فاسق و فاجر کی بیعت نہیں کی اور نہ کروں گا اس لئے کہ یہ تیرے اور تیرے محبوب کی تعمیل ہے وہ ہاتھ جس کو تیرے محبوب نے بوسہ دیا وہ پلید کے ہاتھوں میں نہ جائے گا اور وہ زبان جس کو تیرے محبوب نے چوما اس سے کسی خوار کو امیر تسلیم نہ کروں گا۔ تو میری خطاؤں کو معاف فرما اور دشمنوں کے مظالم میں صبر و رضا پر قائم رکھنا۔ صبر و رضا میرا شیوا ہے اور استقامت میرا راستہ ہے۔ کعبہ کے درو دیوار کو بوسہ دیتے اور آنکھوں میں آنسو بہاتے ہوئے کعبہ کے تحفظ و آبرو کو لئے ہوئے نماز فجر کے بعد یہاں سے جدا ہوتے اپنے جائے مقام پر آتے ہیں اور اب سفر کی تیاری میں خود بھی اور اپنے خاندان مقدسہ کے چھوٹے بڑے سب تیاری میں ہیں کہ آج حرم خدا سے جدا ہونا ہے۔ (سوانح کربلا، تاریخ کربلا)

## امام عالی مقام کا مکہ معظّمہ سے کربلا تک سفر

ان منازل کا ذکر جن کو امام عالی مقام نے مکہ معظّمہ سے لے کر کربلا تک منزل در منزل سفر کر کے طے کیا۔

## پہلی منزل بستان ابن عامر

مکہ معظمہ سے پہلی منزل بستان ابن عامر ہے بعض نے تنعیم لکھی ہے لیکن یاد رہے کہ یہ منزل مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ جاتے ہوئے آتی ہے، مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ عقان کے راستہ تنعیم سمت مغرب ہے اور مکہ سے کوفہ شمال مشرق کی طرف پہلی منزل بستان ابن عامر ہے اس پہلی منزل پر جب قافلہ آل رسول پہنچا تو یہاں پر عبداللہ ابن

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جعفر جو مدینہ طیبہ میں موجود تھے۔ ان کو یہ خبر ملی کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ بمعہ اہل و عیال اور دیگر اصحاب کوفہ کے سفر پر روانہ ہو چکے ہیں، لہٰذا آپ نے ایک خط حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا جس کا مضمون یہ تھا۔

اما بعد خدارا، جب میرا یہ خط آپ کو ملے تو پڑھنے کے بعد اس سفر کو ترک کریں کیونکہ مجھے اس سفر میں آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی ہلاکت کا اندیشہ ہے، اگر آپ کی موت واقع ہوگئی تو زمین کا نور بجھ جائے گا کیونکہ آپ ہی ہدایت کرنے والوں کے نشان راہ ہیں اور اہل مومنین کی امید کا مرکز ہیں، جلدی نہ کریں اور میرا مکتوب پڑھ کر غور کریں۔ (الحیات الخفی ۲:۱۷۱)

یہ خط حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں بیٹوں کے حضرت محمد رضی اللہ عنہ اور حضرت عون رضی اللہ عنہ کے بدست روانہ کیا تھا اور ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا تھا کہ اگر تمہارے ماموں حضرت امام عالی مقام سفر کا ارادہ ترک کردیں تو ان کے ساتھ واپس آجانا اور اگر وہ اس سفر کوفہ کو ترک نہ کریں تو پھر میں تم کو اجازت دیتا ہوں کہ تم دونوں اپنے ماموں جان کے ساتھ چلے جانا اور اپنی امی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا بھی خیال رکھنا تا کہ اس کو تمہارے ساتھ ہونے سے تسلی رہے اور اے میرے بیٹو! وقت آنے پر اگر حضرت امام کو ضرورت پڑے تو اپنی جان بھی ان پر نثار کر دینا میں اگر طاقت رکھتا تو ضرور تمہارے ساتھ چلتا۔ (الحیات الخفی ۲:۱۷)

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ اور سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے یہ دونوں بیٹے محمد، عون نوجوان تھے، اکثر یہ کہا جاتا ہے اور مجموعوں میں یہ غیر معتبرہ لکھ دی ہے کہ یہ دونوں بیٹے بچے تھے، اس سلسلہ میں کافی تحقیق کے بعد اس نتیجہ پر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



پہنچا ہوں کہ یہ چھوٹی عمر کے شہزادے نہیں تھے، جیسا کہ اس کی پوری تفصیل مزید آگے بیان ہوگی، سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اپنے شوہر کی اجازت سے تو پہلے ہی سے حضرت امام عالی مقام کے ہمراہ راہ سفر تھیں۔

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے اس خط کو پڑھا اور غور فرمایا بالآخر فیصلہ یہی کیا کہ یہ سفر ملتوی نہیں کیا جائے گا، اس کے بعد پھر مکہ معظمہ کے حاکم عمرو بن سعید نے ایک خط یحییٰ ابن سعید کے بدست بھی روانہ کیا اس خط کا خلاصہ یہ ہے

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر شر سے محفوظ رکھے اور جو چیز بہتر ہو اس میں آپ کی رہبری فرمائے، مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ سفر عراق پر جارہے ہیں اور میں آپ کے لئے اللہ تعالیٰ کے پناہ چاہتا ہوں لیکن اس کے باوجود مجھے اس بات میں ہلاکت پوشیدہ معلوم ہوتی ہے میں آپ کی طرف جس کو بھیج رہا ہوں آپ اس کے ساتھ واپس مکہ آجائیں میں آپ کو امان اور صلہ رحمی اور حسن سلوک کا یقین دلاتا ہوں اللہ تعالیٰ گواہ اور وکیل ہے اور کفیل فقط اور سلام ہو آپ پر (الحیات الخفی ۲:۱۷۳)

اس خط کو بھی حضرت امام عالی مقام نے پڑھا اور زبانی پیغام بھی لے لیا، آپ نے والی مکہ اور حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ کو بھی یحییٰ ابن سعید کے بدست یہ کہلا بھیجا کہ میں اس سفر کو ترک نہیں کرسکتا اس لئے کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے آپ نے مجھے ایک حکم فرمایا ہے جس کی تعمیل ہر صورت پورا کروں گا یحییٰ ابن سعید کو فرما دیا کہ تم یہ پیغام والی مکہ کو دے کر کسی طریقہ سے مدینہ طیبہ میں حضرت عبداللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ کو بھی پہنچادینا اور ساتھ یہ بھی کہہ دینا کہ آپ کے دونوں فرزند محمد وعون آپ کی اجازت کے مطابق میرے اور اپنی امی جان کے ہمراہ جارہے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



(الحیات الخفی ۲: ۱۷۳)

## دوسری منزل صفاح

اس منزل صفاح پر جب قافلہ آل رسول پہنچا تو ایک مشہور شاعر فرزدق جو اپنی والدہ کے ہمراہ کوفہ سے آ رہا تھا اس کی یہاں امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی آپ نے فرزدق سے کوفہ کے حالات دریافت فرمائے تو اس نے عرض کیا:

قُلُوْبُ النَّاسِ مَعَکَ وَسُیُوْفُھُمْ عَلَیْکَ وَالْقَضَاءُ یُنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَاللّٰہُ یَفْعَلُ مَایَشَاءُ۔

لوگوں کے دل آپکی طرف ہیں اور انکی تلواریں آپکے برخلاف قضاء آسمان سے نازل ہوتی ہے، اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے۔ (الحیات الخفی ۲: ۱۷۳)

حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

تم نے سچ کہا بے شک تمام کام اللہ تعالیٰ کے ہی قبضہ و اختیار میں ہیں اور ہمارا رب ہر روز نئی شان میں ہوتا ہے اگر ہماری خواہش کے مطابق قضاء نازل ہوئی تو اس کے احسان پر شکر گزار ہیں اور اگر حالات ہماری منشاء کے خلاف ہوئے تو پھر جس کی نیت حق و تقویٰ کے ساتھ ہو اس کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں۔

(الحیات الخفی ۲: ۱۷۳)

اس کے بعد فرزدق اپنے سفر کو روانہ ہو گیا اور حضرت امام بمعہ اپنے قافلہ کے سفر پر چل پڑے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## تیسری منزل ذات عراق

اس منزل ذات عراق پر قافلہ آل رسول پہنچا تو کچھ دیر آرام فرمانے کی غرض سے خیمے نصب فرمالئے اور قیام فرمارہے تھے کہ ایک شخص بشیر ابن غالب نامی نے اس طرح بیابان میں خیموں کو لگا ہوا دیکھا تو وہ تعجب سے قریب گیا اور پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں تو جواب ملا کہ یہ اہل بیت نبی کا قافلہ بغرض آرام قیام پذیر ہے اور یہ کوفہ کے سفر پر ہیں یہ سن کر اس نے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے جا کر ملاقات کا شرف حاصل کیا اور عرض کیا: یا ابن رسول اللہ، آپ کو کس چیز نے اس صحرا میں آنے کو مجبور کر دیا ہے تو سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا:

یہ میرے پاس خرجی ہے ان خطوط کی جو اہل کوفہ کے ارسال کردہ ہیں۔ مجھے انہوں نے دعوت دی ہے وہاں آنے کی، پس اگر وہ ہمارے قتل میں شریک ہوئے تو اس جرم اور اہانت حرمت پر، ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک شخص کا تسلط ہوگا جوان کو قتل و غارت کر دے گا تو وہ ذلیل قوم ہوں گے۔ (الحیات الخفی ۲: ۱۷۴)

اس بیان میں دو چیزوں کی پیشگوئی ہے۔ ایک یہ کہ ان لوگوں کی دعوت پر کوفہ کو جا رہے ہیں پس اگر وہ مجھے قتل کریں (یقیناً اشارہ کربلا کی طرف ہے) تو پھر ایسا شخص مسلط ہوگا ان پر کہ یہ قتل و غارت و ذلیل ہوں گے، یعنی (مختار بن عبید ثقفی) جوان کو قتل کرے گا اور تا قیامت ذلت سے یاد کئے جائیں گے۔

## چھٹی منزل زرود

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس منزل پر جب قافلہ آل نبی پہنچا تو مکہ معظمہ سے حج کی ادائیگی کے بعد ایک شخص جو کہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ ابن عفان ذوالنورین خلیفہ سوم کے خاص اقرباء میں سے تھے واپس آ رہے تھے ان کا نام زبیر بن القیس بجلی تھا، انہوں نے حضرت امام مقام کو اس حال میں دیکھا تو دل میں خیال آیا کہ میں بھی آپ کے ہمراہ ہی چلتا ہوں اس ارادہ سے سیدنا امام عالی مقام کو ظاہر کیا۔ آپ نے فرمایا اگر آپ چاہتے ہیں تو ضرور چلیں، چنانچہ آپ ان کے ساتھ ہوئے ان کی شہادت کربلا میں جس شان سے ہوئی ان کا ذکر ان کے باب میں تفصیل کے ساتھ آ رہا ہے۔

## ساتویں منزل ثعلبیہ

اس منزل ثعلبیہ پر آپ نے قیام فرمایا اور خیال ہوا کہ رات گزار لیں اور پھر صبح سفر جاری رکھا جائے خیمے نصب فرمالئے اسی اثناء میں عجب خبر یہ پیش آئی کہ ایک شخص گھوڑے پر سوار کوفہ کی طرف سے آتا ہوا نظر آیا، حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ جو سوار آ رہا ہے اس کو ٹھہرا کر دریافت کرتے ہیں ممکن ہے کہ اگر یہ کوفہ سے آ رہا ہوگا تو وہاں کے تازہ ترین حالات کی خبر پوچھیں۔ چنانچہ وہ سوار جب قریب آیا تو حضرت امام عالی مقام نے اس سے فرمایا کہ تم کہاں سے آ رہے ہو تو اس نے کہا کہ میں کوفہ سے آ رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا وہاں کے کیا حالات ہیں۔ سوار نے جب دیکھا کہ یہ نواسہ رسول ہیں۔ جن کے چہرہ پر رات کی تاریکی میں بھی نور چمک رہا ہے۔ وہ بطور احترام گھوڑے سے نیچے اتر آیا اور تعظیم وتکریم کے ساتھ سلام عرض کیا اور پوچھا آپ کہاں جا رہے ہیں فرمایا کوفہ اس لئے تم سے وہاں کے حالات پوچھ رہا ہوں اس شخص نے کہا یا ابن رسول اللہ وہاں کے حالات بیان کرنے کے قابل نہیں والی کوفہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عبیداللہ ابن زیاد نے یزید کی مخالفت کرنے والوں کو سخت تنگ کر دیا اور بالآخر سب لوگ اس کے ظلم کے خوف سے یزید کی حمایت میں ہو گئے اور وہ شخصیت عظیمہ جو آپ کے چچازاد بھائی سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ تھے ان کو کوفہ کی بلندی پر لے جا کر بر سر عام شہید کر دیا گیا ہے اور جن کے گھر مقیم تھے وہ ہانی بن عروہ رئیس کوفہ اور مذحج کے سردار تھے ان کو بھی شہید کر دیا گیا اور اس کے علاوہ وہ جو بھی حضرت امام مسلم کی حمایت میں تھے ان کے ساتھ بھی یہی سلوک کیا گیا، اس خبر نا تمام وردناک نے سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی حالت بدل کر رکھ دی آپ نے فرمایا تو جو مسلم کے بچے ایک چھ سال اور ایک آٹھ سال ان کے ہمراہ گئے تھے وہ کہاں ہیں عرض کیا حضور ایک ظالم کوفی نے ان دونوں بھائیوں کو شہید کر کے ابن زیاد کو سر مبارک دے دیئے اور پھر اس قاتل کو بھی مروا دیا اور دونوں بچوں اور ان کے باپ کو دفن کر دیا گیا ہے۔

(الحیات الخفی ۲:۱۷۶)

سیدنا امام عالی مقام روتے اور مسلم اور ان کے بچوں کو یاد فرماتے جب خیموں کی طرف بڑھے تو سب جمع ہو گئے اور عرض کیا: حضور کیا ہوا ہے! آپ نے جب یہ خبر سنائی کہ ظالموں نے میرے مسلم اور اس کے بچوں کو بیدردی کے ساتھ شہید کر دیا گیا بس یہ خبر سننا تھا کہ آل رسول نے گریہ زاری شروع کر دی۔

اِرتَجِ المَوضعَ البکاء وَالعَوِیل بقتل مُسلِمَ بن عقیل سالت الدمُوع کل سیل (الحیات الخفی: ۲:۱۷۶)

کہ وہ زمین کا حصہ اہل بیت کے رونے سے کانپ رہا تھا اس قدر آہ و بکاء بلند ہوئی حضرت امام پھر خواتین اہل بیت میں سے اس عظیم دردناک خبر پر سیدنا امام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مسلم کی زوجہ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا جو اپنے عظیم شوہر اور دل کے ٹکڑوں کو یاد کر کے رو رہی تھیں اور سیدہ حمیدہ رضی اللہ عنہا امام مسلم کی بڑی نوجوان صاحب زادی اپنے شفیق باپ اور چھوٹے بھائیوں کو یاد کر کے رو رہی تھیں۔ آپ نے ان کو بڑے صبر و تحمل کی تلقین فرمائی اور فرمایا ان ظالموں سے بدلہ لے گا اور ظالم جہنم رسید ہوئے اور میرے مسلم تو۔

رحم اللّٰہ مسلما فلقد صارَ الیٰ روح اللّٰہ وَرَیْحانهُ وَجَنَّةِ وَرِضوَانِهٗ قَضٰی ما عَلَیہ وبقٰی ما عَلَینَا۔

اللہ تعالیٰ میرے مسلم کے حال پر رحم فرمائے وہ اللہ اور اس کی جنت رضوان کو روانہ ہو گئے جو کچھ ان کے ذمے تھا وہ پورا کر چکے اور اب جو کچھ ہے وہ ہمارے ذمہ ہے۔ سب اہل بیت کے نوجوان میں ولولہ و جذبہ شوق شہادت بھر آیا، امام مسلم کے دونو جوان بیٹے بھی جو ہمراہ تھے انہوں نے بھی امی جان اور بہن کو تسلی دی، ان کی شہادت کا ذکر آگے آ رہا ہے گویا کہ اس دردناک خبر نے جو آل نبی پر صدمہ کا پہاڑ ڈھایا اس کا کچھ اندازہ نہیں کیا جا سکتا، لیکن اس کے برعکس صبر و رضا و تحمل بھی دیکھا جائے تو اس کی مثال بھی نہیں مل سکتی، صبر کا دامن لئے صابرین نے اپنا سفر پھر شروع کر دیا۔

بلوا کے حرم سے ہم کو اور خود رخصت ہو گئے  
آخری بار تو کچھ کہہ دیتے یہ حسرت بھی ساتھ لے گئے

## آٹھویں منزل زبالہ

اس مقام زبالہ پر قافلہ اہل بیت رسول نے کچھ دیر آرام فرمایا اور لوگوں سے ملاقاتیں بھی ہوئیں اور کچھ لوگ نواسۂ رسول کے ہمراہ بھی ہوئے۔ (الحیات الحقی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



۲:۱۷۶)

## نویں منزل بطن عقبہ

اس منزل بطن عقبہ پر ایک شخص عمرو بن لوزان سے ملاقات ہوئی تو آپ نے اس سے فرمایا۔ تم مجھے کوفیوں کے حالات کی وجہ سے روکتے ہو کہ یہ سفر ترک کردیں۔ لیکن وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ ہر کام میں اللہ تعالیٰ کا حکم ہر معاملہ میں امر غالب ہے لیکن اکثر لوگ اس کو نہیں جانتے۔ انّی رَاَیْتُ کِلَاباً اِشْتَهَتْنِیْ اَشَدُّهَا عَلَیَّ کَلْبٌ اَبْقَعُ میں ان کتوں کو دیکھ رہا ہوں جو کاٹ رہے ان میں ایک کتا سفید داغ ہے۔ اس میں تمثیل ہے ظالموں کے کتوں کی مثل اور دوسری نشانی ہے سفید داغ شمر ذی الجوشن کی طرف اس جگہ یہ رات قیام فرمائی۔ (الحیات النخعی ۲:۱۱۷)

## دسویں منزل شراف

اس منزل شراف تک آپ پہنچے اور کچھ دیر ٹھہرے اور پانی وغیرہ اپنے مشکیزوں میں بھرا اور رات اس جگہ پر قیام فرمایا اور دوپہر تک اسی جگہ رہے پھر سفر یہاں سے جاری فرمایا۔

## گیارہویں منزل سرات

یہ منزل اشرف قادسیہ سے چند میل کے فاصلے پر ہے۔

## بارہویں منزل

اس منزل سے بھی بغیر قیام سفر جاری رکھا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## تیرہویں منزل بیضہ

یہاں پر بھی کوئی خاص واقعہ پیش نہ آیا۔

## چودھویں منزل قصر بنی مقاتل

امام عالی مقام بمعہ اہل و اعیال سفر در سفر کرتے ہوئے یہاں تک کہ یہ قصر بنی مقاتل کی منزل پر پہنچ گئے۔ یہاں پر شام ہوگئی اور امام عالی مقام نے اور رفقاء نے رات گزاری اور پھر صبح یہاں سے روانہ ہوئے تو زبان پر کلمات جاری تھے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر ابا جان کیا بات ہے فرمایا بیٹا میں نے بحالت قیلولہ ابھی دیکھا ہے کہ عالم غنودگی میں گھوڑے پر بیٹھے ہوئے۔

ایک گھڑ سوار کہہ رہے ہیں یہ لوگ تو چل رہے اور موت ان کی طرف آ رہی ہے پس میں نے معلوم کرلیا ہے کہ ہمیں موت کی اطلاع دی گئی ہے۔ شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ اے پیارے ابا جان اللہ آپ کو کوئی دکھ نہ دے اور کیا ہم حق پر نہیں ہیں آپ نے فرمایا ہاں ہم حق پر ہیں۔ شہزادہ نے عرض کیا پس اگر حق پر ہیں اور یقیناً ہیں تو پھر موت سے کچھ ڈر نہیں سیدنا امام عالی مقام نے شہزادے کی اس بات کو سن کر فرمایا جو بہترین جزا کسی بیٹے کو اپنے باپ سے مل سکتی ہے وہ جزا اللہ تعالیٰ تم کو عطا فرمائے۔ (الحیات الخفی ۲: ۱۸۴)

## پندرہویں منزل نینوا

نینوا کے قریب پہنچے جہاں حضرت یونس علیہ السلام کا مزار اقدس بھی ہے اور دریائے فرات بھی نزدیک ہے۔ اس کے قریب غاخریہ اور شیفہ اس زمانہ میں چھوٹی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بستیاں بھی تھیں یہاں پر سیدنا امام عالی مقام کو وہ منظر یاد آنے لگا جو اپنے والد بزرگوار سے سنا کرتے تھے۔ کہ نینوا کے قریب دریائے فرات کے مغربی کنارے نشیب کی طرف مجھے حسین اور اس کے بچے خون میں تڑپتے نظر آ رہے ہیں۔ چنانچہ ابھی تھوڑا ہی فاصلہ طے فرمایا تھا کہ ایک ریگستان میدان نظر آیا، ابھی یہ قیامت نما منظر آنکھوں میں منڈلا رہا تھا کہ حر ابن ریاحی یزیدی لشکر جس کی تعداد ایک ہزار تھی وہ حر ابن ریاحی نے آگے بڑھ کر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو سلام عرض کر کے کہا حضور میں اس لئے یہاں دوبارہ آیا ہوں کہ مجھے عبید اللہ ابن زیاد گورنر کوفہ نے اور عمر و ابن سعد سپہ سالار فوج یزیدی نے مجھے خط لکھ کر روانہ کیا ہے۔ (الحیات الخفی ۲: ۱۸۴)

جب تمہیں میرا خط ملے تو حسین کو وہیں روک لو اور ان کو بے آب و گیاہ جگہ پر اترنے کو مجبور کر دو میں نے اپنے قاصد کو کہہ دیا ہے کہ یہ تمہارے حکم کی تعمیل کی مجھے اطلاع دے۔ (الحیات الخفی ۲: ۱۸۴)

یہاں پر بھی معلوم ہوتا ہے کہ گورنر کوفہ کو حر ابن ریاحی کے متعلق نرم رویہ کے متعلق اطلاع ہو چکی تھی اس لئے کہ مقام سرات پر بھی یہی آ کر ملے لیکن قافلہ بیت کے ساتھ کوئی کاروائی عمل میں نہ لائی گئی بلکہ اس راستہ سے ہٹا کر راہ شام اختیار کرا دی اور نہ ہی انہیں موجود پا کر گرفتار کیا گیا۔ ان تمام باتوں سے وہ بخوبی واقف تھے جبھی ایک جاسوس کو ان کے ہمراہ روانہ کیا گیا اور تاکید کی گئی کہ جہاں انہیں پاؤ روک لو۔

## سولہویں منزل کربلا

اس چٹیل ریگستانی میدان میں قافلہ اہل بیت نبوت اور ان کے احباب کو روکنا تھا کہ پھر سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا اچھا ہم یہاں ہی رک جاتے ہیں اتنا تو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بتاؤ کہ اس ہولناک میدان کا کیا نام ہے۔ جواب دیا گیا اس جگہ کو کربلا کہتے ہیں۔ یعنی مصیبتوں اور تکلیفوں والا میدان یا جگہ، سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا اے میرے اللہ ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں اس کرب و بلا سے، سیدنا امام عالی مقام نے یہ کہہ کر اپنے احباب اور خاندان کو فرمایا۔ یہی وہ ہماری جگہ ہے جہاں ہم نے لنگر ڈالنے ہیں اور ہمارے خون بہائے جانے ہیں اور یہی ہماری قبروں کے محل ہیں اور یہاں وہ مقام ہے جس کے متعلق میرے جد تاجدار آقا سید الابرار سرکار سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے خبر دی ہے۔ (حیات الحی ۲:۱۸۶)

چنانچہ خیمے نصب کر لئے گئے اور آل رسول کے بڑے اور چھوٹوں نے اپنی قیام گاہ کر لی اور رفقاء و احباب حسینی نے اپنے اپنے ٹھکانے بنا لئے۔ یہ محرم الحرام ۶۱ ہجری پنجشنبہ کا روز ہے کہ قافلہ اہل بیت رسول نے اس کربلا کی اس زمین میں ورود مسعود فرمالیا، حر ابن ریاحی نے جب ان کو یہاں ٹھہرالیا اور آگے نہ جانے دیا تو پھر اس کی اطلاع عبید اللہ ابن زیاد اور سپہ سالار فوج عمرو ابن سعد کو کر دی گئی کہ ہم نے نواسۂ رسول اور ان کے خاندان اور احباب کو اس جگہ پر گھیر لیا ہے انہوں نے کہا تھا کہ مجھے کچھ آگے چلنے دو لیکن ہم نے ان کو نہیں جانے دیا۔

جب حر نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو کربلا میں اترنے پر مجبور کر دیا تو اس نے ابن زیاد کو اس بات کی اطلاع دی، یہ وقت وہ تھا جب کہ ایران میں بغاوت ہو گئی تھی جس کو کچلنے کے لئے عمرو بن سعد کو چار ہزار فوج کا سردار بنایا گیا تھا اور ملک ایران میں تہران کا علاقہ کی حکومت کا پروانہ لکھ دیا گیا تھا۔ ابن سعد اپنی فوج کے ساتھ نکل کر ابھی تھوڑی ہی دور پہنچا تھا کہ ابن زیاد نے اسے واپس بلا کر حکم دیا کہ پہلے حسین کی مہم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سر کرلو اس کے بعد ایران کی طرف روانہ ہونا۔

## خولی بن یزید اور شمر کا خبیث یزیدی گروہ

ادھر عبیداللہ ابن زیاد نے کوفہ میں یزید کی حمایت پر لوگوں کو مال و متاع کے لالچ کی مہم تیز کردی اور ہر آدمی کو یزید کی حکومت کی طرف سے سو سو درہم بطور وظیفہ تقسیم کرنے شروع کر دیئے تاکہ لوگ امام عالی مقام کے ورود کربلا میں اس کی خبر وہاں ان تک نہ پہنچ سکیں کوئی ان کی حمایت نہ کر سکے اور ساتھ ہی دھمکی دے دی کہ جو کوئی ان کا ساتھ دے گا۔ یا ان کی حمایت کرنے کی غرض سے ان تک جانے کی کوشش کرے گا اسے قتل کر دیا جائے گا علاوہ ازیں تمام کوفہ والوں اور اردگرد دیہاتوں پر ناکہ بندی کرادی کہ کوئی حضرت امام تک نہ پہنچنے پائے اور خولی بن یزید ذی الجوشن کی نگرانی میں مزید فوجیں کربلا میں بھیجتا رہا ان دونوں خبیثوں کا وہاں پہنچنا تھا کہ انہوں نے دوسری شرارت یہ کی عبیداللہ ابن زیاد کو ایک خط عمر بن سعد سپہ سالار فوج کے متعلق یہ لکھا۔

خلاصہ عبارت یہ ہے کہ اے امیر عمرو بن سعد رات اپنے لشکر سے نکلتا ہے اور حسین رضی اللہ عنہ کے لئے فرش بچھا کر ان کو بلاتا ہے اور رات کافی دیر تک دونوں باتیں کرتے ہیں اصل بات یہ ہے کہ عمر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہمدردی و خیر خواہی کرنا چاہتا ہے اس لئے اس کو حکم دیں وہ اس عہدے سے سبکدوش ہو جائے اور اس کام کی نگرانی میرے سپرد کر دیں میں پھر اس کا خود انجام دوں گا۔

خولی نے جو خط لکھا تھا شمر اس کو لے کر بذات خود ابن زیاد کے پاس آیا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عبید اللہ ابن زیاد کچھ سوچ میں پڑ گیا۔ اس کی خاموشی کو دیکھ کر شمر ذی الجوشن کہنے لگا۔

کیا اے! امیر! حسین رضی اللہ عنہ کی اس بات کو مانتے ہو کہ وہ کسی اور جگہ واپس چلے جائیں جب کہ وہ اس وقت تمہاری گرفت میں آئے ہوئے ہیں اور اگر وہ یہاں سے کسی اور جگہ چلے گئے تو پھر تمہارے ہاتھ نہ آسکیں گے اور وہ طاقتور ہو جائیں گے اور تم لوگ کمزور ہو جاؤ گے پھر ان پر قابو پانا تمہارے لئے ایک مشکل ترین کام ہو جائے گا اس لئے اس کو ہرگز مہلت نہ دو اور نہ بات مانو جب تک وہ امیر یزید کے آگے سر خم نہ کریں۔

ابن زیاد نے یہ بات سنی تو کہنے لگا ہاں بات تو درست ہے لیکن دو روز ہو گئے ہیں ابھی تک مجھے سپہ سالار عمرو بن سعد نے کچھ نہیں لکھا اس کی انتظا کر رہا ہوں۔ شمر کہنے لگا وہ تو حضور کی ہمدردی کرتا پھرتا ہے وہ کچھ نہیں کرے گا تم ہم کو حکم کر۔ عبید اللہ نے کہا اچھا میں عمرو بن سعد کو خط لکھتا ہوں اگر اس نے پھر عمل نہ کیا تو یہ کام تم لوگوں کے سپرد کر دیا جائے گا۔

خلاصہ اس خط کا یہ ہے۔

اے عمرو بن سعد میں نے تم کو حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ صلح کرنے کے لئے نہیں بھیجا اور نہ اس لئے بھیجا ہے کہ تم اس کی سفارش کرو اور نہ اس لئے کہ تم اس کے ساتھ رات کی تنہائی میں بیٹھ کر باتیں کرو جیسا مجھے اس کی اطلاع ملی ہے اچھی طرح سمجھ لو کہ حسین رضی اللہ عنہ اور اس کے ساتھی میرے حکم کے آگے سر جھکا لیں تو ان کو سلامتی کے ساتھ میرے پاس بھیج دو اگر وہ انکار کریں تو ان کا پانی بند کر دو یہود و نصاریٰ کے لئے پانی پینا حلال ہے اور حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کے لئے حرام ہے۔ ان تک پانی کا ایک

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



قطرہ نہ پہنچنے پائے تم جانتے ہو کہ امام التقی والنقی عثمان ابن عفان امیر المومنین والمسلمین کے ساتھ بھی ایسا کیا گیا تھا اگر وہ پھر بھی میری بات نہ مانیں تو ان کو قتل کر دو اور کوئی لحاظ نہ کرو اگر تم میری بات کو نہ مانو اور ایسا نہیں کرنا چاہتے تو ہمارے لشکر سے چلے جاؤ اور باگ دوڑ شمر ذی الجوشن کے حوالے کر دو اور اگر تم نے ایسا کر لیا جیسا میں لکھ رہا ہوں تو پھر تم کو جیسا کہا گیا ہے اس کا انعام و اکرام اور ملک کی حکومت دی جائے گی۔

اس خط کو لے کر شمر ذی الجوشن بڑی خوشی سے ناچتا ہوا جب لے کر آیا تو اس نے عمرو بن سعد کے حوالے کیا کہ یہ امیر عبیداللہ ابن زیاد نے بھیجا ہے عمرو بن سعد جب یہ خط کھول کر پڑھا تو فوراً یہ الفاظ کہے۔

خدا تمہیں ہلاک کرے اور اللہ تمہیں دفع دور کرے جو کچھ یہ میرے پاس (یعنی ایسا خط) لائے ہو اور اسے غارت کرے مجھے پتہ تھا کہ تم نے ابن زیاد کو ابھارا ہے اور میرے مشورہ سے اسے روکا ہے۔

وہ حسین رضی اللہ عنہ جس کی رگوں میں حیدر کرار کا خون ہے اور وہ پاک دودھ ہے جو کبھی ایسا کرنے کو تیار نہیں ہو سکتے۔ جیسا تم لوگ چاہتے ہو یعنی یزید پلید کے ہاتھ میں پاک ہاتھ نہیں دیں گے۔

شمر ذی الجوشن کچھ نہ کہہ سکا لیکن اتنا ضرور کہا اچھا بتاؤ یہ کام کرنا ہے یا کہ نہیں عمرو سعد نے کہ

لَا ولا کرامۃ وَلٰکِنْ اتولِی فِکنْ اَنْتَ علی الرجالۃ۔

اس کام کو میں خود ہی سرانجام دیتا ہوں پیدل فوج کی ذمہ داری تم خود

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سنبھال لو یہ تمہارے سپرد ہے۔

ان متذکرہ بیان سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ عمرو بن سعد دلی طور پر قطعاً امام عالی مقام سے ایسا نہیں کرنا چاہتا تھا کہ اہل بیت کے خون مقدس سے اپنے ہاتھوں کو رنگین کرے اور ہمیشہ کے لئے اہل بیت اطہار کے خون کا داغ اس پر بحیثیت عہدہ سپہ سالاری یزید فوج آوے اور اس میں ذرا برابر بھی خود کو شریک کرے۔ لیکن بدنصیبی اس کی کہ دنیا کے مال و متاع اور ملک رے کی حکومت کے لالچ نے اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ اس قتل و جنگ سے بھی خلاصی چاہتا تھا اور لالچ بھی کرتا تھا۔ مگر ابن زیاد کی فتنہ پروری اور خونریزی کے ناپاک ارادوں نے عمرو بن سعد کی جو کوشش مصلحانہ تھا اس کو پورا نہ ہونے دیا۔

(الحیات ج ۲ ص ۱۹۳، ۱۹۴)

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور یزیدی فوج کے سربراہ عمرو بن سعد کی آخری گفتگو

چنانچہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے جب عمرو بن سعد کی مایوسی اور خاموشی دیکھی تو آپ نے جان لیا کہ یہ یزید حکومت کے ناپاک احکامات جو میرے متعلق کیے گئے ہیں اس پر یہ تفکر میں پڑا ہوا ہے آپ نے خود اس کو پیغام بھیجا کہ آج کی رات مجھے ملو تا کہ تم سے کچھ ضروری باتیں کروں اس نے کہلا بھیجا کہ فلاں علیحدہ مقام پر آپ سے ملاقات کروں گا سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ جب اس وقت رات کو گئے تو شہزادہ علی اکبر اور احمد رعلی بن سعد خود اور ہمراہ اپنا بیٹا حفص اور ایک خاص غلام ہمراہ لے گیا سیدنا امام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عالی مقام رضی اللہ عنہ کے اس رویہ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ابن سعد کی اس مایوسی کو بھی برداشت نہ کر سکے اور خود اس کو ملنے کی خواہش ظاہر کی تاکہ دشمن کو کسی بات کا کہیں سراغ نہ مل سکے جس سے وہ خود کو بارگاہ خداوندی میں عذر کر کے بچا سکے اور یہ حکیمانہ اقدام تھا۔

جب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور عمرو بن سعد کے درمیان گفتگو ہوتی رہی اور موجودہ صورتحال پر کئی امور زیر بحث آئے اور سلسلہ کلام بڑھتا گیا یہاں تک کہ آپ سے مخصوص باتیں بھی ہوئیں جن کا حاصل یہ ہے۔

کیا تو اس خدا سے نہیں ڈرتا جس کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے تو مجھ سے جنگ کرتا ہے حالانکہ تو اچھی طرح جانتا ہے کہ میں کس کا فرزند ہوں اس قوم کو چھوڑ اور میرا ساتھ دے یہ بات خدا کی خوشنودی کے زیادہ نزدیک ہے۔

عمرو بن سعد نے کہا مجھے خوف ہے کہ میرا گھر ڈھا دیا جائے گا سرکار امام رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر ان لوگوں نے تمہارا گھر ڈھایا تو میں تمہیں گھر بنا دوں گا۔ عمرو سعد نے کہا مجھے خطرہ ہے کہ میری جائیداد ضبط کر لی جائے سرکار امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا مالی بالحجاز میں اپنے مال حجاز سے تیری موجودہ جائیداد سے بہتر جائیداد تجھے لے کر دوں گا عمرو بن سعد نے کہا میرے اہل و عیال ہیں مجھے ان کی ہلاکت کا ڈر ہے اس کے بعد سعد خاموش ہو گیا اور سرکار امام حسن رضی اللہ عنہ اٹھ کر کھڑے ہوئے اور فرمایا تجھے کیا ہو گیا۔ اللہ تجھے نہ بخشے گا اور توقع ہے کہ تو اب زیادہ تر عراق کی گندم نہیں کھا سکے گا عمرو بن سعد نے بطور تمسخر (مذاقیہ) یہ کہا اچھا گندم نہ ملی تو جو کھا کر گزارہ کر لیں گے۔ یہ اس کا مذاق تھا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



یہ تھیں وہ آپس کی آخری باتیں لیکن بعض لوگوں نے اس مابین گفتگو کو کئی طریقوں سے بیان کر دیا اور کئی من گھڑت بھی بنالیں۔ صاحب علامہ الحیات فرماتے ہیں تحدث الناس فیما بینھما ظنا تظنونه۔ لوگوں نے اس مابین گفتگو کو قیاس آرائیوں سے بیان کیا ہے اور ہم نے جو کچھ صحیح ہے وہ بیان کر دیا ہے۔

## حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا کربلا کے میدان میں پہلا خطبہ

محرم الحرام کی ۲ تاریخ ۶۱ھ کو سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے میدان کربلا میں خیمے نصب فرمانے کے بعد سب سے پہلے اپنے اہل بیت و رفقاء و احباب کو جو خطبہ اور نصیحتیں فرمائیں اس کا مضمون یہ تھا۔

آپ نے اپنی اولاد اور بھائیوں اور تمام اہل بیت کو جمع کیا اور ایک ساعت ان کی طرف دیکھتے رہے اور رو پڑے اور بارگاہ خداوندی میں یوں عرض کیا۔

اے اللہ ہم تیرے نبی کی عزت ہیں اور ہم کو زبردستی آقا دو جہاں ﷺ کے شہر اور حرم سے دور کیا گیا اور ہم پر ظلم و ستم کیا گیا تو ہمارے حق کو پورا فرما اور ظالموں پر فتح و نصرت عطا فرما۔

عام لوگ دنیا کے بندے ہیں اور انہوں نے دین کو ایک چاٹ بنایا ہوا ہے اور وہ دین میں ظاہری طور پر اس وقت تک رہتے ہیں جب تک ان کی مالی حالت بہتر رہتی ہے لیکن جب کسی آزمائش کا وقت آتا ہے تو دیندار بہت کم لوگ ثابت ہوتے ہیں۔ (الحیات الحقی ۲:۱۸۶)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# سفر شہادت

## سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے نام عبید اللہ ابن زیاد والی کوفہ کا خط

سیدنا امام عالی مقام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے ساتھیوں کے ورود کربلا کا جب والی کوفہ عبید اللہ ابن زیاد کو علم ہوا تو اس نے اولین سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو ایک خط بھیجا جس کا مضمون یہ تھا۔

الحاصل یہ ہے کہ اے حسین رضی اللہ عنہ مجھے آپ کے کربلا پہنچنے کی خبر ملی ہے اور امیر یزید نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اس وقت تک نرم تکیہ پر سر نہ رکھوں اور نہ عمدہ خوراک کھاؤں جب تک آپ کو قتل نہ کرلوں مگر یہ کہ آپ میرے اور یزید کے حکم کے آگے سرخم تسلیم کرلیں۔ (الحیات الخفی ۲:۱۸۹)

خط کے مضمون سے ظاہر ہوتا ہے کہ عبید اللہ ابن زیاد نے حضرت امام رضی اللہ عنہ کو قتل کی دھمکی دے دی اور واضح کر دیا کہ اگر آپ امیر یزید کے آگے سرخم نہ کریں گے تو اس وقت تک میں آرام کی غذا نہیں کھا سکوں گا یا جب تک آپ کو قتل نہ کر دیا جائے دو چیزیں ہی ہیں یا تو بیعت یزید اور قتل ہونا، اس خط کو پڑھنے کے بعد سیدنا امام عالی مقام نے اس کو پھینک دیا اور زبان اطہر سے یہ جملے فرمائے۔

وہ قوم کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی جو اللہ تعالیٰ خالق حقیقی کی ناراضگی کے عوض مخلوق کی رضامندی خریدے۔

جب قاصد نے جواب کا تقاضا کیا تو آپ نے فرمایا۔

میرے پاس اس خط کا کچھ جواب نہیں ہے پس ایسا شخص عذاب خداوندی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



میں مبتلا ہوگا۔ (الحیات الحمی ۲:۱۸۹)

جب قاصد نے عبیداللہ ابن زیاد کو سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے رویہ سے آگاہ کیا تو اس کو یہ یقین ہو گیا کہ میری قاتلانہ دھمکیوں سے آپ مرعوب نہیں ہوئے اور ان کو کسی قیمت پر امیر یزید کی بیعت کرنا گوارہ نہیں، اب بجز اس کے کچھ اور چارہ نہیں کہ ان کو ظلم وستم کا نشانہ بنایا جائے تو عبیداللہ ابن زیاد نے پھر دوسرا کام یہ کیا کہ اب آپ کے مقابلہ کے لئے لشکر بھیجنے پر تل گیا۔

## عبیداللہ ابن زیاد کا مختصر تعارف

اب رہا عبیداللہ ابن زیاد گورنر کوفہ تو اس کے متعلق بھی اکثر دریافت کیا جاتا ہے کہ یہ کون تھا اور ابن زیاد کیوں کہا جاتا ہے تو عبیداللہ ابن زیاد یزید، ابن معاویہ کا چچا زاد بھائی تھا اصل نام عبیداللہ ہے اور باپ کا نام زیاد ہے عام طور پر اس کو بھی ابن زیاد کہا جاتا ہے لیکن مراد یہی ہے کہ عبیداللہ، عبیداللہ کے باپ کو جو زیاد تھا اس کو بھی ابن ابوسفیان کہا جاتا ہے زیاد کی ماں کا نام سمیہ تھا، یزید جب عنانِ سلطنت پر آیا تو اس نے عبیداللہ کو بصرہ کا گورنر لگا دیا (اس کی ایک خاص وجہ تھی) اس وقت عبیداللہ کی عمر ۲۲ سال تھی پھر اس نے کچھ دیر بعد جیسا کہ آپ جان چکے ہیں کہ کوفہ کا بھی گورنر بنا دیا عبیداللہ ابن زیاد ایک مرجانہ لونڈی کا لڑکا تھا اور یزید اسے اپنے منہ نہ لگاتا تھا مگر خراسان اور بصرہ کا اس کو حاکم بنا دیا اور پھر اسے معزول بھی کر دیا، جب یزید کو ہوشیار، عیار، تیز مکار کوئی اس سے زیادہ نظر نہ آیا تو اس نے عبیداللہ ابن زیاد کو بصرہ اور کوفہ کا گورنر بنا دیا یہی یزید کی توقعات تھیں جو اس نے اس سے پوری کرائیں اور اس نے یزید کی ناراضگی کو خوشی میں بدلنے کے لئے ایسے ہی کام کر دکھائے جس سے یزید خوش

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہو جائے۔(الحیات الخفی ۲:۱۸۹)

## ۳ محرم اور کربلا میں عمرو بن سعد چار ہزار یزیدی لشکر کے ساتھ

یاد رہے کہ عبیداللہ ابن زیاد نے کربلا میں فوجیں بھیجنے سے قبل عمرو بن سعد سپہ سالار کو کہا کہ قزوین (ایران) کے مضافات میں دیلمیوں نے خروج کر کے سرحدی علاقہ دستبی پر قبضہ کرلیا ہے میں تم کو علاقہ (ایران) دوستبی کا پروانہ دیتا ہوں ان لوگوں کی سرکوبی اور مقبوضہ علاقہ کی بازیابی کی مہم پر روانہ کرتا ہوں چنانچہ عمرو بن سعد چار ہزار کا لشکر مسلح لے کر روانہ ہوا اور ابھی وہ بمقام حمام اعین لشکر سمیت پہنچا تو اسی اثناء میں عبیداللہ ابن زیاد کو سیدنا امام عالی مقام کے قافلہ کی کربلا میں پہنچنے کی اطلاع ہوگئی تو عبیداللہ ابن زیاد نے فوراً عمرو بن سعد کو بلا کر کہا کہ اس کربلا والوں سے پہلے نپٹ لو بعد میں کوئی اور کام کریں گے عمرو بن سعد نے بطور معذرت کہا کہ میں جس کام کے لئے جارہا ہوں مجھے جانے دو اس کام کے لئے کسی اور کو مامور کردو، عبیداللہ ابن زیاد نے کہا جو کام تم کر سکتے ہو وہ کون کرے بہتر یہی ہے کہ وہی چار ہزار لشکر لو اور واپس کربلا لے آؤ۔ ابن سعد نے کہا اچھا پھر آج کی رات مجھے کچھ غور کر لینے دو صبح سوچ کر قدم اٹھائیں گے۔

ابن سعد گھر آیا اور احباب و اقارب سے مشورہ کیا کہ عبیداللہ ابن زیاد یہ کہتا ہے اور مجھے کچھ اپنی رائے دو سب نے بلکہ اس کے بھانجے حمزہ بن مغیرہ نے بھی اس کو یہاں تک کہہ دیا کہ تم اگر روئے زمین کی بادشاہی مل جائے یا روئے زمین کی بادشاہی پر مسلط ہو اور تجھے چھوڑنی پڑے تو چھوڑ دے لیکن یاد رکھ نواسہ رسول اور ان کے خاندان عالیہ کے مدمقابل نہ ہونا ابن سعد نے وعدہ کرلیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# عمرو بن سعد کا مختصر تعارف

یاد رہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ مشہور صحابی رسول ہیں اور آپ ان دس خوش نصیب صحابہ سے ہیں جنہیں جنت کی بشارت دی گئی ہے۔

عمرو ان کا ہی بیٹا تھا اس لئے اس کو ابن سعد کہتے ہیں، اصل نام عمرو ہے ابن سعد کے معنی سعد کا بیٹا اور سعد کا بیٹا جو یہاں پر اکثر استعمال کیا جاتا ہے، وہ عمرو ہی ہے۔ (آخر انجام بھی ملاحظہ کریں گے)

اب جب اپنے اقرباء سے ابن سعد یہ وعدہ کر چکا کہ وہ آل رسول کے خلاف قطعاً کوئی اقدام نہیں کریں گے۔ لیکن اس وعدہ کی پابندی اس کے لئے دشوار مسئلہ بن گئی وہ یہ کہ اس کے دل و دماغ میں ملک کی حکومت کا لالچ آ گیا اور یہ بھوت ایسا اس کے سر پر سوار ہوا کہ وہ اسے حاصل کرنا چاہتا تھا۔ بالآخر اس نے یہی سوچا کہ آل رسول کا احترام جاتا ہے تو جائے ان پر جو ہوتا ہے ہو جائے کچھ پرواہ نہیں لیکن ملک ہاتھ سے نہ جائے، گویا کہ حکومت نقد ہے اور اہل بیت اطہار اور جنت ادھار ہے اس نقد کو چھوڑ کر ادھار کا سودا کیوں کیا جائے۔ چنانچہ اس نے ابن زیاد سے اپنی رضامندی کا اظہار کر دیا اور ابن زیاد نے وہی چار ہزار کا لشکر جرار دے کر جو پہلے تو اسے دیلمیوں کی سرکوبی کے لئے دیا تھا اب نواسہ سید الابرار خاندان آل اطہار احمد مختار کو ظلم و ستم کا نشانہ بنانے کے لئے تین محرم الحرام ۶۱ ھ کو کربلا پہنچ گیا۔ (الحیات الخفی ۲:۱۹۱)

## بیعت یزید پر اقبال ورنہ موت کے لئے تیار

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عمرو ابن سعد جب چار ہزار لشکر یزید لے کر کربلا پہنچ گیا تو حر ابن ریاحی کا لشکر جس کی تعداد ایک ہزار تھی وہ بھی ان کے ساتھ شامل ہوا اور اب محرم الحرام کی تین تاریخ ہے کہ خاندان اہل بیت ؓ کے مقابلہ کے لئے جمع ہو گیا، اب عمرو بن سعد نے اپنے ایک خاص قاصد قرت بن قیس حنظلی کو سیدنا امام ؓ کے پاس بھیجا اور زبانی پیغام دیا کہ آپ یہاں کس طرح تشریف لائے ہیں۔

سیدنا امام حسین ؓ نے فرمایا:

تمہارے شہر والوں نے مجھے خطوط لکھے کہ ہماری طرف آئیں تو مجھے آنا پڑا اگر میرا آنا ناپسند ہے تو میں واپس چلا جاتا ہوں۔ (حیات الحُکمی ۲:۱۹۲)

قاصد نے جب عمرو بن سعد سپہ سالار فوج کو حضرت امام کا یہ جواب دیا تو اس نے کہا کہ امید ہے کہ یعافی اللہ من حربہ امید ہے کہ اللہ مجھے ان سے جنگ کرنے سے بچالے گا اس کے بعد عمرو بن سعد نے عبید اللہ ابن زیاد کو لکھ بھیجا کہ امام حسین ؓ کا نظریہ اور خیال بالکل درست ہے وہ یہاں کے لوگوں کے کہنے پر تشریف لائے اور اب وہ کہتے ہیں کہ اگر میرا آنا تم کو ناپسند ہے تو میں واپس چلا جاتا ہوں یہ خط ملنے پر قرب بن قیس حنظلی اور ایک شخص حسان بن قائد یحییٰ جو اس وقت عبید اللہ ابن زیاد کے پاس موجود تھا، کہتے ہیں کہ عبید اللہ کہنے لگا ہمارے پنجرے میں شکار آ جائے اور پھر وہ ایسے ہی واپس چلا جائے وہ یزید امیر کے آگے سر خم کریں یا مرنے کے لئے تیار ہو جائیں، عبید اللہ ابن زیاد نے پھر عمرو ابن سعد سپہ سالار فوج یزید کو اس مضمون کا خط لکھا۔

مجھے تمہارا خط ملا اور حالات سے آگاہی ہوئی حسین ؓ سے یہ کہو کہ وہ خود

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اور اپنے تمام اصحاب سمیت یزید امیر کی بیعت کر لیں پھر ان کے متعلق دیکھیں گے۔ (الحیات الحقی ۲:۱۹۶)

اب یہ خط عمرو بن سعد کو ملا تو وہ خط پڑھتے ہی کہنے لگا مجھے پتہ تھا کہ عبید اللہ ابن زیاد صلح کو پسند نہیں کرے گا اور وہی ہوا، اس خط کو عمرو بن سعد نے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ ذکر نہ کیا اس لئے کہ وہ جانتا تھا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ یہ کسی قیمت پر تسلیم نہیں کریں گے کہ وہ یزید لعین کی بیعت کریں۔

## یزیدی لشکر جرار کی کل تعداد تیس ہزار

عبید اللہ ابن زیاد بذات خود کوفہ اور کربلا کے درمیان ایک جگہ مقام نخیلہ پر آ گیا اور یہاں اقامت اختیار کی۔ نوے میل کوفہ دار الامارت تک حالات کے پہنچنے میں تاخیر ہوتی ہے۔ وہ دور ہو جائے میں اتنا نزدیک ہو جاؤں کہ تمام کام کی دیکھ بھال بھی ہوتی رہے اور مجھ تک جلدی جلدی خبریں پہنچتی رہیں چونکہ یہ پہلے حر ابن ریاحی کی سربراہی میں ایک ہزار کا لشکر بھیج چکا تھا اور پھر اس کے بعد چار ہزار کا لشکر عمرو بن سعد کے ہمراہ روانہ کر چکا تھا اور پھر برابر لشکر کے لشکر بھیجتا رہا، جس کی تفصیل اس طرح ہے۔ شمر ذی الجوشن چار ہزار، کعب بن طلحہ تین ہزار، شیث بن ربعی ایک ہزار، حصین بن نمیر چار ہزار، نصر بن حرثہ تین ہزار، حجار بن اجبر ایک ہزار، مفاریر بن وصنہ مازنی تین ہزار، یزید بن رکاب کلبی دو ہزار، یہ کل تعداد پچیس ہزار ہوتی ہے۔ لیکن اگر تحقیق کی روشنی میں ان کی کل تعداد دیکھی جائے تو وہ اعلیٰ ثبوت سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے آپ سے پوچھا گیا کہ حضور کتنی فوج اشقیا یزیدی لشکر کی تعداد تھی تو آپ نے فرمایا میں نے جو اس وقت سنا اور جو میری آنکھوں نے دیکھا وہ تعداد تیس ہزار کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



لگ بھگ تھی۔(الحیات الطبی ۲:۱۰۲)

الحاصل کلام سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ ابن حسین رضی اللہ عنہ یہ ہے کہ ابن زیاد نے اس قدر لشکر پرلشکر روانہ کئے کہ ان کی تعداد تیس ہزار ہوگئی اور اس کے باوجود عبیداللہ نے عمرو بن سعد کو لکھا کہ دیکھو میں نے فوجیں بمعہ سواریوں اور تیروں برچھوں اور تلواروں (اسلحہ جنگ سے لبریز) تمہیں دے دی ہیں اور صبح و شام مجھے تمہارے کام کی خبر ملتی رہنی چاہیے، اب تمہیں کسی قسم کے عذر کی گنجائش نہیں رہی (یعنی بہانہ جنگ نہ کرنے کا) اور یہ فوجیں جن کی تعداد تیس ہزار تھی چھ یوم تک پہنچ چکی تھیں معلوم ہوا کہ یزیدی فوج کی کل تعداد تیس ہزار تھی اور یہ تمام لشکر جرار صرف اور صرف ایک میدان کربلا میں اس لئے اکٹھا کیا گیا تا کہ نواسہ سیدالابرار لخت جگر بنت نبی الاطہار اور جگر گوشہ حیدر کرار اور ان کے خاندان کے رفقاء احباب و اصحاب کو قتل کر دیا جائے اور کربلا کی زمین ان کے خون سے رنگین ہو جائے، پھر حیرت ہے کہ اتنا لشکر جرار صرف ۱۴۵ نفوس عالیہ کے لئے جمع کیا گیا، کہاں تیس ہزار اور کہاں ایک سو پینتالیس۔

## سپاہ حسینی کی کل تعداد ایک سو پینتالیس تھی

مناسب سمجھتا ہوں کہ یہاں پر یہ بات واضح کر دی جائے کہ جہاں تک لشکر یزید اور سپاہ حسینی کا تعلق ہے اس میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے بعض نے یزیدی فوج کی تعداد بیس ہزار اور بعض نے پچاس ہزار اور بعض نے پینتیس ہزار اور بعض نے بائیس ہزار اور بعض نے تو اسی ہزار اور بعض نے اٹھارہ ہزار لکھی ہے یہ تمام اقوال افراط و تفریط سے خالی نہیں ہیں اور ایک دوسرے سے بڑھتے یا کم ہوتے گئے لیکن میں نے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جو اصل تحقیق کی اس کے مطابق تیس ہزار تک یزیدی لشکر کی تعداد تھی رہا سپاہ حسینی کی تعداد تو اس میں بھی شدید اختلاف موجود ہے بعض نے ان کی تعداد بہتر لکھی ہے بعض نے بیاسی بعض نے ستتر بعض نے تہتر بعض نے ایک سو چالیس بعض نے ایک ہزار یعنی یہ بھی ایک دوسرے سے کچھ کم اور کچھ بڑھ کر لکھی گئی ہیں لیکن مستند کتابوں میں با تحقیق سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے صحیح تعداد کا پتہ چلتا ہے کہ سپاہ حسینی کی تعداد کتنی تھی تو آپ نے فرمایا کہ کل تعداد کہ تمام رفقاء و احباب و اہل بیت سمیت کی تعداد کل ایک سو پینتالیس تھی یہ تھے جملہ سپاہ حسینی کے نفوس عالیہ کی تعداد جو مستند کتابوں میں موجود ہے۔ (الحیوۃ الکبریٰ ۲:۲۰۴)

## ساتویں محرم ساقیٔ کوثر کی آل پر بندش آب

وہ بات جو ۲ محرم سے ۶ محرم کو اس تکمیل پر آ پہنچی کہ دریائے فرات کا پانی جس کو پانچ یوم تک تو پہلے ہی بڑی دشواری کے ساتھ اس آب و گیاہ چٹیل میدان میں دریائے فرات سے خاندان نبوت کو پانی استعمال کرنے یا پینے کے لئے بندش کو عملی شکل دی جا رہی ہے یزیدی فوج کے سربراہ نے عمرو بن سعد نے زبیدی کو سینکڑوں کی تعداد میں فوجی دستہ دیا کہ تم دریائے فرات پر سب کو متعین کر دو اور اتنی دیر تک پہرہ لگاؤ کہ سپاہ حسینی میں سے کوئی بھی کسی حصہ سے بھی پانی نہ لے سکے ایک قطرہ پانی ان تک نہ پہنچنے پائے۔

اِمْنَعْهُ مِنَ الْمَاءِ فَلَا يَذُوقُوا مِنْهُ قَطْرَةً۔ (الحیات الکبریٰ ۲:۲۰۵، ۲۰۶)

اب اس بندش آب کے بعد قافلہ حسینی اور ان کے رفقاء و احباب اور

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بالخصوص خواتین مقدسہ اور بچوں پر کیا گزر رہی ہوگی جب زمین آگ اگل رہی ہو اور آسمان تپش دے رہا ہو اور کوئی ٹکڑا سایہ کے لئے نظر نہ آ رہا ہو ایسے چٹیل ریگستانی تپتے ہوئے میدان میں جب پانی تک بند کر دیا جائے تو اس کا اندازہ لگانا مشکل ہوگا کہ آل خاندان نبوت کا کیا حال ہوگا بوجہ شدت پیاس العطش، العطش کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں اور ساقی کوثر کے خاندان کے دلارے آج قطرہ آب کو ترس رہے ہیں۔

## حصول آب کے لئے بریدبن خضیر ہمدانی کی کوشش کارگر نہ ہو سکی

جب پیاس کی شدت بڑھ گئی تو سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے رفقاء واحباب میں سے ایک شخص بریدبن خضیر ہمدانی نے سیدنا امام عالی مقام سے اجازت طلب کی کہ اس بندش آب اور خاندان نبوت کی العطش کی صداؤں کے پیش نظر مجھے یزیدی فوج کے سربراہ عمرو بن سعد سے بات کرنے دیں چنانچہ بریدبن خضیر ہمدانی نے سیدنا امام عالی مقام سے اجازت لے کر عمرو بن سعد کے پاس گئے تو اس سے کوئی سلام وغیرہ نہ کیا۔ اس نے کہا اے ہمدانی کیا میں مسلمان نہیں ہوں جو تم نے مجھے سلام بھی نہیں کیا ہمدانی نے کہا انت مُسلِمًا اَفَجِئتَ اِلٰی عِترَۃِ رَسُوْلَ اللّٰہِ تُرِیدُ قَتلَھُم کیا تم مسلمان ہو جو کہ رسول ﷺ کی عترت کے قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہو عمرو بن سعد نے اس بات کا جواب کچھ نہ دیا پھر ہمدانی نے کہا۔

دریائے فرات کا پانی خوش طیور پی رہے ہیں لیکن حسین ابن علی رضی اللہ عنہ اور ان کے بھائی اور خواتین اور اہل بیت اور بچے پانی نہ ملنے پر دم توڑ رہے ہیں۔

اس کے جواب میں عمرو بن سعد نے کہا۔

اے ہمدانی میں خوب جانتا ہوں کروں کیا مجھے عبیداللہ ابن زیاد نے اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کام پر مامور کیا ہے ہمدانی کو یقین ہو گیا کہ ان پر قطعاً کچھ اثر نہیں، مایوس ہو کر بارگاہ امام میں واپس آ گئے۔

## نویں محرم اور ایک رات کی مہلت

نویں محرم کے عصر کے وقت عمرو بن سعد نے اپنی فوجوں کو پیش قدمی کا حکم دیا اور ظالم کثرت سپاہ اور مادی قوت و طاقت کے نشہ میں سرشار ہتھیاروں کو جھنکارتے اور گھوڑوں کو دوڑاتے ہوئے آگے بڑھے، رفقاء واحباب نے امام عالی مقام سے عرض کیا حضور یہ حملہ کے ارادے سے آ رہے ہیں حضرت امام عالی مقام نے فرمایا ان سے جا کر پوچھو کہ تم کیا چاہتے ہو چنانچہ بیس سوار ان کی طرف بڑھے اور جا کر ان سے کہا ظالموں کیا چاہتے ہو، کہنے لگے ہمیں والی کوفہ کا حکم نامہ آیا ہے کہ یا تو یزید کی بیعت کر لو ورنہ فیصلہ کن جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ جب یہ پیغام عالی مقام کو دیا گیا تو آپ نے فرمایا ان کو کہو کہ ہم یہ تو نہیں کر سکتے لیکن ہاں اپنی جانیں راہ حق میں دینے کے لئے تیار بیٹھے ہیں لیکن آج رات ٹھہر جاؤ ہمیں صرف ایک رات کی مہلت دے دو پھر تمہارا جس طرح جی چاہے کر لینا عمرو بن سعد نے جواب میں یہ کہلا بھیجا ٹھیک ہے اگر آپ کل تک بھی بیعت یزید کو قبول کر لیں گے تو ہم کچھ نہیں کہیں گے ورنہ تمہیں زندہ نہیں چھوڑیں گے۔

## شب عاشورہ کے دلدوز واقعات

آل رسول ﷺ کے لئے یہ شب عاشورہ کی رات تمام راتوں سے سخت رات تھی، تمام ظاہری اسباب منقطع ہو چکے تھے اور سبھی کو اپنی اپنی شہادت کا مکمل یقین

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہو چکا تھا کل کو آنے والے دن کا نقشہ ان کی آنکھوں کے سامنے منڈلا رہا تھا کہ کل شام کیسی قیامت خیز اور خونی منظر کی ہوگی اور ہر ایک کو ایک دوسرے کی محبت میں یہ جدائی وصدمہ ان کے دلوں کو چھلنی کرر ہا تھا، یہ اضطراب ایک فطری تقاضا بھی تھا اس صورت کے مطابق سیدنا امام عالی مقام نے شب عاشورہ کی نماز عشاء ادا فرما کر ایک خطبہ فرمایا۔

خلاصہ خطبہ یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی بہترین حمد وثناء اور وہ حمد وثناء جو ہر حال میں خواہ غمی اور خواہ خوشی میں ہو اس کی تعریف کرتا ہوں اور میں یہی کہتا ہوں اے میرے اللہ تیرا شکر اور احسان ہے جس نے ہم کو آل نبی بنایا اور قرآن سکھایا اور دین حق کی سمجھ عطا فرمائی اور اس بصیرت حق پر قائم رکھا ہم اس کے شکر گزاروں میں سے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ میرے ساتھی نہایت وفادار اور اچھے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو اس کا بہتر صلہ عطا فرمائے، میرا خیال ہے کہ ان سے ہماری جنگ ضرور ہوگی میں تم سے کہہ دینا چاہتا ہوں کہ رات کی تاریکی ہے جس کا دل چاہے وہ بخوشی جا سکتا ہے اور اگر کسی کا ہاتھ پکڑ کر بھی ساتھ لے جانا چاہتا ہے تو اسے بھی لے جائے کسی کو کوئی مجبوری نہیں ہے۔ کیونکہ ان لوگوں کو میری ضرورت ہے جب تک مجھے شہید نہیں کرلیں گے سانس نہ لیں گے۔ (الحیات الخفی ۲: ۲۱۱)

اس خطبہ جلیلہ کے بعد خاندان اہل بیت اور رفقاء واحباب نے ایک زبان ہو کر حضرت امام عالی مقام کو فرمایا۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ خدا کی قسم ہم ایسا کبھی نہیں کر سکتے ہماری جانیں، مال اہل وعیال سب آپ پر قربان ہم آپ کے ساتھ مل کر ان لوگوں سے جنگ کریں گے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس زندگی کا برا حال ہو جو آپ کے بعد ہو اور آپ کو اس حال میں چھوڑیں، ہم اپنے عملی کردار سے ثابت کریں گے کہ اللہ اور رسول پر غیب میں کیسا حق ادا کرتے ہیں، خدا کی قسم ہم کو معلوم ہو کہ ہم ختم کئے جائیں پھر زندہ کئے جائیں پھر زندہ جلا کر راکھ کئے جائیں پھر ستر بار ہماری راکھ اڑا دی جائے اور پھر ایسا ہی کیا جائے تب بھی آپ کو نہیں چھوڑ سکتے اور آپ کے ساتھ رہیں گے ہم کو یقین ہے کہ ایک بار قتل ہوں گے پھر اسی پر ابدی عزت و حیات پائیں گے جو کبھی ختم ہونے والی نہیں ہے۔ (الحیات الخفی ۲: ۲۱۴)

سیدنا امام عالی مقام کو یہ یقین ہو گیا کہ تائید حق میں یہ ساتھی میرے ساتھ دلی طور پر ہیں اور اپنی عزیز جانیں راہ حق میں قربان کرنے کے لئے تیار ہیں اور یہ میرے ساتھ اس طرح مانوس ہیں جیسا کہ ماں کے ساتھ بچہ۔

## جانثاران حق اور جنت کے محل

جب سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے تمام رفقاء و احباب کو آزما لیا تو پھر ان کو فرمایا میں تم کو اب بشارت دیتا ہوں کہ سوائے محرمات رسول کے تم سب کل شہید کر دیئے جاؤ گے اور تمہارے بعد بالآخر میں بھی شہید ہو جاؤں گا۔ تم میں کوئی زندہ نہ بچ سکے گا اور سب شہید کئے جاؤ گے، سب نے عرض کیا: اللہ کا شکر ہے جس نے آپ کے ساتھ ہم کو جان قربان کر دینے کا شرف عطا فرمایا ہے۔ (الحیات الخفی ۲: ۲۱۴)

سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا:

آسمان کی طرف سر کو اٹھاؤ اور آنکھوں سے دیکھو اور اپنے اپنے جنتی محل دیکھ لو پھر ایک ایک کا نام اور محل کی طرف اشارہ کر کے فرماتے یہ اس کا ہے یہ اس کا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



(الحیات الخفی ۲: ۲۱۴)

جب سب کی نگاہوں سے حجاب اٹھے تو انہوں نے اپنی آنکھوں سے جنت میں اپنے اپنے مقامات کا نظارہ کیا تو وہ خوش ہوئے یہی وجہ تھی کہ تائید حق کے ان جانثاروں نے تیروں تلواروں اور نیزوں کے حملوں کو اپنے سینوں اور بدنوں سے روکا تاکہ اس مقام حقیقی وابدی کو جلد از جلد پہنچ سکیں۔

## کربلا میں سیدزادیوں سے سید کا خطاب

اس کے بعد سیدنا امام عالی مقام خیمے کے اندر خواتین محرمات مقدسہ کے پاس تشریف لائے ایک طرف سیدنا امام زین العابدین سخت بیمار پڑے ہیں اور دوسری طرف سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اور ان کے ساتھ دیگر خواتین مقدسہ اور لخت جگر سیدہ سکینہ بیٹھی ہوئی ہیں اور دیکھ رہی ہیں کہ کل کیا ہوگا اور کون ہوگا، اس حال میں حضرت امام عالی مقام نے آکر فرمایا اے خاندان اہل بیت کی سیدزادیوں اور سالار قافلہ سید زادیاں صبر وضبط کرو، یقین رکھو سب اہل زمین مرجائیں گے اور اہل آسمان بھی زندہ نہ رہیں گے، ہر چیز فنا ہو جائے گی سوائے اس اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کے جس نے اپنی قدرت کاملہ سے تمام مخلوق کو پیدا فرمایا اور پھر سب کو اپنی قدرت سے زندہ اٹھائے گا، اور وہ اپنی ذات وصفات میں یگانہ ہے میرے نانا جان جو سب سے بہتر میرے ابا جان جو مجھ سے بہتر میرے بھائی جان جو مجھ سے بہتر ہیں وہ سب اس دار فانی سے رخصت ہو گئے اور دار بقاء چلے گئے تو میں کیونکر یہاں رہ سکتا ہوں پس ہر مسلمان کے لئے رسول اللہ ﷺ کا نمونہ ہے۔(الحیات الخفی ۲: ۲۱۶)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اے میری بہن زینب تم کو بالخصوص تاکید کرتا ہوں کہ صبر کا دامن تھامے رکھنا اگر سالار قافلہ کا یہ حال ہوگا تو میرے چھوٹے بچوں اور بیویوں کی نگہبانی کون کرے گا پھر آپ نے اس کے علاوہ اور وصیتیں فرمائیں اور فرمایا آج تم اللہ تعالیٰ کی خوب عبادت کرو۔

## زمین جگمگا اٹھی جب دل سے کیں عبادتیں

شب عاشورہ کو واعظ و نصیحت کے بعد حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اور آپ کے رفقاء و احباب نے ساری رات اللہ تعالیٰ کی عبادت میں گزاری۔

پس تمام رات نماز و نفل اور استغفار اور دعا و پکار اور گریہ میں اللہ کے حضور گزار دی اور یہی حال آپ کے رفقاء و احباب کا تھا خیام حسینی سے تسبیح و تہلیل کی یوں گنگناہٹ سنائی دیتی تھی جیسے فرشتے تسبیح و تہلیل میں مصروف ہوں، کوئی رکوع میں ہے کوئی سجود میں اور کوئی حضور رب العرش العظیم میں ہے۔

(الحیات الخفی ۲:۲۱۶)

الغرض قافلہ حسینی نے ریگستان کے تپتے ہوئے میدان میں ساری رات عبادت خداوندی سے وہ سماں پیدا فرما دیا کہ کربلا کی زمین ذکر خدا سے جگمگا اٹھی۔

اسلام کے دامن میں بس اس کے سوا کیا ہے

اک ضرب ید اللہی اک سجدہ شبیری

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# روز عاشورا اور کربلا

## سپاہ حسینی اور لشکر اشقیاء

دسویں محرم یوم عاشورہ جمعہ کا مبارک دن آیا حضرت سیدنا امام عالی مقام نے اپنے تمام رفقاء واحباب اور آل نبوت کے ساتھ فجر کے وقت اپنی عمر کی آخری فجر کی نماز باجماعت نہایت ذوق وشوق تضرع وخشوع کے ساتھ ادا فرمائی جس میں قرآن پاک کی آخری تلاوت فرمائی، بعد فراغت خیمہ کے اندر تشریف لائے۔

دسویں محرم کا سورج طلوع ہو گیا لیکن امام عالی مقام اور اہل بیت نبوت اور رفقاء واحباب تین دن کے بھوکے پیاسے ہیں ایک قطرہ آب میسر نہیں اور ایک لقمہ حلق سے نہیں اترا بھوک اور پیاس سے جس قدر ضعف وناتوانی کا غلبہ ہو جاتا ہے اس کا وہی اندازہ کر سکتے ہیں جنہیں کبھی دو تین وقت کے فاقہ کی نوبت آئی ہو پھر بے وطنی، تیز دھوپ، گرم ریت، گرم ہوائیں، انہوں نے ناز پروردگان آغوش رسالت کو کیسا پژمردہ کر دیا ہو گا ان پر جور وجفا کے پہاڑ توڑنے کے لئے تیس ہزار کا لشکر جرار تیر وتبر تیغ وسناں سے مسلح صفیں باندھے موجود ہے جنگ کا نقارہ بجا دیا گیا اور مصطفیٰ ﷺ کے فرزند اور فاطمہ زہرا کے جگر بند کو مہمان بنا کر بلانے والی قوم نے جانوں پر کھیلنے کی دعوت دے دی اور یہ دین اسلام کی حمایت اور حق کی تائید اور جذبہ شہادت سے سرشار اور قوت ایمانی سے مثل سیسہ پلائی ہوئی دیوار کے اہل باطل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سکون ووقار کے ساتھ اذن جہاد کے منتظر ہیں۔

عمرو ابن سعد نے اشقیاء کو حکم دیا کہ میمنہ پر عمرو بن حجاج زبیدی، میسرہ پر شمر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ذی الجوشن، سواری پر عزرہ بن قیس احمسی اور پیادوں پر شیث بن ربعی کو افسر مقرر کر دیا اور جھنڈا اپنے غلام کے ہاتھ میں دے دیا۔ (الحیات الکمی ۲:۲۰)

ادھر سیدنا امام عالی مقام نے اپنے مختصر ایک سو پینتالیس افراد مقدسہ کو اس طرح مرتب فرمایا میمنہ پر زہیر بن قیس، میسرہ پر حبیب ابن مظاہر اور جھنڈا سیدنا عباس ابن علی المرتضیٰ کے ہاتھ اور ان کو اعلیٰ افسر مقرر فرما دیا، گویا کہ میدان کربلا کے کارزار میں یزیدی فوج اشقیاء کے تیس ہزار اور سپاہ حسینی کے ایک سو پینتالیس نفوس عالیہ،

واللہ اعلم وعلمہ اتم واکمل

(الحیات الکمی ۲:۲۰)

## جنگ میں تاخیر کی وجہ

دونوں طرف سے صف بندی ہو جانے کے بعد کافی دیر تک جنگ شروع نہیں ہوئی جس کی وجہ یہ معلوم ہو رہی ہے کہ ہر فریق ابتداء جنگ دوسرے پر ڈالنا چاہتا ہے،

قوم اشقیاء کی خواہش یہ تھی کہ کسی نہ کسی طریقے سے اس جنگ کی پہل کم از کم سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی طرف سے ہو جائے اور سیدنا امام عالی مقام یہ چاہتے تھے کہ جب ہر معاملہ میں ظلم و جفا کی پہل ان کی طرف سے ہوئی ہے اب اس جارحانہ ظالمانہ جنگ کی ابتداء بھی انہی کی طرف سے ہونی چاہئے آپ کی تو وقت آخر تک یہی کوشش رہی کہ یہاں تک نوبت نہ آنے پائے لیکن انہوں نے آپ کی کسی مصلحانہ راہ راستی بات کو تسلیم نہ کیا گیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا کربلا میں بہ وقت صف بندی

## خطبۂ دلپذیر

اس سلسلہ کی ایک آخری کڑی اور آخری خطبہ سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا کربلا میں یہ ہے کہ جو آپ نے فریقین کی جنگی صف بندی کے موقعہ پر اتمام حجت کی خاطر اپنے دستِ مبارک میں قرآن پاک لیا اور سرانور پر عمامہ باندھا اور عربی جبہ اقدس پہنا اور گھوڑے پر سوار ہو کر ایک فصیح و بلیغ خطبہ دیا۔

اے لوگو! میری بات سنو اور جلدی نہ مچاؤ میں چاہتا ہوں کہ میرا جو حق تمہیں وعظ و نصیحت کرنے کا ہے وہ پورا کردوں اور اپنے یہاں پہنچنے کی وجہ بیان کروں پس اگر تم نے میری بات کو تسلیم کرلیا تو تم نیک ہو جاؤ گے اور تم کو لڑنے جھگڑنے کا موقعہ نہ مل سکے گا اور اگر میری بات نہ سنو گے اور انصاف سے کام نہ لو گے پھر تم اپنی طاقت اکٹھی کرلو اور مجھے ہرگز مہلت نہ دو میرا مددگار وہ اللہ تعالیٰ ہے جس نے قرآن نازل کیا اور وہی اپنے نیک بندوں کا مددگار ہے۔ (الحیات الخفی ۲:۲۲۱۔۲۲۲)

اس کے بعد یہ فرمایا۔

اے لوگو! میرے حسب و نسب پر غور کرو اور دیکھو تو سہی میں کون ہوں، پھر اپنے آپ پر ملامت کرو اور غور کرو کہ آیا تمہارے لئے میرا قتل کرنا اور میری ہتک کرنا روا ہے؟ کیا میں تمہارے نبی کا بیٹا نہیں ہوں اور کیا میرے اور میرے بھائی حسن کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ یہ میرے دو بیٹے جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔ کیا یہ بات بھی بے گناہ میرا خون بہانے میں مانع نہ ہوگی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا یہ تاریخی خطبہ جو میدان کربلا میں دیا گیا۔ اس کی مثال نہیں ملتی آپ کے اس خطبہ کے متعلق گو مختلف طریقوں سے بیان کیا گیا ہے لیکن یہاں پر وہی خطبہ جلیلہ درج کیا گیا ہے جو حضرت امام نے فرمایا: روایت میں بھی یہ آتا ہے کہ مزید آپ نے آخر میں ان کو یہ بھی فرمایا تھا کہ خون ناحق حرام اور غضب الٰہی کا موجب ہے، میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں کہ تم اس گناہ میں مبتلا نہ ہو میں نے کسی کو قتل نہیں کیا میں نے کسی کا گھر نہیں جلایا ہے کسی پر حملہ آور نہیں ہوا، اگر تم اپنے شہر میں میرا آنا ناپسند کرتے تھے تو میں نے تمہارے شہر جانا چھوڑ دیا کوفہ کی بجائے راہ شام کو چل پڑا جب میں اس راستہ پر ہولیا تو تم نے خود ہی مجھے اس بے آب وگیاہ میدان میں گھیر لیا پھر بھی میں نے کئی روز کوشش کی کہ مجھے واپس جانے دو لیکن تم نے ایسا بھی نہ کرنے دیا اور اب بھی میں تم کو واضح کر رہا ہوں کہ تم سے کسی چیز کا طلبگار نہیں تمہارے درپے آزار نہیں تم کیوں میری جان کے قتل کے درپے ہو، تم نے کیوں میرے بچوں اور رفقاء کے لئے پانی بند کیا اور کیوں میرے مقابل ہزاروں تیر وتلوار لے کر جمع ہوئے ہو، تم بتاؤ میرے خون سے قیامت کے روز تک اور قیامت کے دن کیسے بری ہوسکو گے، روز محشر تمہارے پاس میرے خون کا کیا جواب ہوگا اپنا انجام سوچو اور اپنی عاقبت پر نظر ڈالو پھر یہ بھی سمجھو کہ میں بارگاہ رسالت میں کس رؤف ورحیم کا منظور نظر ہوں، میرے والد معظم کون ہیں میری والدہ معظمہ کس کی لخت جگر ہیں، میں کس کا نور دیدہ ہوں جن کے پل صراط پر گزرتے وقت عرش سے ندا آئے گی، اے اہل محشر اپنے چہرے جھکا لو اور آنکھیں بند کر لو حضرت خاتون جنت پل صراط سے ستر ہزار حوروں کو رکاب سعادت میں لے کر گزرنے والی ہیں، میں وہی ہوں جس کی محبت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کی سرور عالم ﷺ نے اپنی محبت فرمایا میرے فضائل ومحاسن تمہیں خوب معلوم ہیں۔ (الحیات الثمی ۲: ۲۲۳)

## سپاہ حسینی میں حر بن یزید الریاحی

اس خطبہ پر اثر کا حر ابن یزید الریاحی کے دل پر ایسا اثر ہوا کہ اس نے چاہا کہ اب کسی طریقہ سے فوج یزید کو چھوڑ کر سپاہ حسینی سے جا ملوں حر کو یقین ہو گیا کہ فوج یزیدی پر نواسہ رسول کے عظیم و دردناک خطبہ کا کوئی اثر نہیں ہوا اور نہ ہی ان دنیا پرستوں نے کوئی امن و مصلحانہ بات کو تسلیم کیا سوائے اس کے جنگ وقتال یا بیعت یزید۔ اب حر نے یزیدی لشکر سے نکلنے سے پہلے عمرو بن سعد کو جا کر کہا کیا تم واقعی اس شخصیت (یعنی امام حسین رضی اللہ عنہ) کو قتل کرو گے۔ جنہوں نے یہ خطبہ فرمایا ہے عمرو بن سعد نے کہا ہاں ایسی جنگ کریں گے کہ تیروں کی بارش ہو گی ان کے ہاتھ کٹ کر زمین پر گریں گے اور نتیجہ خیز ہو گی۔ حر نے کہا کیا جو تجویز امن پسندی کی انہوں نے یعنی (حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ) نے پیش کی ہے کیا تم کو وہ پسند نہیں۔ عمرو بن سعد کہنے لگا، یہ تو درست لیکن میں مجبور ہوں کیونکہ والی کوفہ پہلے ہی ایسی باتوں سے انکار کر چکا ہے حر واپس آ گیا اب حر اپنے پختہ عزم کے مطابق کوشاں ہیں کہ کس طریقہ سے ان سے چھٹکارا کروں اور سپاہ حسینی میں شامل ہو سکوں حر نے آہستہ آہستہ اپنے گھوڑے کو خیام حسینی کی طرف کرنا شروع کر دیا۔ یزیدی فوج سے ایک شخص نے کہا کیا حسینی قافلہ پر حملہ آور ہو رہے ہو حر نے جواب نہ دیا۔ جب کافی دور نکل گئے تو پھر ایک یزیدی کو حالت مشکوک نظر آئی تو کہنے لگا حر کیا بات ہے تم اتنے بہادر اور جنگجو اور فوج یزید کے افسر اعلیٰ ہو آج تمہاری حالت کچھ افسردہ نظر آ رہی ہے حر نے کہا ہاں میں پریشان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہوں۔

خدا کی قسم میں اپنے آپ کو جنت و جہنم کے درمیان پا رہا ہوں خدا کی قسم میں جنت پر کسی چیز کو مقدم نہیں سمجھتا چاہے میرے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جائیں یا میں جلا دیا جاؤں۔

یہ کہنا تھا کہ حر نے گھوڑے کو ایڑی لگائی اور دوڑاتے ہوئے سپاہ حسینی میں آملے اور فوراً سیدنا امام عالی مقام کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا حضور اے ابن رسول اللہ ﷺ میں وہی حر ہوں جو پہلے روز سرات کے مقام پر آپ کو ملا تھا اور دوبار آپ کو روکا تھا اس جگہ اب میں بارگاہ خداوندی میں توبہ کرتا ہوں۔ کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے سیدنا امام عالی مقام نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہاری توبہ قبول فرمائے گا پھر حر نے کہا اے میرے اللہ میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں میری توبہ قبول فرما کیونکہ میں نے تیرے اولیا اور تیرے نبی کی اولاد کے دلوں کو خوف زدہ کیا۔ سیدنا امام عالی مقامؓ نے فرمایا جو دل میں چاہے کرو اللہ تم پر رحم فرمائے گا۔

یاد رہے کہ بعض مجموعوں اور بعض تقریروں میں متذکرہ واقعہ کو بڑا رنگ چڑھا کر بیان کیا جاتا ہے ناک رگڑی، ماتھا رگڑا، پاؤں پڑا، سر نہ اٹھایا وغیرہ وغیرہ۔

امام عالی مقام نے بار بار کہا تو کون ہے تو کون ہے دیکھا تو وہ حر تھا یہ سب من گھڑت ہے اصل تحقیق کے ساتھ صحیح واقعہ تھا وہ بیان کر دیا گیا ہے۔

## قوم اشقیاء سے حر ابن یزید الریاحی کا خطاب

حر ابن یزید ریاحی نے پھر سیدنا امام عالی مقام سے عرض کیا حضور اب مجھے اجازت دیں تاکہ میں اب قوم اشقیاء سے بطور اتمام حجت راہ راست پر آنے کی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



دعوت دوں۔ آپ نے فرمایا کہ تم جو چاہو مجھے منظور ہے بات کرلو لیکن مجھے ان پر کچھ اعتبار نہیں رہا ہو سکتا ہے کہ ان پر تمہارے راہ راست پر آنے کا کچھ اثر پڑ جائے یہ بھی آزمائش کرلو۔ حر بن یزید ریاحی نے اجازت لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر قوم اشقیاء کے سامنے آئے تو آپ نے ان کو جو تقریر کی اس کا کلام یہ ہے۔

اے کوفہ والو! تمہاری مائیں تمہارے ماتم میں بیٹھیں تم نے اس عبد صالح کو بلایا جب وہ آئے تو تم نے ان کو دشمنوں کے حوالے کر دیا اور حالانکہ تم کہتے تھے کہ ہم جانیں قربان کر دیں گے مگر تم نے اس کا بالکل الٹ کر دیا کہ ان کے خلاف لشکر جمع کر دیا اور تم ان کے لئے قافلہ حیات (زندگی) تنگ کر دیا اور ان کو چاروں طرف گھیر لیا اور تم نے خدا کے شہروں میں جانے سے روک دیا وہ شہر جو چاروں طرف کھلے ہیں اب وہ تمہارے ہاتھوں قیدی کی طرح ہیں اور ان کو بالکل بے بس کر دیا ہے پھر تم نے ان کے اہل حرم (خواتین مقدسہ) بچوں اور ان کے ساتھیوں سمیت سب پر آب فرات بند کر دیا ہے جسے یہودی، نصرانی مجوسی سب پی رہے ہیں اور عراق کے کتے اس میں لوٹ پوٹ ہو رہے ہیں یعنی نہا رہے ہیں، اور یہ حضرت شدت پیاس سے جاں بلب ہو رہے ہیں تم نے محمد ﷺ کے بعد ان کی اولاد کے ساتھ بہت برا سلوک کیا!؟ اللہ تمہیں بھی شدت پیاس کے دن سیراب نہ کرے۔ (الحیات النفی ۲:۲۲۷،۲۲۶)

یہ زبردست تقریر جو حق پر مبنی تھی اس نے یزیدیوں میں کھلبلی مچا دی۔

## لشکر اشقیاء سے آغاز جنگ اور تیروں کی بارش

حر ابن یزید ریاحی بھی آخری الفاظ ہی ادا فرما رہے تھے کہ یزیدی فوج اشقیاء نے اثر لینے کی بجائے جواب میں تیر چلانے شروع کر دیئے یہ حالت دیکھ کر حر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نے اپنا بیان ختم کر دیا اور واپس سیدنا امام عالی مقام کے پاس حاضر ہو گئے ابھی جنگ کا سلسلہ شروع نہ ہوا عاشورہ کے دن کا فی حصہ گزر چکا تھا اور دھوپ اپنی پوری شدت پر آ چکی تھی گرمی کی حرارت اپنی اس تیزی پر تھی کہ کربلا کا ریگستانی میدان اوپر سے اور نیچے سے آگ اگل رہا تھا۔ یزیدی فوج اشقیاء کا سربراہ عمرو ابن سعد بھی بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر تاخیر کر رہا تھا ورنہ وہ تو جلدی اس کام کو ٹھکانے لگانے پر تلا ہوا تھا اب حر کی تقریر نے میدان کارزار کا نقشہ بدل کر رکھ دیا اب عمرو ابن سعد نے مزید تاخیر کرنا خلاف مصلحت سمجھتے ہوئے اس طرح جنگ کا آغاز کیا کہ اپنے ایک خاص غلام درید جو کہ لشکر جرار کا علم لئے ہوئے تھے اسے حکم دیا اے درید علم میرے پاس لاؤ وہ علم قریب لے کر آیا پھر عمرو ابن سعد نے اپنا تیر کمان پر چڑھایا اور زور سے سپاہ حسینی کی طرف مارا۔ اور اس کے ساتھ یزیدی فوج سے کہا گواہ ہو جاؤ سب سے پہلے تیر جس نے مارا وہ میں ہوں۔ عمرو ابن سعد سپہ سالار فوج یزید کا تیر چلانا تھا کہ یکا یک فوج اشقیاء سے سپاہ حسینی پر ہزاروں تیروں کی بارش ہونے لگی اَقْبَلَتِ السِّهَام مِنَ الْقَوْمِ كَاَنَّهَا المطر۔

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ موت کے استقبال کے لئے کھڑے ہو جاؤ جس میں کچھ حرج نہیں یہ تیر درحقیقت اس قوم کے قاصد جانو۔ تیروں کی اس بارش سے سپاہ حسینی میں کوئی کھلبلی نہ ہوئی تھی۔ سیدنا امام عالی مقام کے حکم جہاد پر سب اپنی جانوں کو قربان کرنے کے لئے تیار ہو گئے [illegible] تیروں کا جواب تیروں سے دیا یکبارگی فوج اشقیاء پر حملہ کر دیا۔ تقریباً ایک گھنٹہ تک یہ حالت رہی کہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تیر پر تیر چلتے رہے۔ یہ جنگ مغلوبہ کہلاتی ہے اور حملہ اولیٰ تھا۔ جب غبار جنگ چھٹا تو معلوم ہوا کہ سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے پچاس نفوس مقدسہ جام شہادت نوش فرما چکے ہیں۔

جب فوج اشقیاء نے تیر بارانی کی تو رفقاء حسینی کی تعداد کم ہوگئی اور پچاس احباب حسینی شہید ہوگئے۔

سیدنا امام عالی مقام کے سپاہ کی تعداد تو پہلے ہی بہت تھوڑی تھی لیکن اب اس حملہ اولیٰ قبل از نماز ظہر دوپہر کے وقت ہزاروں تیروں کی اندھادھند بارش میں پچاس افراد شہادت پا جانے سے کافی خاصی مزید سپاہ حسینی میں کمی آ گئی۔

اب اس حملہ اولیٰ کے بعد جب غبار جنگ چھٹا تو دیکھا گیا کہ کون سے اصحاب حسینی شہید ہوئے۔ (الحیات الحکمی ۲: ۲۲۷، ۲۲۶، ۲۲۵)

## واقعہ کربلا میں خاندان ہاشم کی قربانیاں

اس واقعہ کربلا میں یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ جب تک تیروں اور تلواروں کی بارش ہوتی رہی اور کئی بار جنگ مغلوبہ بھی ہوئی، کسی کتاب معتبرہ اور کسی تاریخ سے یہ ثابت نہیں ہوسکا کہ سرکار سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے تمام رفقاء واحباب کے ہوتے ہوئے خاندان ہاشم کے ایک فرد مقدس کو ذرا سی بھی کوئی تکلیف پہنچی ہو جس سے خاندان ہاشم زخمی یا شہید ہوئے ہوں، ہرگز نہیں اس لئے کہ سپاہ حسینی کے ہر ایک فرد نے پرخلوص ایثار و جذبہ جہاد و شوق شہادت کا وہ ثبوت دیا جس کی نظیر نہیں ملتی، سب کی ہی آرزو تھی کہ ہمارے ہوتے ہوئے اس مقدس خاندان عالیہ کو کوئی گزند نہ پہنچے ہاں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اب جب کہ تمام رفقاء واحباب درجہ بدرجہ شہادت فرما کر جنت النعیم کو سدھار گئے تو اب سرکار عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ کے اعزہ واقارب نے اپنی بے مثال قربانیاں دینا شروع کر دیں۔

## شہداء ہاشم در کربلا کی تعداد

شہدائے بنی ہاشم کی تعداد میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ ان کی کل تعداد کتنی تھی۔ کتب معتبرہ کے مطالعہ کے بعد جو زیادہ صحیح تعداد معلوم ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمی کے علاوہ باقی خاندان ہاشم کے تعداد کربلا میں اٹھارہ تھی اور آپ کے سمیت کل تعداد بائیس ہوئی۔ جہاں تک اختلاف تعداد کا تعلق ہے وہ بعض نے سولہ بعض نے بائیس اور بعض نے انیس لکھا ہے لیکن عربی وفارسی کی معتبر اور مستند کتابوں میں صحیح تعداد سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سمیت ۱۹ نفوس عالیہ مذکورہ ہے اور اسی پر اکابرین علماء حق کا اتفاق ہے۔ (الحیات الحمی ۲: ۲۹۰)

## خاندان ہاشم کے پہلے شہید کی تحقیق

شہداء خاندان ہاشم کی قربانیوں میں اس کے متعلق بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ ان نفوس عالیہ میں اول شہید کون ہوئے، بعض نے کسی شخصیت اور بعض نے کسی شخصیت کا ذکر کیا ہے لیکن یہ بات بھی معتبر و مستند کتابوں سے بالاتفاق ثابت ہوئی ہے۔ کہ خاندان بنی ہاشم کی بے مثال قربانیوں میں اول جو میدان کارزار میں نکلے وہ حضرت علی اکبر ابن سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ تھے لہٰذا یہاں پر اس خاندان مقدسہ کی شہادتوں کے باب میں اول ذکر وحالات حیات اور شہادت شہزادہ علی اکبر کا بیان کیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جاتا ہے۔(الحیات الخفی ۲: ۲۹۰)

## حضرت سیدنا شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ ابن سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

## خصوصیات حسب ونسب

شہزادہ حضرت سیدنا علی اکبر کا نام مبارک علی ہے اور لقب اکبر ہے اور کنیت ابوالحسن ہے والد ماجد حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور والدہ محترمہ لیلیٰ بنت ابی مرہ ابن عروہ بن مسعود ثقفی ہیں دادا جان حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ ہیں جد اعلیٰ سرکار سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ہیں اور جد ماں عروہ بن مسعود ثقفی ہیں یہ وہ شخصیت ہیں جن کے متعلق حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اسلام کے چار شخص سرداری کے مستحق ہیں بشر بن بلال، عدی بن حاتم، سراقہ ابن مالک، عروہ بن مسعود ثقفی۔

عروہ بن مسعود ثقفی اس شہزادہ کے جد مادری کی فضیلت عیاں ہے کہ عروہ بن مسعود ثقفی اسلام کے سردار تھے گویا کہ حضرت شہزادہ علی اکبر کو دونوں طرف سے ایک خصوصی نسبت حاصل تھی۔

## فضائل ومحامد حضرت شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ

شہزادہ عالی وقار شکل وصورت، اخلاق وخصائل اور شمائل میں حضور سرور کائنات ﷺ کے آئینہ جمال وکمال تھے، بالاتفاق اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ اپنی فطری استعداد خصوصیات کے علاوہ نام وکنیت اور شجاعت وشہامت وہیبت وسیادت وجود وسخا وخودداری اور دلیری میں خاندان مقدسہ کے وارث تھے، ایسے عظیم المرتبت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



شہزادے کے کردار کی بلندی، سیرت کی پاکیزگی، اخلاق کی وسعت، عادات کی رفعت، شمائل کی عظمت خصائل کی جلالت اور فضائل کے کامل، غرضیکہ انسان کامل میں کچھ تامل وکلام ہوسکتا ہے ہرگز نہیں۔

لَمْ تَرْعَیْن نَظَرَتْ مِثْلَہٗ
مِنْ مختفٍ یمْشِیُ وَلَا فاعِلِی

یہ شہزادے عالی وقار تشبیہ رسول تھے، اسی لئے اس شہزادہ کو میدان کارزار میں جانے کی جب اجازت ملی تو اس وقت سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رب العزت میں یہ دعا ان الفاظ سے فرمائی۔

اے میرے اللہ! اب میں اپنے اس بیٹے کو تیرے سپرد کر رہا ہوں جو کہ سیرت وصورت میں تیرے رسول کے مشابہ ہے جب ہم تیرے نبی کے دیدار کوترستے تھے تو اس کو دیکھ کر یہ پیاس بجھالیتے تھے۔ (الحیات الحمی ۲:۲۹۱)

معلوم ہوا کہ شہزادہ صرف شکل وصورت میں ہی جمال مصطفیٰ ﷺ نہ تھے بلکہ حرکات وسکنات اور خصائل وعادات میں سرتاپا آئینہ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء تھے اور اس حدتک انسانی صفات کمالیہ کے جامع تھے اوران کی انہی ظاہری وباطنی خصوصیات کا نتیجہ تھا کہ سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ آپ سے بے پناہ محبت والفت فرماتے تھے، ان کی دلجوئی اور حاجت برآوری کو حاصل حیات سمجھتے تھے، ایک مرتبہ شہزادہ علی اکبر نے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اپنے ابا جان سے انگور کھانے کی خواہش کی اس وقت انگوروں کا موسم نہ تھا، حضرت امام عالی مقام نے مسجد کے ستون کی طرف ہاتھ کو بڑھایا اور ہاتھ واپس کر کے شہزادہ کے ہاتھ میں انگوروں کا گچھا پکڑا دیا اور فرمایا یہ تو معمولی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بات ہے میرے اللہ کے پاس اس سے زیادہ ہے جو وہ اپنے ہی نیک بندوں کو بغیر موسم کے پھل عطا کر دیتا ہے اس بیان پر اگر شبہ ہو تو قرآن پاک میں حضرت سیدہ مریم علیہا السلام کے لئے بھی تو بے موسم کا پھل اللہ تعالیٰ نے بھیجا تھا، ثابت ہوا کہ اولیائے کرام کے لئے بارگاہ رب العزت سے ایسی نعمتوں کا آنا کوئی مشکل کام نہیں، جو ان حقائق کا منکر ہے وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کے انعامات کا انکاری ہے اور قرآن کا صریحاً منکر ہے۔

## شجاعت وجہاد ایمان وایقان شہزادہ علی اکبر رضی اللہ عنہ

اہل بیت کے نوجوانوں اور ناز کے پالوں نے میدان کربلا میں حضرت امام رضی اللہ عنہ پر اپنی جانیں فدا کیں اور تیر وسناں کی بارش میں حمایت حق سے منہ نہ موڑا، گردنیں کٹوائیں خون بہائے اور جانیں دیں مگر کلمہ ناحق زبان پر نہ آنے دیا، نوبت بہ نوبت شہادتوں کے بعد اب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے نور نظر خاندان ہاشم کے چراغ شہزادہ حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ حاضر ہیں۔ میدان کارزار میں جانے کی اجازت چاہتے ہیں، منت وسماجت ہو رہی ہے عجیب وقت ہے کہ لاڈلے بیٹے شفیق باپ سے گردن کٹوانے کی اجازت چاہتے ہیں اور اس پر اصرار کرتے ہیں، ایسے وقت میں پدر مہربان پر کیا گزر رہی ہوگی، حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کو موت کے میدان میں بھیجنے کے لئے تو کوئی دیر نہ تھی مگر آپ کے باطنی جذبات میں جو تلاطم اور قلب حزیں میں جو اضطراب رونما ہوا ہے وہ آپ کے ان کلمات سے پتا چلتا ہے کہ جب شہزادہ نے اجازت چاہی تو۔ حضرت امام نے اپنے لخت جگر پر محبت بھری نظر ڈالی اور پھر رو پڑے۔

(حیات الخفی ۲: ۲۹۳)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بالآخر حضرت امام رضی اللہ عنہ کو صبر و رضا اور شہزادے کو شوق جام شہادت پر اجازت دینا پڑی، حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے خود اس شہزادے کو گھوڑے پر سوار فرمایا اور اسلحہ اپنے دست مبارک سے لگایا، فولادی خود سر پر رکھی تلوار لٹکائی اور نیزہ دست مبارک میں دیا اس وقت اہل بیت کی بیبیوں پر کیا گزری کہ ایک جگمگاتا ہوا چراغ بھی آخری سلام کہہ رہا ہے۔

شہزادے اس شان سے میدان میں آئے کہ قوم اشقیاء نے دیکھا کہ چہرہ تصویر رسول سر پر عمامہ ہے تو رسول کا اسلحہ جنگ ہے تو وہ رسول کا، سواری گھوڑا، رسول کا گفتار رسول کی (حیات النبی ۲: ۲۹۳)

جب اس حالت میں شہزادہ میدان کارزار کی طرف روانہ ہونے لگے تو حضرت امام نے اشک بھری آنکھوں سے آسمان کی طرف منہ کر کے یہ کلمات کہے جن کو صاحب حیات نے نقل فرمایا ہے۔

اے میرے اللہ اس ظالم قوم کی جفا کاریوں پر گواہ رہنا کہ اب ان کی طرف وہ نوجوان جا رہا ہے جو شکل و صورت و سیرت و کردار میں سب سے بہترین خلائق تیرے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہ ہے اور جب ہم تیرے پیارے رسول کے دیکھنے کے مشتاق ہوتے تو اس چہرہ پر نگاہ کر لیتے تھے۔ (الحیات النبی ۲: ۲۹۳)

انہی فقروں سے حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے قلبی تاثرات و جذبات کا بآسانی پتہ چل جاتا ہے لیکن جس کے دل پر گزر رہی ہے اصل حقیقت تو وہی جانتے ہیں، اس کے بعد حضرت علی اکبر رخصت ہو کر میدان کارزار کی طرف آئے جنگ کے مطلع میں ایک آفتاب چمکا، مشک کامل کی خوشبو سے میدان مہک گیا، چہرہ انور کی تجلی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نے معرکہ کارزار کو عالم انوار بنادیا، عمرو سعد لشکر یزیدی کے سپہ سالار کو باآواز بلند یہ کہہ کر پکاردی تجھے کیا ہوگیا ہے اللہ تیرے رحم کو قطع کردے اور تجھے اپنے معاملات میں برکت نہ دے اور میرے بعد تجھ پر ایسے شخص کو مسلط کردے جو تجھے تیرے بستر پر ذبح کرے جس طرح تو نے مجھ سے قطع رحمی کی اور میری قرابت داری رسول کا کوئی لحاظ نہ کیا۔ (الحیات الخفی ۲: ۲۹۳)

ادھر اس آواز کا نکلنا تھا کہ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی زبان مبارک پر قرآن پاک کی اس آیت کی تلاوت جاری تھی۔

اِنَّ اللّٰہ اصطفٰی اٰدم وَنُوْحًا وآل ابراھیم وآل عمران علی العَالَمِیْنَ ذُرِّیَۃً بَعْضُھا مِنْ بَعْضٍ وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْم۔

اور ادھر شہزادے کی یہ آواز ھل من بارز کیا کوئی ہے، جو میرے ساتھ آ کر مقابلہ کرے آؤ تم نہیں جانتے میں کون ہوں شہزادے نے اپنی زبان مبارک سے اس وقت یہ رجز پڑھی۔

انا علی ابن حسین ابن علی
نحن اھل بیت اولی النبی
واللہ لا یحکم نینا ابن الاعی
اطعنکم باالرمع حتی نیشتی
اضربکم باالسیف رحمی عن ابی
ضرب غلامی ھاشمی علوی

کربلا کا چپہ چپہ اور ریگستان کوفہ کا ذرہ ذرہ کانپ اٹھا لیکن ان یزیدوں کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



دل پتھر سے بدر جہا سخت تر تھے، جنہوں نے ان نو بادہ چمنستان رسالت کی زبان شیریں سے کلمے سنے پھر بھی ان کی آتش عناد سرد نہ ہوئی اور کمینہ سینہ سے کینہ دور نہ ہوا۔

سید المفسرین صدر الافاضل حضرت علامہ محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ الرحمہ نے کیا خوب فرمایا ہے، آخری مصرعہ

میدان میں اس کے حسن عمل دیکھ کر نعیم
حیرت سے بدحواس تھے جتنے شیخ و شباب

شہزادہ کی شجاعت و ہیبت وجلالت دیکھ کر کسی کو ان کے مقابلہ میں آنے کی جرات نہ ہوئی شہزادے کی تلوار قوم اشقیاء پر اس طرح چلی جیسے کھیروں اور تروں کو کاٹا جاتا ہے، جدھر کا رخ فرماتے کشتوں کے پشتے لگا دیتے۔

اہل کوفہ آپ کے قتل وقتال سے کنی کتراتے تھے عمرو بن سعد اور اس کی فوج مقتولین کی شرکت سے بلبلا اٹھے حتی کہ ایک سو بیس ناریوں کو واصل جہنم کیا اسی دوران حضرت شہزادہ عالی مقام کے جسم اقدس پر کافی زخم آچکے تھے پیاس کا شدید غلبہ ہوا گھوڑے کی باگیں موڑیں جسم کے کئی حصوں سے خون نکل رہا ہے کہ زخموں سے چُور ہو کر حضرت امام عالی مقام کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔ ابا جان مجھے شدید پیاس لگی ہوئی ہے اور ہتھیاروں کے بوجھ نے تھکا دیا ہے کیا تھوڑا سا پانی حلق کو تر کرنے کے لئے مل سکتا ہے تاکہ اس سے تازہ دم ہو کر دشمنوں سے لڑنے کی طاقت حاصل کرسکوں۔ (الحیات الحقی ۲:۲۹۴)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


## شہادت عظمیٰ اور جواں بیٹے کی لاش پر بے کس باپ کی آمد

حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ جواں سالہ بیٹے کی حالت دیکھ کر رو پڑے اور فرمانے لگے افسوس اے پیارے بیٹے میں کہاں سے تمہارے لئے پانی لاؤں، بیٹا تھوڑی دیر اور جہاد کرو بہت جلد اپنے جد نامدار ﷺ سے ملاقات کرو گے اور وہ تمہیں شراب طہور جنت کا وہ جام پلائیں گے کہ اس کے بعد پھر تم کو کبھی پیاس نہ لگے گی۔ (الحیات الخفی ۲: ۲۹۴)

یَابُنَیَّ ھَاتِ لِسَانَکَ: اپنی زبان میرے منہ میں دو اور میرے نانا جان ﷺ کی یہ انگوٹھی چاندی کی میرے پاس نشانی ہے اس کو چوس لو، شہزادے نے ایسا ہی کیا اور عرض کیا ابا جان اب دل کو کچھ تسکین ہوئی ہے، شہزادہ پھر واپس میدان کارزار میں آئے اور یزیدی لشکر پر ٹوٹ پڑے اور زبان مبارک سے یہ رجز پڑھی۔

اَلْحَرْبُ قَدْ بَانَتْ لَنَا الْحَقَائِق
وَظَهَرَتْ مِنْ بَعْدِهَا مُصَادِق
وَاللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ لَانَفَارِق
جَمُوعَكُمْ اَوْ تَغْمِرِ الْبَرَارِق

اور بائیں دائیں بڑھ چڑھ کر حملے کئے یہاں تک کہ مزید اسی (۸۰) دشمنان اسلام کو واصل جہنم کیا اس طرح جب پورے دو سو ناریوں کو واصل جہنم کر چکے تو اشقیاء نے عمرو بن سعد کے کہنے پر یکبارگی شہزادہ حضرت سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ پر حملہ کر دیا، جب چاروں طرف سے حملے شروع ہوئے تو شہزادہ کا جسم محترم چکنا چور ہو گیا؛ چمن فاطمہ علیہا السلام اور گلستان رسالت کا یہ پھول اپنے خون میں نہا گیا تو آپ اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حالت میں پشت فرس زین سے کربلا کی زمین پر آئے تو آواز دی، اے پدر بزرگوار مجھ کو لیجئے، امام عالی مقام یہ دردناک آواز سن کر دوڑے اور شہزادہ کو تڑپتے ہوئے اٹھا لیا اور خیمے کی طرف لے آئے اور اپنے دامن اقدس سے شہزادہ کے چہرہ کو صاف کیا اور ان کے چہرہ پر چہرہ رکھا۔ شہزادے نے آنکھیں کھولی تو دیکھا ابا جان کی گود میں عرض کیا۔

ابا جان میرا آخری سلام قبول ہو یہ میرے جدامجد سرکار محمد ﷺ ہیں انہوں نے مجھے ایسا جام پلایا ہے کہ مجھے اب کبھی پیاس نہ لگے گی اور فرما رہے ہیں کہ آپ بھی جلد آجائیں۔

اس کے بعد حضرت امام نے اپنے بازو شہزادے کے گلے میں ڈال دیے اور منہ پر منہ رکھ کر رو پڑے۔

اپنا رخسار شہزادے کے رخسار پر رکھ کر زار و قطار روئے اور کہا بیٹا اب تمہارے جانے کے بعد دنیاوی زندگی پھیکی سی ہوگئی ہے۔

(الحیات الثمی ۲۹۴۔۲۹۵)

بیٹا تم تو دنیا کے غم سے نجات پا گئے لیکن تمہارا باپ تنہا رہ گیا۔

حضرت امام یہ جملے فرماتے جاتے اور شہزادہ کے رخ انور کے بوسے لیتے جاتے اور یہاں تک فرمایا:

بیٹا اللہ تعالیٰ اس ظالم قوم پر لعنت کرے اور اس کو ہلاک کرے جس نے تجھے شہید کیا انہیں کس چیز نے جہنم کی آگ میں دھکیلا اور حرمت رسول کی ہتک کرنے پر جرأت کی۔ (الحیات الثمی ۲:۲۹۶)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اسی اثناء میں شہزادہ عالی قدر حضرت سیدنا علی اکبر رضی اللہ عنہ نے چند سرد آہیں لیں اور اپنے شفیق باپ کی آغوش میں جان دے دی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۔

دارالفناء سے دارالبقا کو چلے گئے، حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے آسمان کی طرف منہ کیا اور زور کے ساتھ بے اختیار ہو کر رو پڑے۔

وَرَفَعَ الْحُسَيْنَ صَوْتَهٗ وَلَمْ يَسْمَعْ اَحَدٌ اِلٰى ذَالِكَ الزَمَانَ صَوْتَهٗ بَالْبُكَاء: کہ ایسا کبھی ان کے رونے کی آواز نہ سنی تھی اور کہا اے باری تعالیٰ یہ تھی حسین کی ساری زندگی پچیس سالہ نوجوان کی کمائی جسکی قربانی دے دی ہے، اے اللہ اس کو قبول فرما:

پچیس سال کی ہے یہ دولت حسین کی
اب ہے تیرے سپرد امانت حسین کی

لاشۂ اقدس پر حرمان مقدسہ روئیں حضرت امام نے صبر کی تلقین فرمائی اس وقت اہل بیت کی حرمان مقدسہ پر جو گزری اس کو بیان کرنے سے زبان و قلم قاصر ہے۔

دیتے تھے دہائی اہل بیت شہزادے کی لاش پر
تصویر گھر سے جاتی رہی خیرالانام کی

صدرالافاضل سیدالمفسرین سندالمحققین حکیم الامت حضرت علامہ سید محمد نعیم الدین شاہ صاحب مرادآبادی نوراللہ مرقدہ شہزادہ علی اکبر ابن حسین رضی اللہ عنہ کی شان وشوکت وعظمت میں خود لکھتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نور نگاہ فاطمہ آسمان جناب
صبر دل خدیجہ پاک ارم قباب
لخت دل امام حسین ابن ابو تراب
شیر خدا کا شیر وہ شیروں میں انتخاب
صورت تھی انتخاب تو قامت تھا لا جواب
گیسو تھے مشک ناب تو چہرہ تھا آفتاب
چہرہ سے شہزادہ کے اٹھا جبھی نقاب
مہر و سپہر ہوگیا خجلت سے آب آب
کاکل کی شام رخ کی سحر موسم شباب
سنبل نثار شام فدائے سحر گلاب
شہزادہ جلیل علی اکبر جمیل
بستان حسن میں گل خوش منظر شباب
پالا تھا اہل بیت نے آغوش ناز میں
شرمندہ اس کی ناز کی سے شیشہ حباب
صحرائے کوفہ عالم انوار بن گیا
چمکا جو ان میں فاطمہ زہرا کا ماہتاب
خورشید جلوہ گر ہوا پشت سمند پر
یا ہاشمی جوان کے رخ سے اٹھا نقاب
صولت نے مرحبا کہا شوکت تھی رجز خواں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جرات نے باگ تھامی شجاعت نے لی رکاب
چہرہ کو اس کے دیکھ کر آنکھیں جھپک گئیں
دل کانپ اٹھے ہوگیا اعداء کو اضطراب
سینوں میں آگ لگ گئی اعدائے دین کے
غیظ و غضب کے شعلوں سے دل ہوگئے کباب
نیزہ جگر شگاف تھا اس گل کے ہاتھ میں
یا اژدھا تھا موت کا یا اسواء العقاب
چمکا کہ تیغ مردوں کو نامرد کردیا
اس سے نظر ملاتا یہ تھی کس کے دل میں تاب
کہتے تھے آج تک نہیں دیکھا کوئی جواں
ایسا شجاع ہوتا جو اس شیر کا جواب
مردان کار لرزہ براندام ہوگئے
شیر افگنوں کی حالتیں ہونے لگیں خراب
کہ پیکروں کو تیغ سے دو پارہ کردیا
کہ ضرب خود پر تو اڑا ڈالا تارکاب
تلوار تھی کہ صاعقہ برق بار تھا
یا از برائے رجم شیاطین تھا شہاب
چہرے میں آفتاب نبوت کا نور تھا
آنکھوں میں شان صولت سرکار ابوالتراب

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



پیاسا رکھا جنہوں نے انہیں سیر کردیا
اس جو دلبر ہے آج تیری تیغ زہر آب
میدان میں اس کے حسن عمل دیکھ کر تعیم
حیرت سے بد حواس تھے شیخ و شباب

(سوانح کربلا)

## اولاد حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کی قربانیاں

حضرت عقیل ابن عمران ابی طالب کی اولاد امجاد میں سے ایک صاحبزادے حضرت مسلم رضی اللہ عنہ شہید در کوفہ تھے اور باقی آپ کے دو صاحبزادے جو کربلا میں سرکار سیدنا امام حسینؓ کے ہمراہ آئے تھے ان کی شہادتوں کا ذکر کیا جاتا ہے، حضرت عقیل رضی اللہ عنہ سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے حقیقی بھائی از بطن سیدہ فاطمہ بنت اسد تھے، گویا کہ اولاد حضرت عقیل سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے چچازاد بھائی تھے اور اولاد عقیل رضی اللہ عنہ میں آپ کے دو پوتے کوفہ میں شہید ہوئے اور ایک پوتے کربلا میں شہید ہوئے۔ اب ان کی جداگانہ شہادتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

## حضرت عبداللہ بن سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مسلم کے بیٹے تھے، انہی کے والد معظم کو کوفہ میں ظالموں نے بیدردی سے شہید کردیا تھا، حضرت عبداللہ از بطن سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ میدان کربلا میں موجود تھے، حضرت سیدنا امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کے نوجوان صاحبزادے تھے، حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے حضرت عبداللہ نے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



میدان کارزار میں جانے کی اجازت طلب فرمائی، حضرت امام عالی نے فرمایا پیارے عبداللہ تمہارے باپ مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت جو کوفہ میں ہو چکی ہے، کافی ہے تم جہاد کے لئے نہ جاؤ اور اپنی والدہ محترمہ سیدہ کے لئے رہو۔ حضرت عبداللہ نے عرض کیا حضور کیا ہو سکتا ہے کہ جس کے باپ نے حق کی خاطر جان دے دی اس کا بیٹا اس عظیم سعادت سے محروم رہے۔ میں یہی چاہتا ہوں کہ جہاد میں ظالموں کا مقابلہ کروں گا اور خود کو خدا کے سپرد کر دوں، بالآخر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے اصرار پر حضرت امام ہمام اجازت دینا پڑی، بالآخر حضرت عبداللہؓ اہل بیت اطہار سے آخری سلام و اپنی والدہ محترمہ سے پیار و دعا لے کر میدان کارزار کی طرف آئے جب آپ اور دشمنوں کے مقابلے ہوئے تو آپ کی زبان پر یہ رجز جاری تھیں۔

الیوم القی مسلما وھو ابی

قفتہ بادوا علی دین النبی

یسو قوم عرفوا بالکذب

لکن خیا اکرام انسب

من ھاشم السادات اھل الحسب

اور تلوار سے تین افراد قوم کو اشقیاء کو واصل جہنم کیا، اسی اثناء میں عمرو بن صبیح صدائی نے آپ کی پیشانی اقدس پر اس قدر شدید تیر مارا آپ نے پیشانی پر ہاتھ رکھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس وقت یہ کلمات کہے۔

اَللّٰھُمَّ فَاقْتُلْھُمْ کَمَا قَتَلُوْنَا وَاَذِلَّھُم کَمَا اَسْتَذَلُوْنَا۔

اے الہ العالمین ان لوگوں نے ہم کو کمزور سمجھ کر ہم کو ذلیل کرنے کی کوشش

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کی ہے تو ان کو ذلیل کر اور جس طرح انہوں نے ہم کو قتل کیا ہے تو ان کو قتل کر، اسی اثناء میں ایک اور ظالم یزید بن قادر الجہنی نے آپ کے سینہ اقدس پر اس زور سے نیزہ کا وار کیا جو دل میں لگا، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ شہزادہ امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ جانبر نہ ہو سکے اور جام شہادت نوش فرما کر دار بقاء کی طرف سدھار گئے۔ (الحیات الکمی ۲:۲۹۹)

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

## حضرت محمد بن حضرت امام مسلم بن عقیل کی شہادت

حضرت محمد حضرت امام مسلم کے صاحبزادے ہیں، آپ کی عمر مبارک واقعہ کربلا کے وقت تیرہ سال تھی جب اپنے بھائی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو خاک و خون میں تڑپتے دیکھا تو بے تاب ہو گئے اور حضرت امام ہمام کے پاس اذن جہاد کے لئے حاضر ہوئے، آخر آپ نے ان کو اجازت فرما دی، حضرت محمد رضی اللہ عنہ میدان کارزار میں آئے قوم جفا کار کا مقابلہ کیا، اسی حالت میں ابو مرہم (جرہم) ازدی، اور لقیط بن ایاس جہنی کے شدید حملوں سے شہید ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

## حضرت جعفر ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کے چشم و چراغ ہیں، والدہ ماجدہ کا نام خوصا ہے، کنیت ان کی ام النضر بنت عمرو بن عامر کلابی، حضرت جعفر حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے اذن جہاد لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے لشکر اشرار پر ٹوٹ پڑے۔

اَنَــا الْــغُلَامُ الْــا بِــطَحِی الطَّــالِبِی

مِــنْ مَــعْشَــرٍ فِــیْ هَــاشِمَ وَ غَــالِبَ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



وَنحن حقاً سَادَة الذوائبِ

هذا حُسَينَ اَطْيَب الطائبِ

مِنْ عِترةَ البّر التقٰی الشاقِبَ

کافی دیر قوم اشقیاء کا مقابلہ کیا اور پندرہ یزیدیوں کو واصل جہنم کرنے کے بعد خود بشر بن حوفہ ہمدانی کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔۔ (الحیات النخعی ۲:۳۰۰)

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

## حضرت عبدالرحمٰن ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت عبدالرحمٰن بن عقیل رضی اللہ عنہ اپنے بھائی کی شہادت کے بعد اجازت لے کر یہ رجز پڑھتے ہوئے کارزار میں تشریف لائے۔

اَبِی عَقیل فاعر فوا مکانِیَ

مِن ھاشِم وَ ھاشِم اخوَانی

کُھول صِدق سادۃ الاِقُرانِ

ھذا حسین سَامِخ الُبنیان

سَیّد الشَبِ مَعَ الشَبانِی

وَسَیّد الشَباب فی الُجنَانِ

سخت دشمنان دین سے مقابلہ کیا یہاں تک کہ سترہ افراد اشقیاء کو جہنم رسید کیا، آخر کار عثمان بن خالد جہنی اور بشر بن حوفہ کے سخت حملوں سے آپ دار الفناء سے دار البقاء تشریف لے گئے۔ (النخعی ۲:۳۰۰) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حضرت محمد بن ابی سعید ابن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت محمد بن ابی سعید بن عقیل واقعہ کربلا میں بھی سن بلوغ تک نہیں پہنچے تھے کہ میدان کارزار میں گئے اور جہاد کی حالت میں لقیط بن ایاس جہنی کے تیر سے آپ شہید ہوئے۔ (الحیات الکھی ۲:۳۰۰) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

## اولاد جعفر طیار کی قربانیاں

حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ حضرت سیدہ فاطمہ بنت اسد کے بطن سے تھے اور ان کے والد عمران ابن طالب تھے۔ یعنی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے سگے بھائی تھے ان کی اولاد امجاد میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان کے فرزند ارجمند تھے۔ ان کی زوجیت میں حضرت سیدہ زینب بنت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم تھیں۔

حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہ کسی وجہ سے کربلا نہ آسکے لیکن انہوں نے اپنی اہلیہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو اپنے بھائی کے ساتھ جانے کی اجازت دی۔ اس وجہ سے مدینہ طیبہ سے مکہ معظمہ اور مکہ سے کربلا تک سیدہ زینب اپنے بھائی امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ رہیں اور حضرت عبداللہ ابن طیار رضی اللہ عنہ نے اپنے دو جوان صاحبزادوں حضرت عون رضی اللہ عنہ وحضرت محمد رضی اللہ عنہ کو اپنی والدہ ماجدہ کے ہمراہ کربلا بھیج دیا، بعض نے ان کی عمر کو واقعہ کربلا سے آٹھ نو سال لکھ دیا ہے لیکن ایسا نہیں تحقیق کی روشنی میں اس وقت تک ان کی عمر اٹھارہ انیس برس کے لگ بھگ تھی لہذا اب حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے دو پوتوں جو حضرت عبداللہ ابن جعفر کے فرزند تھے ان کی شہادتوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حضرت محمد ابن عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت محمد بن حضرت عبداللہ بن حضرت جعفر طیار واقعہ کربلا کے وقت جوان عمر کے تھے اپنے ماموں جان سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا مجھے اب کارزار میں جانے کی اجازت دیں آپ ان کو دیکھ کر رو پڑے اور شوق جہاد و شہادت پر خوش بھی ہوئے۔ بڑے اصرار کے بعد آخر آپ نے ان کو اجازت مرحمت فرمادی۔

حضرت محمد ابن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے شیر کی طرح قوم اشقیاء پر حملہ کیا اور دس افراد قوم جفا کار کے واصل جہنم کیے۔ بالآخر حضرت محمد عبداللہ کو ظالموں نے اپنے نرغے میں گھیر لیا اور حملے کرنے شروع کر دیئے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے شہزادے اور جعفر طیار کے پوتے اور سیدہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے نور نظر دل کے قرار ایک ظالم ملعون عامر بن نہشل تمیمی کے ہاتھوں شہید ہوگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے شہزادے کی لاش کو اٹھایا اور خیمے کے پاس لاشوں کے قریب رکھ کر فرمایا اے میری ماں جائی بہن تمہاری حسرت پوری ہوگئی آج تمہارا لخت جگر میرے نانا جان کے پاس پہنچ گیا ہے۔ ماں نے شہزادے کی لاش کو دیکھ کر کہا بیٹا تو نے میرا دل راضی کر دیا ہے قیامت کو مجھے اور تمہارے باپ خاندان ہاشمی کو یہ فخر ہوگا کہ جس لال نے میرا دودھ پیا تھا اس نے کربلا میں دین حق کی خاطر جان دینے سے گریز نہ کیا۔ آپ نے بڑے صبر و رضا کے ساتھ اس زخم کو برداشت فرمایا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



(حیات الکلمی ج ۲ ص ۲۰۳)

## حضرت عون ابن عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہ

حضرت عونؓ حضرت عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے بیٹے تھے اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھانجے ہیں اپنے بھائی حضرت محمد رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد انہوں نے بھی حضرت امام سے اذن جہاد طلب فرمایا۔

پھر داد شجاعت و شہامت دیتے ہوئے آپ نے تین اشخاص اشقیا کے سوار اور اٹھارہ پیادوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے بعد عبداللہ بن قطبہ طائی کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۔

حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے ان کی لاش مقدسہ کو اٹھایا اور لاشان مقدسہ کے ساتھ رکھا حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے شکر ادا کیا کہ اے الہ العالمین تو نے زینب کے اس بیٹے کی قربانی کو قبول فرمالیا ہے۔

## اولاد سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی قربانیاں

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے اور حضرت علی المرتضیٰ کے فرزند اور سرکار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے تھے۔ ان کی اولاد میں سے بیٹے نوجوان تھے اور واقعہ کربلا میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کربلا میں تشریف لائے اور انہوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔

ب ان صاحبزادوں کی شہادتوں کا بیان کیا جاتا ہے۔ سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کثیر الزوج اور کثیر الاولاد تھے۔ یہاں پر ان کا ذکر کیا جارہا جو کہ کربلا میں شہید ہوئے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# شہزادہ حضرت قاسم ابن امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی اولاد امجاد میں عدیم النظیر قربانیاں پیش فرمائیں۔آپ کی اولاد امجاد میں سے ایک وہ صاحبزادے حضرت قاسم رضی اللہ عنہ ہیں جو از بطن برملہ تھے آپ کی والدہ محترمہ واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔

جب شہزادہ قاسم رضی اللہ عنہ نے میدان کربلا میں جانے کے لئے اپنے خیام سے تیاری شروع فرمائی تو حضرت امام عالی مقام نے دیکھا کہ اب میرے بھائی راکب دوش مصطفیٰ کا نور نظر جس کو دیکھ کر اپنے بھائی حسن کی یاد آجاتی ہے جن کا چہرہ انور اپنے باپ کے ساتھ ملتا جلتا ہے اب میرا یہ پیارا قاسم میدان کارزار میں جہاد کے لئے آراستہ ہو رہا ہے اس منظر کو دیکھتے ہی حضرت امام حضرت قاسم رضی اللہ عنہ کے گلے جا لگے اور اس قدر روئے کہ غشی طاری ہوگئی حضرت قاسم نے تسلی و تشفی فرمائی اور اپنے شوق جہاد اور خون حیدری کے جوش کا مظاہرہ کیا اور اجازت چاہی لیکن حضرت امام اپنے بھائی کی اس عظیم نشانی کو اپنے سے جدا کرنے پر پس و پیش کرتے رہے۔ بالآخر شہزادے نے اپنے چچا جان بزرگوار سے بڑے اصرار کے بعد اجازت حاصل کرلی۔ شہزادے اسی حال میں میدان کارزار میں نکلے کہ ان کی آنکھیں چچا کے غم میں پرنم تھیں اور چچا کے بھتیجے کی جدائی میں صاحب حیات فرماتے ہیں کہ جب شہزادہ چل پڑے تو حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

اے پیارے بیٹے قاسم کیا تم اپنے قدموں سے چل کر موت کی طرف جاتے ہو۔

شہزادہ قاسم رضی اللہ عنہ نے جواب میں عرض کیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اے عم بزرگوار بھلا میں ایسا کیوں نہ کروں جب کہ آپ کو اعداء کے نرغہ میں بے یار و مددگار تنہا کھڑا دیکھ رہا ہوں۔ میری جان آپ پر فدا ہو۔

امام عالی مقام رضی اللہ عنہ یہ جواب سن کر رو پڑے اور قاسم کو سینے سے لگا کر بوسہ دیا اور سپرد خدا کیا اور فرمایا اچھا ہم بھی تمہارے پیچھے آ رہے ہیں۔

شہزادہ آخری سلام عرض کر کے میدان کارزار میں کود پڑے۔

یزیدی لشکر نوجوان شہزادہ قاسم کے چہرہ انور کی تابانی و چمک وہیبت اور دیکھ کر بوکھلا گئے میدان کارزار میں ایک آفتاب چمک رہا ہے۔ فَاِنَّ اِلَیْنَا خَرَجَ قَاسِمٌ کَاَنَّ وَجْهَهٗ قَمَرٌ ہماری طرف ایک قاسم نامی شخص آیا جس کا چہرہ چاند کی مانند تھا گویا کہ چاند نمودار ہوا ہے۔

آپ نے فوج اشقیاء کا مقابلہ فرمایا اور ستر ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ اسی اثناء میں عمرو بن سعد بن نفیل ازدی ظالم ملعون نے اس قدر زور سے تلوار ماری کہ شہزادہ حضرت قاسم کا سر انور شگافتہ ہو گیا اور بل کھا کر زین فرس سے منہ کے بل فرش زمین پر گر پڑے۔ آپ نے عم محترم کو آواز دی یا عماہ حضرت امام نے حضرت قاسم رضی اللہ عنہ کی آواز سنی تو آپ دوڑتے ہوئے آئے دیکھا کہ قاتل آپ کے پاس کھڑا ہے آپ نے اسے روکا لیکن باز نہ آیا۔ الٹا تلوار سے حضرت امام عالی مقام کو مارنے لگا قدرت الہیہ سے اس کا اپنا ہاتھ کٹ کر گر گیا اس نے اپنے ساتھیوں کو مدد کے لئے طلب کیا وہ کثرت سے دوڑتے آئے ان کے اپنے گھوڑوں کے پاؤں کے نیچے ہی وہ کچلا گیا اور جہنم رسید ہو گیا۔

حضرت امام شہزادہ کے قریب کھڑے ہیں شہزادہ تڑپ رہے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



امام غم کی حالت میں فرما رہے تھے۔ ہلاک ہو وہ قوم جس نے تم کو قتل کیا۔ اسی اثناء میں شہزادہ قاسم ابن امام حسن رضی اللہ عنہ جام شہادت نوش فرما کر جنت کو سدھار گئے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے ان کی لاش مبارک کو اٹھایا اور خیام کے پاس لاشان مقدسہ کے قریب رکھا جو مرکز سپاہ کی حیثیت رکھتا تھا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ

## حضرت ابوبکر ابن امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ امام حسن رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں ان کی اور حضرت قاسم رضی اللہ عنہ کی والدہ ایک تھیں۔ گویا کہ یہ دونوں ماں باپ کے سگے بھائی تھے اور حضرت قاسم سے بڑے تھے۔ انہوں نے بھی حضرت امام رضی اللہ عنہ سے اذن جہاد لے کر بڑے اصرار کے بعد میدان کارزار کا رخ کیا۔

آپ نے بھی بڑی شجاعت کے ساتھ قوم اشقیاء کا مقابلہ کیا اور چودہ ناریوں کو واصل جہنم کیا۔ بالآخر عبداللہ بن عتبہ الغنوی کے تیر سے آپ درجہ شہادت کو پہنچے۔

## حضرت عبداللہ (الاصغر) ابن امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں ان کی والدہ محترمہ رملہ بنت شلیل بن عبداللہ البجلی تھیں۔ حضرت شلیل رضی اللہ عنہ ایک صحابی رسول تھے یہ صغیر السن تھے گیارہ سال کی عمر تھی جب یہ کربلا میں شہید ہوئے۔ ان کی شہادت کا واقعہ یوں ہے کہ جب امام الشہداء نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو تیروں سے دشمنوں نے چھلنی کر دیا۔ یہ حالت زار دیکھ کر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے چچا جان کی حمایت کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



لئے دشمن کے نرغہ میں کود پڑے۔ دیکھا کہ ایک تلوار لے کر قاتل اجبر بن کعب کھڑا ہے آپ نے اس کو جا کر فرمایا۔ ظالم میرے چچا کو کیوں قتل کرتا ہے۔ اس نے طیش میں آ کر حضرت عبداللہ ﷜ کے تلوار ماری جس سے شہزادہ کا ہاتھ کٹ گیا۔ شہزادہ عبداللہ نے کہا یا عماہ: اے چچا جان امام ہمام نے جب حضرت عبداللہ کو دیکھا تو اسی لہولہان حالت میں سینہ سے لگا لیا اور دلاسا دیتے ہوئے فرمایا: اس مصیبت پر صبر کرو اور خیر و ثواب کی توقع رکھو، اللہ تعالیٰ تجھے اپنے نیک اباء اجداد کے ساتھ ملحق کریں گے۔ شہزادہ حضرت عبداللہ ابن امام حسن چچا جان کے ساتھ لپٹے ہوئے تھے کہ ایک ملعون ظالم حرملہ ابن کاہل نے اس قدر شدید حملہ کیا کہ شہزادہ نے تڑپ کر جان دے دی اور ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر کے جنت میں شہداء کربلا کے ساتھ ملحق ہوگئی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

## اولاد سیدنا علی المرتضیٰ کی قربانیاں

حضرت سیدنا مولانا علی المرتضیٰ وجہہ الکریم نے سیدہ فاطمہ علیہا السلام بنت رسول اللہ ﷺ کی حیات ظاہری میں تو کوئی اور نکاح نہ فرمایا لیکن ان کے انتقال کے بعد حضرت علی کرم اللہ نے آٹھ اور نکاح فرمائے کل نو ازواج ہوئیں اور ان سب سے کافی اولاد امجاد ہوئی جیسا کہ اس کا بھی تفصیلی ذکر ہو چکا ہے ان تمام اولاد امجاد میں سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے جو صاحبزادے کربلا میں شہید ہوئے اب ان صاحبزادوں کی شہادت کا تذکرہ کیا جا رہا ہے۔

## حضرت ابوبکر بن علی المرتضیٰ کی شہادت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت حیدر کرار سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادے ہیں ان کی والدہ ماجدہ لیلیٰ بنت مسعود بن خالد درامیہ ہیں۔ آپ نے حضرت امام الشہداء سے اجازت جہاد طلب کی اور میدان کارزار میں تشریف لائے تو آپ کی زبان پر یہ رجز جاری تھی۔

شیخی علی ذوالفقار الـالحول

من هاشم الصدق الكريم افضل

هذا حسين ابن النبي المرسل

عنه نماحي بالحسام المصقل

نفديه نفسي من راخح بجلي

پھر زبردست دشمنوں سے جنگ فرمائی اور آپ نے اکیس ناریوں کو نار جہنم رسید کیا ایک ظالم ملعون زجر بن قیس کے ہاتھوں آپ شہید ہو گئے، شہدائے کربلا کی لاشوں کی بے پناہ جماعت میں ان کی بھی لاش مقدس رکھی گئی۔ (الخمی ۲:۳۰۷)

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

## حضرت محمد ابن سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا محمد رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا مولی علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے شہزادے ہیں۔ ان کی والدہ محترمہ حضرت اسماء بنت عمیس، الخثعمیہ تھیں اور یہ حضرت محمد بن الحنفیہ رضی اللہ عنہ سے چھوٹے تھے۔

آپ نے بھی اذن جہاد طلب فرمایا اور کارزار میں یزیدیوں سے خوب لڑائی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کی اور کئی افراد کو جہنم رسید کیا بعد ازاں خود ایک ملعون ذرعہ بن شریک کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ انا للہ انا الیہ راجعون۔ یہ ملعون چند گھڑیوں کے بعد پانی پیتے ہوئے اس کا پیٹ پھٹ گیا اور واصل جہنم ہوا۔

## حضرت عبداللہ ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادے ہیں، ان کی والدہ ماجدہ ام البنین فاطمہ بنت خزام بن خالد ربیعہ (از بنی ھوازن) تھیں، یہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ ابن علی المرتضیٰ سے چھوٹے تھے، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے امام عالی مقام سے اذن جہاد طلب فرمایا: اور سخت زبردست حرب و ضرب کے بعد بالآخر شبیت ملعون کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرمایا۔ آپ کی عمر مبارک اس وقت پچیس سال کے لگ بھگ تھی ان کی بھی لاش اقدس کو شہداء کربلا کی لاشوں میں رکھا گیا۔ (الحیات الخفی ۲:۲۰۷) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

## حضرت عثمان ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادے ہیں اور حضرت عبداللہ و عباس کے سگے بھائی تھے ان کی پیدائش پر آپ نے فرمایا میں اپنے بھائی کے نام پر اس کا نام رکھتا ہوں اور وہ عثمان ہے اور حضرت عثمان جو جلیل القدر صحابی ہیں، واقعہ کربلا کے وقت حضرت عثمان ابن علی رضی اللہ عنہ کی عمر پچیس سال تھی، آپ پورے چودہ سال حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس رہے، واقعہ کربلا کے خونی منظر پر آخر حضرت عثمان فرزند علی المرتضیٰ نے اذن جہاد طلب فرمایا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



آپ اجازت لے کر قوم اشقیاء پر ٹوٹ پڑے اس وقت آپ کی زبان پر یہ رجز تھی۔

اِنّی عُثمانِ ذوالمفاخر

شیخی علی الفعال الظاھر

ھذا حسین خیرۃ الاخایر

وسید الصغا روا الکبائر

شدید ضرب وحرب کے بعد خولی بن یزید اصبحی ملعون نے آپ کو ایک ایسا تیر مارا کہ شہزادہ عثمان ابن حیدر کرار فرس زین سے فرش زمین پر آ گئے اور تڑپتے رہے اسی اثناء میں موقعہ پا کر ایک ملعون ایان بن درام نے آگے بڑھ کر حضرت عثمان شیر خدا رضی اللہ عنہ کے نور نظر کا سر اقدس جسد اطہر سے قلم کر دیا۔ (الحیات الخفی: ۲:۹ ۳۰)

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ

## حضرت جعفر ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا جعفر رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے صاحبزادے تھے، سب بھائیوں سے واقعہ کربلا میں ان کی عمر کم تھی، بوقت شہادت آپ کی عمر اکیس سال تھی، حضرت عثمان بن علی رضی اللہ عنہ سے دو برس چھوٹے تھے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ان کی کی پیدائش پر نام رکھتے ہوئے فرمایا میں ان کا نام اپنے بھائی جعفر طیار پر رکھتا ہوں، حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اذن جہاد لے کر کارزار کی طرف تشریف لائے تو آپ نے یہ رجز پڑھی۔

اِنی اَنا جَعفَر ذوالمعالی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ابن علی الخیر ذی النوال

حسبی بقمی شرفا وخالی

احمی حسینا ذی الندی المفضال

آپ نے کئی افراد جہنم رسید کئے بالآخر ہنی بن شبیت ملعون کے ہاتھوں شہید ہو گئے، انا للہ وانا الیہ راجعون ایک روایت ان کے قاتل کے متعلق یوں بھی آئی ہے کہ خولی بن یزید نے اس قدر زور سے نیزہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ماتھے پر مارا جس کی کاری ضرب آپ کی شہادت کا سبب بنی۔ (الحیات الحقی ۲:۳۰۹)

## ابوالفضل حضرت عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت

حضرت سیدنا ابوالفضل العباس رضی اللہ عنہ ابن حضرت مولیٰ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی ولادت باسعادت مدینہ منورہ میں شعبان المعظم ۲۶ ہجری کو ہوئی۔ آپ کی والدہ ماجدہ ام البنین فاطمہ بنت خزام بن خالد بن ربیعہ بن عامر الکلابی تھیں۔ یہ وہ ام البنین تھیں جن کا خاندان عرب میں صف شکنی اور شیر افگنی میں مشہور اور معروف تھا تمام قبائل عرب میں یہ خاندان اپنی شجاعت وشہامت میں بے نظیر تھا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اس بات پر بہت خوش ہوئے۔ کیونکہ جس طرح آپ شجاعت وشہامت میں اعلیٰ درجہ کے مشہور ہیں آپ کی بیوی حضرت ام البنین بھی ایک شجاع خاندان سے تھیں۔ آپ کے ہی بطن سے حضرت کے وہ چار فرزند پیدا ہوئے۔ ۱۔ حضرت ابوالفضل العباس، ۲۔ حضرت عثمان، ۳۔ حضرت عبداللہ، ۴۔ حضرت جعفر جو سب کے سب میدان کربلا میں یوم عاشورہ حضرت امام عالی مقام کی نصرت کے ساتھ جام شہادت نوش فرما گئے۔ دنیا کے لئے سوتیلے بھائیوں کے وفاداری وجانثاری

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کی قائم کردی۔(الحیات الخمی ۲:۳۱۰)

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو چودہ سال تک اپنے والد معظم کی شفقت نصیب ہوئی تھی کہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم اپنے والد عظیم کی شہادت کے بعد پھر دس سال کا عرصہ حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس رہے۔ ان کی شہادت کے بعد حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس رہے۔ گویا کہ اس طرح بوقت شہادت آپ کی عمر مبارک چونتیس سال تھیں۔ واقعہ کربلا کے وقت حضرت عبداللہ، عثمان و جعفر اور حضرت عباس ان چاروں بھائیوں کی والدہ ماجدہ حضرت ام البنین مدینہ طیبہ میں موجود تھیں۔(حیات ۲:۳۱۰)

## القابات

حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کی دو کنیتیں بڑی مشہور ہیں۔ ایک ابوالفضل، دوسری ابوالقرابہ۔ آپ کے القابات بھی بہت مشہور و معروف ہیں۔ آپ کو قمر بنی ہاشم بھی کہا جاتا ہے اور علمبردار بھی کہا جاتا ہے سقائے اہل بیت بھی کہا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں باب الحوائج، الشہید، العبدالصالح، صاحب اللوا جیسے القابات جلیلہ بھی آپ کے ہیں۔(حیات ۲:۳۱۰)

## شکل وشمائل وفضائل

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کشیدہ اقامت متناسب اعضاء کے نہایت وجیہ نوجوان تھے تمام ارباب سیر نے اپنی کتب میں لکھا ہے کہ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ بہت حسین وجمیل اور جسم و وسیم تھے۔ دور کابہ گھوڑے پر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سوار ہوتے تھے تو پھر پائے مبارک زمین پر خط دیتے تھے ان کو خداداد حسن و جمال کی وجہ سے قمر بنی ہاشم کہا جاتا ہے۔ یعنی بنی ہاشم کے خاندان کے چاند جیسے عباس۔ مدینۃ الرسول میں جب شہزادہ علی اکبر امام حسین رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ ابن علی المرتضٰی چلتے تو لوگ ان کے چہروں کو دیکھنے کے لئے جمع ہو جاتے سبحان اللہ۔ ظاہری خوبیوں کے ساتھ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا دامن باطنی و روحانی خوبیوں سے لبریز تھا۔ ایک مرتبہ آپ کا ایک عجیب فقیہانہ واقعہ ہوا کہ حضرت سیدنا مولا علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا تشریف فرما تھیں آپ نے اپنے بیٹے حضرت عباس کو فرما رہے تھے قل واحد کہو ایک حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا واحد ایک پھر آپ نے فرمایا قل اثنان کہو دو۔ حضرت عباس خاموش آپ نے فرمایا بیٹا دو کیوں نہیں کہتے کہو۔ حضرت عباس عرض کیا ابا جان اِسْتَحِیُ اَنْ اَقُوْلِ بِاَللِسَانِ الَّذِیُ قُلْتُ وَاحِدِ اِثْنَانِ جس زبان سے ایک مرتبہ ایک کہہ دیا اب اس سے دو کہتے ہوئے حیا دامن گیر ہوتی ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ یہ جواب بن کر متاثر ہوئے کیونکہ اس جواب میں فقیہانہ راز تھے جو عام نہیں سمجھ سکتے تھے۔ حضرت عباس اہل بیت میں فقیہ کے نام سے بھی مشہور تھے۔ اَنَّ الْعَبَاسَ مِنْ اَکَابِرُ الْفُقَهَاءِ وَاَفَاضِلَ اَهْلِ بَیْتِ۔ حضرت عباس اکابر فقہاء فضلائے اہل بیت تھے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا نکاح لبابہ بنت عبداللہ بن عباس سے ہوا جن کے بطن سے آپ کے دو بیٹے فضل اور عبیداللہ پیدا ہوئے تھے۔ بوقت شہادت کربلا آپ اہل و اعیال والے تھے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے انہی خصائل کے مطابق حضرت امام عالی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مقام کے ساتھ وہ جلیل القدر خدمات سرانجام دیں جو بیان سے باہر ہیں شب عاشورا حضرت امام عالی مقام کے خطبہ میں انہوں نے سب سے پہلے یہ کہا تھا لَا اَرَانَا اللّٰہُ ذَالِکَ الْیَوْمِ اَبَدًا۔ اللہ ہم کو وہ دن نہ دکھائے جب ہم آپ کو تنہا چھوڑ کر چلے جاویں۔ گویا آپ کو مومنانہ وشجاعانہ جواب جانثاری و نصرت حق کی تائید اور عہد کی تجدید تھی۔

## سقائے اہل بیت ابوالفضل حضرت عباس بن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ

حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ ابن حضرت مولی علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی شہادت طیبہ کے متعلق جو صحیح روایت معتبرہ کتب سے ثابت ہوئی ہے وہ یوں ہے کہ حضرت سیدنا عباس صاحب اللواء نے جب دیکھا کہ تمام رفقاء احباب داعوان وانصار و خاندان اہل بیت کے جام شہادت نوش فرما چکے۔ اور آپ امام الشہداء نواسہ سیدالابرار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ تنہا اور بیکس ہو چکے ہیں تو حضرت سیدنا عباس ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی خدمت عالیہ میں عرض کیا اے پیارے بھائی جان! کیا اب مجھے اجازت مرحمت فرماتے ہیں یہ سن کر حضرت حسین رضی اللہ عنہ رو پڑے اور جواب میں فرمایا کہ اے میرا بھائی تم میرے صاحب علم برادر ہو تمہارے چلے جانے سے تمام سلسلہ ختم ہو جائے گا۔ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

غم پہ آئے غم کر دیکھ کر میرا دل تنگ پڑ گیا ہے اور اس راہ حق پر جان قربان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کر دوں حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا اچھا اگر آپ کا یہی خیال ہے تو پہلے ایک کام کرو۔ وہ یہ کہ اہلبیت اطہار کی خواتین مقدسہ اور بچے بیمار پیاس کی شدت سے تڑپ رہے ہیں ان کے لئے کسی طریقہ سے تھوڑا سا پانی لا دو۔

حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے حکم سنتے ہی عرض کیا اچھا پہلے میں پانی لے آؤں۔ آپ اسی وقت گھوڑے پر سوار ہو کر مشکیزہ اور تلوار ہاتھ میں لئے ہوئے تشریف لے گئے اور قوم اشقیاء کی طرف جا کر آپ نے فرمایا کہ

اے پسر سعد، یہ حسین دختر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے ہیں فرماتے ہیں کہ تم نے ان اصحاب و احباب و اولاد کو تو شہید کر دیا ہے اور وہ خود تنہا اہالیان بہت رسول صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کے ساتھ رہ گئے ہیں جن کے دلوں کو پیاس کی شدت نے جلا دیا ہے ان کے لئے کچھ پانی دو۔ سیدنا عباس کے اس خطبہ آخر پر کچھ یزیدیوں کے دلوں پر اتنا اثر ہوا کہ وہ رو پڑے اور بعض نے ندامت سے سر جھکا لئے۔ لیکن دنیا کی حرص و طمع نے ان کو اندھا کر دیا تھا کہ آج خانوادہ اہل بیت رسول پیاس سے تڑپ رہے ہیں۔

جب یہ صورت حال قوم اشقیاء کی ہوئی تو ایک شخص شمر اور مشیت بن ربعی آگے بڑھے اور کہنے لگے۔

اے ابوتراب کے بیٹے بالفرض تمام روئے زمین پر پانی ہی پانی ہو جائے اور پھر وہ ہمارے قبضہ میں ہو تب بھی تمہیں اس وقت تک ایک قطرہ پانی نہ دیں گے جب تک تم یزید کی بیعت نہ کر لو۔

ان کا یہ کافرانہ جواب سن کر حضرت عباس رضی اللہ عنہ مایوس ہو کر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں واپس لوٹ آئے اور ان کے تمام سوالوں اور جوابوں کا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ذکر فرمایا۔ حضرت امام عالی رضی اللہ عنہ یہ جواب سن کر شدت غم سے رو پڑے اسی اثناء میں خیام حسینی سے العطش العطش کی آوازیں زور پکڑ گئیں۔ یہ دردناک آواز حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے کانوں تک پہنچی تو رو کر آسمان کی طرف منہ کر کے فرمایا۔

اے الہ العالمین میں چاہتا ہوں کہ اپنی کوشش بروئے کار لاتے ہوئے ان بچوں کے لئے پانی کا ایک مشکیزہ بھر لاؤں۔

اس کے بعد مشکیزہ و تلوار لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر نہر فرات کی طرف روانہ ہو گئے۔

پھر لشکر جرار کی صفوں کو چیرتے ہوئے دریائے فرات کی طرف بڑھے جب قوم اشقیاء اور عمرو بن سعد نے دیکھا کہ حیدر کرار کا فرزند بڑے عزم و ہمت کے ساتھ علم لئے ہوئے آیا ہے تو چار ہزار کا لشکر یزیدی جو نہر پر متعین کیا گیا تھا حرکت میں آ گیا۔ یہ حالت دیکھ کر شہزادہ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے تلوار میان سے باہر نکال لی اور برق عاطف اور صرصر عاصف کی طرح دشمنان اسلام پر ٹوٹ پڑے۔ کشتوں کے پشتے لگا دیئے میمنہ کو میسرہ اور میسرہ کو میمنہ پر الٹ کر رکھ دیا۔ اسی حالت میں آپ نے اسی ۸۰ افراد کو جو نہر فرات کی صفوں میں تھے واصل جہنم کر دیا۔

حیدر کرار کے فرزند کی ہیبت و شجاعت نے دشمنوں کی صفوں سے راستہ دے دیا یہاں تک کہ آپ نہر فرات کے پاس جا پہنچے جب دریائے فرات کا پانی ٹھاٹھیں مارتا ہوا دیکھا تو حضرت نے فرمایا اے الہ العالمین۔ دیکھ لے آج اس پانی کو کس ظلم کے ساتھ اہل بیت پر بند کیا ہے کہ آج ان کا بچہ بچہ پانی کے ایک قطرہ کو ترس رہا ہے۔

یہاں پر حضرت عباس کو خیال آیا کہ میں خود چلو بھر کر پانی سیر ہو کر پی لوں اور پھر مشکیزہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بھرلوں۔

پس جب یہ ارادہ ہوا ایک چلو بھر کر پانی خود پی لوں تو حضرت حسین و اہل بیت کی پیاس یاد آ گئی اور پانی نہ پیا اور چلو نہ بھرا۔ یعنی چاہا کہ پئیں لیکن اس وقت امام حسینؓ اور ان کے اہل و عیال کی پیاس یاد آ گئی۔ دوسرا یہ طریقہ شان وفاداری کے خلاف ہے تیسرا یہ اہل بیت عظام کے شایان شان اور ادب سے منافی تھا اس لئے پانی چلو سے انڈیل دیا اس کے بعد مشکیزہ پانی سے پر کر لیا اور چلنے لگے تو افواج اشقیاء ان کے راستہ روکنے کے لئے کھڑی تھی۔ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کی پوری کوشش تھی کہ کسی طرح پانی خیام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ تک پہنچ جائے۔ دوسری طرف مخالف قوم کی بھرپور کوشش کہ یہ پانی خیام حسین رضی اللہ عنہ تک نہ پہنچے۔

چنانچہ فوج اشقیاء نے حضرت صاحب اللواء سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کو چاروں طرف سے گھیر لیا اور تیروں کی بارش شروع کر دی۔ مگر حیدر کرار کا فرزند نور نظر خون حیدری کی پوری قوت سے ان کے حملے پر حملوں کو پسپا کر رہے ہیں کہ اچانک ایک ملعون نے چھپ کر جس کا نام نوفل ابن ارزق دوسری روایت کے مطابق زید بن ورقا تھا اس نے حضرت کے دائیں بازو پر ایسا زور سے وار کیا کہ بازو اقدس قلم ہو کر زمین پر جا گرا اس کے باوجود شہزادہ عباس رضی اللہ عنہ نے نہایت دلیری کے ساتھ مشکیزہ دوسرے کاندھے پر رکھ لیا اور اسی ہاتھ بائیں سے تلوار پکڑ کر دشمن کا مقابلہ کرتے رہے اس وقت حضرت اسد اللہ الغالب کے فرزند کی زبان پر الفاظ آئے۔

وَاللّٰہِ اِنْ قَطَعْتُمْ یَمِیْنِیْ

اِنِّی اُحَامِی اَبَداً عَنْ دِیْنِیْ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ترجمہ: خدا کی قسم اگر میرا دایاں بازو کٹ گیا تو کچھ پرواہ نہیں میں ہمیشہ دین حق پر قائم رہوں گا۔

یعنی ہاتھ جانے کا غم نہیں مگر دین مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء نہ جائے گا اسی پر جان دے دوں گا۔

وَعَنْ اِمَامِ الصادق الیقین
نَجلِ النبی الطَاھر الامین

بے شک حضرت امام عالی مقام سچے یقیناً برحق ہیں وہ امام برحق جو نبی پاک صاحب آمین علیہ الصلوٰۃ والسلام سے منسلک ہیں۔

یہ کلمات زبان پر جاری اور ایک ہاتھ سے دشمن پر ضرب کاری وساری اور کشت خون کا بازار عام گرم۔ مگر بریدہ بازو سے بکثرت خون نکل جانے سے حضرت عباس رضی اللہ عنہ پر قدرے نقاہت کے آثار نمودار ہوگئے اسی اثناء میں ایک ملعون نے حضرت پر پھر ایک ایسا تلوار سے وار کیا کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا بائیاں بازو بھی قلم ہوگیا۔ اس وقت حضرت نے یہ کلمات پڑھے۔

یَا نَفس لَا تخلفی مِنَ الْکُفَّارَ
والشری بِرَحمَۃِ الْجَبَّارَ
مَعَ النبی سَیّد الْمُخْتَارَ
قَدْ قطِعُوْ ابعیھِمُ الیسارِ
فَامْلھم یارب حر النار

ترجمہ: اے میری جان ان منکروں سے خوف نہ کھا، تیرے لئے اے جان

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



خوشخبری ہے رحمت پروردگار کی، اس لئے کہ تو سید المختار حبیب کردگار ﷺ کا ساتھ ہے۔ ان لوگوں نے میرا دہ ہاتھ کاٹا ہے جو بایاں ہے اور وہ ہاتھ بھی کاٹا جو دایاں ہے۔ اے میرے رب تو ان کو بھیج تپتی ہوئی ذلت آمیز آگ میں۔

اللہ۔ اب عجیب منظر ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے دونوں بازو قلم ہو چکے ہیں اور اب لڑنے کے قابل تو نہیں رہے مگر مشکیزہ کو دانتوں سے دبا کر رکھا (مشکیزہ کے فیتوں کو دانتوں سے دبائے رکھا) سارے پانی کا وزن دانتوں سے اٹھائے ہوئے ہیں۔

سبحان اللہ اب بھی یہ کوشش ہے کہ کسی نہ کسی طرح یہ پانی خیام حضرت امام علی مقام تک پہنچ جائے مگر افسوس صد افسوس کہ سقائے اہل بیت رسول ﷺ کی ان امیدوں و آرزوؤں و تمناؤں پر پانی پھر گیا کہ ایک تیر آ کر مشکیزہ پر پیوست ہو گیا کہ سارا پانی مشکیزہ سے زمین پر بہہ گیا اسی اثناء میں ایک دوسرا تیر حضرت عباس کی سینہ اقدس پر لگا اور ایک ملعون حکیم بن طفی سینی نے آہنی گرز (یعنی لوہے کی گرز) اس زور سے سر اقدس پر ماری کہ شہزادہ حضرت عباس گھوڑے کی زین پر سنبھل نہ سکے اور لاچار ہو کر فرش زمین پر تشریف لے آئے تو امام الشہداء ابن رسول اللہ کو آواز دی۔

اے ابو عبداللہ الحسین میری طرف سے آخری سلام۔

اس آواز کو سن کر حضرت امام الشہداء دوڑتے ہوئے آپ کے قریب پہنچے تو دیکھا پیکر وفا لخت جگر علی المرتضیٰ میرا برادر مجتبیٰ صاحب اللواء اپنے خالق حقیقی سے جا ملے ہیں اور مجھ سے ہمیشہ کے لئے دنیاوی زندگانی سے جدا ہو گیا ہے اور میرے نانا پاک علیہ الصلوۃ والسلام کے حضور چلا گیا ہے ارواح شہدا کربلا سے جا ملا ہے اور بدن

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اقدس لہولہان اور جسد اطہر ٹوٹ چکا ہے اس حالت زار کو دیکھ کر حضرت امام الشہداء رو پڑے اور آپ کی لاش اقدس کے ساتھ چمٹ کر فرمایا۔

اَلْاٰنَ اِنْکَسَرَ ظَهْرِیْ وَقَلَّتْ حِیْلَتِیْ اے اب میری کمر ٹوٹ گئی ہے۔ ورشتہ تدبیر وقوت کمزور ہو چکا ہے۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ۔

اس کی دو وجہیں ہیں ایک تو یہ کہ غم واندوہ نے حضرت امام کی فی الحقیقت کمر توڑنے کے مشابہ ہے دوسرے اب عباس جیسے نوجوان کی لاش اٹھانے کی طاقت نہیں رہی جو کمر ٹوٹنے کے مشابہ ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کی لاش اقدس کثرت جراحات یعنی زخموں کے اٹھانے کے قابل نہ رہی۔ بہر حال ہر طریق سے حضرت امام کا یہ جملہ تمام خونی منظر کے غم کو برداشت کرنے کی نشاندہی کرتا ہے چنانچہ۔

فَبَکٰی الْحُسَیْنُ بقتل العَباس بکاءً شَدِیداً۔

پس شہادت عباس رضی اللہ عنہ پر حضرت امام رضی اللہ عنہ پھوٹ پھوٹ کر روئے۔

آپ نہر فرات کے کنارہ ہی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی لاش اقدس کو چھوڑ کر روتے ہوئے اور حزن وملال کا پہاڑ اٹھائے ہوئے واپس اپنے خیام میں آئے اہل بیت اطہار یہ خبر سن کے روئیں حضرت نے صبر کی تلقین فرمائی اور خود بھی دل پر صبر کی چٹان باندھ لی لیکن کربلا کی زمین رو رہی ہے۔

اَحَقُّ النَّاسِ اَنْ یُبْکٰی عَلَیْهِ

فَتًی اَبْکَی الْحُسَیْنَ بِکَرْبَلاءِ

اَخُوْهُ وَابْنُ الْمُضَرَّجِ بِالدِّمَاءِ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



وَمَنْ وَاشَاهُ لَا يَشْنِيُهُ شَیْءٌ

وَجَادِلُهُ عَلٰی عَطْشٍ بِمَاءٍ

## قیامت نما حادثہ شبیر جہانگیر بجانب رزم گاہ کربلا

اب وہ عجیب وقت آ گیا ہے کہ حضرت سیدنا امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ کے تمام اصحاب واقارب واعزہ واحباب ایک ایک کر کے داغ مفارقت دے گئے۔

سورج ڈھل چکا ہے عصر کا وقت قریب ہے نواسہ سید الابرار تنہا رہ گئے ہیں دائیں بائیں دیکھتے ہیں "نَظَرَ یَمِیناً وَشِمالاً" کوئی نظر نہیں آتا۔ سب رفقاء احباب وانصار واعزہ اقارب کے لاش ہائے مقدسہ خاک وخون میں غلطاں پڑے ہیں اور کوئی یار ومددگار اور غمگسار نظر نہیں آتا۔ کئی پیاروں کے نام لے لے کر ان کا پکارتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں۔

یَا اَبْطَالَ الصَّفَاءِ یَافُرْسَانَ الْھَیْجَا

مَالِی نَادِیْکُم فَلَا تُجِیبُونِی وَادْعُوکُم فَلَا تَسْمَعُوْنَ

اے شجاعات باصفا وشیران پیشہ وفا، اے شہیدان کرب وبلا۔ میں حسین تم کو نداء دیتا ہوں مگر تم جواب نہیں دیتے اور میں تمہیں بلاتا ہوں مگر تم میری آواز نہیں سنتے۔

مُحرم آ گیا ہے پر امت کے شہزادے نہیں آئے۔

جن کے غم میں سرکار الشہداء نواسۂ رسول دل شکستہ ہیں اور پیاروں کی داغ مفارقت نے ظاہری کمر توڑ دی ہے۔ کئی دن کی بھوک وپیاس، کربلا کا خونی منظر اور قیامت خیز تپش، ساڑھے چھپن سال کی عمر مقدس، ایسے حالات میں جنگ کریں تو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کیوں کر۔ مگر نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نواسے اور شیر خدا کے فرزند اور سیدۃ النساء کے شہزادے نے اسلام کے تحفظ اور اپنے فرائض کو اس خوش اسلوبی سے سرانجام دیا جس کی نظیر آج تک تو کیا قیامت تک نہیں مل سکتی۔ اس لئے معرکہ کربلا میں باطل کے ساتھ حق اور ظلم وستم کے ساتھ مظلومیت، تمام مادی قوت کے ساتھ روحانیت کا مقابلہ تھا۔ اس لئے اس کے تقاضے وہی تھے جن کو حکیم الامت نباض اسلام امام عالی مقام سرکار حسین رضی اللہ عنہ نے پورا کیا۔ ایک بار پھر نواسہ رسول نے اتمام حجت کے لئے آواز تنبیہ بلند فرمائی۔

کوئی ہے جو حرمات رسول سے دشمنوں کے شر کو دور کرے۔ کوئی خدا پرست ہے جو ہمارے معاملہ میں خدا سے ڈرے۔ کوئی فریاد رس ہے جو ثواب خداوندی کی خاطر ہماری فریاد رسی کرے۔ کوئی مددگار ہے جو حصول اجر کی خاطر ہماری مدد کرے۔

مگر سنگدلوں پر سرکار امام رضی اللہ عنہ کے اس آگاہی کا کچھ اثر نہ ہوا۔ مگر امام رضی اللہ عنہ کی آواز آگاہی سے تمام عالم جہانیہ میں تلاطم برپا ہو گیا۔ کائنات کے ذرہ میں کھلبلی مچ گئی۔ چونکہ ندائے آگاہی مطلق ہے۔ اس میں کوئی اشقیاء سے نہیں ہے۔ بظاہر پروردگار عالم بھی اس اطلاق میں شامل ہے کہ ہے کوئی جو ہماری مدد کرے۔ اس لئے پروردگار جل شانہٗ سبحانہ تعالیٰ نے اس کا عملی ثبوت پیش فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے نصرت کو ایک پرندہ کی شکل میں بھیجا اور اس نے امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر مبارک پر اپنے پر ہلائے اور کہا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اختیار دیا ہے چاہو تو آپ کو دشمنوں پر ظاہری فتح دے دیتا ہوں۔ اور چاہو تو میری ملاقات لقاء کو اختیار کرلو۔ آپ نے برضاء خوشی ورغبت پروردگار عالم کی لقاء کو اختیار فرمایا۔ (حیات

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ج ۲ ص ۲۱۶)

کہ اللہ تعالیٰ نے کئی ہزار فرشتے بھی بھیجے کہ حکم دیں تو آپ کی مدد کریں۔ یا لقاء رب کو اختیار کریں تو آپ نے فرمایا میں اپنے پروردگار کی رضاء ابتلا پر لقاء چاہتا ہوں۔ اسی طرح جنات کی جماعت کثیرہ نے بھی حاضر خدمت ہو کر مدد کرنے کی اجازت چاہی تو آپ نے انکار فرما دیا۔

سیدنا علی اوسط المعروف بہ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سخت بیماری کی حالت میں عصا پر ٹیک لگائے اور لڑکھڑاتے ہوئے خیام سے اٹھے۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ان کو تھاما اور فرمایا اے علی اس حالت میں کہاں جا رہے ہو عرض کیا ابا جان نے ندائے آگاہی فرمائی تھی۔ پھوپھی جان میں ابن رسول اللہ پر جان قربان کرنے جا رہا ہوں۔ امام عالی مقام یہ منظر دیکھ کر فرمانے لگے۔ اے بہن اس کو روک رکھو ایسا نہ ہو کہ زمین آل رسول سے خالی ہو جائے۔ چنانچہ بہت اصرار کے بعد سیدہ نے امام سجاد زین العابدین کو روک لیا اور خیام میں لٹا دیا۔

## طفل شیر خوار شہزادہ علی اصغر ابن امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت

اولاد میں سے یہی علی اصغر چھوٹے تھے۔ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ ان کے ساتھ بہت پیار اسی لئے فرمایا کرتے تھے کہ یہ میرا سب سے چھوٹا بیٹا ہے کربلا کے اسی خونی منظر میں کچھ کچھ دیر کے بعد جب بھی آپ خیام میں تشریف لاتے اور فرمایا کرتے تھے اصغر دو۔ آپ ان کو لے کر بوسہ دیتے اور پیار کرتے پھر چلے جاتے۔ اب یہ حالت ہے کہ فرزند ارجمند نور نظر حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ پیاس کی شدت سے تڑپ رہے ہیں۔ ماں کا دودھ خشک ہو گیا ہے پانی کا نام و نشان تک نہیں ہے۔ اس چھوٹے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سے بچے کی ننھی سی زبان باہر آ رہی ہے۔ عالم طفلی میں ہاتھ پاؤں مارتے ہیں۔ پیچ کھا کھا کر رہ جاتے ہیں ماں کی طرف دیکھتے ہیں اور سوکھی زبان دکھلاتے ہیں۔

لیکن یہ نور نظر والدہ معظمہ و حضرت امام کے متعلق کیا جانتے ہیں کہ آج میرے باپ کے پاس میرا خشک حلق تر کرنے کے لئے پانی کا قطرہ بھی نہیں ہے۔ ظالموں نے پانی بند کر دیا ہے۔ ماں اور باپ کا دل بے چینی سے پاش پاش ہو رہا ہے۔ اور چھوٹے بچے کی یہ بے تابی دیکھی نہیں جاتی۔ والدہ نے حضرت امام سے عرض کیا۔ اس کا صدمہ مجھ سے دیکھا نہیں جاتا۔ اس کو گود میں لے کر جا کر ظالمان سنگ دل کو دکھائیں۔ ہوسکتا ہے اس ننھے سے بچے کی حالت کو دیکھ کر ان کے دل میں رحم آ جائے۔ تو اس کو چند قطرے پانی دے دیں۔ اس کا خشک حلق تر ہو جائے اس سے ان کو کیا عداوت ہوسکتی ہے۔ حضرت امام عالی مقام اسی خیال سے اپنے اس نور نظر علی اصغر کو سینہ سے لگا کر قوم اشقیاء کے سامنے لے کر گئے۔ اس وقت بھی شہزادہ شدت پیاس سے بلک رہے تھے۔ اسی حالت زار میں حضرت امام نے فرمایا۔

اے قوم تم نے میرے اہل بیت اور میرے رفقاء و احباب کو قتل کر دیا ہے۔ یہ طفل شیر خوار باقی ہے۔ اسے پانی کا ایک گھونٹ دے دو۔ ذرا دیکھو تو سہی کس طرح یہ بیگناہ شدت پیاس سے تڑپ رہا ہے۔ (حیات ج ۲ ص ۳۲۰)

اللہ یہ وہ دردناک آواز تھی جس سے زمین اور آسمان کانپ رہے تھے۔ اور فرشتے محو حیرت دیکھ رہے تھے کہ جس کے گھر سے ایک دنیا کو رحم و کرم کی سوغات ملتی ہے۔ اس کے گھر کا ایک ننھا سا ہونہار بچہ علی اصغر پانی کے ایک قطرے کو ترس رہے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا یہ سلسلہ کلام جاری ہی تھا، اگر مجھ پر رحم نہیں کرتے تو اس بچہ پر رحم کرو۔ (حیات ج ۲۲۰)

فوج اشقیاء پر اس کا یہ اثر ہوا کہ ایک دوسرے سے کہنے لگے اگر اس بچے کو پانی دے دیا جائے تو کیا حرج ہے۔ پسر سعد نے اس حالت میں فوج کو دیکھ کر ایک شخص حرملہ ابن کاہل کو حکم دیا۔ اے حرملہ حسین کے اس کلام کو قطع کردے حرملہ نے فوراً تیر اس زور سے نشانہ لگا کر مارا کہ وہ تیر فراٹے لیتا ہوا آیا اور شہزادہ علی اصغر رضی اللہ عنہ کے نازک کان پر آ لگا کہ ایک کان کو چھیدتا ہوا دوسرے کان سے پار ہو گیا۔

نور کا پتلا پدرِ شفیق کی گود میں لپٹا ہوا خون میں نہا گیا اور تڑپ تڑپ کر باپ کی گود میں جان دے دی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

میں سمجھتا ہوں کہ پانی مانگنے والی یہ روایت غیرت حسینی کے خلاف ہے البتہ اتمام حجت کے لئے ہو تو پھر اور بات ہے

امام عالی مقام اپنے نور نظر کی شہادت کی موت پر شدید غمگین ہوئے اور آسمان کی طرف چہرہ انور کر کے فرمایا۔ لَا یَکُون اَھْوَنَ عَلَیْکَ مِن فَصِیْلِ۔ اے الہ العالمین تیری نگاہ نے یہ بچہ ناقہ صالح علیہ السلام کے بچہ سے پست مرتبہ کر دیا۔ غیب سے نداء آئی۔ یَا حُسَیْنَ دَعْہُ فَاِنَّ لَہٗ مَرضَعافِیُ الجَنَّۃ۔

اے حسین اسے چھوڑ دو اس کے لئے جنت میں دایہ موجود ہے۔ پھر آپ سا شگوفہ تمنا دل کو خیام میں لائے تو اہل بیت والوں اور ان کی محترمہ نے اول نظر میں دیکھا کہ بچہ میں بیتابانہ حرکتیں نہیں ہیں۔ سکون کا عالم ہے۔ نہ وہ اضطراب ہے اور نہ وہ بے قراری ہے۔ خاموشی ہی خاموشی ہے۔ گمان ہوا کہ پانی مل گیا ہو گا۔ لیکن جب

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



امام قریب آئے تو والدہ علی اصغر سے فرمایا لو اپنا بیٹا اصغر اس کو دنیا کا پانی میسر نہیں آسکا۔ لیکن ہاں میرے نانا جان ﷺ ساقی کوثر کے ہاتھوں اصغر آب کوثر سے سیراب ہوگیا ہے اور اپنے خاندان عالیہ کے شہداء میں جنت کو سدھار گیا ہے۔ والدہ محترمہ کا دل پاش پاش ہوگیا۔ اہل بیت کی حرمان مقدسہ ننھے کی شہادت پر روئیں۔ کہ ان ظالموں کے ظلم کی انتہا یہ ہے کہ چھوٹے سے بچے پر بھی ترس نہ کھایا اور کس طرح اس کو ظلم تیر کا نشانہ بنایا۔ حضرت امام نے صبر تلقین فرمائی۔

چھوٹے ننھے علی اصغر کی لاش اقدس کو اٹھایا اور خیام کے قریب شہدائے کربلا کی لاشان مقدسہ کے پاس لاش اقدس کو رکھ کر حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے آسمان کی طرف نگاہ فرما کر آنکھوں سے آنسو بہا کر فرمانے لگے۔ اے الہ العالمین تیرا شکر ہے کہ حسین کی یہ چھوٹی سی قربانی بھی قبول فرمالی ہے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ اِحْسَانِہٖ وَتَوَائِہٖ۔
(حیات ج ۲ ص ۳۲۱)

نور نظر اصغر کو لاشوں پہ رکھ کر
شبیر اٹھے دامن اقدس کو جھاڑ کر

## وقت آخر امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اہل بیت کے جھرمٹ میں

نوبت یہاں تک آگئی کہ جانثار سب ایک ایک کر کے رخصت ہو گئے اور اپنی جانیں حق پر قربان کر گئے۔ اب تنہا سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کارزار میں روانہ ہو رہے ہیں۔ یہ گھڑی بڑی قیامت خیز تھی جب سرکار سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ تھوڑی ہی دیر کے بعد اپنی بیویوں اور بچوں اور دیگر اہل حرم سے جدا ہو رہے ہیں اور یہ بھی جانتے ہیں کہ اب سیدزادیاں جو میرے جھرمٹ میں ہیں عنقریب اسیر ہو جائیں گی اور سب

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے چہروں پر حسرت و یاس برس رہی ہے کہ ان کے سرداران سے جدا ہو رہے ہیں۔
(حیات ج ۲ ص ۳۲۲)

## سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

یہ فرزند ارجمند حضرت علی اوسط المعروف بہ سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ باجود بیماری اور ضعف کے اس قدر کہ سفر کی کوفت بھوک و پیاس و متواتر فاقوں اور پانی نہ ملنے سے ضعف اس قدر بڑھ گیا کہ کھڑے ہوتے وقت بدن مبارک لرزتا تھا۔ باوجود اس کے ہمت مردانہ کا یہ حال کہ عرض کرتے ہیں ابا جان اب مجھے میدان کارزار میں جانے کی اجازت دیں اور میرے ہوتے ہوئے آپ کارزار میں نہ جائیں۔ سرکار سید الشہداء سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے بیٹے کو سینے سے لگا لیا اور فرمایا اے میری جان جو کچھ میرے پاس تھا وہ راہ حق میں قربان کر چکا ہوں اور اپنا ناچیز ہدیہ راہ خدا میں نذر کرنے کے لئے تیار ہوں۔ تم بیمار ہو اور کھڑے بھی نہیں ہو سکتے اور شائد اس میں یہ بھی حکمت الہیہ تھی کہ تم ہی سے میری نسل جاری ہونی ہے اور ان اہل بیت کو وطن تم ہی نے پہنچانا ہے اور ان کی نگہداشت تم ہی نے کرنی ہے حسینی سیدوں کا سلسلہ تم ہی سے جاری ہوگا۔ اسی لے آخری چراغ تم ہی ہو۔ تمہارے نور سے دنیا مستفیض ہوگی۔ نانائے پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دلدارگان حسن تمہارے ہی روئے تاباں سے ہے۔ حبیب حق کے انوار تجلیات کی زیارت کریں گے۔ اے نور نظر، لخت جگر یہ تمام کام تمہارے ذمہ ہیں میرے بعد تم ہی میرے جانشین ہو گے۔ تمہیں میدان کارزار میں جانے کی اجازت نہیں بیمار لخت جگر جن میں بوجہ بیماری پہلے ہی سکت نہ رہا تھا اب حکم امام کے آگے کچھ نہ کہہ سکے اور دیکھ رہے ہیں کہ اب میرے عظیم باپ شفیق

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہمیشہ کے لئے جدا ہو رہے ہیں۔ (حیات ج ۲ ص ۴۲۲)

## سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا

یہ جگر خراش منظر کہ امام اپنی محرمات مقدسہ کے جھرمٹ میں ہیں کہ سیدہ حضرت سکینہ رضی اللہ عنہا کو اپنی آغوش میں لئے ہوئے ہیں یہ سات سالہ شہزادی جن کے ساتھ حضرت امام کو بے پناہ محبت ہے اور سیدہ سکینہ دیکھ رہی ہیں کہ میرے ابا جان مجھ سے جدا ہو رہے ہیں۔ سیدہ سکینہ امام کی لاڈلی بیٹی اس حال میں معصومانہ انداز میں کہتی ہیں۔ ابا جان کیا آپ موت کی تیاری کر رہے ہیں۔ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اے پیاری سکینہ جس کا کوئی یار و مددگار نہ ہو وہ موت کے لئے تیار نہ ہو تو اور کیا کرے۔ سیدہ سکینہ رضی اللہ عنہا کہنے لگی۔ اچھا تو پھر ابا جان ہم کو حرم کی طرف بھیج دو۔ سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ بصورت ضرب المثل اے پیاری بیٹی۔ کاش اگر قطا (پرندہ) کو آزاد کر دیا جاتا تو آرام کی نیند سو جاتا۔ باپ اور سات سالہ بیٹی کی ان باتوں پر حرمات مقدسہ رو پڑیں اور امام رو پڑے۔ آپ نے صبر کی تلقین فرمائی اور سیدہ سکینہ کو بہت پیار اور دلاسے دیئے۔

## امام رضی اللہ عنہ کا وقت آخر لباسِ ستر زیب تن کرنا

پھر اپنی ایک اہلیہ سے فرمایا مجھے میرا وہ لباس دو جو میں اوپر کے لباس کے نیچے پہنا کرتا ہوں جو جسم کے بالکل ساتھ مل جاتا ہے تاکہ میں جب شہید ہو جاؤں تو ایسا نہ ہو کہ میرا جسم برہنہ ہو۔ اوپر کا لباس پھٹ بھی جائے تو جسم کے ساتھ ہوگا اس سے میرا جسم برہنہ نہ ہو سکے۔ حرمات مقدسہ نے یہ لباس پیش کیا تو رو پڑیں۔ پھر سرکار

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سیدنا امام عالی مقام نے اپنے زیریں لباس پہنا اور پھر اس کے اوپر اپنا کھلا لباس پہنا پھر اس کے اوپر اپنا جبہ مبارک پہنا اور عمامہ سر پر کپڑے کی ٹوپی رکھ کر باندھا اور ایک چادر مبارک اپنے کندھوں پر رکھی اور پھر زرہ پہنی اور ہاتھ میں تلوار لی اور چہرے وریش اقدس پر دونوں ہاتھ پھیرے۔ اور سرکار سیدالشہداء نے فرمایا۔ میری طرف سے سلام ہو تم پر اب میں جا رہا ہوں۔ یہ ایک عجیب دردناک اور رقت آمیز وقت تھا جب کہ اب ان کے سردار ان سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو رہے ہیں۔ سب کی نگاہیں سرکار امام رضی اللہ عنہ کی طرف لگی ہوئی ہیں اور امام ان کو دیکھتے دیکھتے خیام سے باہر تشریف لائے تو اس وقت اہل خیام پر کیا گزری ہوگی۔ (الحیات الخفی ۲: ۳۲۳)

عصر کا وقت آگیا وعدہ وفا ہونے کو ہے
زیر خنجر آج سبط مصطفیٰ ہونے کو ہے
آج آثار قیامت ہیں نمایاں دہر میں
سجدہ خالق میں کس کا سر جدا ہونے کو ہے

## سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی بے مثال شجاعت

سرکار سیدالشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ جونہی باہر نکلے اور اپنے گھوڑے پر سوار ہوتے ہی قوم اشقیاء کی طرف نکل پڑے اور فرمایا۔ ھل من مبارز ہے کوئی جو میرے مقابلے کو آئے، شجاعت وشہامت کے وہ جوہر دکھائے کہ قوم اشقیاء حیران رہ گئے اور لسان مبارک پر یہ الفاظ فرما چکے تھے۔

خَیرُةُ اللّٰهِ حَق اَلْحَقَّ اَبِی
بَعْدَ جَدِّی وَاَنَا الْخَیْرَ تَیْنَ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



وَ الَّذِی شَمْسٌ وَاُمِّی قَمَرُہٗ

وَاَنَا الْکَوْکَبُ وَابْنُ الْقَمَرَیْنِ

فِضَّةٌ قَدْ صِیْغَتْ مِنْ ذَھَبٍ

وَاَنَا الْفِضَّةُ وَابْنُ الذَّھَبَیْنِ

مَنْ لَّہٗ جَدٌّ کَجَدِّیْ فِی الْوَرٰی

اَمْ کَاُمِّیْ فِیْ جَمِیْعِ الثَّقَلَیْنِ

فَاطِمَہُ الزَّھْرَا لَا یَطَالُ فِیْ ھِیْجَانَہٗ

یَوْمَ بَدْرٍ ثُمَّ اَحَدٍ حُنَیْنٍ

اِبْنُ عَمِّی الْمُصْطَفٰی مِنْ ھَاشِمٍ

وَشُجَاعٌ حَامِلُ الرَّاسَتَیْنِ

نواسہ سید الابرار فرزند حیدر کرار کی بے مثال بہادری کو دیکھ کر قوم اشقیاء پر خوف طاری ہوا کہ ادھر ادھر بھاگنے شروع ہو گئے۔

حسین رضی اللہ عنہ جن کا سارا گھرانہ ان کی آنکھوں کے سامنے شہید ہو گیا پھر یہ حسین ایسے شجاع اور ثابت قدم اور مطمئن اور قوم اشقیاء کی حالت یہ تھی کہ ہر طرف سے ان پر پیادے حملے کرتے تھے مگر امام حسین رضی اللہ عنہ نے ایسے جوابی حملے کئے کہ وہ اس طرح بھاگ کر منتشر ہو جاتے تھے جیسے ٹڈیاں بھاگتی ہیں اور پھر امام اپنے اصل مرکز کی طرف آتے اور فرماتے لاحول ولاقوۃ (الحیات الخفی ۲: ۳۲۴)

گویا کہ سیدنا امام عالی مقام نے مافوق عادت شجاعت کے وہ جوہر دکھائے کہ سینکڑوں کی تعداد میں اشقیاء کو مار ڈالا یہ تھا روحانی طاقت کا کرشمہ کمال، اس حالت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کو دیکھ کر قوم اشقیاء کے سپہ سالار عمر و ابن سعد کو یہ کہنا پڑا۔

اے اشقیاء افسوس ہے تم پر کچھ جانتے ہو کہ تم کس سے جنگ کر رہے ہو یہ عرب کے سب سے بڑے جنگجو بہادر علی ابن عمران ابو طالب کے فرزند ہیں، ان پر چاروں طرف سے ایک ساتھ حملے کر دو۔

پھر سیدنا امام عالی مقام پر ہر طرف سے تیروں کی بوچھاڑ ہونے لگی اور امام عالی مقام زخموں سے چور ہوتے گئے اور حالت غیر ہوتی جا رہی تھی لیکن باوجود اس کے اپنے حوصلہ کو بلند رکھتے ہوئے آپ نے اپنے گھوڑے کو نہر فرات میں ڈال دیا، چاہا کہ پانی پئیں کہ ایک ظالم حسین بن تمیم نے ایسا تیر مارا کہ سرکار امام کے حلق مبارک پر آ لگا آپ نے تیر کو کھینچا کہ خون کا فوارہ پھوٹ پڑا، امام نے ہاتھ نیچے رکھا اور دونوں چلو خون سے بھر گئے آپ نے خون آسمان کی طرف پھینکا اور زبان اقدس سے فرمایا۔

**یا الہ العالمین الیک المشتکی من قوم اراقوا دمی ومنعونی شرب الماء۔**

میں اس قوم اشقیاء ظالموں کا شکوہ تیری ہی بارگاہ میں کرتا ہوں جنہوں نے میرا خون بہایا اور پانی نہ پینے دیا، پھر اپنی چادر کو لپیٹ لیا، بعض روایات صحیحہ میں یہ بھی آیا ہے کہ جب گھوڑا پانی میں گیا تو اس نے اپنا منہ پانی پینے کے لئے نیچے کیا تو سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

اے گھوڑے تو بھی پیاسا ہے تو میں بھی پیاسا ہوں، خدا کی قسم میں بھی اس وقت تک پانی نہیں پیوں گا جب تک تو پانی نہ پیئے گا سرکار سید الشہداء نواسہ رسول کا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



یہ کلام سن کر گھوڑا سمجھ گیا اور وفادار نے فوراً اپنا منہ پانی سے اٹھالیا، پھر آپ گھوڑے کو فرات سے باہر لے آئے اور گھوڑا دوڑاتے ہوئے اپنے خیام میں آئے۔

سرکار امام عالی مقام جب دوبارہ اپنے خیام میں تشریف لائے تو اپنی اہل حرمات سے فرمایا بس یہی آخری بار حاضری تھی اب اس کے بعد میری واپسی نہیں ہوگی، میں تم کو تلقین کرتا ہوں کہ صبر کرنا اور پروردگار عالم کا شکر بجالانا کہ ثواب عظیم کے مستحق ہو جاؤ۔

اب تم پر بلا اور مصیبت آنے والی ہے یقین کرنو کہ اللہ تعالیٰ تمہارا نگہبان اور مددگار ہے وہ تمہیں دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے گا اور تمہارا انجام خیر و عافیت کے ساتھ ہوگا اور تمہارے دشمنوں کو طرح طرح کے عذاب میں مبتلا کرے گا اور تمہاری مصیبت کے بدلے میں تم کو اعلیٰ انعام واکرام دے گا، تم کسی قسم کا شکوہ نہ کرنا اور کوئی کلمہ منہ سے ایسا نہ نکالنا جو تمہاری شان کے خلاف ہو۔ (الحیات الخفی ۲: ۳۲۴)

## قبل از شہادت امام رضی اللہ عنہ فرمودہ دعاء حل مشکلات

سیدنا امام زین العابدین فرماتے ہیں کہ جب دوبارہ مجھ سے میرے ابا جان سرکار سید الشہداء خیام میں ملنے آئے تو اس وقت دامن اقدس خون آلود تھا اور فرمایا بیٹا یہ دعا یاد کرلو جو ہر مصیبت و مشکل کی کنجی ہے اور یہ دعا مجھے میری امی جان سیدہ فاطمہ علیہا السلام نے بتائی اور ان کو میرے نانا جان علیہ الصلوۃ والسلام نے تعلیم فرمائی اور اس حال میں دنیا سے جاتی مرتبہ تم کو تعلیم دیتا ہوں وہ دعا یہ ہے۔

بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالْقُرْآنِ الْعَظِیْمِ یَامَنْ یَقْدِرُ عَلٰی حَوَائِجِ السَّائِلِیْنَ یَامَنْ یَعْلَمُ مَا فِی الضَّمِیْرِ یَا مُنَفِّسُ عَنِ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



الْمَكْرُوبِيْنَ يَا مفرّج عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ يَا مَنْ لَا يَحْتَاجُ اِلَى التَّفْسِيْرِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔ (الحیات الکبری ۲: ۳۲۴)

(وَافْعَلْ بِیْ کَذَا وَ کَذَا) یہاں پر لفظ افعل بی کے آگے جو اپنی حاجت ہو اس کا ذکر کرے اور کذا کذا کا لفظ بعد میں بولا جا سکتا ہے معنی ہیں اس طرح اور اس طرح اور وافعل کے معنی کر بی میرے لئے۔

مسلمانان عالم اسلام کے استفادہ کے لئے میں بھی اس دعا کو موجب برکات و حسنات حل مشکلات و حاجات کی براری کے لئے پیش کر رہا ہوں، اس دعائے مبارکہ کو یاد کر لیں اور بغیر کسی پابندی کے باوضو ہو کر جب چاہیں بارگاہ الٰہی میں پیش کریں۔ قادر مطلق صدقہ آل رسول ﷺ کرم فرمائے گا۔

اس نصیحت و تلقین اور دعا کے بعد آخری سلام کہتے ہوئے خیمہ سے باہر تشریف لے آئے اور گھوڑے پر سوار ہو گئے۔

## سرکار سید الشہداء سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمٰی

امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ جونہی کارزار میں آئے تو پھر قوم اشقیاء کا بڑی بہادری سے مقابلہ کیا اور کئی ظالموں کو مار ڈالا، شمر ذی الجوشن نے اپنے لشکر کو کہا کہ پیادہ لشکر آگے ہو جائے اور سوار لشکر پیچھے ہو جائے اور لکھ دیا کہ تیر چلانے شروع کر دو، اس حکم کا ملنا تھا کہ قوم اشقیاء نے نواسہ رسول سرکار عالی مقام پر ہر طرف سے تیر چلانے شروع کر دیئے تو امام عالی مقام نے فرمایا: اے بری قوم یاد رکھو تم نے رسول اللہ ﷺ کے بعد ان کی عترت کے ساتھ برا سلوک کیا ہے اور میرے بعد پھر تم کسی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ایسے شخص کو قتل نہ کرسکو گے جس کا تم کو کوئی خوف محسوس ہو۔ بلکہ میرے عظیم قتل کے بعد تمہیں دوسروں کا قتل کرنا آسان ہوگا واللہ میں شہادت کے درجہ پر فائز ہوں لیکن یاد رکھنا میرے قتل کے بعد تم سے وہ انتقام لیا جائے گا تم اس کو سوچ بھی نہیں سکتے۔ (الحیات الخمی ۲:۳۲۵)

اسی اثناء میں ایک ملعون ابومخنوف جعفی نامی نے سرکار سیدی امام عالی مقام کی پیشانی اقدس پر اس قدر زور سے تیر مارا کہ امام رضی اللہ عنہ کا سر چکرا گیا اور خون کا فوارہ چھوٹ پڑا، چہرہ اقدس پر خون رواں تھا، امام رضی اللہ عنہ نے چہرہ اقدس آسمان کی طرف کیا اور زبان سے فرمایا:

اے میرے اللہ تو دیکھ رہا ہے کہ تیرے سرکش بندے میرے ساتھ کیا سلوک کررہے ہیں۔ (الحیات الخمی ۲:۳۲۶)

انہوں نے اس پیشانی پر تیر مارا ہے جو تیرے نبی کی بوسہ گاہ تھی اور ندا غیب آئی، ظالموں کس پیشانی اقدس پر تیر مارا ہے۔

مَسَّعَ النَّبِیُّ جَبِیْنَہٗ

فَلَہٗ الابریق فی الخدود

اَبَوَاہُ مِنْ عُلْیَا قُرَیْش

وَجَدُّہٗ خیر الا اللخدود

ترجمہ: جس کے ماتھے کو نبی نے چوما اور وہ نور اس سے چمک رہا ہے جس کے ماں باپ بلند درجہ والے اور جن کے نانا جان ساری کائنات میں اعلیٰ ہیں۔

اسی اثناء میں ایک ظالم ملعون نے ایک ایسا سہ شعبہ تیر اس زور سے مارا کہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تین نوکوں والا تیز دھار تیر فراٹے کھاتا ہوا آیا۔ سرکار سیدی امام رضی اللہ عنہ کے سینہ اقدس پر لگا جو سینہ طاہر کو چیرتا ہوا آر پار ہو گیا، اس تیر کا لگنا تھا کہ امام رضی اللہ عنہ تڑپ گئے اور زبان حال سے فرمایا۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم اور پھر چہرہ مبارک آسمان کی طرف کر کے فرمایا: اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ اِنَّھُمْ یَقْتُلُوْنَ رَجُلًا لَیْسَ عَلٰی وَجْہِ الْاَرْضِ ابْنُ نَبِیٍّ غَیْرُہٗ۔ اے الہ العالمین تو جانتا ہے کہ یہ لوگ ایک ایسے شخص کو قتل کر رہے ہیں کہ روئے زمین پر ان کے سوا اس وقت کوئی فرزند رسول نہیں ہے۔ امام عالی مقام نے ہر ممکن کوشش فرمائی کہ سہ شعبہ تیر سامنے سے کھینچ لوں لیکن جب وہ نہ کھینچا گیا تو امام رضی اللہ عنہ جھکے اور جھک کر پچھلی جانب سے اس تیر سہ شعبہ کو کھینچا، تیر سہ شعبہ کا باہر کھینچنا تھا کہ خون پرنالے کی طرح جوش مار کر نکلا، سرکار عالی مقام نے ہاتھ نیچے رکھا جب خون چلو میں بھر گیا تو اس کو اوپر کی طرف پھینک دیا مگر ایک قطرہ بھی واپس زمین پر نہ آیا، پھر دوبارہ جو ہاتھ میں خون لیا اس کو اپنی ریش اقدس اور چہرہ اقدس پر مل لیا اور فرمایا۔

میں اسی طرح خون کا خضاب لگائے اپنے نانائے پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوں گا اور عرض کروں گا یا رسول اللہ مجھے فلاں فلاں نے مارا۔ (الحیات الخفی ۳۲۶، سوانح کربلا)

اسی اثناء میں ایک ظالم ملعون صالح بن وہب مزنی نے آپ کی پشت مبارک میں اس زور سے تیر مارا کہ آپ زین فرس پر سنبھل نہ سکے اور تڑپ کر فرش زمین پر داہنے رخسار مبارک کے بل تشریف لائے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


جونہی امام عالی مقام سرکار رضی اللہ عنہ زمین پر تشریف لائے تو پھر اٹھے تو چلنا چاہا تو پھر گر گئے پھر اٹھے تو پھر گر گئے قدم چلنے نہ پائے اور اٹھنے نہ پائے تو کوئی شقی نیزہ مارتا اور کوئی تلوار حتی کہ سرکار گر پڑے۔ (الحیات الحقی ۲: ۳۲۷)

اسی اثناء میں حصین بن نمیر نے دہن اقدس پر تیر مارا اور زرعہ بن شریک نے آپ کے بائیں بازو پر تلوار ماری اور ایک ملعون نے دائیں شانے پر تلوار ماری اور سنان بن انس نخعی نے آپ کی ہنسلی کی ہڈی میں نیزہ مارا جس سے آپ زمین پر اوندھے منہ گرے پھر اٹھے اور حلق سے تیر کو کھینچا، اسی حال میں قوم اشقیاء نے سرکار امام کو گھیر لیا۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو جب یہ معلوم ہوا تو خیام سے آواز دی اے بھائی جان، اے سردار، اے اہل بیت کاش آج آسمان گر پڑتا اور کاش پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جاتے، پھر عمرو ابن سعد کو آواز دی، اور فرمایا تو دیکھ رہا ہے کہ ابوعبداللہ الحسین قتل کئے جا رہے ہیں، عمرو ابن سعد نے اس دردناک آواز کو سنا، راوی کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ اس وقت عمرو ابن سعد کی آنکھوں سے آنسو نکل رہے تھے لیکن وہ جو کچھ جواب نہ دے سکا پھر آپ نے فرمایا کیا تم میں کوئی مسلمان نہیں رہا؟ اس آواز نے کربلا کی زمین لرزا دی، سنگ دلان اشقیاء خاموش ہو گئے ارض و سما کی ایک عجیب حالت پیدا ہو گئی کہ نواسہ رسول لخت جگر زہراء بتول فرزند علی السلول برحق سلطان الشہداء زخموں سے چور چور اور خاک و خون میں پڑے ہوئے ہیں۔

خستہ حالت میں خاک پر تشریف فرما تھے کہ مالک بن نسر کندی ملعون نے آگے بڑھ کر سرکار سید الشہداء کے سر مبارک پر تلوار ماری جس سے عمامہ کے نیچے جو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ٹوپی تھی وہ کٹ گئی اور سر مبارک بھی شگافتہ ہو گیا، سیدنا امام رضی اللہ عنہ نے خون آلود ٹوپی پر عمامہ پھر باندھ لیا تاکہ یہ پٹی کا کام بھی دے۔

لَا اَکَلتَ بِیَمِنکَ وَلَا شَرِبتَ وَحَشَرَکَ اللہُ مَعَ الظَّالِمِینَ۔

تجھے اس داہنے ہاتھ سے کھانا پینا نصیب نہ ہو، ظالم خدا تیرا حشر ظالموں میں سے کرے۔ سرکار امام رضی اللہ عنہ اس دعا کا نتیجہ نکلا کہ اس ظالم کے دونوں ہاتھ مفلوج ہو گئے اور وہ اسی حالت میں مر گیا۔

سرکار سیدی امام رضی اللہ عنہ کو زین فرس سے فرش زمین پر آئے ہوئے کافی دیر ہو چکی ہے، دشمن تو چاہتا تھا ہے کہ آپ کو بہت پہلے ہی شہید کر دیا جاتا۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہ گناہ عظیم کوئی اپنے سر لینا نہیں چاہتا تھا، آخر کار شمر لعین نے کہا کیا انتظار ہے ان کا کام جلد ختم کرو، خولی بن یزید اصحی لعین آگے بڑھا اور قریب ہوتے ہی لرز گیا اور چلا گیا، شمر نے کہا کانپتا کیوں ہے اس کے بعد یہ ظالم معلون خود آگے بڑھا اور ناقابل بیان زبان وقلم گستاخانہ طریقہ میں بیٹھ گیا اس ملعون ومبروص کو سرکار سیدی امام رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو فرمایا۔

اللہ اکبر صَدَقَ اللہُ وَرَسُولُہٗ قَالَ رَسُولَ اللہِ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی کَلْبٍ اَبْقَعَ یَلَغُ فِی دَمِ اَہْلِ بَیْتِی۔

رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تھا کہ میں ایک سفید داغ والے کتے کو دیکھ رہا ہوں جو میرے اہل بیت کے خون میں منہ ڈال رہا ہے اے شمر تم وہی ہو۔

سرکاری سیدی امام رضی اللہ عنہ نے زبان اطہر سے قرآن عظیم کی تلاوت فرمائی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾۔

کہ اس شقی ملعون نے تلوار کی پے در پے ضربات سے نواسہ سید الابرار سید الشہداء سرکار سیدنا امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ کا پس گردن سے سر اقدس تن اطہر سے جدا کر دیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾۔

تاریخ عالم کا یہ عدیم النظیر واقعہ عظیمہ اور شہادت رفیعہ محرم الحرام کی دسویں یوم عاشورہ تاریخ ۶۰ ہجری جمعۃ المبارک یوم عید المومنین افضل الایام کے عظیم دین اور عظیم ہی دن ٹھیک بوقت عصر چھپن سال پانچ ماہ پانچ دن کی عمر اقدس میں اس دار ناپائیدار سے رحلت فرمائی۔

شاہ است حسین بادشاہ ہست حسین
دین است حسین دین پناہ ہست حسین
سرداد نہ داد دست در دست یزید
حقا کہ بناء لا الہ ہست حسین

(از خواجہ معین الدین چشتی اجمیری سلطان الہند غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ)

جس نے اپنے نانا کا وعدہ وفا کر دیا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



صادق جانباز نے عہد وفا پورا فرمایا اور دین حق پر قائم رہ کر اپنا کنبہ اور اپنی جان راہ خدا میں اس اولعزمی سے نذر کی، گلا کاٹا گیا کربلا میں زمین الشہداء کے خون سے گلزار بنی، سرو تن کو خاک میں ملا کر اپنے جد کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین کی حقانیت کی عملی شہادت دی اور اس ریگستان کے ورق پر صدق و امانت پر جان قربان کرنے کے نقوش ثبت فرمائے۔

اَعْلَی اللّٰہ تعالٰی مکانَہٗ وَاَسْکَنَہٗ بِبُحْبُوحَۃِ جَنَانَہٗ وَاَمْطَرَ عَلَیْہِ شَآبِیْبَ رَحْمَۃٍ وَرِضْوَانَہٗ۔

کربلا کے بیابان میں ظلم و جفا کی آندھی چلی، مصطفائی چمن کے غنچہ وگل باد سموم کی نذر ہو گئے، خاتون جنت کا لہراتا ہوا باغ عین ٹھیک نماز کے وقت کاٹا گیا، فرزندان آل رسول کے لئے سر سے سردار کا سایہ اٹھا، بچے غریب الوطنی میں یتیم ہوئے۔ بیبیاں بیوہ ہوئیں، مظلوم بچے اور بیبیاں گرفتار کئے گئے۔

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# قرآن اور سلام

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ یَهْدِیْهِمْ رَبُّهُمْ
بِاِیْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝۹
دَعْوٰىهُمْ فِیْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِیَّتُهُمْ فِیْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ
دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱۰ (پ ۱۱ یونس ع ۲)

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کا رب ان کے ایمان کے سبب انہیں راہ دے گا ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، نعمت کے باغوں میں ان کی دعا یہ ہوگی، اللہ تجھے پاکی ہے اور ان کے ملتے وقت خوشی کا پہلا بول سلام ہے اور ن کی دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ سب خوبیاں سراہا اللہ جو رب ہے سارے جہاں کا۔

وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ۝ (پ ۱۶ سورۃ طٰہٰ ع ۱۱)

اور سلام ہے اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ
خَیْرٌ اَمَّا یُشْرِكُوْنَ (پ ۱۹ سورۃ نمل ع ۹۱)

تم کہو سب خوبیاں اللہ کی اور سلام اس کے چنے ہوئے بندوں پر۔

سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

(پ ۱۳ سورۃ رعد ع ۹)

سلام ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ان مذکورہ آیات طیبات سے ثابت ہوا کہ مومنین، صالحین، متقین کو اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت اور جنت میں سلام سے نوازا ہے جیسے سلام علی نوح، یا سلام علی ابراہیم، سلام علی الیاسین، سلام علی موسیٰ و ہارون، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبعین مومنین صالحین کو بھی سلام سے نوازا گیا ہے۔ اس لئے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی آل پاک اور سید الشہداء رضی اللہ عنہ پر سلام بھیجنا جائز ہے اور بھی کئی آیات اس امر کے جواز میں ہیں۔ نماز میں آل رسول اللہ ﷺ پر درود بھی پڑھا جاتا ہے اور اس کے بغیر نماز نہیں تعجب ہے کہ آپ میں بھی ایک دوسرے کو احادیث نبویہ کے مطابق السلام علیکم کا حکم ہے اور اس کے جواب میں وعلیکم السلام کا حکم ہے بلکہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہنے سے بیس نیکیوں کا ثواب مزید ہے کل تیس نیکیوں کا ثواب ہوا، اگر اسی طرح اول السلام علیکم کہنے والا بھی کہے تو اس کو بھی تیس نیکیوں کا ثواب، یہ سلام جائز ہے اور اولیاء وصالحین پر کیونکر جائز ہوسکتا ہے، ہاں خواہ ان کے حق میں رضی اللہ عنہ یا علیہ السلام اور مومنہ صالحہ پر علیہا السلام استعمال کیا جائے دونوں طریق سے جائز ہے ناجائز نہیں لیکن انبیاء کرام علیہم السلام پر تو مخصوص ہے کسی نبی کا نام لیا جائے اس پر علیہ الصلوٰۃ والسلام بولنا چاہیے۔

## سلام بحضور سید الشہداء امام عالی مقام

جس کو دھوکے سے کوفہ بلایا گیا
جس کے بھائی کو زہر پلایا گیا
جس کا جنت سے جوڑا منگایا گیا
جس نے اپنا نانا کا وعدہ وفا کردیا
اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


خاصہ رب داود پہ لاکھوں سلام
نور عین پیغمبر پر لاکھوں سلام
تشنہ آب خنجر پہ لاکھوں سلام
مالک نہر کوثر پہ لاکھوں سلام
اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام
اس شہید دلدار پہ لاکھوں سلام

جس کا جھولا فرشتے جھلاتے رہے
لوریاں دے کے نوری سلاتے رہے
جن کو کندھوں پر آقا بٹھاتے رہے
جس پر سفاک خنجر چلاتے رہے
اس شہیدوں کے افسر پہ لاکھوں سلام
اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام

جو جوانانِ جنت کا سالار ہے
جس کا نانا دو عالم کا سردار ہے
جو سراپائے محبوب غفار ہے
جس کا سر دشت میں زیرِ تلوار ہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس صداقت کے پیکر پہ لاکھوں سلام

اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام

جس کے بچوں کو پیاس سے رُلایا گیا

جس نے اپنا کنبہ سپرد خدا کردیا

جس کی گردن پہ خنجر چلایا گیا

جس نے حق کربلا کا ادا کردیا

جس کو تیروں سے چھلنی بنایا گیا

جس نے اپنے نانا کا وعدہ وفا کردیا

کرلیا نوش جس نے شہادت کا جام

اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام

☆☆☆☆☆

## بعد از شہادت امام واقعہ کربلا اور صدمہ سید عالم ﷺ

اس واقعہ سے حضور سید عالم ﷺ کو جو رنج پہنچا اور قلب مبارک کو جو صدمہ پہنچا وہ اندازہ اور قیاس سے باہر ہے، امام احمد و بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے عالم رویا میں حضور اقدس ﷺ کو دیکھا کہ مثل سنبل ومعنبر و گیسوئے معطر بکھرے ہوئے اور غبار آلود ہیں اور سر انور اور داڑھی مبارک خاک آلودہ ہے اور دست مبارک میں ایک خون بھرا شیشہ ہے۔ بیدہ قارورۃ فیہا دم یہ حال دیکھ کر دل بے چین ہوگیا میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ قربانت شوم یہ کیا حال ہے کہ زلفیں مبارک بکھری ہوئی ہیں۔ داڑھی مبارک اور سر انور پر خاک کے آثار ہیں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


اور ہاتھ میں خونی قارورہ ہے تو آپ نے فرمایا میں مقتل حسین میں موجود تھا وہاں سے اس حال میں آیا ہوں اور ہذا دم الحسین واصحابہ یہ حسین اور اس کے ساتھیوں کا مقدس خون ہے یاد رہے کہ ایک ایسی ہی حدیث حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا اے ام سلمہ اس خاک کو دیکھو جو تمہیں دے کر گیا تھا کہ شیشی میں رکھ دو جب یہ خون ہو جائے تو سمجھنا میرا حسین کربلا میں شہید ہو گیا، سیدہ فرماتی ہیں میں نے دیکھا کہ واقعی ہی وہ مٹی خون بن چکی تھی اور دوسرا میں نے بھی حضور اقدس ﷺ کو اس حال میں دیکھا پھر اس رویاء کے بعد سیدہ ام سلمہ روتی رہیں رضی اللہ عنہا (مشکوۃ شریف)

## شہادت امام حسین! کے بعد غضب خداوندی کے آثار

بیہقی اور ابونعیم نے بصرہ ازدیہ سے روایت کی ہے کہ جس روز سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو مَطَرَ السَّمَاءُ دَماً فاصْبَحْنَا وَحِبَابُنَا وَجِرَارُنَا وَكُلِّ شَيٍ لَنَا مَلأنُ دَماً۔ آسمان سے خون برسا صبح کو ہمارے مٹکے (گھڑے) اور تمام برتن خون سے بھرے پڑے تھے۔

(تہذیب التہذیب ج ۲ ص ۳۵۴، صواعق محرقہ ص ۱۱۶، تاریخ الخلفاء ص ۱۳۸، سوانح کربلا، خصائص کبری ج ۲ ص ۱۲۶، تذکرۃ الالخواص ص ۱۵۵، ابن عساکر ج ۴ ص ۳۳۹، سر الشہادتین، الحیات)

اور زہری سے روایت ہے کہ جس روز امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے۔ لم یقلب حجر من احجار بیت المقدس الا وجد تحته عبیط توبیت المقدس جو پتھر اٹھایا جاتا تھا اس کے نیچے تازہ خون پایا جاتا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اور ام حبان سے روایت ہے کہ جس روز امام عالی مقام رضی اللہ عنہ شہید ہوئے۔ اظلمت علینا ثلاثا تو تین دن تک اندھیرا ہو گیا، کامل اندھیرا ہوا خطرہ ہوا کہ قیامت آ جائے اور جس شخص نے منہ پر زعفران (غازہ) ملا اس کا منہ جل گیا۔

بیہقی نے جمیل بن مرہ سے روایت کی ہے کہ یزید کے لشکریوں نے ایک اونٹ ذبح کیا اور اس کو پکایا تو وہ کڑوا ہو گیا۔ جیسے اندرائن اور وہ اسے نہ کھا سکے۔ فَنَحَرُوْهَا وَطَبَخُوْا فَعَادَتْ مِثْلَ الْعَلْقَمِ

ابو نعیم سفیان نے روایت کی ہے کہ مجھ کو میری دادی نے خبر دی کہ جس روز سرکار سید الشہداء امام علیہ السلام نے جام شہادت نوش فرمایا اس دن میں نے دیکھا۔ فَكَانَتِ السَّمَاءُ اَيَّامًا تَبْكِيْ لَهٗ چند روز آسمان رویا یعنی آسمان سے خون برسا،

بعض نے لکھا ہے کہ سات روز آسمان خون رویا اور اس کے اثر سے دیواریں اور عمارتیں رنگین ہو گئیں، اور جو کپڑا اس سے رنگین ہوا اس کی سرخی پرزے پرزے ہونے تک نہ گئی، دن دہاڑے تارے نمودار ہو گئے سورج کو گہن لگ گیا تین دن تک اندھیرا چھا گیا۔ خون کی بارش ہوئی۔ وَهَبَطَ عَلٰى قَبْرِ الْحُسَيْنِ بْنَ عَلٰى لما اصیب سبعون اَلْفَ مَلَكٍ يَبْكُوْنَ عَلَيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ جب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار فرشتے نازل کر دیئے جو قیامت تک سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی قبر اطہر پر روتے رہیں گے۔

## ذکر واقعات شہادت اور آنکھوں سے آنسو رحمت خداوندی

واضح رہنا چاہئے کہ رونا صبر کے منافی نہیں رونا رحمت ہے اور اس پر ثواب ہے بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ شاید رونے سے صبر یا ثواب جاتا رہتا ہے۔ بالکل

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



سراسر غلط ہے، ہاں صبر کا اجر پیٹنے وغیرہ سے جاتا رہتا ہے اور یہ قطعاً جائز نہیں۔

حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کثیر البکاء ہوئے ہیں، (غنیۃ الطالبین ص ۵۸۶ فصل یوم عاشورہ، ملفوظات فتاوی ص ۸، سطر ۱۶ مطبع کانپور فتاوی عزیزیہ ج ۱ ص ۱۰۴، ۱۰۵)

حضرت آدم علیہ السلام بھی کثیر البکاء ہوئے ہیں، حضرت سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے فرزند ابراہیم کے وصال پر روئے تو آپ نے فرمایا رونے سے رحمت خداوندی ہے، حضرت نوح علیہ السلام کا اصلی نام عبدالغفار تھا، کثرت، نوحہ و گریہ سے نوح لقب مشہور ہوگیا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی پر روتے رہے۔ قَالَ اِنَّمَا اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْ اِلَى اللّٰهِ۔ میرے رونے اور غم کی شکایت اللہ تعالیٰ سے ہے اسی طرح امام حسین رضی اللہ عنہ وشہدائے کربلا کے ذکر مبارک میں رونا بھی باعث برکت ورحمت خداوندی ہے اور یاد رکھنا چاہئے کہ جتنی محبت ہوگی اتنا اس ذکر سے رونا پیدا ہوگا۔ اور جتنا ظالم ہوگا اتنا ہی وہ رونے سے دور ہوگا۔ قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ہنسو کم اور روؤ زیادہ

## اہل مدینہ کو شہادت کی اطلاع

واقعہ کربلا اور شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بعد اہل مدینہ کو علم ہوا تو زار و قطار روتے رہے اسی طرح مکہ معظمہ میں بھی یہی حال ہوا، روایات میں آیا ہے کہ یہ اطلاع اشخاص کے ذریعہ حرمین شریفین میں پہنچی۔ لیکن اہل مدینہ کے اصحاب کو ایک غیبی آواز سنائی دی جو آتی رہی۔ لیکن کوئی کہنے والا نظر نہیں آتا تھا چنانچہ وہ نقل کی گئی جس کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کلمات یہ ہیں:

اَیُّھَا الْقَاتِلُوْنَ جَھْلًا حُسَیْنَ
اَبْشِرُوا بِالْعَذَابِ وَالتَّنْکِیْلِ
کُلُ اَھْلِ السَّمَاءِ یَدْعُو عَلَیْکُمْ
مِنْ نَبِیٍّ وَمَلَاکٍ وَقَبِیْلِ
قَدْ لُعِنْتُمْ عَلٰی لِسَانِ دَاوُدَ
وَمُوْسٰی وَحَامِلِ الْاِنْجِیْلِ

(فتاویٰ عزیزیہ ۱: ۱۰۴، ۱۰۵)

اور یہ غیبی ندائیں آئیں۔

ابونعیم نے حبیب بن ثابت سے روایت کی ہے کہ میں جنوں کو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر اس طرح غم کرتے سنا۔

اس جبین کو نبی نے چوما تھا، ہے وہی نور اس کے چہرہ پر
اس کے ماں باپ بلند ترین قریش اس کے نانا جان جہاں سے بہتر (سوانح کربلا)

ابونعیم نے حبیب بن ثابت سے روایت کیا ہے کہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ کے وصال کے بعد آج تک کبھی جنوں کو غم کرتے یا روتے نہ سنا دیکھا۔ مگر آج سنا تو میں نے جانا کہ میرا فرزند حسین شہید ہو گیا۔ میں نے لونڈی کو باہر بھیجا تو معلوم ہوا کہ حضرت امام شہید ہوئے جن اس غم کے ساتھ زاری کرتے ہیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



رو سکے تو جتنا رو لے اے چشم۔ کون روئے گا پھر شہیدوں کو
پاس ظالم کے کھینچ کر لائے، موت ان بیکسوں غریبوں کو
(الصواعق المحرقہ)

## بعد از شہادت امام رضی اللہ عنہ

۱۔ سورج کی روشنی دیواروں پر کسم میں رنگی ہوئی چادروں کی طرح معلوم ہوتی تھی یعنی دھوپ بالکل پھیکی معلوم ہوتی تھی۔

۲۔ اور ایک ستارہ دوسرے ستارہ پر گر رہا یعنی لگا تار آسمانی تارے ٹوٹ رہے تھے۔

۳۔ آپ کی شہادت دسویں محرم ۶۱ ھ میں ہوئی اس دن شدید ترین گرہن سورج کا ہوا۔

۴۔ آپ کی شہادت کے بعد (چھ ماہ تک) آسمان کے کنارے کچھ عجیب طرح سرخ رہے۔

۵۔ آپ کی شہادت کے دن بیت المقدس میں ہر پتھر کے نیچے سے تازہ خون نکلا۔

۶۔ ظالموں کی فوج میں جو پیلے رنگ کی گھانس رکھی ہوئی تھی وہ راکھ ہوگئی۔

۷۔ ان ظالموں نے اپنے لشکر میں ایک اونٹنی ذبح کی تو اس کے گوشت سے آگ کی چنگاریاں نکلتی دیکھیں۔

۸۔ جب گوشت پکایا گیا تو زہر کی طرح کڑوا ہوگیا۔

۹۔ ایک شخص نے حضرت امام کی شان میں گستاخی کی تو اس پر دو ستارے پھینکے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



گئے جس سے اس کی قوت بصارت جاتی رہی۔

۱۰۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ زمین و آسمان پر بسے جنات بھی آپ کی شہادت پر روئے۔

## سرکار امام عالی مقام کی لاش مقدس سے لباس کا اتارنا

حضرت سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ کے بعد آپ نے جو لباس مبارک پہنے ہوئے تھے وہ لباس بھی زخموں کے ساتھ تار تار شدہ تھا۔ ظالموں نے وہ بھی اتار لیا۔ چنانچہ بڑا کرتہ مبارک اسحاق بن الحیوۃ حضرمی لعنۃ اللہ علیہ نے اتار لیا اور شلوار مبارک الجبر بن کعب تمیمی لعنۃ اللہ علیہ نے اتاری اور عمامہ اقدس اخنس بن مرثد حضرمی لعنۃ اللہ علیہ نے اتارا، نعلین مبارک اسود بن خالد لعنۃ اللہ علیہ نے اتار لی اور چاندی کی انگوٹھی مبارکہ بجدل بن سلیم کلبی نے اتار دی اور چادر مبارک جو کندھے مبارک پر تھی وہ قیس بن اشعث لعنۃ اللہ علیہ نے اتار دی اور زرہ عمرو بن اسعد نے لے لی اور بعض نے لکھا ہے کہ ایک دارمی نامی نے لی اور بعض نے جہنی تمیم اور بعض نے بنی نہشل کے ایک آدمی فلافس نامی نے لی۔

یاد رہے کہ سرکار امام عالی مقام نے جو لباس مبارک میدان کارزار میں آنے سے قبل نیچے پہنا تھا وہ اسی خطرہ کے پیش نظر تھا کہ ایسا نہ ہو کہ شہادت کے بعد مجھے برہنہ کیا جائے چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ظالموں نے اوپر کا لباس اتار لیا لیکن جو نیچے لباس اقدس پہنا ہوا تھا اس سے آپ کا جسم اقدس برہنہ نہ ہوا۔

یہ بھی واضح ہو کہ روایات اس پر بھی شاہد ہیں کہ سرکار امام رضی اللہ عنہ کے اوپر والے لباس کو جن ظالموں نے بھی اتارا اور جو چیز آپ کی اتار دی وہ مختلف قسم کی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



بلاؤں، بیماریوں اور عقوبتوں میں مبتلا ہو کر مر گئے۔ (حیات ج ۲ ص ۳۴۰)

## سرکار امام عالی مقام کی لاش مقدس کو پامال کیا جانا

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر اقدس کو تن اطہر سے پامال کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ روایات اس کے متعلق شاہد ہیں کہ قوم اشقیاء میں سے دس ظالموں نے گھوڑوں پر سوار ہو کر اور خوشیوں کے نعرے لگاتے ہوئے گھوڑے دوڑاتے ہوئے لاش مبارکہ کو پامال کیا۔ کہ تحقیق امام حسین رضی اللہ عنہ کے سینہ اقدس اور کمر مبارک کی ہڈیوں کو کچل دیا اور ان ملعونوں کے نام یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ اسحاق بن حیوۃ لعنۃ اللہ علیہ | ۲۔ اخنش بن مرثد لعنۃ اللہ علیہ |
| ۳۔ حیم بن طفیل لعنۃ اللہ علیہ | ۴۔ عمر بن صبیح سیدادی لعنۃ اللہ علیہ |
| ۵۔ رجاء بن منقد عبدی لعنۃ اللہ علیہ | ۶۔ داخط بن فائم اللہ علیہ |
| ۷۔ ہانی بن شبیت حضرمی لعنۃ اللہ علیہ | ۸۔ اسید بن مالک اللہ علیہ |
| ۹۔ سالم بن خثیمہ جعفی اللہ علیہ | ۱۰۔ صالح بن وہب اللہ علیہ |

واضح ہو کہ بعض غیر معتبرہ مجموعوں میں شیر کا واقعہ بڑی شدو مد سے بیان کیا گیا ہے کہ ایسے موقع پر شیر آ گیا تھا اور اس کی ہیبت سے سب اشقیاء بھاگ گئے تھے۔ اس کی کچھ اصل واضح ہو کہ اکثر یہ بھی مشہور ہے کہ سرکار سید الشہداء کی شہادت کے بعد قوم اشقیاء خیام حسینی میں گھس آئے اور انہوں نے بے تحاشا لوٹ مار شروع کر دی اور جو کچھ ملا وہ لوٹ لیا اور معاذ اللہ اہل بیت اطہار کی خواتین مقدسہ کے سروں سے چادریں اور کانوں سے کانٹے اور پاؤں سے جوتے بھی اتار لئے اور ان کو ڈنڈوں کے ساتھ مارا گیا کہ معاذ اللہ ان کی پشت ہائے مبارکہ سیاہ ہو گئیں اور رخسار اقدس اور

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کانوں سے خون بہنے لگا العیاذ باللہ اور پھر خیام کو آگ لگا دی اور خاندان نبوت کی خواتین مقدسہ ننگے سر اور ننگے پاؤں چیخ و پکار کرتی باہر نکلیں۔

یہ تمام واقعات بالکل غلط اور ان کی اصل نہیں سینکڑوں کتابوں معتبرہ کے مطالعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ایسے واقعات بالکل بے بنیاد ہیں اور یہ خاندان نبوت کی سراسر توہین ہے لیکن افسوس ہے کہ ایسے غلط اور بے بنیاد واقعات کو بڑی ڈھٹائی اور بڑے شد و مد سے بیان کیا جاتا ہے جن واقعات کی کوئی اصل نہیں یہ آل نبوت کی کھلم کھلا توہین ہے جن کی تطہیر پر قرآن مجید گواہ ہے۔

## سرکار امام عالی مقام کے زخموں کی تعداد

لیکن یہ حد بندی درست نہیں جب کہ ایک ایک زخم میں کئی کئی زخم موجود تھے تو اس صورت میں صحیح اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ کہ زخموں کی تعداد کس قدر تھی۔

## اسب امام عالی مقام کا حال بعد شہادت امام

علامہ ابو اسحاق علیہ الرحمہ اپنی کتاب نور العین فی شہداء الحسین کے ص ۱۶۵ اور سطر ۶ پر فرماتے ہیں کہ روایات قویہ سے یہ بات ثابت ہے کہ سیدنا امام عالی مقام علیہ السلام کا گھوڑا ہنہناتا اور مقتولوں کی لاشوں کو روندتا اور ایک ایک مقتول کو دیکھتا پھرتا تھا یہاں تک کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے جسم اقدس کے پاس آیا تو دیکھا کہ آپ کا سر اقدس نہیں پھر جسم اقدس کے گرد چکر لگانے لگا اور ان کے خون سے اپنی پیشانی ملنے لگا۔ جب عمرو ابن سعد نے یہ حال دیکھا تو اپنے ساتھیوں کو کہنے لگا اسے پکڑ کر لے آؤ اور جب اشقیاء نے اسے پکڑنا چاہا تو یہ گھوڑا جس کا نام مرتجز تھا جب اس نے دیکھا کہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



یہ لوگ مجھے پکڑنا چاہتے ہیں تو اس نے دولتیاں جھاڑنا اور منہ سے کاٹنا شروع کیا یہاں تک کہ چھبیس سوار مار ڈالے اور نو گھوڑے ہلاک کر دیئے عمر و ابن سعد نے پکار کر کہا اسے چھوڑ دو دیکھیں کیا کرتا ہے۔ لوگ پیچھے ہٹ گئے تو پھر جسم اقدس کے پاس آیا اور اپنا ماتھا زمین پر ملنے لگا اور لاش انور کو چومنے لگا اور پھر اس زور سے ہنہنایا کہ تمام ریگستان میں اس کی آواز سنائی دی۔ پھر ہنہناتا ہوا حرمات مقدسہ خیام حسینی کی طرف گیا۔ حرمات مقدسہ باہر نکلیں تو دیکھا گھوڑے کی زین خالی ہے اور وہ خون میں لپٹا ہوا ہے اور زور زور سے چلا رہا ہے اس حالت اور دردناک آواز سے معلوم ہو گیا کہ سب امام حسین رضی اللہ عنہ نے جام شہادت نوش فرما لیا ہے فرمایا، این ترکت ابی یا مرتجز، میرے ابا جان کو کہاں چھوڑ آیا ہے اور سیدہ زینب علیہا السلام نے فرمایا این ترکت اخی بھائی کو کہاں چھوڑ آیا اور بیبیوں نے فرمایا این ترکت سیدتنا، ان کے رونے اور صدائیں دینے پر گھوڑا دوڑا اور ہنہناتا ہوا اشقیاء پر حملے کرتا یہاں تک کہ جسم شریف کے پاس آ کر قدموں پر منہ رکھ کر ہنہنایا اور پھر دریائے فرات میں غوطہ لگایا پھر معلوم نہیں کہ وہ کہاں گیا گویا کہ اس مرکب نے اپنے عظیم راکب کے ساتھ وفاداری کا پورا پورا حق ادا کر دیا۔ (الحیات الحقی ۲: ۳۴۳)

## اسب امام عالی مقام کے نام کی تحقیق

اس گھوڑے کے متعلق یہ اختلافات ہے کہ اس کا نام کیا تھا اور یہ کون سا گھوڑا تھا عام طور اس کا نام ذوالجناح مشہور ہو گیا ہے مگر تمام معتبر کتب کی ورق گردانی کے بعد اس کا یہ ثبوت نہ ملا کہ اس کا نام ذوالجناح تھا اصل میں تحقیق کرنے کے بعد جو اس کا نام ملا ہے وہ مرتجز تھا اور ان لوگوں کی بھی بعض کتب میں صاف صریحاً لکھا ہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کہ امام عالی مقام کا کوئی گھوڑا ذوالجناح کے نام کا نہ تھا۔ اب رہا یہ گھوڑا کیا حضور اقدس ﷺ کا تھا اس کے متعلق یہی تحقیق ہوئی کہ یہ گھوڑا وہی تھا روایات معتبرہ میں ہے کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے پاس ایک گھوڑا حضور اقدس ﷺ کا تھا اور اس کا نام مرتجز تھا اور یہی وہ گھوڑا مرتجز وفادار تھا جس کا ذکر کیا جاچکا ہے۔ (الحیات الخفی ج ۲ ص ۳۴۳)

## مدفن شہدائے کربلا کی تحقیق

عمرو ابن سعد نے روز عاشورا ہی بوقت عصر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک خولی بن یزید اصحی نامی اور حمید بن مسلم کی تحویل میں دیا اور دوسرے شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ شمر ذی الجوشن اور قیس بن اشعث اور عمرو بن الحجاج کی سرکردگی میں عبیداللہ ابن زیاد والی کوفہ کو روانہ کردیئے (الحیات الخفی ۲: ۳۴۴)

اور خود گیارہ محرم الحرام کو پچھلے پہر کوفہ روانہ ہو گیا اس کے اور اس کے فوجوں کے چلے جانے کے بعد شہدائے کربلا کی لاشیں اور سرکار سید الشہداء کی لاش مبارکہ جو کفن ودفن کے بغیر خاک وخون میں پڑی ہوئی تھی۔ کربلا کی نزدیکی بستی عافریہ وغیرہا کے لوگ آئے تو انہوں نے شہدائے کربلا کی لاشوں کو شناخت کیا اور پھر ان کی تجہیز و تکفین کی اور تکریم کے ساتھ ان پر نماز جنازہ پڑھی یہ واقعہ بارہ محرم الحرام کا ہے۔ (الحیات الخفی ۲: ۳۴۴)

پھر سرکار سید الشہداء امام عالی مقام کو اس جگہ دفن کیا گیا جہاں اس وقت کربلا میں ان کا مزار اقدس ہے اور اس کے قریب ہی شہزادہ علی اکبر کو دفن کیا گیا اور شہزادہ علی اصغر کو بھی دفن کیا گیا اور دیگر آپ کے خاندان کے شہداء اور اصحاب و

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



احباب کی بھی لاشہائے مبارکہ کو اکٹھا کر کے ان کے قریب ایک بڑا گڑھا کھود کر دفن کیا گیا، اصحاب حسینی کو دنیا و آخرت اور قبر میں بھی قریبی معیت ہوئی جہاں اب مدفون ہیں۔(الحیات النفی ۲: ۲۴۴)

صرف حضرت حر ہی ایک واحد شخص ہیں جن کو ان کے قبیلہ والے لے گئے جو یہاں سے تقریباً دو میل کے فاصلے پر ہیں وہاں پر ان کو دفن کیا آج حضرت حر کا وہاں پر مزار مبارک ہے۔(تاریخ کربلا)

## مزار پر انوار سیدنا امام حسین! اور شہداء کربلا

گو کربلا ایک چھوٹا سا قصبہ ہے جس کی آبادی چالیس ہزار کے قریب ہوگی، زائرین کے لئے بہترین انتظام ہے مگر چاروں طرف ریت کا دریا نظر آتا ہے۔ اس میں سیدہ زینب کا ٹیلا بھی موجود ہے دریائے فرات بھی اپنی جگہ سے سرک گیا ہے پھر بھی اس کو دیکھ کر بھی کربلا کا منظر سامنے آجاتا ہے اس کربلا میں ہی سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا روضہ اطہر ہے اس روضہ اطہر میں بہت زیادہ سونا لگا ہوا ہے۔ دیواریں سنگ مرمر کی اور چھتیں شیشے کی چمکتی ہیں۔ مزار اقدس کا کٹہرا بہت خوبصورت ہے بائیں طرف سیدنا علی اکبر و علی اصغر کی قبریں اور پائنتیں بائیں طرف کسی قدر ہٹ کر باقی شہدائے کربلا کا مدفن شریف ایک ہی کٹہرے میں ہے۔ بیرونی حصہ پر خوبصورت عالی شان گنبد اور مینار بنے ہوئے ہیں اور کئی میل دور سے سرکار سید الشہداء کا مینار اور گنبد نظر آتا ہے اور بہت بڑی عالی شان وسیع ترین اردگرد عمارات اور مسجد بھی بنی ہوئی ہے۔ یہاں سے کچھ دور وہ جگہ بھی ہے جہاں اہل بیت نے دشت کربلا پہنچ کر قیام فرمایا۔(تاریخ کربلا)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# سرکار امام علیہ السلام کے سر اقدس کے مدفن کی تحقیق و تفصیل

سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر اقدس یزید پلید ملعون نے اپنے خزانہ میں کسی صندوق میں بند رکھا اور کسی پر ظاہر نہ ہونے دیا آخر جب سلیمان بن عبدالملک تخت پر بیٹھا تو اس کو اس امر کا انکشاف ہوا کہ سرکار امام رضی اللہ عنہ کا سر اقدس خزانہ کے صندوق میں موجود ہے۔ جب اس نے صندوق میں سر انور کو دیکھا تو اس سے تازہ ترین خون بہہ رہا تھا اور چہرہ انور چمک رہا تھا کچھ عرصہ پاس رکھنے کے بعد اس سر اقدس کو دمشق عسقلان بھیج دیا گیا اور اس کے بعد جب خلیفہ منتصر باللہ کے وقت بدر جلالی (جو وزیر اعظم تھا) عسقلان پر قابض ہوا تو سر اقدس کی زیارت کے بعد ایک جگہ صندوق رکھا گیا اور اس پر بڑی عالی شان عمارت بنائی گئی جس کا نام مشہد بدر رکھا۔ ۴۸۴ھ میں یہ عمارت مکمل ہوگئی اور سر مبارک اس میں رہا، پھر جب ۵۴۸ھ میں انگریزوں کا تسلط ہوا تو پھر اس وقت کے مسلمانان عقیدتمندوں نے سر مبارک کا صندوق اس عمارت سے نکال لیا اور مصر لے گئے یہ واقعہ ۵۴۹ھ میں پیش آیا ایک مشہور سیاح علامہ یروی نے بھی اس بات کی شہادت دی ہے کہ مصر میں سر مبارک کو قصر زمرد میں رکھا گیا پھر فرمان شاہی کے مطابق ایک خوشنما گنبد بنایا گیا اور سر اقدس کو اس میں بہترین قیمتی تابوت میں رکھا گیا اس وقت سے اب تک قاہرہ کے اسی مشہد میں سر اقدس ہے، پھر سلطان صلاح الدین ایوبی کے وقت قاہرہ میں مدارس عربیہ بنائے گئے تو اس مشہد عالی کے قریب ایک مدرسہ کی بنیاد رکھی گئی اس میں علامہ بہالی کو صدر مدرس مقرر کیا گیا یہ واقعہ ۵۶۸ھ کا ہے پھر ۵۷۰ھ میں معین الدین ابن الشیخ الشیوخ کے پاس کئی حجرے تعمیر کیے۔ اس وقت کا ابن جبر سیاح اس مشہد کی تعریف

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ آپ کا سر مبارک نقرئی تابوت کے اندر ہے۔ ۲۶۰ھ میں ابن یحییٰ ابن ناصر عسکری ابوالقاسم نے مشہد کو بہت زینت دی اور ایک نہایت ہی بلند منارہ تعمیر کیا۔ ۶۴۰ھ میں مشہد کے بیرونی حصہ میں آگ لگ گئی تھی مگر ایوان مرقد اقدس کے حبہ کو کوئی نقصان نہ پہنچا، دوبارہ پھر اس کی مرمت کرائی گئی۔ ۷۲۶ھ میں یہاں ابن بطوطہ آیا تو اس نے بھی اس سفرنامہ میں مشہد امام کا ذکر کیا۔ ۷۳۷ھ میں خالد بن عیسیٰ البلاوی آئے تو وہ لکھتے ہیں کہ محرابوں میں شیشے، فانوس، نفیس ترین قندیل نورفشاں لگے ہوئے تھے۔ خدیو معر الملک الظاہر ابوسعید حمقاق نے آ کر ہر شیشہ پر خطِ طغراء میں یہ نام پاک لکھوایا اور ایک عجیب شیشہ جس کی آب و تاب سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں رکھوایا یونہی ہر زمانے میں داعیان مصر اس کی تزئین کرتے چلے آئے۔ ۱۱۱۵ھ میں امیر حسن عزبان الجلفی نے اس کو توسیع اور چوب آب نوشی کا خوش نما تابوت بنایا اور اس پر سنہری کام کرایا، پھر اس تابوت پر سبز حریر چڑھایا۔ ۱۱۵۶ھ میں عربی کے مشہور شاعر عبداللہ شیرازی نے ہر دروازہ پر اشعار لکھے۔ ۱۲۰۰ھ میں عبدالرحمٰن کتخدا کے حکم سے اس کی تعمیر میں توسیع کی گئی اور ایک خوبصورت قبہ تعمیر کیا گیا اور اسی پر تاریخ کا پتھر نصب کیا گیا، ۱۲۰۴ھ میں اس کی اور توسیع کی گئی پھر عباس پاشا نے آ کر مشہد کو مزید خوبصورت اور توسیع دی پھر اسماعیل پاشا نے استنبول سے عمارتی سامان منگوا کر مشہد کو اور اعلیٰ اور خوبصورتی سے مزین کیا، پھر یہ سلسلہ ۱۳۲۱ھ تک درجہ بدرجہ چلتا رہا، پھر شیخ سید محمود نے اندرون تابوت کو کھول کر زیارت کی اور کئی لوگوں نے دیکھا کہ سر اقدس سے تازہ خون بہہ رہا ہے اور چہرہ انور چمک رہا ہے۔

قاہرہ میں جامع ازہر کی عمارت کے شمالی دروازہ کے بالکل سامنے سڑک کے دوسرے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کنارے پر یہ مشہد عظیم واقع ہے، جو مشہد حسین کے نام سے آج بھی مشہور ہے۔

(تاریخ کربلا ص ۲۳۵)

دن رات لوگوں کا ہجوم اور قاری وحفاظ تلاوت قرآن پاک کرتے ہیں اور فیوض و برکات سے مستفیض ہوتے رہتے ہیں، اس مشہد مطہر کی دیواروں پر دائروں کی شکل میں آیات قرآنی اور مختلف اشعار سنہری حروف میں لکھے ہوئے ہیں۔

# اسیران اہل بیت کے حالات کربلا سے کوفہ تک

## لاش امام رضی اللہ عنہ دیکھ کر حال

چنانچہ محرم الحرام کے گیارہ دن گزرنے کے بعد عمرو ابن سعد اپنے لشکر کے ساتھ کوفہ روانہ ہوا تو خاندان نبوت کو اسیر کر کے لے جانے لگا تو خاندان نبوت کا یہ مختصر قافلہ چلنے لگا تو شہدائے کربلا اور سید الشہداء رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو یقیناً وہ گھڑی قیامت سے کم نہ تھی، کربلا کی زمین میں آہ و بکا بلند ہوئی اور کہا گیا اے الہ العالمین آج یہ حسین تیرے محبوب کے نواسہ اور ان کے آل مقدسہ اس صحرا میں خاک وخون میں پڑے ہوئے ہیں اور کل سے آج تک ان کو کوئی اٹھا نہ سکا۔ اور ان کی تجہیز و تکفین نہ ہوئی، ان کے اعضا پارہ پارہ اور جسم زخموں سے چکنا چور ہے، اے اللہ تیرے رسول کی اولاد آج اسیر ہو کر اس حال میں چھوڑے جا رہی ہے۔ خاندان نبوت نے صبر و تحمل اور ثابت قدمی اور ایمانی استقلال کا یہ ثبوت دیا ہے کہ آسمان کی طرف نگاہ کر کے ہاتھ پھیل کر دعا فرمائی۔ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا ھٰذَا الْقُرْبَانَ اے اللہ ہماری اس قربانی کو قبول فرما، ادھر آنکھیں اشکبار ہیں اور دعا فرمائی جا رہی ہے کہ سید الشہداء سرکار امام

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



حسین رضی اللہ عنہ کی لاڈلی شہزادی سیدہ سکینہ علیہا السلام جو سات سال کی تھی وہ اپنے شفیق باپ کے جسد اطہر کے ساتھ جا کر لپٹ گئیں تو گلوئے بریدہ سے یہ ندا آئی۔ (الحیات الخفی ۲: ۳۴۴)

عَیْنِیْ مَانَنْ شَرِبْتُمْ
عَذَابِ مَاءِ فَاذْکُرُوْنِیْ
اَوْ سَمِعْتُمْ بِغَرِیْبِ
اَوْ شَھِیْدِ فَافْذَا بُوْنِیْ

سیدہ کو جب کافی دیر ہوگئی کہ وہ اپنے باپ کی لاش مطہرہ سے لپٹی ہوئی ہیں اور کسی طرح جدا نہیں ہوتیں ہیں۔ بالآخر زبردستی سیدہ کو اس کے ابا جان کی لاش مطہرہ سے جدا کیا گیا۔ (الحیات الخفی ۲: ۳۴۴)

## اسیران اہل بیت کا کوفہ میں داخلہ اور سرہائے شہداء نیزوں پر

جب یہ خاندان نبوت کا مختصر سا قافلہ محرم کی بارہ تاریخ کو کوفہ کے قریب پہنچا تو عبید اللہ ابن زیاد نے شہدائے کربلا کے سرہائے مبارک اور سرکار سید الشہداء کے سر مبارک کو نیزوں اور تلواروں پر سوار کر کے دارالامارت کوفہ سے ایک لشکر کے ہاتھوں عمرو ابن سعد کے پاس بھیج دیا کہ یہ سرہائے مبارکہ آگے آگے ہوں اور ان کے پیچھے اسیران اہل بیت ہوں اور اس حال میں میرے دارالامارات کوفہ میں لایا جائے تا کہ لوگ اس منظر کو دیکھیں چنانچہ ایسے ہی کیا گیا، جب قافلہ اسیران آل نبی نے خاندان عالیہ کے شہداء کے سرہائے مبارک اور سر امام عالی مقام کو ایسے حال میں دیکھا تو وہ زار و قطار روتے ہوئے کوفہ میں داخل ہوئے۔ ایک وہ وقت تھا جبکہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



خاندان نبوت کی یہی اولاد کوفہ میں شہزادگان کی حیثیت سے تھے اور آج اسیر ہوکر کوفہ میں داخل ہورہے ہیں۔ جب سیدات طاہرات کا یہ قافلہ شہر میں داخل ہوا تو بازاروں، دوکانوں، درختوں اور مکانوں کی چھتوں پر مرد، عورتیں اور بچے آل نبی کا یہ منظر دیکھنے کے لئے جمع تھے۔ شہداء کربلا کے سرہائے مقدسہ اور اہل بیت کی بیکسی دیکھ کر بعض عورتوں کے دلوں میں ہمدردی پیدا ہوئی تو انہوں نے کھجوریں دینی شروع کیں۔ سیدہ زینب علیہا السلام نے فرمایا:

يَااَهْلَ الْكُوْفَةِ اَنَّ الصَّدَقَةَ عَلَيْنَا حَرَامٌ۔

اے اہل کوفہ صدقہ ہم پر حرام اور کھجوریں واپس کردیں (الحیات الخفی ۲:۳۴۴)

## سر مبارک نیزہ کی نوک پر چہرہ مبارک کی چمک اور ہوا میں ریش اقدس کی حرکت

سید امام عالی مقام کے سر مبارک کو جو نیزہ کی نوک پر رکھے ہوئے سب سے آگے تھا، اس نواسہ رسول کے اس دل خراش منظر کو دیکھ کر بعض مرد اور عورتیں دھاڑیں مار مار کر روتے تھے۔

وَهُوَ رَاْسُ الْحُسَيْنِ زَهْرِىْ قَمَرِىْ اَشْبَهُ الْخَلْقِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ وَلِحْيَتُهٗ وَجْهُهٗ دارة قَمَرٌ طَالِعٌ وَالرِّيْحُ تَعَبُ بِهَا يَمِيْنًا وَشِمَالاً۔

اور اس وقت امام عالی مقام کا سر مبارک چمک رہا تھا اور تمام خلقت سے زیادہ جو رسول اللہ ﷺ کے مشابہ چہرہ تھا اور چہرہ انور ماہتاب کی طرح روشن تھا اور ہوا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ریش مبارک کو دائیں بائیں حرکت دے رہی تھی یعنی چہرہ چمک دمک رہا تھا اور سر مبارک تابندہ و درخشندہ تھا اور ریش مبارک حرکت فرما رہی تھی۔ (الحیات الخفی ۲:۵۴۴)

اس روایت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ سیدنا امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی بوقت شہادت داڑھی مبارک بڑی اور گھنی تھی اور عین نانا جان علیہ الصلوۃ والسلام کی طرح بڑی گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی تھی اگر آپ کی داڑھی مبارک چھوٹی یا کتری ہوئی ہوتی یا حد شرع سے کم ہوتی تو وہ ہوا میں حرکت نہ کرتی ہوا میں وہی داڑھی حرکت کر سکتی ہے جو بڑی ہو اور چھوٹی یعنی کتری ہوئی نہ ہو۔

اس لئے ہم کو چاہئے کہ ہم اپنی داڑھیوں کو بڑھائیں اور مونچھیں پست رکھیں افسوس ہے کہ اکثر بعض علماء اور ذاکرین داڑھی منڈے یا کترے یا حد شرع سے کم برائے نام داڑھی کے چند بال رکھ لیتے ہیں کہ شرعاً داڑھی منڈے کے ہی مشابہ ہے اور ایسے امام کے پیچھے شرعاً نماز جائز نہیں۔ حد مشت کا اطلاق بھی ٹھوڑی کے نیچے سے ہوتا ہے یہ نہیں کہ نچلے ہونٹ پر ہاتھ رکھ کر ٹھوڑی ہاتھ میں دبا کر کتری ہوئی داڑھی کو سمجھ لیا جائے کہ یہ ایک مشت ہے ایسے لوگ داڑھی منڈوں کے ہم مثل ہیں تفصیل کے لئے دیکھو لمعۃ الضحیٰ از اعلیٰ حضرت امام احمد رضا علیہ الرحمہ لمعۃ الضحیٰ کتاب اللعالی شیخ صدوق، بخاری ۲:۸۷۴، عن ابن عمر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

نھو الشوارب و العفو اللعی۔
مونچھیں کٹاؤ اور داڑھی لمبی کرو۔

## سیدہ زینب علیہا السلام کا اہل کوفہ سے بے مثال خطاب

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جب لوگوں کا ہجوم ہر طرف جمع ہوگیا اور آل رسول کی سیدزادیاں اس حال میں کوفہ کے بازار سے گزر رہیں تھی کہ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے دیکھا کہ کچھ لوگ گھور گھور کر بھی دیکھ رہے ہیں تو سیدہ نے بلند آواز سے فرمایا کہ تم نہیں جانتے کہ یہ مخدرات عصمت وطہارت خاندان نبوت آ رہی ہیں، اپنی نگاہوں کو نیچے کرو۔ سیدہ کی اس آواز سے ایسے لوگوں کی نگاہ نیچی ہوئی اور جو شور وغل دیکھا تو سیدہ نے کوفہ کے بڑے بازار میں فرمایا خاموش ہو جاؤ اس کا فرمانا تھا کہ ہر طرف شور وغل ساکت ہوگیا۔ سیدہ نے پھر اونٹنی پر سوار کوفہ کے بازار میں مردوں عورتوں سے خطاب فرمایا۔ یہ وہ سیدہ ہیں جو اپنے باپ کے دور خلافت حق میں کوفہ میں اپنے مکان میں درس قرآن دیا کرتی تھیں۔ آج شیر خدا کی اس شہزادی واقعہ کربلا کے عظیم سانحہ کے بعد حالت اسیری میں بھی بازار کوفہ میں خطبہ فرما رہی تھیں۔ شیر خدا کی اس شہزادی کا خطبہ شروع کرنا تھا کہ مولائے کائنات باب مدینۃ العلم کا لب ولہجہ تازہ ہوگیا سیدہ کی فصاحت و بلاغت اور علوم قرآنی پر پہلے ہی لوگ واقف کار تھے اور آج کا لب ولہجہ اور انداز خطابت گویا کہ سرکار سیدنا مولائے کائنات بول رہے ہیں۔ جب ہر طرف خاموشی چھا گئی تو حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے یہ خطبہ ارشاد فرمایا:

ہر قسم کی خوبیاں اور تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لائق ہیں میرے باپ (یعنی نانا جان) محمد ﷺ پر اور ان کی طیب وطاہر و نیک اولاد پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔ اے کوفہ والو۔ اے عہد شکنو، اپنی زبان سے پھر جانے والو اور اپنے الفاظ بھول جانے والو، تم رو رہے ہو، تم روتے رہو، تمہارے آنسو خشک نہ ہوں اور تمہاری آہ وفغاں کبھی بند نہ ہو۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تمہاری مثال اس عورت کی سی ہے جو سوت کاتتی (کپڑا بنتی) ہے اور پھر اسے ادھیڑ ڈالتی ہیں (ٹکڑے ٹکڑے) کر ڈالتی ہیں، کیا تم کہہ سکتے ہو کہ تم میں ایک متنفس بھی ایسا ہے جو جھوٹا اور شیخی خور نہ ہو، جس کے دل میں کھوٹ نہ ہو، لومڑیوں کی طرح چاپلوسی اور خوشامدی نہ ہو دشمنوں کا سا کینہ نہ رکھتا ہو جو راہ حق کو چھوڑ کر بے دینی پر نہ جھگڑا ہو، یاد رکھو جو کچھ تم نے اپنے اپنے لئے آگے بھیجا وہ بہت برا ہے تم پر خدا کا غیظ و غضب ہے اور تم اس کے قہر میں مبتلا ہو گئے، اے جھوٹو اے کوفیو، تم میرے بھائی پر گریہ اور نوحہ کرر ہے ہو ہاں خدا کی قسم روؤ اور خوب روؤ تم کو رونا مناسب ہے ہنسو کم اور روؤ زیادہ تم نے بہت بری بری باتوں کی آرزوئیں کی ہیں جن کو تم رو دھو کر بھی کبھی اپنا دامن پاک وصاف نہ کرسکو گے۔ بھلا بتلاؤ تم خاتم النبیین اور معدن رسالت کے فرزند کے قتل کے داغ کو کیونکر دھو کر صاف کر سکتے ہو، جنت کے نوجوانوں کے سردار کے قتل کے دھبہ کو کیونکر مٹا سکتے ہو وہ تمہاری لڑائیوں میں تمہاری پناہ گاہ تھے، تمہاری جماعتوں کے محافظ تھے، تمہاری سلامتی کی قرار گاہ تھے تمہارے کلمہ کی اساس اور بنیاد تھے۔ تمہاری مصیبتوں اور تمہارے حوادث میں تمہاری جائے پناہ تھے تمہاری معاشرت درست کرنے والے تھے تمہاری باہمی گفتگو کا مرجع تھے۔

آہ! کتنی بری بات ہے جس کو تم آخرت میں بھیج چکے ہو اور کتنی سنگین ہے وہ چیز جس کو تم نے قیامت کے لئے چھوڑا ہے وہ چیز تم کو بڑی دور کرنے والی ہے (یعنی جنت سے) تم کو ڈس لینے والی تم کو اوندھا ڈال دینے والی ہے اور تمہاری کوشش ناکام رہی ہے۔

حسرت و وفاداری نے تمہارے چہرے بگاڑ دیئے تم خدا کے غیظ و غضب کا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نشانہ بن گئے کوفہ والو تمہیں معلوم ہے کہ تم نے محمد رسول اللہ ﷺ کے کون سے جگر گوشہ کو پھاڑا ہے اور محمد ﷺ کی کون سی بیٹی کی بے حرمتی کی ہے اور کون سے خون کو تم نے بہایا ہے آہ تم ایک بہت بڑے حادثہ کے مرتکب ہوئے ہو تم ایک ایسے جرم کے مرتکب ہوئے جو منہ بگاڑ دینے والا اور مصیبت میں مبتلا کر دینے والا ہے اگر اس موقعہ پر خون کی بارش ہو تو کیا تم تعجب کرو گے یاد رکھو آخرت کا عذاب تم کو رسوا کرنے والا ہے اور وہاں ایسے لوگ کی مدد نہ کی جائے گی کوئی طاقت خدا کے کاموں میں دخل نہیں اور نہ انتقام لینے سے کوئی روک سکتا ہے اگر واہیہ، ہیاء و عمیا پر آسمان سے خون برسا ہے تو تم کو تعجب کیا ہے واقعہ یہ ہے کہ تمہارا رب نافرمانوں کی تاک میں لگا رہتا ہے آہ تم نے وہ جرم کیا ہے کہ آسمان گر پڑے زمین پھٹ جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں۔

یہ خطبہ شجاعت وفصاحت و بلاغت سن کر لوگ حیرت میں پڑ گئے اور دشمنوں کو بھی اس کا اقرار کرنا پڑا۔ مذلم بن کثیر عرب کے مشہور فصحا میں عمر رسیدہ بزرگ تھے جب سیدہ نے خطبہ ختم فرمایا تو دیکھا گیا کہ وہ رو رہے ہیں اور ان کی داڑھی آنسوؤں سے تر ہے ہاتھ آسمان کی طرف بلند تھا اور وہ کہہ رہے تھے۔

بـاَبِیْ اَنْتُم واُمی کُھولکمْ خَیرُالکُھول وَشَبَابِکُمْ خَیرَالشَّبَاب وَنِسَائِکُمْ خَیرِالنِسَاءَ وَنُسْلُکُمْ خَیرِالنِسل وَفُضْلکم فَضْلِ عَظِیْم۔

میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ کے بزرگ سب بزرگوں سے بہتر آپ کے جوان سب جوانوں سے افضل آپ کی عورتیں سب عورتوں سے افضل آپ کی نسل سب نسلوں سے اعلیٰ اور آپ کا فضل فضل عظیم ہے جو نہ باطل سے دبتی ہے اور نہ باطل کے سامنے جھکتی ہے اور نہ حق بات میں جھجکتی ہے پھر یہ رباعی کہی۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



كُهُوْلُهُمْ خَيْرُالْكُهُوْلِ وَنَسْلُهُمْ

اذَا عُدَّ نَسْلٌ لَا يُبُوْرُ وَ لَا يَخْزٰی

بشیر بن خزیم اسدی کا بیان ہے کہ سیدہ کی تقریر کے دوران مجمع پر سکوت چھایا ہوا تھا، سانس لینے کی آواز بھی سنائی نہ دی اور خطبہ سے ایسا ہی معلوم ہوتا تھا کہ سرکار باب مدینۃ العلم تقریر فرما رہے ہیں۔ (الحیات الخفی ۲:۳۴۸)

دربار میں خطبے کبھی قرآن کی تلاوت

انداز تکلم میں باب مدینہ کی سی فصاحت

## سرہائے شہداء اور دربار ابن زیاد اور گستاخی کا مظاہرہ

اس کے بعد یہ مختصر قافلہ دارالامارت کی طرف روانہ ہوا اور ادھر عبید اللہ ابن زیاد نے کوفہ کے تمام لوگوں کو حاضر ہونے کی اجازت دے رکھی تھی گویا تماش بینوں سے دارالامارت بھرا پڑا تھا۔ سب سے پہلے شہداء کربلا کے سرہائے مبارکہ دارالامارت پہنچائے گئے اور سرکار سید الشہداء کا سرِ اقدس ایک طباق میں رکھ کر عبید اللہ ابن زیاد کے میز پر رکھا گیا اور دوسرے شہداء کربلا کے سر مبارک طشت میں رکھ پیش کیے گئے، جب سرکار سید الشہداء کے سر اقدس کو اس بدنہاد ابن زیاد ظالم ملعون نے دیکھا تو اس کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی وہ آپ کے دندان اقدس کو لگا کر سرکار امام رضی اللہ عنہ کے چہرہ مبارک کے حسن و جمال لب و دندان مبارکہ میں کچھ کلام کہا جس کو دیکھ کر مجمع میں سے ایک صحابی رسول حضرت زید ابن ارقم انصاری رضی اللہ عنہ نے عبید اللہ ابن زیاد کو کہا۔

اے عبید اللہ: ان مقدس ہونٹوں سے اپنی چھڑی اٹھا لے کیونکہ مجھے قسم ہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس ذات وحدہ لاشریک کی جس کے سوا کوئی دوسرا الہٰ نہیں تحقیق میں نے بے شمار مرتبہ اپنی آنکھوں سے رسول اللہ ﷺ کو ان مقدس ہونٹوں پر بوسہ لیتے ہوئے دیکھا ہے۔

اس کے بعد صحابی رسول زید بن ارقم پھوٹ کر رو پڑے کہ کاش میرے بس میں کچھ ہوتا تو اس کو اس کی گستاخی کا مزہ چکھاتا، عبیداللہ ابن زیاد یہ سن کر آگ بگولہ ہو گیا اور کہنے لگا کہ تو بوڑھا آدمی ہے ورنہ تمہاری گردن اڑا دیتا، اس کے بعد حضرت ارقم اٹھ کر چل دیئے اور لوگوں کو کہتے گئے۔

لوگو! تم آج کے بعد غلام بن چکے ہو تم نے فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کے فرزند کو قتل کیا ہے اور عبیداللہ ابن زیاد کو امیر بنایا ہے جو تمہارے اچھوں کو قتل کرتا ہے اور برے لوگوں کو غلام بناتا ہے ہلاکت ہے اس کے لئے جو ذلت و رسوائی اور عار پر راضی ہوتا ہے۔ (الحیات اُخفی ۲:۹ ۳۴۳)

## اسیران آل بیت اور عبیداللہ ابن زیاد کوفہ کے دار الامارت میں

اب وہ وقت آیا جس وقت خاندان نبوت کی مخدرات باعصمت طاہرات کو بحالت قید و بند ایک فاسق، فاجر، شراب خور، ظالم عبیداللہ ابن زیاد کے دار الامارت میں لایا جا رہا ہے، کوفہ کے تمام لوگ تماشہ بینی کے لئے اس میں موجود ہیں اور سپاہیوں اور پہرہ داروں کو اسلحہ جنگ کے لباسِ فاخرہ سے نوازا گیا ہے۔

جونہی مخدرات طاہرات عبیداللہ ابن زیاد کے دربار میں ایک کونہ میں جا کر بیٹھ گئیں۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اس حال میں تھیں کہ بہت ہی کم قیمت کا لباس پہنے ہوئے تھیں۔ ایسے لباس سے پہچانی نہیں جاتیں تھیں کہ یہ زینب کبری ہیں۔ جب عبیداللہ ابن زیاد نے اس جھرمٹ پر ایک نگاہ پھیری تو سیدہ کی طرف اشارہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کر کے کہنے لگا من ہذا یہ عورت کون ہے؟ سیدہ نے کوئی جواب نہ دیا۔ بالآخر کسی نے کہا یہ سیدہ زینب الکبری فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ ہیں۔

## سیدہ زینب بنت علی المرتضی کی عبید اللہ ابن زیاد سے گفتگو

یہ سن کر بدنہاد عبید اللہ ابن زیاد ملعون مدمست بجائے اس کے کہ شرمسار ہوتا کہ آج رسول اللہ ﷺ کی نواسی اس حالت میں میرے دارالامارت میں پیش ہیں الٹا اس نے اپنے کفر والحاد کا اس طرح مظاہرہ کیا کہ اچھا ہوا تم ذلیل ہوئے اور قتل بھی کئے گئے اور تمہارا جھوٹ ظاہر ہو گیا۔

سیدہ زینب کبری رضی اللہ عنہا نے فوراً عبید اللہ ابن زیاد کو جواب دیتے ہوئے فرمایا:

سب خوبیاں اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اس خدا کا شکر ہے جس نے ہم کو اپنے نبی ﷺ کے ذریعہ عزت وشرف بخشا اور ہمیں ہر قسم کی پلیدیوں سے پاکیزہ فرمایا ہاں البتہ ذلیل ورسوا فاسق ہوتا ہے اور جھوٹ بھی فاجر بولتا ہے۔ خدا کا شکر ہے وہ ہم نہیں ہیں بلکہ ہم سے غیر ایسا ہو سکتا ہے۔ (الحیات الخفی ۲:۲۵۰)

سیدہ رضی اللہ عنہا کا یہ جواب سن کر عبید اللہ ابن زیاد نے طنزاً کہا دیکھا خدا نے تمہارے خاندان کے ساتھ پھر کیسا سلوک کیا۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

میں نے تو اپنے خدا کے حسن سلوک کے سوا آج تک کچھ دیکھا ہی نہیں یہ شہید ہونے والا وہ گروہ ہے جن کے لئے اللہ تعالیٰ نے درجہ شہادت قلم قدرت سے لکھ دیا تھا اس لئے وہ اپنی مقتل گاہ آیا، عنقریب اللہ تعالیٰ سب کو جمع کرے گا تو وہ حقیقی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عادل بارگاہ ربوبیت سے فیصلہ ہوگا پھر معلوم ہو جائے گا کون اس کے نزدیک کامیاب ہے۔(الحیات الکلی ۲:۵۰ ۳)

سیدہ کا یہ جرات مندانہ جواب سن کر عبیداللہ ابن زیاد آگ بگولہ ہوا اور اس نے سیدہ کو کچھ گزند پہنچانے کا ارادہ کیا مگر عمرو بن حریث نامی نے اسے یہ کہہ کر ٹھنڈا کر دیا۔ اے امیر یہ عورت ہے اور عورت کی کسی بات پر مواخذہ نہیں کیا جاتا اور نہ اس کے کسی خطاب پر اس کی مذمت کی جاتی ہے اور بعض نے یہ بھی کہا اے امیر کیا بات ہے اب تجھ میں یہ حمیت بھی باقی نہیں رہی کہ عورتوں پر ہاتھ اٹھانے لگا جو ایک بزدل ڈرپوک کی نشانی ہے۔

پھر عبیداللہ ابن زیاد نے سیدہ کو مخاطب کر کے کہا۔ خدا نے مجھے تیرے سرکش بھائی اور تیرے خاندان کے نافرمانوں سے شفا دی ہے۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے جواب دیا:

مجھے اپنی جان کی قسم تو نے میرے بڑوں کو قتل کیا، اہل و عیال کو خراب کیا فرع کو قطع کیا اور اصل کو کچل ڈالا۔ اگر یہ باتیں تیرے لئے شفا ہیں تو یقیناً تو نے شفا حاصل کر لی ہے۔(الحیات الکلی ۲:۵۰ ۳)

عبیداللہ ابن زیاد نے یہ سن کر کہنے لگا یہ عورت سجع اور قافیہ میں بات کرتی ہے یعنی نہایت فصیح اور بلیغ اور صاف گو ہے پھر کہنے لگا تمہارے باپ بھی بڑے فصیح و بلیغ تھے اور خطابت میں ان کو جو ملکہ تھا وہی تم کو حاصل ہے لہذا اس میں کوئی تعجب نہیں۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا جو کچھ میں نے کہا ہے یہ خطابت و

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



فصاحت وسجع وقافیہ نہیں بلکہ صداقت ہے شرم کرو تمہیں شرم نہیں آتی فضول باتیں بنا رہا ہے۔

عبیداللہ ابن زیاد پھر خاموش ہو گیا۔

## سیدہ زینب اور امام زین العابدین رضی اللہ عنہما کا آخری مکالمہ اور عبیداللہ ابن زیاد کی رسوائی

اب عبیداللہ ابن زیاد نے حضرت علی اوسط المعروف زین العابدین کی طرف اشارہ کر کے کہا یہ لڑکا کون ہے؟ جواب دیا گیا یہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہی لڑکے ہیں، انہیں اس وجہ سے قتل نہیں کیا گیا کیونکہ یہ بیمار ہیں۔ عبیداللہ ابن زیاد نے کہا اچھا پھر اب ان کو میرے سامنے قتل کرو، یہ سن کر فوراً سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے اپنے بھتیجے پر ہاتھ رکھ لیا اور فرمایا:

اے عبیداللہ جس قدر تو ہمارا خون بہا چکا ہے وہ تیرے لئے کافی ہے، سوائے اس بیمار کے کسی اور کو تو نے زندہ چھوڑا ہے، خدا کی قسم میں ان سے جدا نہ ہوں گی اگر ان کے بھی قتل کا ارادہ ہے تو مجھے بھی ان کے ہمراہ قتل کر دو، سیدنا امام علی اوسط زین العابدین نے فرمایا اے میری پھوپھی جان ذرا مجھے جواب دینے دو آپ نے فرمایا اے عبیداللہ ابن زیاد کیا تو مجھے قتل ہونے سے ڈراتا ہے، کیا تو نہیں جانتا کہ قتل ہونا ہماری عادت ہے اور راہ حق میں شہید ہونا ہماری فضیلت و کرامت ہے۔ عبیداللہ ابن زیاد پھوپھی اور بھتیجے کی باہمی محبت اور ان کے جواب پر یہ منظر دیکھ کر کہنے لگا تعجب ہے اس محبت پر کہ واقعی ہی اگر میں اس لڑکے کو قتل کرنے کا حکم دیتا ہوں تو یہ عورت پہلے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



خود کو قتل کرانے کے لئے تیار ہے۔ اچھا دعوہ فانی اراہ لمابہ: ایسے یعنی اوسط کو چھوڑ دو کیونکہ میں دیکھتا ہوں یہ اس کے کافی ہے۔

## کوفہ میں اہل بیت کو کہاں اور کتنے دن اسیر رکھا گیا

اس کے بعد عبید اللہ ابن زیاد نے اجلاس برخاست کرتے ہوئے کہا کہ ان اسیران نبی کو جامع مسجد کوفہ کے کمروں میں سے ایک کمرہ میں قید رکھا جائے چنانچہ ان کو اس کمرہ میں لے جا کر بند کر دیا گیا اور شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ کو ایک کمرہ میں رکھا دیا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ عبید اللہ ابن زیاد نے اپنے ایک قاصد کے ذریعے ایک خط دے کر یزید کی طرف دمشق روانہ کر دیا اور یہ واقعہ محرم کی تیرھویں اور بقول بعض چودھویں محرم کا ہے، عبید اللہ ابن زیاد نے سرہائے مقدسہ کو دمشق بھیجنے کے بارے میں لکھا کہ اگر حکم ہو تو وہاں بھیج دیتا ہوں اور دوسرا اہل بیت میرے پاس اسیر کئے ہوئے ہیں حکم ہو تو ان کو بھی بھیج دوں۔ جب تک وہاں سے یزید کا جواب نہ آنے پائے اس وقت تک اس کو انتظار رہے۔ اب یہاں پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اہل بیت نبوت کوفہ میں کتنے دن رہے تو اس کے متعلق مختلف بیانات ہیں لیکن یہاں پر جو صحیح قیام لکھا جاتا ہے اس کے لئے جاننا ضروری ہے کہ عام مورخین نے کربلا سے کوفہ کا فاصلہ بیس یا چوبیس میل لکھا ہے لیکن یہ غلط ہے اور زمین و آسمان کا فرق پایا جاتا ہے کربلا سے کوفہ کا فاصلہ ڈیڑھ سو کلومیٹر یعنی نوے میل ہے، اونٹوں پر نوے میل کا سفر ایک دن میں اہل بیت کے قافلے کا طے کر لینا قیاس میں نہیں آتا۔ دس محرم الحرام کو واقعہ کربلا ظہور پذیر ہوا اور گیارہ محرم کو بعد دوپہر اہل بیت کا مختصر قافلہ کربلا سے کوفہ روانہ ہوا اور کم از کم پچیس بائیس میل روزانہ کے حساب سے نوے میل کا سفر طے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کر کے چودہ محرم کو کوفہ پہنچا اور چودہ محرم کو عبید اللہ ابن زیاد نے یزید کو خط لکھ کر بذریعہ قاصد دمشق روانہ کیا جس میں مفصل رونما واقعات قلمبند کئے اور قاصد کوفہ سے ۱۴ کو روانہ ہو کر محرم کی آخری تاریخ کو وہاں پہنچا کیونکہ کوفہ سے دمشق کا فاصلہ سینکڑوں میل کے فاصلے پر ہے۔ محرم کی آخری تاریخوں میں یہ خط یزید کو ملا تو اس کے صلاح و مشورہ کرنے کے بعد جوابی خط اسی قاصد کے ذریعے روانہ کیا ہاں سر ہائے مبارکہ شہدائے کربلا اور اسیران اہل بیت کو میرے پاس بھیج دیا جائے وہ یزید کا خط قاصد دمشق سے کوفہ لایا جو عبید اللہ ابن زیاد کو سولہ دن کے بعد موصول ہوا اور تین دن بعد پھر اہل بیت کو روانہ کرنے میں کوفہ میں ہی لگے اور چوتھے دن شہداء کے سر مبارک اور قافلہ اہل بیت اسیری حالت میں کوفہ سے سفر دمشق روانہ کئے گئے اس حساب سے ۱۲ محرم الحرام سے ۱۷ صفر المظفر تک تقریباً ایک مہینہ پانچ دن کوفہ میں اہل بیت کا قیام رہا۔
(تاریخ کربلا)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# کوفہ سے شام اسیران اہل بیت کے حالات

## اہل بیت کی کوفہ سے روانگی

جب عبیداللہ ابن زیاد کے پاس دمشق سے یزید کا پیغام تحریری طور پر پہنچ گیا کہ سربائے شہداء اور اسیران اہل بیت کو اس کے پاس دارالامارت دمشق جائے مقام بھیج دیا جائے تو عبیداللہ ابن زیاد نے زحر بن قیس کی نگرانی میں شہداء کے سرہائے مبارکہ ملک شام روانہ کر دیا اس کے ساتھ ابو بردہ بن عوف ازدی اور طارق بن ظبیان اور تقریباً پچاس آدمی روانہ کر دیئے۔ اس میں محضر بن ثعلبہ عاندی اور شمر ذی الجوشن بھی تھے۔

(الحیات الحقی ۲:۳۵۱)

## کوفہ سے دمشق کی منازل اور اہل بیت کو کس راستہ لے جایا گیا

کوفہ سے دمشق کے سفر میں کتنی منزلیں ہیں اور اس سفر میں کتنے دن لگے معتبر کتب میں تو اس کی تفصیلات موجود ہیں لیکن سفر کے منازل میں کچھ اختلاف پایا جاتا ہے بعض نے کوفہ سے دمشق کی کل منازل صرف پندرہ لکھی ہے اور بعض نے تئیس لکھی ہیں اور بعض نے چونتالیس تک بھی منزلیں لکھی ہیں کہ قافلہ اہل بیت کا ان منازل سے گزر ہوا اور پھر وہ دمشق پہنچے اب ان منازل کے نام درج کیے جاتے ہیں۔

پہلی منزل تکریب، دوسری منزل موصل، تیسری منزل حیران، چوتھی منزل دعوات، پانچویں منزل قنسرین، چھٹی منزل سیبود، ساتویں منزل حمص، آٹھویں منزل بعلبکم نویں منزل شیرز، دسویں منزل حماۃ، گیارہویں منزل حلب، بارہویں منزل

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نصیبین، تیرھویں منزل عسقلان، چودھویں منزل درقیسس، پندرہویں منزل دیر راہب۔

ان منازل کے تذکرہ کا مطلب نہیں کہ ان مقامات پر ضرور اہل بیت نے رات قیام کیا ہوگا بلکہ یہ منازل و مقامات سفر کوفہ تا دمشق ہیں کہ ان راہوں اور منازل سے گزرگاہ ہوئی۔

اب غور طلب مسئلہ یہ ہے کہ کوفہ سے دمشق کا فاصلہ تقریباً چھ سو میل ہے جیسے بغداد شریف سے دمشق اور کتب معتبرہ سے ثابت یہ ہوتا ہے کہ اہل بیت کا یہ قافلہ سیدھے راستہ سے دمشق نہیں گیا بلکہ بڑی پھیر کی گزرگاہوں اور دشوار منزلوں سے طویل راستہ طے کرتے ہوئے جو آٹھ سو میل کے فاصلہ تک ہوسکتا ہے قریب کا راستہ جو جلد طے ہوسکتا تھا وہ کیوں چھوڑا گیا یاد رہے کہ آج کل یہی سیدھا راستہ کوفہ سے دمشق جاتا ہے اور پختہ سڑک بنی ہوئی ہے اس پر موٹریں کاریں بسیں چلتی ہیں اور موصل وحمص کی راہ کے غیر معروف مقامات کی طرف جو طویل راستہ اور جس کے طے کرنے میں کافی دن لگے یہ کیوں اختیار کیا گیا۔ اس کا سبب معتبرہ کتب سے ظاہر ہوتا ہے کہ راستہ میں اہل بیت اور سرہائے مبارکہ کو دیکھ کر لوگ مشتعل نہ ہوجائیں اور مزاحمت مخالفت اور جنگ نہ ہو چنانچہ اس کے باوجود بھی بعض مقامات پر لوگوں کو جب یہ معلوم ہوا تو قنسیرین سیبور حمص میں شدید مزاحمت ہوئی اور ان مقامات پر بھی مسلمانوں سے جنگ کرتے ہوئے اور ان کی مخالفت سے بچتے بچاتے نامعلوم مقامات سے ہوتے ہوئے دور کے راستہ سے دمشق لایا گیا معلوم ہوا کہ خاندان نبوت کی مخدرات طاہرات کے لئے یہ شدید دشواریوں اور پریشانیوں کا یہ چوتھا دور تھا جو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



آٹھ سومیل کی اتنی طویل مسافت طے کرتے ہوئے دمشق لایا گیا۔

جب دمشق صرف چار میل کے فاصلہ پر رہ گیا تو اسی خطہ کی بناء پر نامعلوم جگہ پر اہل بیت کو ٹھہرایا گیا اور یزید کو اطلاع دی گئی کہ وہ دمشق میں داخل ہونے سے قبل تمام انتظامات مکمل کرلے تاکہ پھر دمشق میں داخل ہوں چنانچہ یزید کو اس کی اطلاع دی گئی تو اس نے ایک دن کا تعین کر کے اور تمام انتظامات مکمل کر کے دمشق آنے کا حکم دیا۔ (تاریخ کربلا)

## غیبی لوہے کا قلم

ابونعیم اصفہانی نے بطریق ابن لہیہ ابی حنبل سے روایت کی ہے کہ جب یہ ابن زیاد کے آدمی اور سرہائے مبارک اہل بیت عظام کے مختصر قافلے کو دمشق یزید کے پاس لے جارہے تھے تو راستہ میں ایک جگہ پر حسب معمول رات کے وقت شراب پینے لگے تو اس وقت ایک ہاتھ نمودار ہوا جس میں لوہے کا قلم تھا، پھر اس نے خون سے یہ شعر لکھا۔

اَتَرْجُوْا اُمَّةٌ قَتَلَتْ حُسَیْنًا

شَفَاعَةَ جَدِّهٖ یَوْمَ الْحِسَابِ

بھلا وہ امت بھی قیامت کے روز ان کے جد امجد کی شفاعت کی امید رکھ سکتی ہے جنہوں نے حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا۔

## واقعہ کربلا اور اصحاب کہف

ابن عساکر نے نہال بن عمرو سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ واللہ میں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


نے بچشم خود دیکھا کہ جب سر مبارک سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو لوگ نیزے پر لے جا رہے تھے اس وقت میں دمشق میں تھا کہ سر مبارک کے سامنے ایک شخص سورہ کہف پڑھ رہا تھا جب وہ اس آیت پر پہنچا۔ اِنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا۔ بے شک اصحاب کہف ورقیم ہماری نشانیوں میں سے ہیں اس وقت سر مبارک کو گویائی دی اور بزبان فصیح فرمایا: اَعْجَبُ مِنْ اَصْحٰبِ الْكَهْفِ قَتْلِيْ وَحَمْلِيْ: اصحاب کہف کے واقعہ سے بھی میرا قتل اور میرے سر کو لئے پھرنا عجیب تر ہے۔ (الحیات الخفی، سوانح کربلا)

## قافلہ اہل بیت دمشق کے قریب، یزید کے کفریہ اشعار، دارالامارۃ کی زیبائش

جب اسیران اہل بیت مقام جبرون پر پہنچے جو دمشق کے کچھ نزدیک تھا تو قوم اشقیاء نے ان کو یہاں ٹھہرایا اور یزید کو اطلاع دی گئی تو اس نے اپنے دارالامارت کو سجانے اور ڈھول باجوں کے انتظام کرنے کا حکم دیا، چنانچہ دارالسلطنت دمشق کو سجایا گیا اور انواع واقسام کی زیبائش وآرائش سے مرصع کیا گیا، عورتیں، مرد لباس فاخرہ پہنے ہوئے تھے اور خوشی سے طبلے بجا رہے تھے، یزید کے لئے بہترین زینت سے مرصع تخت بچھایا گیا اور اردگرد بہترین کرسیاں عمائدین کے لئے بچھائی گئی تھیں۔ گویا کہ یہ سب انتظام نواسہ سید الابرار اور خاندان نبوت پر ظلم وستم وقتل کے بعد ظاہری فتح کی خوشی میں کیا گیا تھا۔ ہر طرف لوگوں کا ہجوم جمع تھا، اس حال میں پھر یزید نے اپنے محل کی چھت پر چڑھ کر مقام جبرون کی طرف نگاہ کی جب اس نے نیزوں کی نوکوں پر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



شہداء کے سرہائے مبارک دیکھے تو اس نے یہ شعر کہے جس کو علامہ سید محمود آلوسی علیہ الرحمہ نے تفسیر روح المعانی میں بیان فرمایا ہے:

لَمَّا بَدَتْ تِلْکَ الْحَمُوْلِ وَاشْرَفَتْ

تِلْکَ الرُّؤسِ عَلٰی رَبِی جَیْرُوْنَ

جب سواریاں ظاہر ہوئیں اور سرہائے مبارک شہدائے کربلا مقام جیرون کے ٹیلوں پر نمودار ہوئے۔

لَغَعبِ الْغُرَاب فَقُلْتُ صَحِ اَوْلَا تَصَحِ

فَلَقَدْ قَضَیْتُ مِنَ الرَّسُوْلِ دِیُوْنِی

تو کوے نے کائیں کائیں کی میں نے اس سے کہا تو بول یا نہ بول میں نے رسول سے اپنے قرضے چکا لئے ہیں۔ (الحیات الحھی، تاریخ کربلا، روح المعانی از علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ)

ان اشعار کفریہ پر علماء اکابرین نے اس کے کفر کا فتویٰ دیا ہے اور اس کے متعلق تفصیلات یزید پلید کے باب میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

## امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک پیش ہونے پر یزید کے کفریہ کلمات

تمام انتظامات مکمل ہونے کے بعد یزید نے مقام جیرون میں پیغام بھیج دیا کہ سرہائے مبارک اور اسیران اہل بیت کو دارالسلطنت میں لایا جائے، حکم ملنے پر اہل بیت اور سرہائے مبارک کو دمشق میں داخل ہوتے ہی ان کو سیدھے دارالسلطنت میں لایا گیا، امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سر مبارک کو ایک طشت میں اور دوسرے شہداء کے سرہائے دوسرے طشت میں یزید کے سامنے پیش کئے گئے اور اہل بیت کو ایک کمرہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


میں ٹھہرادیا گیا، جب امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا سر اقدس یزید کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے یہ شعر کہے۔

لَیتَ اَشیَاخِی بِبَدرٍ شُهدوا
جَزعُ الخِزرَج مِنَ وَقعِ الاَمل
قَد قَتلنَ القَومُ مِنَ سَادَاتِلم
ثُمَّ قَالُوا یَا یَزِیدُ لَاتَشل
لَستَ مِن خَنذَفِ اَن لَهُم انتِقَمُ
مِنَ نبی اَحمَدَ مَا کَان فَصَل
لَعبت بَنی هَاشِمِ بِاالمَلک فَلا
خَبر جَاءَ وَلَا وَحِیٌ نَزَل

ترجمہ: کاش میرے بدر والے وہ اشخاص جنہوں نے تیر کھا کر نبی خزاج کی جزع فزع اور اضطراب کو دیکھا آج موجود ہوتے۔

اور دیکھتے کہ ہم نے تمہارے سرداروں میں سے بڑے سردار (امام رضی اللہ عنہ) کو قتل کر کے بدر والا بدلا لے لیا ہے۔

اس وقت وہ خوشی کے مارے ضرور بآواز بلند پکار کر کہتے کہ اے یزید تیرے ہاتھ شل نہ ہوں۔

میں اولاد خندف سے نہیں ہوں اگر اولاد احمد سے ان کے کیے کا بدلہ نہ لے لوں بنی ہاشم نے تو ملک گیری کے لئے ایک ڈھونگ رچایا تھا ورنہ نہ کوئی خبر آسمانی آئی تھی اور نہ کوئی وحی نازل ہوئی تھی۔ معاذ اللہ معاذ اللہ۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ان مذکورہ بالا اشعار یزید پر علماء اکابرین نے یزید پلید پر کفر کا فتوی دیا اور فرمایا ہے جس نے صاف الفاظ میں کہا کہ میں نے بدر کا آج بدلہ لے لیا ہے۔

هَذَا هُوَا المروق مِنَ الَّذِيْنَ وَقَوْلَ مَنْ لَا يَرْجِعَ اِلَى اللّٰه وَلَا اِلٰى دِينه وَلَا اِلَّا كِتَابِه وَلَا اِلٰى رَسُوْلِه وَلَا يومن باالله وَلَا بِمَا جَاءَ مِنْ عِنْدَاللّٰه۔

یہ کھلا کھلا دین اسلام سے خروج ہے اور ایسے شخص کا قول ہے جو خدا اور اس کے رسول اور دین اور اس کے کلام کتاب اللہ پر ایمان نہیں رکھتا (ہکذا تفسیر روح المعانی للوسی ۲: ۷۲)

## یزید کی امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سر اقدس کی بے حرمتی

پھر یزید پلید نے سرکار سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کے لب ہائے مبارک پر چھڑی رکھ کر کہا: یہ ہے حسین اس گستاخانہ حرکت کو دربار میں موجود ایک صحابی رسول ﷺ ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے دیکھ کر فرمایا:

اے یزید پلید تم چھڑی سے سیدنا حسین رضی اللہ عنہ ابن علی فاطمہ علیہا السلام کے لب مبارک کی بے ادبی کرتے ہو میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان کے اور ان کے بھائی امام حسن رضی اللہ عنہ کے لب اقدس پر بوسہ دیتے ہوئے دیکھا ہے اور یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ یہ دونوں جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں خدا تمہارے قاتل کو قتل کرے اور لعنت کرے اور جہنم کے ذلیل عذاب میں ڈالے۔ (الحیات الخفی، الصواعق المحرقہ، روح المعانی ۲۹: ۷۲)

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کے اس کلام حق کو سن کر یزید نے انہیں اپنے دربار سے نکالنے کو کہا تو اس کے حواریوں نے انہیں کھینچ کر باہر نکال دیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## واقعہ کربلا کا حقیقی معیار

اگر یہ کہا جائے کہ یہ واقعہ کربلا محض ایک تاریخی ریسرچ ہے اس کا عقیدہ اور مذہب سے کچھ تعلق نہیں۔ بالکل غلط ہے، کیونکہ اول تو اسلامی نقطہ نظر سے تاریخ برائے تاریخ کوئی اہمیت ہی نہیں رکھتی، قرآن نے خود تاریخ کا ایک ایسا باب قائم کردیا ہے کہ کئی مقامات پر بادشاہوں اور سلاطین اور انبیاء مرسلین علیہم السلام اجمعین اور مختلف قوموں اور امتوں کے واقعات اور بعض مختصر اور بعض تو نہایت تفصیل سے بیان کئے ہیں اور پھر بار بار مختلف مقامات پر ان کے درمیان رونما واقعات کو بیان فرمایا ہے۔ واقعہ حضرات اصحاب کہف اور واقعہ حضرت یوسف علیہ السلام اور اسی طرح حضرت ذوالقرنین اور اسی طرح ظالم فرعون اور اسی طرح ان کے گھر والوں کے حالات تو یہ تاریخ برائے تاریخ نہیں بلکہ اس کا ایک عظیم مقصد ہے۔ جسے احسن القصص تمام قصوں سے بہترین قصہ حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ کو فرمایا گیا اور اصحاب کہف کے واقعہ کو من اٰیٰتِنَا عَجَبًا فرمایا گیا ہماری نشانیوں میں سے عجیب نشانی ہے اور عبرۃ لاولی الباب اور اولی الابصار اور فانظروا کیف کان عاقبۃ فرمایا گیا اسی طرح صالحین کی تعریف اور ان کے اذکار اور ذکر کرنے کے حکم واذکر فی الکتب ابراھیم، واذکر فی الکتب موسیٰ، واذکر فی الکتب مریم، واذکر فی الکتب ادریس، واذکر فی الکتب اسمٰعیل اور اسی طرح برے عقائد اعمال وافعال وگستاخ قوموں کی ہلاکت کے احوال بیان فرمائے۔

الحاصل برے عقائد واعمال کی وجہ سے قوموں کی ہلاکت اور درست افکار و

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



عقائد کی بناء پر قوموں کی کامیابی کے واقعات بیان کرنا ہی اصل تاریخ ہے اور اگر یہ چیز نہ ہو تو وہ تاریخ تاریخ نہیں بلکہ قصہ گوئی یا فسانہ نگاری ہے جس کی شرعاً کوئی اہمیت نہیں۔ عقیدہ و مذہب سے الگ ہو کر دوسرے لفظوں میں کتاب و سنت سے علیحدہ ہو کر تاریخی مواد جمع کر لینا تاریخ نہیں۔

آج کل دنیا میں اکثر ایسے لوگ ہیں جو ذہن میں کچھ تاریخی نظریات پہلے سے قائم کئے ہوئے ہیں جن کے لئے مواد کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ تاریخی ٹکڑوں کو جمع کر لیتے ہیں۔ تو پھر وہ تاریخ سے نظریات کو اخذ کرنے کی بجائے نظریات سے تاریخ اخذ کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں۔ پھر ان کو اپنے نظریات کے موافق پا کر اس کو تاریخی ریسرچ کہہ دیتے ہیں۔ یہ کوئی عجیب بات نہیں۔

لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ۔ (پ۹: سورۃ اعراف)

وہ دل رکھتے ہیں جن میں سمجھ نہیں اور وہ آنکھیں جن سے دیکھتے نہیں اور وہ کان جن سے سنتے نہیں وہ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بڑھ کر گمراہ۔

انسانیت کے نام پر کیا کر گئے حسین
ہر دور کے بلند خیالوں سے پوچھ لو
انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسین

اس لئے اس کا نام تاریخی ریسرچ نہیں بلکہ نظریاتی ریسرچ ہونا چاہئے اور یقیناً، جیسے آج کل بعض جدید دانشور کتاب و سنت کو بھی نظریات میں استعمال کرنے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے عادی ہو چکے ہیں اور شریعت کا نام لے کر کام نکالتے ہیں حکومت کی خوشامد اور تملق اپنے شب و روز کو رونق بخشتے ہیں کیونکہ کوئی نہ کوئی روایت انہیں اپنے موافق مطلب ہاتھ آ ہی جاتی ہے جیسے موقع و محل سے ہٹا کر کام میں لے آیا جائے تو کام نکل جاتا ہے، اس لئے محض روایات سے کام لینا اپنے نظریاتی مقصد کے لئے تاریخی یا شرعی ریسرچ نہیں۔

تاریخی ریسرچ کے معنی درحقیقت تاریخی روایات کو ہر محل اور درست موقع پر ظاہر کر کے واقعہ کی اصل قدر مشترک کا سراغ لگانا اور مورخ کے اصل رخ کو نظر انداز کئے بغیر اصل واقعہ کو نمایاں کرنا ہے نہ کہ اس سے ہٹ کر تاریخی ٹکڑوں کا اپنے ذہنی نظریات سے گٹھ جوڑ لگانا ہے، پس جس طرح شرعی ریسرچ کے معنی اس کے سوا دوسرے نہیں کہ کتاب و سنت کی مراد کے دائرہ میں رہ کر اس کے مخفی گوشوں کو سامنے لایا جائے اور مختلف نصوص اور آیات و روایات کو اسی مراد کے مختلف پہلوؤں سے وابستہ کر کے ان پر چسپاں کر دیا جائے اسی طرح تاریخی ٹکڑوں کو لے کر اپنی تائید میں استعمال کرنا شروع کر دیا ہے، دنیا میں ہزاروں تاریخیں لکھی گئی ہیں اور سبھی نے اپنی اغراض کے اظہار کے موافق راستے نکال لئے ہیں۔

لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ تاریخی پہلو سے زیادہ اسے مذہبی نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے اور مذہب و عقیدہ واضح کر کے اس کے معیار سے اس تاریخ کو رد یا قبول کیا جائے یہ تاریخ ہی درحقیقت ایک عقیدہ کی تاریخ ہے اور اس کا ذکر قدرتی طور پر عقیدہ کا ہی ذکر ہوگا، اس لئے عقیدہ سے متعلقہ تاریخ عقیدہ کے عین مطابق ہونی چاہئے، اگر تاریخ عقیدہ کے موافق ہے تو وہ اس کی تاریخ اور اس کی تائید اور اس کی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تائید سے روکا جانا کوئی عقلی اصول نہیں اور اگر تاریخ عقیدہ کے خلاف ہے تو وہ عقیدہ کی تاریخ نہیں بلکہ اس کی تردید ہے تو اس صورت میں عقیدہ کی صفائی پیش کر کے اس کی مخالف تاریخ کو رد کرنا کوئی بے موقع کام نہیں ہوگا۔ خلاصہ یہ ہوا کہ عقیدہ و تاریخ میں تقابل کے وقت عقیدہ کو اصل رکھا جائے گا اور تاریخ اسکے تابع ہوگی دینی معاملات میں عقیدہ سے تاریخ اخذ کی جائے گی تاریخ سے عقیدہ نہیں بنایا جائے گا اس کی وجہ یہ ہے کہ عقیدہ اللہ تعالیٰ سبحانہ اور اس کے پیارے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خبر سے بنتا ہے اور اس سے متعلقہ واقعہ کی بنیادیں اور دونوں صورتوں میں وہ نصوص قطعی کے حکم میں ہوتی ہیں جب کہ عقیدہ کے مطابق ہوں اس لئے تاریخ کو تاریخ کے تابع بنا دینے کا مطلب یہ ہوگا کہ معاذ اللہ اللہ اور رسول لوگوں کے تابع ہو جائیں، پس عقیدہ تاریخ کے تابع نہیں بلکہ تاریخ کو عقیدہ کی پابندی کرنی ہوگی، ورنہ اگر عقائد کو قبول کرنے یا رد کرنے کے لئے تاریخ کو معیار قرار دیا جائے تو وہ عقائد نہیں بلکہ اپنا نظریاتی فلسفہ ہے جیسا کہ ہو رہا ہے یہ مذہب و مسلک نہیں بلکہ اختیاری نظریہ ہے جو نہ قابل اتباع ہے اور نہ ہی ان سے فلاح حاصل ہو سکتی ہے لہذا عقیدہ کے خلاف تاریخ نہیں ہوگی تاریخ وہ قبول ہوگی جس کا عقیدہ سے تعلق ہے، اس طرح سرکار سید الشہداء، سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور یزید بن معاویہ سے متعلقہ عقیدہ سے چونکہ واقعات کی ایک تاریخ وابستہ ہے اور اس تاریخ کا ذکر ہی عقیدہ کا ذکر ہے اس لئے نہ تو ان معاملات کی تاریخی ریسرچ کے وقت عقیدہ سے قطع نظر کی جا سکتی ہے اور نہ ہی تاریخ کو عقیدہ سے الگ کر کے محض تاریخ کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے گا بلکہ عقیدہ کے معیار سے اس کا فیصلہ کیا جائے گا، نظریات بگڑتے تباہ ہوتے آئے ہیں لیکن عقیدہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ومذہب کی عمارت منہدم نہیں ہوسکتی جب نظریاتی عمارتیں گرنے لگتی ہیں تو پھر لوگ آخر اس پائیدار عمارت کے عقیدہ میں ہی پناہ لیتے ہیں، پس سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی مدح اور یزید کی قدح اور واقعات کربلا کو عقیدہ کی روح سے تسلیم کیا گیا ہے، نہ کہ نظریات سے، کتاب کے اول سے لے کر آخر ہر چیز کو قرآن وسنت یعنی اللہ اور اس کے رسول کے مطابق پیش کیا گیا ہے یعنی عقیدہ کے تابع۔

رہا واقعات کربلا کی صحت وسقم کا معیار تو اس کو بھی حقیقت میں پرکھا جائے گا یہ کہہ دینا کہ گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ جنگ ہوئی پس پھر ختم ہوگئی بالکل غلط ہے اور نتیجہ وہی مایوس کن نکلے گا بلکہ واقعات کربلا کی صحت یا عدم صحت معلوم کرنے کی میزان محقق علماء کی تحقیق سے لیا جائے گا اور پھر اس تحقیق کو محققین کے بیانات سے معلوم کرنا ہوگا کہ آیا یہ بات صحیح ہے یا غلط جب یہ معلوم ہو جائے گا تو اس کو وہی سمجھا جائے جو محققین نے بیان کیا ہے اس لئے اس کتاب میں ان تمام واقعات کی تردید کی گئی ہے جو علماء محققین سے ثابت نہیں اور ان کو بیان کیا گیا ہے جس کو محققین نے بیان کیا اور پھر اس واقعہ حال پر اتفاق ہوا۔

ابتداء ہی سے اس واقعہ کربلا کو مسخ کرنے کی کوشش کی گئی جیسا کہ زحر بن قیس کی رپورٹ سے واضح ہوتا ہے تو عجب نہیں کہ کل بھی اس واقعہ کربلا کو محض تاریخی یا شیعی یا ابومخنف روایات کہہ کر اپنا کام نکال لیا جائے لیکن خواہ زمانہ کروڑوں کروٹیں بدلے، لیل ونہار، لاکھوں بار گردش کریں، انقلاب ہزاروں بار کوشش کرے، آفتاب و ماہتاب سینکڑوں بار طلوع وغروب ہوں۔ مگر کیا مجال کہ نواسہ سید الکونین سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور آل واصحاب کے ساتھ جو کچھ ہوا اور انہوں نے اسلام کو زندہ رکھنے کی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



خاطر جس طرح قربانیاں پیش کیں اور یزید نے جو ظلم و ستم کئے یزیدی خواہ کتنی بھی کوشش کریں ان حقائق کو مسخ نہیں کر سکتے اور اس بدنما داغ کو اپنی پیشانی سے نہیں دھو سکتے۔

کیا یہ بھی کوئی عقیدہ و مذہب ہے کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی جن کی شان قرآن و حدیث سے ثابت ہے جو راکب دوش نبی ہیں جو پوری امت کے لئے نجوم ہدایت ہیں ان کی شان میں زبان درازی کی جائے اور یزید پلید جس کی پیشانی پر اہل بیت نبوت کی بے حرمتی کا بدنما داغ ہے۔ محققین، محدثین، مفسرین اکابرین امت جس کی شفاعت کی تردید صراحت سے کرتے چلے آئے ہیں ان تمام حقائق سے روگردانی کر کے اس ظالم کی تعریف میں رطب اللسان ہونا کیا یہی ایمان ہے؟ نہیں نہیں یہ بدترین گمراہی ہے۔

کاش یہ لوگ اور کچھ نہیں کر سکتے تھے تو کم از کم اہل بیت کے ادب و احترام کو ہی ملحوظ خاطر رکھتے مگر انہیں یہ توفیق کہاں میسر الٹا اہل بیت اطہار کی محبت کا دم بھرنے والوں پر کیچڑ اچھالا جاتا ہے اگر کوئی دیوانہ اپنی زبان و قلم کو ذکر اہل بیت سے معطر کرے تو اس پر شیعیت کا الزام لگا دیا جاتا ہے۔ امام شافعی علیہ الرحمہ کو بھی محبت اہل بیت کی بناء پر رفض کا طعن دیا گیا۔ جس پر آپ نے بیانگ دہل یہ اعلان فرمایا۔

ان کان رفضا حب آل محمد، فَلیَشہَد الثقلان انی رافض۔

اس عظیم سانحہ کو محض دو بادشاہوں کی جنگ قرار دینا انتہائی بددیانتی اور دین و مذہب سے دوری کی دلیل ہے کیا یہی دینداری ہے کہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ بے سرو سامانی کے عالم میں اعلاء کلمۃ الحق کی خاطر ایک فرعون وقت سے ٹکر لے کر تاریخ عالم

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے صفحات پر ایمان وایقان کی ایک لازوال داستان رقم کر جائیں۔ اس عظیم کارنامہ پر محض یہ کہہ کر پانی پھیرنے کی ناکام کوشش کی جائے کہ یہ تو دو بادشاہوں کی اقتدار کی خاطر جنگ تھی، نہیں نہیں! یہ ایمان نہیں اسے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی عداوت کا نتیجہ تو نہیں کہا جا سکتا مگر ایمان واسلام سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔

یہ حق و باطل کی جنگ تھی کفر واسلام کی جنگ تھی، الحاد وایمان کی جنگ تھی،

امام عالی مقام نواسہ بانی اسلام حکیم ربانی جانتے تھے کہ اگر طاقت کا مقابلہ طاقت سے ہوا اور وہ غالب بھی آگئے تو یہی کہا جائے گا کہ دو بادشاہ لڑے تھے ایک غالب آگیا اسی طرح یزید تو مغلوب ہو جائے گا مگر یزیدیت کو شکست نہیں ہوگی مگر امام حسین رضی اللہ عنہ یزیدیت کا قلع قمع کرنا چاہتے تھے اس لئے انہوں نے حق کی طاقت سے مسلح ہو کر بے سروسامانی کی حالت میں یزید ایسے فرعون وقت سے ٹکر لے لی اور اس طرح حق وحقیقت کی طاقت نے قصر یزیدیت کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ اور اہل دنیا پر ظاہر کر دیا کہ یہ دو بادشاہوں کی جنگ نہ تھی بلکہ حق و باطل کا معرکہ تھا، بانی اسلام کے جگر گوشہ اسلام کی مزاج شناسی میں وحید عصر اور سچا غمخوار کیونکر اس کی بیعت کرتا جو اسلام کے منافی کام کر رہا تھا کہ سب مصائب و آلام برداشت کئے، ظلم کے پہاڑ ٹوٹے، چھوٹے بڑے قربان کر دیئے۔ آخر دم تک ثابت قدم رہتے ہوئے یزید کے عزائم کو خاک میں ملا دیا اور اسلام کو زندہ جاوید بنا دیا، حلال وحرام کے درمیان ابدی خط امتیاز کھینچ دیا جائز و ناجائز کے حدود کو مضبوط کر دیا، اسلامی اصول اقدار کو پائیدار بنا دیا اور عامۃ المسلمین کو خواب غفلت سے بیدار کر دیا، لوگوں کو ظالم سے نفرت اور مظلوم کی ہمدردی وحمایت میں بیدار کر دیا، اس طرح کفر والحاد کو ہمیشہ کے لئے سرنگوں

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کر کے پرچم اسلام کو ابد و آباد تک کے لئے بلند و بالا کر دیا، آج تک جہاں جہاں اسلام اور مسلمان موجود ہیں یہ سب صدقہ ہے سرکار سید الشہداء کی اس بے مثال ایثار و قربانی کا علامہ ڈاکٹر محمد اقبال فرماتے ہیں:

بہر حق در خاک و خون غلطیدہ است
پس بنائے لا الہ گردیدہ است

خواجہ سلطان الاولیاء محمد معین الدین چشتی اجمیری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

شاہ ہست حسین پادشاہ است حسین
دین ہست حسین دین پناہ ہست حسین
سر داد نداد دست در دست یزید
حقا کہ بنائے لا الہ ہست حسین

اگر یہ قوم اس پر غور نہیں کرتی کہ مقام حسین رضی اللہ عنہ کیا ہے تو اس کی بدنصیبی ہے اور اگر تھوڑا سا غور کرے تو جان لے گی کہ اسی میں نجات ہے۔

اب اس کے معنی نہیں کہ صرف ذکر شہادت سے چند آنسو نکالنے ہی کافی نہیں بلکہ اس مقصد کو لیا جائے جس کی خاطر سرکار امام رضی اللہ عنہ نے اتنی عظیم قربانی دی، روحانیت و مادیت کا تصادم اور روحانیت کا غلبہ، صداقت اسلام کی ناقابل انکار دلیل، حریت فکر کی آبیاری، ثبات و استقلال کی تلقین، شجاعت و شہامت کے بے نظیر نمونے، عزت نفس کی بلند تعلیم، تنظیم و محکم یقین اور عمل پیہم کی تلقین، صبر و رضا کی بے مثال عملی تعلیم، پایہ استقامت، ایثار کے شاندار نمونے، ہر قسم کی قربانی دینے کا درس عظیم، انسانی ہمدردی اور حسن معاشرت کا بہترین نمونہ، ادائیگی فرض اور عبادت

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



خداوندی اور سنت مصطفوی کی بجا آوری کا عدیم المثال نمونہ، غیرت وحیا کا نمونہ، ایمان وعقائد ومذہب کی ثابت قدمی کا نمونہ۔

انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسین

اور پھر رہا یہ کہنا کہ علامہ اقبال نے کہا ہے۔

ذرا سی بات تھی اندیشۂ عجم نے اسے
بڑھا دیا ہے فقط زیب داستان کے لئے

یہ بھی غلط ہے، کیا ڈاکٹر علامہ محمد اقبال علیہ الرحمہ سیالکوٹ ترجمان حقیقت نے اس میں واقعہ کربلا کے متعلق ایسا کہا ہے نہیں بلکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد یزید کی سلطنت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا اور کچھ نہ ہو تو اس شعر سے واقعہ کربلا کو معمولی ثابت کرنے کی کوشش کردی۔ کس قدر ظلم و بر ظلم ایک بانی اسلام کے نواسہ کے ساتھ، دوسرا مفکر اسلام، ڈاکٹر علامہ سر محمد اقبال علیہ الرحمہ کے ساتھ، علامہ مرحوم تو واقعہ کربلا کے متعلق فرماتے ہیں۔

اسلام کے دامن میں بس اس کے سوا کیا ہے
اک ضرب ید اللّٰہی اک سجدہ شبیری

اب بتلایئے، ذرا سی بات اندیشۂ عجم نے اسے کہاں گیا اور کہاں استعمال ہوا یہ اس بات پر اشارہ کر رہے ہے کہ خلاف ملوکیت میں بدل گئی اور پھر ملوکیت بھی وہ بدلی کہ یزید نے اس کا بھی جنازہ نکال دیا۔

یہی شیخ حرم ہے جو چرا کے بیچ کھاتا ہے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## گلیم بوذر و دلق اویس و چادر زہراء

علامہ مرحوم نے یہ نقشہ کھینچا ہے جنہوں نے واقعہ کربلا کو معمولی تاریخی ریسرچ نظریات پر قائم کیا۔

یہ رسم خانقاہی ہے غم و اندوہ دلگیری
نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسم شبیری

اس درویش سیالکوٹی مرحوم نے فرنگیوں کے عشرت کدوں کو دیکھا اور جب وطن واپس آئے تو کہا

خیرہ نہ کرسکا مجھے جلوہ دانش فرنگ
سرمہ ہے میری آنکھ کا خاک مدینہ و نجف

دیکھا کیسا مقام بیان کر دیا ہے پھر فرماتے ہیں۔

رشتہ آئین حق زنجیر پاست
پاس فرمان جناب مصطفیٰ است
ور نہ گردے تربتش گر دیدمے
سجدہ ہا پاشدے ابر خاک او پاشیدمے

میرے پاؤں میں قانون خداوندی کی زنجیر نہ ہوتی اور غلامی مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کا پاس نہ ہوتا تو خاتون جنت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی قبر اطہر کا طواف کرتا اور سجدے کرتا۔

مریم از یک نسبت عیسیٰ عزیز
ازیں سہ نسبت حضرت زہرا عزیز

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


نور چشم رحمتہ للعالمین
آں امام اولین و آخرین
بانوے آں تاجدار ہل آتی

اور فرماتے ہیں:

بہر محتاجے دلش آن گونہ سوخت
بایہودے چادرے خود را فروخت
نوری دہم آتشی فرماں برش
گم رضائش و رضائے شوہر ش
آں ادب پروردہ صبر و رضا
آسیاں گردان و لب قرآن سرا
گریہ ہائے او زبالیں بے نیاز
گوہر افشاندے بد امان نماز
اشک او برچیدہ جبریل از زمین
ہمچو شبنم ریخت بر عرش بریں

پھر فرماتے ہیں:

سیرت فرزندہا از امہات
جوہر صدق و صفا از امہات
مزرع تسلیم را حاصل بتول
مادراں را اسوۂ کامل بتول

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ہوشیار از دست برد روزگار
گیر فرزندان خود را در کنار
فطرت تو جذبہ ہا دارد بلند
چشم ہوش از اسوۂ زہراء مبند
تا حسینے شاخ تو بار آورد
موسم پیشیں بگلزار آورد
اگر پندے ز درویشے پذیری
ہزا امت بمیرد بگلواز آورد
بتولے باش پنہاں شو ازیں عصر
کے در آغوش شبیرے بگیری

علامہ فرماتے ہیں:

اسلام کے دامن میں بس اس کے سوا کیا ہے
اک ضرب یداللٰہی اک سجدہ شبیری

اس کے آگے یزیدی سلطنت اور سرکار امام ؓ کے اقدام جہاد وحق کی تفصیل بیان کرتے ہیں:

موسیٰ و فرعون و شبیر و یزید
ایں دو قوت از حیات آید پدید
زندہ حق از قوت شبیری است
باطل آخر داغ حسرت میری است

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



چوں خلافت رشتہ از قرآن گسیخت
حریت را، زہرا ندر کام ریخت
خاست آن سر جلوہ خیر الامم
چوں سحاب قبلہ باراں در قدم
بر زمین کربلا بارید و رفت
لا لہ در ویرانہ ہا کارید و رفت
تا قیامت قطع استبداد کرد
موج خون او چمن ایجاد کرد
بہر حق در خاک وخوں غلطیدہ است
پس بنائے لا الہ گردیدہ است
مدعا یش سلطنت بودے اگر
خود نکر دے باچنیں ساماں سفر
دشمناں چو ریگ صحرا لا تعد
دوستان او بہ یزداں ہم عدد
سر ابرہیم و اسمٰعیل بود
عزم او چوں کوہساراں استوار
پائیدار تند سیر و کامگار
تیغ بہر عزت دین است و بس
مقصد اور حفظ آئین است و بس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ماسواء اللہ را مسلماں بندہ نیست
پیش فرعونے سرش افگندہ نیست
خوں اور تفسیر ایں اسرار کرد
ملت خوابیدہ رابیدار کرد
تیغ لا چوں از میاں بیروں کشید
از رگ ارباب باطل خوں کشید
نقش الا اللہ بر صحراء نوشت
سطر عنوان نجات مانوشت
رمز قرآن از حسین آموختیم
ز آتش او شعلہ ہا اندوختیم
شوکت شام کروفر بغداد رفت
سطوت غرناطہ ہم از یاد رفت
تار ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز
اے صبا اے پیک دور افتادگاں
اشک ما بر خاک پاک او رساں
قوت سلطان و میر از لاالہ
ہیبت مرد فقیر از لاالہ
فقیر عریاں گرمی بدر و حنین
فقر عریاں بانگ تکبیر حسین

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



آں امام عاشقاں پور بتول
سرو آزادے زبستان رسول
اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر
معنی ذبح عظیم آمد پسر
بہر آں شہزادہ خیر الملل
دوش ختم المرسلین نعم الجمل

یہاں پر یہ بات ختم کرتا ہوں اب اپنے مدعا کی طرف آتا ہوں۔

## سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا وہ خطبہ جس نے دربار یزید میں درودیوار ہلا دیئے

اس کے بعد اسیران آل بیت نبی کو دربار میں لایا گیا جب محذرات طاہرات اس حال میں یزید کے سامنے آئیں تو سیدہ زینب علیہا السلام کی نظر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے چہرہ انور پر پڑی تو فرمایا:

یا حسیناہ یا ابن فاطمہ الزہراء سیدۃ النساء بنت المصطفیٰ یہ کلمات سن کر کئی لوگ دربار یزید میں رو پڑے اور یزید خاموش بیٹھا رہا، پھر سیدہ زینب علیہا السلام نے یزید کے دربار میں مندرجہ ذیل خطبہ فرمایا:

سب خوبیاں اس خدا تعالیٰ کے لئے ہیں جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے اور درود و سلام ہو اس کی اہل بیت پر، اللہ تعالیٰ کا ارشاد برحق ہے ان لوگوں کا برا انجام جو برابر برے کام کرتے رہے اور اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان کے ساتھ تمسخر کیا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تو نے اے یزید ہم پر زمین کے گوشے اور آسمان کے کنارے تنگ کردئے اور ہمیں قیدیوں کی طرح لایا گیا اور یہ گمان کرتا ہے کہ ہم ذلیل اور تو جلیل ہے اور تو دیکھتا ہے اس کو کہ دنیا تجھ کو حاصل ہے اور تمام اسباب ہیں اور ہماری سلطنت تیرے قبضہ و اقتدار میں ہے اس لئے تو ناک چڑھا کا اترا رہا ہے اور اس میں سے بڑا جوش ٹھہر جا اور جلدی نہ کر کیا تو خدا کا یہ فرمان نہیں جانتا کہ کافر لوگ یہ گمان نہ کریں. کہ ہم نے جوان کو ڈھیل دے رکھی ہے یہ ان کے لئے بہتر ہے ہم تو محض اس لئے ان کو مہلت دیتے ہیں کہ وہ دل کھول کر گناہ زیادہ کرلیں ان کے لئے رسوا کرنے والا عذاب موجود ہے۔ تو نے ہمارے زخم کو گہرا کردیا اور ذریت رسول اور عبدالمطلب کی اولاد میں سے ستارہ ہائے زمین کے خون مقدس کو بہا کر ان کی جڑ اصل سے اکھیڑ دی، عنقریب تو اس کے انجام سے دوچار ہوگا اور انہی میں وارد ہوگا، اس وقت تو اپنے رویہ کی بناء پر پسند کرے گا کہ کاش تیرے ہاتھ شل ہوتے اور جو کچھ کہا اور کیا ہے نہ کہتا نہ کرتا، میری دعا ہے اے باری تعالیٰ ہمارا حق ہم کو دے اور ہم پر ظلم کرنے والوں سے انتقام لے اور جن لوگوں نے ہمارا خون بہایا ہے اور ہمارا ساتھ دینے والوں کو قتل کیا ہے، ان پر اپنا قہر و غضب نازل فرما، اے یزید اللہ کی قسم تو نے اپنا چمڑا کاٹا ہے اور اپنے ہی گوشت کے ٹکڑے کیے ہیں تو ذریت کے خون اور ان کی ذریت کی توہین کرنے کا بوجھ اٹھا کر عنقریب رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا جب کہ روز قیامت اللہ ان سب کو ایک جگہ جمع کرے گا اور ان کے دشمنوں سے انتقام لے گا، جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہوگئے ہیں۔ ان کے متعلق قرآن گواہ ہے کہ ان کے مردہ ہونے کا گمان بھی نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے ہاں رزق پاتے ہیں، تیرے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



لئے اے یزید! اللہ تعالیٰ کا حاکم ہونا اور نبی کا دشمن ہونا اور جبریل کا تمہارے برخلاف ہمارا مددگار ہونا کافی ہے جن لوگوں نے تیرے لئے جگہ ہموار کی اور تجھے مسلمانوں کی گردنوں پر مسلط کیا اور ان کو معلوم ہے کہ برا کون ہے؟ اور لشکر کس کا کمزور ہے۔ اے یزید! یہ بھی انقلاب روزگار و حوادثات زمانہ کا شاہکار ہے کہ میں تجھ سے خطاب کروں میں تیرے مقام کو اس سے کہیں پست تر اور تیرے زجر و توبیخ کرنے کو سخت عظیم سمجھتی ہوں مگر کیا کروں آنکھ روتی ہے اور سینہ سوز ہے کس قدر تعجب کی بات ہے کہ شیطانی گروہ اور اولاد طلقاء نے خدا کے نجیب (چنے ہوئے) گروہ کو قتل کر دیا ہے اے یزید اگر تو ہماری ظاہری کمزوری کو اپنے لئے غنیمت سمجھ رہا کل فردائے قیامت تو اس بات کو تاوان سمجھے گا جب تو سوائے اپنے ہاتھوں کے کرتوتوں کے کچھ نہ پائے گا اور خدا اپنے بندوں پر ہرگز ظلم نہیں فرماتا ہم بارگاہ خداوندی میں ہی گزارش کرتے ہیں اور اسی پر بھروسہ کرتے ہیں تو جس قدر جی چاہے مکر و فریب کر لے اور جس قدر چاہے تگ و تاگ کر لے اور جو کچھ کر سکتا ہے کر لے۔ اللہ تعالیٰ کی قسم تو ہرگز ہمارے ذکر جمیل کو نہیں مٹا سکتا اور نہ ہی ہمارے مقام کی بلندی کو چھو سکتا ہے اور نہ اپنے اپنے کرتوت کی عار و شنا کو دور کر سکتا ہے، تیری رائے و کوشش کمزور اور یہ سلطنت چند گنتی کے دن اور تیری جماعت پراگندہ وہ وقت قریب ہے کہ جب ایک منادی کرنے والا ندا کرے گا لعنت ہو ایسی قوم پر جس نے یہ ظلم و ستم کیا ہے، اس اللہ تعالیٰ کی تعریف و ثناء ہے جس نے ہمارے پہلے کا خاتمہ سعادت و مغفرت کے ساتھ اور آخری شہادت و رحمت کے ساتھ فرمایا ہم اس سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ان کے اجر و ثواب کو مکمل فرمائے اور مزید اجر میں بلندیاں فرمائے اور ہمیں ان کی صحیح جانشینی کی توفیق عطا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



فرمائے وہ بڑا مہربان اور محبت کرنے والا ہے وہی ہمارے لئے کافی اور ہمارا کارساز ہے۔ حسبنا اللہ نعم الوکیل (الحیات الکلمی ۲: ۲۶۰)

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے اس خطبہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے سب کو سانپ سونگھ گیا ہے، تمام یزیدی خاموش بیٹھے رہے اور کسی کو بات کرنے کی جرات نہ ہو سکی۔

سیدہ نے حق وصداقت اور حق گوئی کا حق ادا کر کے اسلام کی ناقابل فراموش خدمت سرانجام دی جس کی نظیر نہیں مل سکتی، شیر خدا کی شہزادی نے ماضی و حال اور مستقبل کے وہ نقشے کھینچ کر رکھ دیئے کہ یزیدی ایوان حکومت کے در و دیوار ہلا کر رکھ دیئے۔

## دمشق میں اہل بیت کا مدت قیام

اسیران اہل بیت کے متعلق یہ مسئلہ بھی بڑا اختلاف تک پہنچ چکا ہے کہ دمشق دارالسلطنت (شام) میں کتنے دن اہل بیت اسیری کی حالت میں رہے اور ان کو کب رہا کیا اور کب مدینہ پہنچے۔ اس کے متعلق مختلف بیانات ہیں۔ بعض نے لکھا ہے کہ چالیس دن اور بعض نے لکھا ہے بیس دن اور بعض نے لکھا ہے ایک سال اور بعض نے لکھا ہے چھ ماہ اور بعض نے لکھا ہے سات یوم اور بعض نے لکھا ہے صرف تین دن۔

اب ان تمام متذکرہ بیانات کے بعد اصل حقیقت جو کتب معتبرہ سے ثابت ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ خود سیدنا امام زین العابدین ابن امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل بیت کو زیادہ دیر تک اسیر رکھنے میں یزید کو اپنی حکومت کے لئے کافی حد تک خطرہ نظر آیا تو اس نے اہل بیت کو جلد از جلد رہا کرنے کا ارادہ کر لیا۔ چنانچہ اس نے دار السلطنت دمشق میں اہل بیت کو صرف دو دن رکھا اور تیسرے دن ہم کو رہا کر دیا گیا۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



فحبسنا یومین ثم دعانا وانطلق عنا ہم دو دن مکمل دمشق میں رہے۔ پھر تیسرے روز ہمیں یزید نے بلوا کر رہا کر دیا۔ اس سے زیادہ عرصہ تک مدت قید دمشق تسلیم کرنا غلط ہے اور اس پر کوئی اور مدت دلالت نہیں کر سکتی۔ (الحیات الطیبی)

## اہل بیت کی رہائی کے علل واسباب

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت عظمیٰ کے بعد یزید کا یہ خیال سراسر غلط فہمی پر مبنی تھا کہ وہ اپنے تسلط اور اقتدار کا لوہا ایک دنیا سے منوالے گا اور اس پر اپنے اس خیال باطل کا بطلان پہلے ہی روز دربار میں پیشی کے وقت ہی واضح ہو گیا تھا۔ روایات سے یہ بھی ظاہر ہے کہ جوں جوں لوگ حقیقت حال سے آگاہ ہوتے جاتے تھے توں توں یزید سے نفرت بڑھتی جاتی تھی اور یزیدی حکومت کو انقلاب کے آثار نظر آنے لگے۔ چنانچہ ہر طرف سے حتی کہ خود اس کے اپنے قریبوں کی طرف سے بھی لعنت و ملامت ہونے لگی۔ خانہ جنگی کا شدید خطرہ اور حکومت الٹنے کے آثار نمودار ہونے لگے اور یزید کو فوراً اس بات کا احساس ہو گیا کہ وہ اپنی حکومت کی حفاظت کے لئے کوئی ایسا اقدام کرے جس سے شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کی تمام تر ذمہ داری عبیداللہ ابن زیاد پر ڈال کر اس سے اپنے آپ کو بری کر لے اور بیزاری کا اظہار کر لے اور آل رسول کی جلد رہائی کر دے اور رہائی بھی ایسے طریقہ وشان سے کرے کہ اہل بیت بھی راضی ہو سکیں اور لوگوں پر بھی اس کے اچھے اثرات پڑ سکیں۔

چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔

وَلَمَّا قُتِلَ الْحُسَیْنَ وَبَنُوْا ابیہ بُعث ابْنِ زِیَاد برؤسھم اِلٰی یزید فَسَرَّ بِقَتْلِھِمِ اوّلا ثُمَ خَدَمَ لَمَا مقتہ الْمُسْلِمُون عَلٰی ذَالِکَ وابغضہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اَلنَّاسِ وَحَقَّ لَهُمْ اَنْ یُبْغُوْهُ۔

جب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے خاندان شہید ہو گئے تو ابن زیاد نے ان کے سر یزید کے پاس بھیج دیئے تو وہ پہلے تو ان کے قتل سے بہت خوش ہوا۔ پھر جب لوگوں نے اس کے اس فعل شنیع کی وجہ سے اس کو برا سمجھنا شروع کر دیا اور انہیں اس کا حق بھی تھا کہ اس کو برا سمجھیں۔ تب اس نے ندامت کا اظہار کیا، بعض روایات میں تو یہاں تک موجود ہے کہ یزید نے اپنے شنیع فعل پر پردہ ڈالنے اور اہل بیت کو اپنے بری ہونے کے ثبوت میں ایسا بھی کیا کہ اپنے فوجی لشکریوں میں سے شبث بن ربعی، شمر ذی الجوشن، سنان بن انس نخعی، مصعب وہیہ اور خولی بن یزید اصبحی وغیرہ کو اپنے دربار میں بلا کر شبث بن ربعی کو کہا تو نے ان کو قتل کیا ہے اور کیا میں نے تم کو ان کے قتل کرنے کا حکم دیا ہے تو شبث نے کہا نہیں جناب امیر میں نے نہیں کیا جس نے کیا اس پر لعنت ہو، یزید نے پھر کہا تو کس نے ان کو قتل کیا ہے شبث نے کہا مصائب بنی وہیہ نے قتل کیا ہے یزید نے اشارہ کر کے کہا کیوں تم نے ان کو قتل کیا ہے تو کہنے لگا اے امیر نہیں میں نے نہیں اس نے تیسرے کا نام لے کر خود سے ٹال دیا۔ اسی طرح یزید یکے بعد دیگرے ان سے دریافت کرتا رہا اور وہ قتل کو دوسرے پر ڈال کر خود کو ٹالتے رہے بالآخر بات قیس تک پہنچی تو اس نے بھی کہا اے امیر میں نے ایسا نہیں کیا۔ یزید نے کہا تو بتاؤ تم سب خود اس قتل سے بری ہو رہے ہو آخر ان کو قتل کیا تو کس نے کیا ہے قیس نے کہا اگر مجھ کو امان کا اقرار دیتے ہو تو میں بتاتا ہوں۔ یزید نے کہا کہ ہاں تمہیں امان ہوگی بتاؤ۔ قیس نے کہا ان کو قتل نہیں کیا مگر اس نے جنگ کا علم بلند کیا اور لشکر پر لشکر روانہ کئے۔ یزید نے کہا وہ کون ہے جس نے کہا کیا اس کا تم کو پتہ نہیں ہے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



اس لئے معلوم ہوا کہ یزید نے اصل حقیقت پر پردہ ڈالنے کے لئے ہر ممکن اقدام کیا۔

اور جب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک یزید کے پاس پہنچا تو اس کی نظر میں ابن زیاد کی وقعت بڑھ گئی اور جو کچھ اس نے اس کو انعام و اکرام سے نوازا۔ لیکن ابھی بہت ہی تھوڑا وقت گزرا تھا کہ یزید کو یہ اطلاعیں ملنی شروع ہو گئیں کہ لوگ اس کو برا سمجھنے لگے ہیں اور یہاں تک کہ لوگ اس کو لعن طعن اور سب و شتم کر رہے ہیں۔ اس لئے پھر اس نے شہادت امام رضی اللہ عنہ پر اپنی ندامت کا اظہار کرتے ہوئے کہ اگر میں اذیت برداشت کر لیتا اور حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس رکھ لیتا اور جو کچھ چاہتے ان کو کرنے دیتا۔ اگرچہ میرے اقتدار میں کمزوری ہی پڑ جاتی۔ لیکن حق رسول اور ان کی قرابت داری کی حفاظت و رعائت تو ضروری تھی خدا لعنت کرے ابن مرجانہ پر جس نے ان کو مجبور کر کے قتل کر دیا حالانکہ حسین رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا بھی تھا کہ مجھ سے آخر صلح کی گفتگو کر لیں یا کسی اور راستہ کی طرف نکل جانے دو مگر اس نے یعنی عبید اللہ ابن زیاد نے ان کی کوئی بات نہ مانی اس طرح ان کو قتل کر کے لوگوں کی نگاہوں میں مجھے مبغوض کر دیا۔ میرے خلاف لوگوں کے دلوں میں دشمنی کا بیج بو دیا۔ مجھے ہر ایک کی نگاہ میں برا بنا دیا مجھ سے ابن زیاد کی کیا دشمنی تھی۔ خدا اس پر لعنت کرے اور اسے قتل کرے۔ (کامل ابن اثیر ۳:۳۰۰)

ثابت ہوا کہ یزید کے حکم سے شہادت امام رضی اللہ عنہ عمل میں آئی اور اس پر خوش و خرم تھا اور پھر کفریہ اشعار بھی اس نے کہے اور سب کچھ مسلم الثبوت واقعات ہیں جن کا نہ تو کسی سے انکار ممکن ہے اور نہ ہی کسی یزید نواز شخص یا گروہ کے پردہ ڈالنے سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



پردہ ڈالا جا سکتا ہے۔

حق یہی ہے کہ قتل حسین رضی اللہ عنہ پر وہ خوش وخرم تھا اور اس کا اہل بیت رسول کی اہانت کرنا اس پر تواتر معنوی موجود ہے اگرچہ ان واقعات کی تفصیل بطریق احادیث مروی ہی ہیں بنا بریں ہم اس کے بے ایمان ہونے میں ذرہ توقف نہیں کرتے۔ اللہ تعالیٰ اس پر اور اس کے ساتھیوں پر لعنت کرے۔

معلوم ہوا کہ یزید پلید نے اب جو اہل بیت کی رہائی کا فوری اقدام اور تمام تر ذمہ داری ابن زیاد پر ڈالی یہ محض خود کو بری کرنے کے لئے تھی ورنہ جو کچھ ہوا اس کی مرضی کے مطابق ہوا، علامہ تفتازانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں پس یزید سمیت اس کے تمام ساتھیوں پر لعنت ہے خواہ وہ بعد میں صرف ظاہری پردہ ڈالنے کے لئے ایسے کر رہا تھا۔

## رہائی اہل بیت شام سے مدینہ منورہ تک کے حالات

### احکام رہائی اور یزید کا معذرت کرنا

پھر یزید نے اہل بیت کی رہائی کے احکام صادر کرنے سے قبل سیدنا امام زین العابدین ابن امام حسین رضی اللہ عنہ کو بلایا اپنے دربار میں بیٹھایا امام زین العابدین کے استقبال کے لئے کھڑا ہو گیا اور اپنے پاس بٹھایا اور کہا اے ابن حسین علی زین العابدین جس چیز کی خواہش ہے کہو حاضر کی جائے، سیدنا امام زین العابدین نے جواب میں فرمایا میں کوئی چیز طلب نہیں کرتا اور نہ ہی مجھے کچھ چاہئے، ہاں اگر مجھ سے کوئی بات کرنی چاہتے ہو تو میری پھوپھی جان سیدہ حضرت زینب کبری رضی اللہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تعالیٰ عنہا سے کرو کیونکہ ہماری غمگسار اور مددگار اور سالار وہی ہیں۔ یہ سن کر یزید نے فوراً تمام درباریوں کو باہر چلے جانے کا حکم دیا اور پھر کہا اچھا اب میں ان کو بلوا لیتا ہوں، پھر اہل بیت اطہار کی محذرات و طاہرات بمعہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو نہایت احترام کے ساتھ دربار یزید میں لایا گیا، یزید نے سیدہ کی تعظیم و تکریم کرتے ہوئے کہا آپ چاہیں تو میرے محل ہی میں رہیں اور اگر یہاں رہنا پسند نہ فرمائیں اور مدینہ جانا چاہتے ہیں تو وہاں بھیج دیتا ہوں آپ کو کلی اختیار ہے جیسا آپ کا ارادہ ہو میں وہی کرنے کو تیار ہوں، جہاں چاہیں رہیں پھر کہا۔

لَعَنَ اللّٰه ابْن مَرجَانه اَماد واللّٰه لَو انِی صَاحِبَهٗ مَاسَلنی خَصْلَه اَبَداً اِلَّا اَعْطَیْتُهٗ اِیَاهَا وَلَدَ فعت الحَتفَ مِنه بِکُلِّ مَا اَستَطَعْتُ وَلَو بِهَلدکَ بَعْض وَلَدی۔

خدا ابن مرجانہ عبید اللہ پر لعنت کرے، خدا کی قسم اگر میرا اور حسین رضی اللہ عنہ کا سامنا ہو جاتا تو جو یہ چاہتے ہیں میں وہی کرتا اور ان کو کبھی قتل نہ ہونے دیتا خواہ مجھے اپنی اولاد کیوں نہ موت کے منہ میں جھونکنی پڑتی جو کچھ ہونا تھا اب ہو گیا خدا کو یہی منظور تھا اب آپ فرمائیں آپ کیا چاہتے ہیں میں اسی طرح کروں گا۔ (الحیات الحقی ۲:۳٦۷)

یزید نے جب یہ باتیں کہیں تو سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے ایک آہ بھری اور رو پڑیں اور فرمایا اب ان باتوں سے ہم پر کیا اثر ہو سکتا ہے جن کی آنکھوں کے سامنے کربلا کا قیامت خیز منظر ہے، اے یزید اب تو میں چاہتی ہوں کہ مدینہ طیبہ میں نانائے پاک مصطفیٰ ﷺ کے روضہ اطہر کی حاضری دوں اور مدینہ منورہ روانہ ہونے سے پہلے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



یہاں سے کربلا جائیں اور پھر مدینہ پہنچ جائیں گے۔

## اہل بیت کی تعظیم کے ساتھ مدینہ روانگی

اس کے بعد یزید نے اسیران اہل بیت کی رہائی کا حکم دیا اور حضرت نعمان بن بشیر کو حکم دیا کہ آپ کو مزید آدمی دیتا ہوں آپ اپنی نگرانی میں نہایت تعظیم و تکریم سے بحفاظت مدینہ طیبہ پہنچائیں اور اس کے ساتھ ہی یزید نے سواریوں کا انتظام کیا اور ان پر شاندار محمل رکھوائے اور چمڑے کے قطعے اور ریشم کے کپڑے بچھا کر نہایت آرام و سکون سے بیٹھنے کے انتظامات کرائے جب تمام انتظامات مکمل ہو گئے تو پھر صبح سویرے اہل بیت اطہار کے الوداع ہوتے وقت یزید نے کچھ مال و متاع پیش کیا تو سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

لَا وَاللّٰهِ اَنْ يَقْتَلَ اَخِي الْحُسَين واهل بيتي وَتَعطِنِي عَوضِهِم مَالاً لَا كَان ذالِكَ اَبداً۔

ہرگز نہیں خدا کی قسم ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا، میرا بھائی حسین قتل کیا جائے اور اس کی اہل بیت والے قتل ہوں تو اس کے عوض میں ہم مال متاع حاصل کریں ایسا کبھی ہو نہیں سکتا۔ یزید کو یقین ہو گیا کہ یقیناً یہ میرا مال قبول نہیں کریں گے، بعض روایات میں آتا ہے کہ سیدہ نے فرمایا یہ مال غریبوں میں تقسیم کر دو، اگر تم اس کو دینا چاہتے ہو ہم کو اس کی ضرورت نہیں ہاں یہ تو وہ گھرانہ ہے جن کے توسل سے ایک دنیا کو خیر و صدقات ملتے ہیں۔ (الحیات الخفی ۲:۳۶۷)

اسی اثناء میں جب نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی نگرانی میں ان کے ساتھ تین سو سوار تیار ہو گئے اور ادھر تمام اہل بیت اپنی سواریوں پر سوار ہو گئے اور اہل بیت کا قافلہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نہایت عزت و تکریم کے ساتھ بحفاظت دارالسلطنت شام سے مدینہ طیبہ کے لئے روانہ ہوا تو یزید الوداع کہنے چند قدم ساتھ ساتھ چلا تو کچھ آگے ایک قصائی بھیڑوں کو ذبح کرنے سے پہلے ان کو پانی پلا رہا تھا، یہ دیکھ کر سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بے تاب ہو گئیں اور یزید کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا:

دیکھ قصائی بھی بھیڑوں کو پانی پلانے کے بعد ذبح کرتا ہے اور میرے بھائی کو اتنا بھی نہ سمجھا گیا۔ (الحیات النخعی: تاریخ کربلا)

یزید نے پھر کہا خدا عبیداللہ زیاد پر لعنت کرے جس نے یہ ظلم کیا۔

یہ قافلہ دمشق شہر سے باہر تک پہنچا تو یہ جو عورتیں اور مرد اس منظر کو دیکھ رہے تھے ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے، روایات میں آتا ہے کہ قافلہ اہل بیت کی روانگی کے وقت ہزاروں مرد اور عورتیں جمع تھے اور اس رخصتی اور بے بسی پر رو رہے تھے، لوگ اپنے گھروں میں واپس آ گئے اور یزید بھی اپنے محل میں واپس آ گیا اور قافلہ اہل بیت تین سو افراد سمیت نعمان بن بشیر کی نگرانی میں منزل بہ منزل جا رہا ہے۔

## اہل بیت مدینہ کے بجائے کربلا

جب یہ قافلہ اہل بیت سرزمین عراق کی سرحد پر پہنچا جہاں سے دو راستے نکلتے ہیں ایک راستہ سیدھا مدینہ طیبہ اور دوسرا عراق کی طرف نعمان بن بشیر نے آگے بڑھ کر امام زین العابدین سے عرض کیا، حضور اگر کربلا جانا ہے تو عراق کے راستہ سے چلیں اور پھر وہاں سے مدینہ جیسے اور جس طرح آپ فرمائیں اسی طرح ہوگا، سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا سیدھے کربلا چلو چنانچہ کربلا کا راستہ اختیار کیا گیا۔ (الحیات النخعی، سوانح کربلا)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



راستہ میں جہاں کہیں جس منزل پر قیام ہوتا اس سے کافی فاصلہ پر نعمان بن بشیر بمعہ اپنے تین سو افراد سواروں کے ٹھہر جاتے اور ضرورت کی تمام چیزیں فراہم کر کے بھیج دیتے اور ہر چیز کا خیال رکھتے تا کہ آل رسول کے اس قافلہ کو ذرہ برابر بھی تکلیف نہ ہونے پاتے۔

## اہل بیت کا امام عالی مقام وشہیدان کربلا کی قبور پر حاضری

جب یہ قافلہ اہل بیت کربلا میں وارد ہوا تو اہل بیت اطہار اس مقام کو دیکھ کر رو پڑے اور اپنی سواریوں سے اتر پڑے اور سیدھے جہاں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور دوسرے شہدائے کربلا مدفون تھے۔ ان کی قبر اطہر سے جا کر لپٹ گئے اور سلام کرتے جاتے اور روتے جاتے اور یہ کہا اے ابن رسول کس زبان سے وہ مصائب بیان کریں جن کا ہم کو کوفہ اور شام میں سامنا کرنا پڑا اور اس قوم نے ہم کو کیا کیا تکلیفیں دیں کیونکر بیان کریں۔ (تاریخ کربلا)ہ

قریب کی بستی کے لوگ جو بنی اسد یہ تھے وہ بھی جمع ہو گئے اور قبر امام وشہداء کربلا پر آنسو بہانے میں شامل ہو گئے۔

اسی اثناء میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ مشہور صحابی رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھ بنی ہاشم کے کچھ لوگ بھی مدینہ طیبہ سے صرف کربلا میں حضرت سید الشہداء کی قبور کی حاضری کے لئے پہنچ گئے۔ پھر وہ امام زین العابدین کے گلے مل کر روتے رہے اور سرکار سید الشہداء کی قبر سے لپٹ کر وہ بھی روتے رہے تین دن تک اہل بیت نے یہاں قیام فرمایا۔

فَـزَاقَـرَانُـيِ وَقْـتِ وَتَلاقَوَا اِبْكَاءِ وَالْحُزْنَ وَالْطَمْ وَاَقَامُوْ عَلٰى

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ذالک ایامًا ثلاثاً۔

ترجمہ: پس اہل بیت اور مدینہ سے آنے والے اصحاب کی باہمی ملاقات یہاں پر جگر خراش انداز اور غم وگریہ میں ہوئی اور تین یوم تک کربلا میں قیام فرمایا۔

سرکار سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ اور کربلا کے شہیدوں کی قبر اطہر سے آخری سلام اور گریہ فرماتے ہوئے اہل بیت اطہار مدینہ کی طرف روانہ ہوئے۔

## روضۂ رسول اور آل رسول

جب مدینہ والوں جن میں اصحاب و اہل بیت عظام اور خواتین اور مردوں کو یہ معلوم ہوا کہ آل رسول علیہ السلام کا قافلہ آرہا ہے تو وہ سب روتے ہوئے نکل آئے اور ہر طرف بے پناہ ہجوم ہی ہجوم تھا جب آل رسول کا یہ قافلہ روضۂ مصطفیٰ ﷺ پر پہنچا تو سب روضۂ اطہر سے لپٹ گئے اور روتے ہوئے ہدیہ صلوۃ وسلام عرض کیا۔

**السلام علیک یا جداہ انا ناعیۃ الیک ولدک الحسین** اے نانا جان ہم آپ کے پاس آپ کے نواسے حسین کی شہادت کی خبر سنانے آئے ہیں۔ **یا جداہ الیک المشتکی مما جری علینا فو اللہ ما رایت اقسی من یزید ولا رایت کافرا ولا کاشرا منہ ولا جفا راغلظ فلقد کان یقرع ثغرابی بمھرتہ۔**

اے جد بزرگوار جو کچھ ہم پر مصائب گزرے ہیں آپ کی بارگاہ اقدس میں ان کی شکایت کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم ہم نے یزید سے بڑھ کر کوئی شقی القلب اور کوئی کافر ومشرک اور شریر نہیں دیکھا اور نہ ہی ان سے زیادہ کوئی درشت خو جفا کار دیکھا ہے وہ اپنی چھڑی ان کے دندان اقدس پر مارتا تھا (الحیات الحی ۲: ۳۷۳)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



الغرض روتے اور اپنی زبانوں سے مصائب کا ذکر کرتے اس حال میں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں جاری رہیں۔ لیکن زبان سے کوئی جملہ نہیں فرماتی ہیں اور دل پر جو گزر رہی ہوگی یا فرماتی ہوں گی وہ وہی جانتی ہیں۔ پھر سیدہ فاطمہ صغریٰ امام حسین رضی اللہ عنہ کی بڑی صاحبزادی جو مدینہ طیبہ میں تھیں وہ بھی تشریف لا کر سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے گلے لپٹیں اور روتی رہیں پھر سیدہ سکینہ علیہا السلام اپنی چھوٹی بہن کو گلے لگایا۔

حضرت امام محمد ابن الحنفیہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہ بھی آئے اور سب کو اس حال میں دیکھ کر روتے ہوئے گویا کہ یہ ایک عجیب منظر تھا جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد مقدسہ آج سب کچھ اسلام کے نام پر قربان کر کے ان کے روضہ اطہر پر جمع ہیں۔

## آل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنت البقیع میں

پھر یہ آل رسول جنت البقیع میں سیدہ فاطمہ علیہا السلام امام حسن مجتبیٰ کی قبر اطہر پر حاضر ہوئے۔

سیدہ زینب سلام اللہ یہاں ماں کی قبر اطہر پر حاضر ہیں لیکن منہ پیٹنا سینہ کوبی کرنا بال نوچنا بین کرنا خلاف اسلام کے خلاف کوئی حرکت نہ تھی مگر تسلیم ورضا کے مجسمے اور صبر ورضا کی پتلی زبان سے ایک لفظ بھی ایسا نہ نکلا جو اس کی تعلیم کے خلاف ہو یا جس کی تعلیم ان کے نانا پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا مذہب کر رہا ہے حسرت اور بے کسی کی نظروں سے ماں کے مزار کو دیکھتی ہیں اور آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے زبان خاموش تھی مگر شدت الم وغم سے دل میں آپ بیتی کہہ رہی تھیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



امی جان مدینہ سے بھرے ہاتھ گئی تھی اور خالی ہاتھ آئی ہوں۔ نانا جان کی امت نے اسلام کے نام پر عون ومحمد چھین لئے۔ ہر روز کا طلوع وغروب ہونے والا آفتاب گواہ ہے مگر کیا خبر تھی کہ زینب دیکھتی رہ جائے گی اور اس کی آنکھوں کے سامنے اس کا پیارا حسین ذبح کر دیا جائے گا۔ امی جان آپ نے ہم کو بھوکا سلایا اور سائلوں کے پیٹ بھرے آپ کسی جانور کو پیاسا نہ دیکھ سکتی تھیں۔ مگر نانا جان کے خاندان اور ان کے رفقاء اور پیارے حسین اور اس کے بچوں کو اس طرح بغیر قطرہ پانی کے حلال کیا جس طرح کبھی کسی قصائی نے بھی نہ ذبح کیا ہوگا۔ چند پھول ننھی کلیاں زینب کا ہی دل جانتا ہے کس مصیبت سے بچا کر لائی۔ اللہ ان کی عمر کو دراز کرے اور مسلمان شہادت سے اسلام کے معنی سمجھیں۔ (تاریخ کربلا)

سیدہ فاطمہ علیہا السلام اور برادر حسن رضی اللہ عنہ کے مزار اور دیگر مزارات بقیع پر فاتحہ پڑھنے کے بعد آل رسول اپنے گھر آ گئے۔ سیدہ زینب علیہا السلام کے شوہر حضرت عبداللہ ابن جعفر نے بچوں کی شہادت کو صبر سے برداشت کرتے ہوئے فرمایا زینب کاش میں بھی حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کربلا میں ہوتا تو مجھے خوشی ہوتی کہ ان کے نام پر شہید ہو گیا ہوں اگر مجھ کو یہ سعادت نہیں مل سکتی تو میرے بیٹوں کو مل چکی ہے۔

## سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت علی المرتضٰی

### ولادت

حضرت سیدہ زینب بنت علی المرتضٰی از بطن سیدہ فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کی ولادت باسعادت میں اختلاف پایا جاتا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ آپ کی ولادت پانچ جمادی الاول ۵۰ ھ میں ہوئی۔ (الجواہر ص ۱۵۰)

آپ کا نام آپ کی پیدائش کے کئی روز بعد رکھا گیا۔ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے حضرت سیدنا علی المرتضٰی سے فرمایا کہ اس بیٹی کا نام تجویز فرمائیں آپ نے فرمایا کہ ان کا نام حضور اقدس ﷺ رکھیں گے کیا میں ان پر اس معاملہ میں سبقت کر سکتا ہوں کیونکہ اس وقت حضور اقدس ﷺ کہیں سفر پر تشریف لے گئے ہوئے تھے۔ چنانچہ حضور ﷺ حسب معمول اپنی بیٹی کے گھر تشریف لائے تو آپ نے بچی کو گود میں لیا تو سیدنا علی المرتضٰی نے عرض کیا اس کا نام تجویز فرما دیجئے۔ حضور اقدس ﷺ نے پھر ان کا نام زینب رکھا۔ اور سینہ سے لگایا اور بچی کے ساتھ پیار فرمایا۔

## تعلیم و تربیت

سیدہ کی تعلیم تربیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے جن کے نانا جان حضور ﷺ اور جن کے ابا سیدنا علی المرتضٰی اور ماں سیدہ فاطمہ زہرا اور بھائی حسن و حسین ہوں ایسے ماحول میں پرورش پانے والی شہزادی کی صفات کتنی بلند ہوں گی حقیقت بھی یہ ہے کہ فراست اور دانشمندی، قرآن و تفسیر، ادب و علم، کلام پر حاوی تھیں، زہد و تقویٰ سادگی و پاکیزگی، عبادت و ریاضت، استقامت اور استقلال صداقت اور جرأت اور تواضع و مہمان نوازی اور ایثار قربانی ان تمام صفات کا سیدہ زینب بنت علی المرتضٰی میں جمع ہو جانا اس امر کی واضح دلیل ہے کہ خاندان نبی علیہ السلام میں پرورش پانے والی فی الحقیقت انہی صفات کی حامل تھی۔ (الجواہر ص ۱۵۰)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## حامل نبوت کا پیار

حضور اقدس ﷺ کو اپنی اس نواسی زینب کے ساتھ بہت پیار تھا بارہا ایسا ہوا کہ سرورکائنات نماز پڑھتے تو سیدہ بچی تھیں تو آپ کے اوپر سوار ہو جاتیں اور جب تک وہ خود نہ اترتیں آپ سر سجدہ سے نہ اٹھاتے تاکہ سیدہ کی دل شکنی نہ ہو۔

ایک مرتبہ آپ کو سونے کا ہار کہیں سے تحفہ آیا تو آپ نے فرمایا میں یہ ہار اس کو پہناؤں گا جس سے زیادہ پیار ہے چنانچہ آپ ہار لے کر سیدہ زینب کے پاس آئے اور سیدہ زینب کبریٰ کے گلے میں پہنا دیا۔ بعض نے کہا ہے کہ انگوٹھی تھی۔ (الجواہر ص ۱۵۰)

جب حضور اقدس ﷺ نے آخری حج فرمایا تو ایام طفلی زینب کبریٰ آپ کے ساتھ تھیں، یہ واقعہ ۱۰ھ ۷ مارچ ۶۳۲ء کا ہے۔

حضور اقدس ﷺ کا جب وقت رحلت قریب آیا تو آپ نے سیدہ فاطمہ سے فرمایا میرے بچوں کو لاؤ سیدہ امام حسن و امام حسین و ام کلثوم اور زینب کو آپ کی بارگاہ میں لے کر حاضر ہو گئیں۔ نانا جان کی حالت دیکھ کر بچے رو پڑے آپ اس وقت سخت کرب و بے چینی میں تھے۔ بچوں کو دیکھ کر بڑے بھی رو پڑے۔ سیدہ زینب کبریٰ نے امام الانبیاء ﷺ کے سینۂ اقدس پر ہاتھ رکھا سرکار محمد رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ اٹھایا اور بچی کو اپنے ساتھ چمٹا لیا۔ شفقت کی نگاہ فرمائی سر پر ہاتھ پھیرا اور ماتھے پر بوسہ دیا۔

## اخلاق فاضلہ

ایک مرتبہ سیدہ زینب سلام اللہ علیہا سے سیدنا علی المرتضیٰ پیار فرما رہے تھے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



تو آپ نے فرمایا یابنت قولی واحد بیٹی کہو ایک سیدہ نے فرمایا واحد پھر فرمایا بیٹی کہو اثنین دو آپ خاموش ہو گئیں۔ میری آنکھ بیٹی کہو۔ سیدہ نے عرض کیا ابا جان مجھ میں یہ طاقت نہیں جس زبان سے ایک بار ایک کہہ دیا اس زبان سے اب دو کہوں۔ سیدہ کا یہ شگفتہ پیارا جواب سن کر آپ خاموش ہو گئے اور مسکرائے بیٹی کو سینے سے چمٹالیا اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔

## شباہت وشمائل

چہرہ مبارک نورانی اور ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ سے ملتا جلتا تھا۔ حضور ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ میری نواسی زینب کی شکل وشباہت خدیجۃ الکبریٰ کی طرح ہے آپ کشیدہ قامت تھیں۔ چہرہ مبارک سے رعب حیدری اور جلالت نبوی آشکار تھے اعضاء مناسبہ بلاغت طرز تکلم شیر خدا علی المرتضیٰ اور حلم و بردباری میں امام حسن کی مثل اور شجاعت واطمینان قلب میں امام الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کے ہم مثل تھیں۔

## نکاح

آپ کا نکاح مبارک حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار چچازاد بھائی سے ہوا مسجد میں آپ کا نکاح ہوا اور رسم نکاح نہایت سادگی سے ادا کی گئی اور دوسرے روز حضرت عبداللہ نے دعوت ولیمہ کی جہیز میں کیا دیا گیا۔ اس کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ شیر خدا علی المرتضیٰ نے حضور ﷺ کے طریقہ کے مطابق دیا ہوگا۔

## امور خانہ داری

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



گھریلو کام کاج کھانے پکانے کی سیدہ کو خاص مہارت تھی، شادی سے پہلے گھر کا تمام نظم ونسق سنبھالا ہوا تھا کہ جیسے ہر چیز کا سلیقہ ان میں اعلیٰ طور تھا۔ دیکھ کر رشک ہوتا تھا اور شادی کے بعد اپنے گھر کو بھی اس طرح سنبھالا اور غریبوں بے کسوں کی امداد کرتیں اور گھریلو خرچ میں کفایت شعاری کرتیں۔ حضرت عبداللہ ابن جعفر فرمایا کرتے تھے کہ زینب بہترین گھر والی اور کھانے پکانے میں سیدہ کی طرح اعلیٰ بہترین کھانا تیار فرماتیں۔

## شرم وحیاء

یحییٰ بن مازنی کا بیان ہے کہ مدینہ منورہ میں سیدہ زینب کے گھر کے جوار میں کافی عرصہ رہا ہوں لیکن اس طویل عرصہ میں میں نے سیدہ زینب عالیہ کو اس مدت میں۔

مَارَاَیْتُ لَھَا شَخْصاً وَّلَا سَمِعْتُ لَھَا صَوْتًا۔

کبھی ان کا قد وقامت دیکھنے میں نہ آیا نہ کبھی ان کی آواز سنی، ایک واقعہ یہ بھی آتا ہے کہ بچپن شریف میں تھوڑی سی عمر تھی کہ سیدہ زینب قرآن پاک کی تلاوت فرمارہی تھیں اور استغراق کا عالم یہ تھا کہ سر مبارک سے ردا اتر گئی اور مطلقاً خبر نہ ہوئی، سیدہ فاطمہ الزہرا ثمرہ نبوت مآب نے فرمایا بیٹی سر پر چادر کو کرلو بیٹی گھر میں کوئی غیر نہیں، لیکن خدا کا مقدس قرآن اور ننگے سر ایسی شہزادی کی پھر شرم وحیا کی کیا شان ہوگی جس کی مقدس ماں نے ایسا درس دیا۔ (الجواہر ص ۱۵۰)

## عظمت شوہر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



جس سیدہ نے شوہر کی عظمت کا درس خاتون جنت جیسی ماں سے سیکھا اس بیٹی زینب نے اپنے شوہر کو کہاں تک خوش رکھنے کی کوشش کی ہوگی۔ آپ نے پوری زندگی میں شوہر کے احترام اور عظمت اور ان کو خوش رکھنے کی پاسداری فرمائی، کسی موقع پر انہیں رنجیدہ نہ ہونے دیا، سیدہ کے شوہر حضرت عبداللہ ابن جعفر مالدار اور اعلیٰ تاجر تھے روپیہ کی کوئی کمی نہ تھی لیکن سیدہ نے کبھی بھی ان کی دولت کو اہمیت نہ دی بلکہ جو کچھ ملتا وہ بھی غریبوں میں تقسیم فرمادیتیں اور حضرت عبداللہ کو بھی عادت تھی کہ جو کچھ کماتے لوگوں پر خرچ کرتے۔ ایک مرتبہ سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ نے آپ سے فرمایا کہ مستحق لوگوں پر زیادہ خرچ کیا کرو بغیر دیکھے سب کو روپیہ دے دیتے ہیں تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اس لئے دیا ہے کہ سب اس کے بندوں پر خرچ کرتا رہوں۔ یہی عادت سیدہ کی بھی تھی، مزاج، تعلقات، طبیعت سب اپنے شوہر کے مطابق تھی، رہا چھوٹے موٹے معاملات میں میاں بیوی میں معمولی شکر رنجی ہونا تو دوسری چیز ہے سب جگہ ہوتی ہے کوئی ایسا واقعہ نہیں ملتا جس سے کسی خاص معاملہ میں ان کے درمیان شکر رنجی ہوئی ہو، سیدہ نے پوری زندگی اپنے شوہر کی مرضی کے خلاف کوئی کام نہیں کیا اور وہ ہر وقت ان سے خوش رہتے اور انہوں نے بھی پوری زندگی اپنی اس اہلیہ کو خوش رکھنے کی کوشش کی، زندگی میں شوہر کی جدائی کا ایک پہلا موقع یہ آیا کہ جب امام حسین رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ جانے لگے تو سیدہ نے اپنے شوہر سے کچھ کہنا چاہا وہ یہ کہ وہ مجھے اپنے بھائی کے ساتھ پیار ہے، چاہتی ہوں کہ ان کے ساتھ چلی جاؤں نہ کہہ سکیں اور رو پڑیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سیدہ کو دیکھ کر خود مغموم ہوگئے اور بار بار رونے کی وجہ دریافت کرنے پر سیدہ نے کہا کہ بھائی کے ساتھ چلی جاؤں، اس سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ نے ایسی بات پر بھی سیدہ کی دل شکنی اس لئے نہ فرمائی کیونکہ آپ جانتے تھے کہ میری دل شکنی آج تک نہیں کی اور خوش رکھا، لہذا اس بات پر اگر سیدہ خوش ہیں تو کوئی حرج نہیں۔

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کے عہد خلافت میں حضرت عبداللہ اور سیدہ زینب جنگ جمل ۳۶ھ اور صفین ۳۷ھ اور مہروان ۳۸ میں ساتھ تھے اور بہت اہم ذمہ داریاں ان کے سپرد تھیں حضرت علی کے بعد جب حسین کوفہ سے مدینہ آ گئے تو اس وقت بھی سیدہ اور ان کے شوہر ان کے ہمراہ آئے ان واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بیوی کے تعلقات خوشگوار تھے، لیکن سیدہ کا شوہر کے علاوہ زندگی کا بیشتر حصہ مصائب وصدمات میں گزرا۔ (الجواہر، تاریخ کربلا)

## زہد وتقویٰ

دنیاوی زیبون اور لذتوں اور ساز و سامان اور عیش و عشرت اور مال و دولت، دنیاوی خوشحالی، دنیاوی راحت کو سیدہ زینب نے کبھی ترجیح نہ دی، سب کچھ ہوتے ہوئے آخرت کو ترجیح دی، یہ وہ خاصہ عظیم تھا جو کہ نبوت سے وراثت میں آپ کو حاصل تھا، شاید ہی ایسی کوئی اور مثال مل سکے یہ آپ کے زہد اور تقویٰ کی بے مثل دلیل ہے اکثر عبادات واطاعت میں اپنی زندگی بسر کر دی، آپ کی عبادت واطاعت کا یہ عالم تھا کہ ساری عمر نماز تہجد نہ چھوڑی، اکثر اوقات سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے یہ میری بہن تہجد گزار ہے اور اے میری بہن میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ میرے لئے اس وقت دعا کیا کرو، ایسی معظمہ، عابدہ، زاہدہ مقدس ہستی تھیں بلکہ امام زین العابدین فرماتے ہیں کہ حادثہ کربلا کے خونی منظر کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



ساتھ ساتھ اور بعد میں اسیر ہو کر کوفہ آنے اور وہاں قیام کے دوران اور اس کے بعد دمشق جیسے سخت ترین سفر میں بھی۔ میری پھوپھی زینب عالیہ نے ان مصائب و شدائد کے باوجود اور جو شام کے سفر میں پیش آئے نماز تہجد ترک نہیں کی۔

## ایمان و توکل

سیدہ کے صبر و شکر اور ایمان و توکل کا پورا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب کہ اس کا عمدہ عملی مظاہرہ پیش فرمایا جب سید امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد محذرات طاہرات کو سیر کر کے وہاں گزارا گیا جہاں سید الشہداء کی لاش مطہرہ مع اعزہ و انصار کی لاشہائے مقدسہ بے گور و کفن تپتی ہوئی ریت پر خاک و خون میں غلطان پڑی ہوئی تھیں۔ اس وقت کوئی بھی یہ حال دیکھے گل جائے، مگر امام زین العابدین کی بہن صابرہ نے پورے صبر و ثبات اور یقین و اعتماد کے ساتھ بارگاہ رب العزت میں دست دعا بلند کر کے یوں عرض کیا۔ اِلٰهی تَقَبَّل مِنَّا هٰذَا الْقُرْبَان اے اللہ العالمین اپنے دین کے تحفظ کے سلسلہ میں ہماری یہ قربانی قبول فرما، یہ سیدہ کے قول و فعل اور آپ کے معرفت الٰہی اور توکل علی اللہ کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہونے کی بین دلیل ہے اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ واقعہ کربلا میں اور بعد کے مصائب میں سیدہ نے جس صبر و رضا کا ثبوت دیا اس کی مثال نہیں مل سکتی، آپ کو اپنے بھائی امام حسین رضی اللہ عنہ سے بے پناہ محبت تھی اور اس محبت کا حق انہوں نے کربلا اور بعد از کربلا اپنے عملی نمونہ سے پیش کیا ہے۔ اس لئے آپ کو شریکۃ الحسین، عابدہ، صابرہ، زاہدہ، عالمہ، معلمہ بھی کہتے ہیں۔ کوفہ میں سیدنا علی المرتضیٰ کے عہد خلافت میں آپ کے مکان میں آپ کوفہ کی عورتوں کو قرآن پاک کا درس دیا کرتی تھیں۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



الغرض ایثار و قربانی اور دانشمندی اور استقامت و استقلال و صداقت و جرأت و تواضع و مہمان نوازی، زہد و تقویٰ، عبادت و ریاضت، خلق کرم، سادگی، پاکیزگی، ان تمام صفات کا سیدہ میں جمع ہونا ان کے شایان شان تھا، جیسا کہ اس کی کچھ تفصیلات گذشتہ بابوں میں بیان کی جا چکی ہے۔ (الجواہر ۱۵۲)

فرمایا امانت سے خبردار ہو زینب
ہم جاتے ہیں تم قافلہ سالار ہو زینب
یہ دین کی آواز تھی ایمان کی ضرورت
یہ آہ تھی پیغام شہیدان کی ضرورت
شبیر کو تھی اس دل سوزاں کی ضرورت
تفسیر ہو جس طرح قرآن کی ضرورت
ایمان کی منہ بولتی تصویر تھی زینب
شبیر کا سر کٹتے ہی شبیر تھی زینب
عجیب کام کیا تو نے مرحبا زینب
معین مقصد سلطان کربلا زینب
حسین منزل حق ہیں تو حق نما زینب
وہ ابتدائے شہادت تو انتہا ہے زینب
سلام بھیجتے ہیں اپنی شہزادی پر
کہ جس کو سونپ گئے تھے وقت گھر کا سرور
مسافرت نے عجب بے بسی یہ دکھلائی

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



نثار کردیئے بچے نہ بچ سکا بھائی
جو کچھ ہے میرے پاس وہ قربان ہے بھائی
دو بیٹے ہیں اور ایک میری جان ہے بھائی

## وصال

سیدہ زینب سلام اللہ علیہا کے وصال کی تاریخ میں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن کثرت رائے یہ ہے کہ پندرہ رجب المرجب ۶۲ھ میں اس وقت ہوا کہ جب حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہ شام کے سفر میں جا رہے تھے تو راستہ میں دمشق کے قریب ان کا انتقال ہو گیا اور وہاں ہی آپ کو دفن کیا گیا۔ بعض نے آپ کا انتقال مدینہ منورہ اور بعض نے قاہرہ اور بعض نے دمشق بتایا لیکن صحیح یہی ہے۔

## مرقد اقدس

سیدہ زینب سلام اللہ علیہا کے جس طرح تاریخ وصال میں اختلاف پایا جاتا ہے اسی طرح آپ کے مدفن شریف مزار میں بھی اختلاف شدید پایا جاتا ہے بعض نے آپ کا مدفن مدینہ منورہ جنت البقیع بیان کیا ہے اور بعض نے قاہرہ (مصر) میں بیان کیا ہے اور اکثر کا اتفاق دمشق کے قریب بمقام زینبیہ اس جگہ کا نام پڑ گیا ہے وہاں پر آپ کا مزار اقدس ہے۔

ست زینبیہ یا زینبیہ ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جو دمشق شہر سے چار پانچ میل کے فاصلے پر جنوب مغرب کی طرف ہے۔ دمشق سے بسیں یہاں آتی جاتی رہتی ہیں۔ پختہ سڑک ہے اور سڑک کے دونوں طرف سبزہ ہی سبزہ ہے، مقام زینبیہ سے ایک میل

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



فاصلے سے ہی سیدہ زینب کا مزار اقدس دور سے سبز رنگ کا نظر آنا شروع ہو جاتا ہے، مزار اقدس کی بیرونی عمارت کے دو دروازے ہیں ایک دروازہ مسجد کی طرف اور دوسرا مزار کے دروازہ کے نزدیک ہے۔ جس پر لکھا ہوا ہے سیدہ زینب الکبریٰ کا نہایت عظیم الشان مزار اقدس ہے، آپ کے روضہ کے قریب بائیں جانب زائرین کے لئے کمرے بنے ہوئے ہیں ایک بلند مینار بھی ہے، روضہ کے دروازے پیتل کے بنے ہوئے ہیں، قبر کے چاروں طرف چاندی کا خوبصورت کٹہرہ ہے جالی میں چاندی کے موٹے موٹے گولے ہیں۔ جالی کے نیچے ۱۸۷۷ انچ موٹا تہہ کا بارڈر ہے، تابوت کے اوپر چھت میں سونا ہے، تابوت شیشہ کے صندوق میں ہے، قبر مبارک پر قیمتی کپڑے اور ان پر سونے کا تاج رکھا ہوا ہے۔ روضہ کی چھت پر جڑے ہوئے شیشے چمکتے ہیں۔

بوستان آرام گاہ دختر شیر خدا
سجدہ کن درگاہ نور دیدہ خیران درا
تانبود معرفت چشم خرد سازی نبود
تو تیائی دیدہ کن ایں خاک پر قدر وامارا

شیخ ابوبکر الموصلی رحمتہ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے بارہ سال متواتر سیدہ زینب الکبریٰ کی بارگاہ اقدس میں حاضری دی، میرا طریقہ یہ تھا کہ جب میں حاضر ہوتا تو روضہ اطہر کے اندر نہیں جاتا تھا بیرونی حصہ پر قدم ہائے مبارک کے سیدھ میں کھڑا ہو جاتا اور سلام پڑھتا اور واپس آ جاتا یعنی ادب و احترام کے پیش نظر اندر جانے کی جرات نہ کرتا، فرماتے ہیں ایک روز میں نے خواب میں دیکھا کہ سیدہ

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



زینب مزار اقدس سے باہر نکلیں آپ کی عزت وشان وجلالت ووقار کو دیکھا اور فرمایا:

ذَادکَ اللّٰہ اَدَباً اِنَّ جدی وَاَصحَابَة کَانُو یَزُوْرُوْنَ ام ایْمَنَ حَاضنة بَعْد موتِهَا۔

اے بیٹے اللہ تیرے ادب کو اور زیادہ کرے بے شک میرے نانا جان اور آپ کے اصحاب ام ایمن جس نے آپ کو پالا تھا اس کی وفات کے بعد زیارت کیا کرتے تھے۔

واضح رہنا چاہئے کہ حضرت عبداللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ عنہ آپ کے شوہر کا مزار دمشق کے جامع صغیر نامی قبرستان میں ہے۔

## قاتلان امام کا عبرتناک انجام

### یزید کی ہلاکت، سنگباری اور آگ

آخر کار یزید پلید تین برس سات مہینے حکومت کرنے کے بعد پندرہ ربیع الاول شریف ۶۴ھ کو جس روز اس کے حکم سے کعبہ معظمہ کی بے حرمتی کی گئی تھی اڑتالیس برس کی عمر میں تڑپ تڑپ کر زمین پر ایڑیاں رگڑتا ہوا اور چیخ و پکار کرتا ہوا سسک سسک کر مر گیا اس کے گھر والوں میں سے بھی کوئی اس کے نزدیک نہ ہوا۔

گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق حرمین شریفین کی اہانت کرنے والا نمک کی طرح گھل کر ہلاک ہو گیا۔ حضرت ابن زبیر نے نداء کی کہ اے لوگو! اہل شام آج تمہارا بادشاہ ہلاک ہو گیا یہ خبر سنتے وہ لوگ بھی ذلیل وخوار ہو گئے۔ جو کعبۃ اللہ کی بے حرمتی کر رہے تھے اور اہل مکہ کو بھی مرنے سے ان لوگوں سے نجات ملی جو اس کے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


حکم سے تباہی مچا رہے تھے۔ (الحیات الخفی ۲:۴۹۵، سوانح کربلا)

دمشق کے پرانے قبرستان باب الصغیر کے کچھ آگے یزید کی قبر کا نشان تھا جس پر آج سے کئی سالوں پہلے لوگ اینٹیں پتھر مارتے تھے اور اکثر اینٹوں کا ڈھیر لگا رہتا تھا وہاں اب شیشہ، کانچ، لوہا، گلانے کی بھٹی لگی ہوئی ہے اس کارخانہ میں شیشے کے برتن بنائے جاتے ہیں اس لوہے اور کانچ کو گلانے کی آگ والی بھٹی بالکل ٹھیک جس جگہ قبر تھی وہاں بنی ہوئی ہے گویا یزید کی قبر پر ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے۔

نہ یزید کی وہ جو جفا رہی نہ عبید کا وہ ستم رہا
جو رہا تو نام حسین کا جسے زندہ رکھتی ہے کربلا

## مختار بن ابو عبیدہ ثقفی

مختار قبیلہ ثقیف کا فرد تھا اور طائف کا باشندہ تھا مختار بن ابو عبیدہ، مختار ابو عبیدہ نے کوفہ میں سکونت اختیار کر لی اور اس کا شمار کوفہ کے رؤسا میں ہوتا تھا جیسا کہ سیدنا امام مسلم بن عقیلؓ کے کوفہ پہنچنے پر سب سے پہلے آپ اسی مختار کے گھر قیام پذیر ہوئے۔

جب کوفہ کے حالات خراب ہو گئے تو مختار نے کوفہ کی سکونت ترک کر دی۔ تو وہ کوفہ کے باہر اپنی ایک ملکیتی بستی جس کا نام تغا ہے وہاں چلا گیا۔ جہاں اس کی جائیداد اور باغات وغیرہ ذاتی ملکیت تھے وہاں رہائش اختیار کر لی۔ پھر سیدنا امام اعظم بن عقیلؓ نے حضرت ہانی بن عروہ کے ہاں قیام فرمایا۔ جنہوں نے اپنے جلیل مہمان کی خاطر اپنی جان قربان کر دی تھی۔

جب عبید اللہ ابن زیاد نے ان عظیم شخصیتوں کو گرفتار کر شہید کر ڈالا تو اس

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



دوران ہی اس نے مختار بن ابوعبیدہ کو تغا بستی سے گرفتار کر کے قید کر دیا کیونکہ اسے شبہ تھا کہ یہ بھی آل رسول کا محب ہوگا۔ جبھی اس نے امام مسلم بن عقیل کو اپنے گھر میں پناہ دی تھی۔ ان خطرات کی بناء پر پھر یہ قید میں رہا۔ یہاں تک کہ واقعہ کربلا کے بعد تا دیر اس کو عبیداللہ ابن زیاد نے قید میں ہی رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ امام مسلم بن عقیلؓ سے لے کر سیدنا امام حسین کی شہادت عظمیٰ اور اس کے بعد مختار کا کہیں نام نہیں ملتا۔ اب جب یزید کو شہادت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے بعد اپنی حکومت کا خطرہ پڑا تو ان دنوں موقعہ پر کسی طرح مختار ابن ابوعبیدہ ثقفی نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ جن کے ہاں مختار کی حقیقی بہن صفیہ تھی ان کو خط بھجوایا کہ مجھے قید سے رہائی دلائی جائے حضرت عبداللہ ابن عمر نے یہ خبر پاتے ہی یزید پلید کو لکھا کہ کوفہ کے حاکم عبیداللہ ابن زیاد نے مختار کو گرفتار کر رکھا ہے اس کو بہتر ہے کہ فوری طور پر رہا کرو، یزید کو جب یہ پیغام ملا تو اس نے مصلحتاً یعنی اپنی سلطنت پر مزید خطرات سے بچنے کے لئے عبیداللہ ابن زیاد کو حکم دیا کہ وہ فی الفور مختار کو رہا کر دے۔ چنانچہ یزید کا حکم پاتے ہی چند ہدیات جاری کر کے رہا کر دیا گیا۔ (الحیات الحقّی ۲: ۴۰۴)

## مختار بن ابوعبیدہ کا دورِ حکومت

یزید پلید کی ہلاکت کے بعد حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئی، مگر شام کے لوگوں نے مرگ یزید کے بعد یزید کے بیٹے معاویہ ابن یزید کی بیعت کر لی مگر اس نے خلع کر لیا اور تین ماہ چالیس روز کے بعد وفات پائی، اس کی عمر اکیس سال اٹھارہ دن تھی۔ اس کے مرنے کے بعد اہل مصر و شام نے بھی حضرت عبداللہ ابن زبیر کی بیعت کر لی پھر مروان بن حکم نے خروج کیا اور اس کو مصر شام پر

Courtesy www.pdfbooksfree.pk


قبضہ حاصل ہوا اور ۶۵ھ میں وفات پائی۔ پھر اس کی جگہ اس کا بیٹا عبدالمالک اس کا قائم مقام ہوا اور عبدالمالک کے عہد میں مختار بن ابوعبیدہ ثقفی کوفہ کا حاکم مقرر ہوا۔

## مختار کی مدح و قدح پر اختلاف

اگرچہ مختار بن ابوعبیدہ ثقفی کے بارے میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے بعض نے اس کی تعریف میں اور بعض نے اس کی مخالفت میں بیان دیئے ہیں لیکن جہاں تک حقیقت کے اعتراف کا تعلق ہے وہ قدح کرنے والوں کے نزدیک بھی یہ مانا گیا ہے بلکہ لکھا گیا ہے کہ مختار سے قدرت کاملہ نے جو کام قاتلان امام رضی اللہ عنہ اور واقعہ کربلا کے ظلم و ستم کا انتقام اس سے لینا تھا وہ مختار سے لیا۔ اس لئے یہ تسلیم کرنا پڑا کہ یہ شان خداوندی ہے کہ وہ بے مایہ ذروں سے آفتاب کا کام لے لیتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس مختار کو کوفہ کا حاکم بنایا اور اس کے ہاتھوں سے ظالموں کو کیفر کردار تک پہنچایا۔

## کربلا کا انتقام

یزید اور عبیداللہ ابن زیاد اور عمرو ابن سعد کے دماغوں میں جہانگیر سلطنت کے نقشے کھنچے ہوئے تھے۔ دنیا پرستارانِ سیاہ باطن اور مغروران تاریک دروں کیا امیدیں باندھ رہے تھے اور سرکار سیدالشہداء رضی اللہ عنہ کی شہادت سے ان دشمنان حق کو کیسی توقعات تھیں۔ لشکریوں کو گراں قدر انعامات کے وعدے دیئے گئے سرداروں کو عہدے اور حکومت کا لالچ دیا گیا تھا وہ سمجھتے تھے کہ فقط سرکار امام رضی اللہ عنہ کا وجود ہی ہمارے لئے عیشِ دنیا سے مانع ہے یہ نہ ہوں تو تمام کرہ زمین پر یزیدیوں کی سلطنت ہو جائے اور ہزاروں برس کے لئے ان کی حکومت کا جھنڈا گڑ جائے۔

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



مگر ظلم کے انجام اور قہر الٰہی کی تباہ کن بجلیوں اور دردسیدگان آل نبوت کی جہاں برہم کن آہوں کی تاثیرات سے بے خبر تھے انہیں نہیں معلوم تھا۔ کہ خون شہدائے کربلا رنگ لائے گا اور سلطنتوں کے پرزے اڑ جائیں گے اور ایک ایک شخص جو قتل امام رضی اللہ عنہ میں شریک ہوا طرح طرح کے عذابوں میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو گا۔

ظالموں کی قوم ہوگی مختار کے گھوڑے ان کو روندتے ہوں گے ان کی جماعتوں کی کثرت ان کے کام نہ آئے گی۔ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹے جائیں گے سولیاں دی جائیں گی۔ لاشیں سڑیں گی۔ دنیا میں ہر شخص تف تف کرے گا۔ ان کی ہلاکت پر خوشیاں منائی جائیں گی دل چھوڑ کر نامردوں کی طرح بھاگیں گے اور چوہوں اور کتوں کی طرح انہیں جان بچانی مشکل ہوگی۔ جہاں کہیں پائے جائیں گے مار دیئے جائیں گے دنیا میں قیامت تک ان پر نفرت وملامت کی جائے گی۔

اب وعدہ خداوندی ظاہر ہو گیا۔

وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَیَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔

ظالموں نے جیسا ظلم کیا قریب ہے کہ ان پر پلٹے گا مختار نے عہدہ سلطنت سنبھالتے ہی اعلان عام کر دیا کہ جن لعنتیوں نے نواسہ سید الابرار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد اور عزیز واقارب اور رفقاء احباب پر کربلا میں ظلم کیے ہیں اور ان کو بے دردی کے ساتھ شہید کیا ہے اب وہ اس کی سزا کے لئے تیار ہو جائیں اور حدیث شریف میں اللہ تعالیٰ کا یہ جو وعدہ ہے کہ خون امام حسین رضی اللہ عنہ کے بدلے ستر ہزار شقی مارے جائیں گے۔ ظاہر ہے کہ ان میں کوئی نہ بچ سکے گا۔ (الحیات الحقی ۲:۱۰۴)

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



## قاتلان امام عالی مقام کے گھروں کا ڈھایا جانا اور قتل کرنا

مختار نے پولیس کا سربراہ اور فوج کا سربراہی افسر ابوعمرہ مقرر کیا اس کے بعد حکم دیا کہ مکانوں کے گرانے کے تمام آلات جمع کر لئے جائیں۔ چنانچہ جب تمام سامان مکانات ڈھانے والا جمع کر لیا گیا تو حکم دیا کہ آل رسول کے قاتلان کو چن چن کر ان کے گھروں کو ڈھایا جائے اور ساتھ یہ ان افراد کو قتل بھی کر دیا جائے جو کہ کربلا میں ظلم وستم میں شریک تھے۔

چنانچہ پولیس وفوج کے آدمیوں نے ایسے تمام افراد کے گھروں کو گرادیا اور ان افراد کو قتل کر ڈالا جو سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے قتل میں شریک ہوئے تھے پھر ان کی لاشوں کو جلا دیا گیا۔

## راہ فرار اختیار کرنے والوں کا تعاقب کر کے مارا جانا

جب مختار کے اس حکم پر عمل شروع ہوا تو کئی ملعون کوفہ سے باہر ادھر شہروں میں بھاگنے شروع ہو گئے جب مختار کو اس کی خبر ہوئی تو اس نے پولیس اور فوج کو حکم دیا کہ ہر طرف ناکہ بندی کر لو اور بھاگنے والوں کا پیچھا کر کے ان کو جہاں کہیں پاؤ مار ڈالو چنانچہ جب ایسے لوگوں کا تعاقب کیا گیا تو ان کو جہاں کہیں دور دراز چلے گئے ان کو پا کر مار ڈالا گیا جن کی تعداد سینکڑوں تھی۔ (الحیات الخفی ۲:۱۰۴)

## یزیدی فوج کے وہ افراد جن کو ٹکڑے کر کے آگ لگا دی گئی

مختار نے ایک حکم خاص دے رکھا تھا جن میں صرف وہ اشخاص تھے جو یزیدی فوج کے افسر اور خاص ظلم وستم کرنے کربلا میں آگئے تھے ان ناموں کی فہرست

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



کے مطابق ان سب کو گرفتار کیا گیا اور مختار کے پاس پیش کیے گئے۔

۱۔ مالک ابن نسر و بسر جہنی جس نے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سر اقدس پر تلوار کا وار اس وقت کیا جب آپ زخموں سے چور زمین پر گرے تھے اور اٹھنا چاہتے تھے اٹھا نہ جاتا تھا کہ اچانک اوپر سے اسی معلون نے بھرپور وار کیا کہ امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کا سر مبارک شگافتہ ہو گیا تھا اس کو گرفتار کیا گیا۔

۲۔ حرملہ ابن طفیل یہ وہ تھا جس نے شہزادہ علی اصغر امام رضی اللہ عنہ کے طفل شیر خوار کو پانی کا قطرہ دینے کی بجائے اس زور سے تیر مارا کہ شہزادہ نے تڑپ تڑپ کر آغوش میں جان دے دی اس کو گرفتار کیا گیا۔ (الحیات الحقی ۲: ۴۰۲)

۳۔ حکیم بن طفیل یہ وہ ہے جس نے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی پیشانی اقدس پر اس قدر زور سے تیر مارا کہ آپ کا سر اقدس چکرا گیا اور غیبی آواز آئی۔ ظالمو! کس پیشانی پر تیر مارا ہے مسح النبی جبینہ جس پیشانی کو سرور کون و مکاں نے بوسہ دیا ہے اس ملعون کو گرفتار کر کے لایا گیا۔

۴۔ خولی بن یزید صبحی۔ یہ وہی ملعون ہے جس نے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے سر اقدس کو نیزہ کی نوک پر چڑھایا اور کوفہ کے بازاروں میں پھیرایا ایسی توہین و بے حرمتی کرنے والے کو گرفتار کر کے لایا گیا۔

۵۔ عمرو بن الحجاج زبیدی۔ یہ وہ ملعون تھا جو نہر فرات پر آل رسول کو پانی کی ایک بوند نہ لینے پر متعین افسر تھا اور ناکہ بندی کر رکھی ہوئی تھی۔ اور آل رسول کو پانی کا ایک قطرہ نہ لینے دیا اس کو بھی گرفتار کر کے لایا گیا۔

۶۔ شمر ذی الجوشن منحوس یہ وہ ملعون ہے جس نے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کو

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



زخموں کی حالت میں چور چور پاکر کربلا کے میدان میں سر اقدس کو تن قدس سے جدا کیا اس کو بھی گرفتار کر کے لایا گیا۔

۷۔ بجدل بن سلیم کلبی۔ یہ وہ ملعون ہے جس نے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کی چاندی کی انگوٹھی اتار لی۔ کہا جاتا ہے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی انگلی مبارک بھی ساتھ قلم کر لی تھی اس کو بھی پکڑ کر لایا گیا۔

۸۔ زین بن وقاد یہ وہ ملعون ہے جس نے آل رسول کے کئی نفوس مقدسہ پر حملے کیے تھے اس کو بھی گرفتار کر کے لایا گیا۔

۹۔ عمرو بن صبیح صداتی (حیدادی) یہ وہ معلون ہے جس نے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آپ کے کندھے مبارک کی چادر اقدس کو اتار لیا تھا اس کو گرفتار کر کے لایا گیا۔

۱۰۔ قیس بن اشعث وہ معلون ہے جس نے سرکار امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کو کربلا میں جب تیروں سے چھلنی گھوڑے پر سوار تھے اور بدن اقدس خون سے نہا رہا تھا تو آپ کی کمر مبارک پر اس قدر زور سے تیر مارا کہ شہزادہ کونین گر پڑے۔

۱۲۔ نصر بن خرشہ

۱۳۔ عثمان بن خالد

۱۴۔ بشیر بن حوطہ

۱۵۔ عبداللہ بن صلحت

۱۶۔ عبدالرحمٰن بن صلحت

۱۷۔ مرہ بن منقا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



۱۸۔ محمد ابن اشعث

۱۹۔ عبداللہ بن عروہ خشعی

۲۰۔ عبداللہ بن عتبہ غنوی

۲۱۔ شبث بن ربعی

۲۲۔ اسحاق بن خارغیفراری

۲۳۔ اسحاق بن حیوۃ

۲۴۔ اخنس بن مرثد

۲۵۔ رجاد بن منقد عبدی

۲۶۔ سالم بن خیثمہ

۲۷۔ واحظ بن فائم

۲۸۔ صالح بن وہب

۲۹۔ ہانی بن ثبیت

۳۰۔ اسید بن مالک

ان میں اسحاق بن حیوۃ ملعون سے ہانی ثبیت تک اور دو افراد سابقہ کل دس آدمی وہ ہیں جنہوں نے سرکار امام عالی مقام علیہ السلام کی شہادت عظمٰی کے بعد آپ کی لاش مقدسہ پر گھوڑوں کو دوڑا کر پامال کیا۔ یہ سب گرفتار کر کے مختار کے پاس لائے گئے۔

یہ تھے وہ بتیس افراد جن کا بمعہ ناموں کے بیان کیا گیا ہے لیکن اس کے علاوہ دو سو بیس افراد ایسے تھے یعنی کل اڑھائی سو افراد یزیدی جنہوں نے عبیداللہ ابن

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



زیاد کے ساتھ مل کر کربلا میں ظلم وستم کیا تھا ان سب کو برسر عام کوفہ دارالامارت کے باہر لٹکایا گیا اور ان کے ہاتھ پاؤں کاٹے گئے اور سسکا سسکا کر ان کے ٹکڑے کئے گئے سر علیحدہ کر دیئے گئے اور تمام نجس لاشوں کے ٹکڑے کر کے زمین پر گرا دیا گیا۔ اور پھر مختار نے ان ٹکڑوں کو گھوڑوں کی ٹاپوں سے روندا اور ان کی ہڈیاں گوشت پسلیاں سب چکنا چور کر دیں۔ اس کے بعد تمام لاشوں پر تیل گرا کر اور لکڑیاں ڈال کر آگ لگا دی۔ اس ذلت رسوائی کے ساتھ مارے گئے خسر الدنیا والاخرۃ پھر ان سب ظالمان ستم شعار مغروران نابکار کے نجس سروں کے دشت بدشت پھراتے اور دنیا میں کوئی بھی ان کی بے کسی پر افسوس کرنے والا نہیں۔ ہر شخص ملامت کرتا ہے اور نظر حقارت سے ان کے ذلیل مرنے کے بعد بھی خوش ہوتا ہے مسلمانوں نے مختار کے اس کارنامے پر اظہار فرح اور دشمنان امام عالی مقام رضی اللہ عنہ سے بدلہ لینے پر مبارکباد دی۔ (سوانح کربلا)

کربلا میں یزیدی فوج جس کی تعداد تیس ہزار تھی اس کی کمان عمرو ابن سعد کے ہاتھ تھی اور اس کو یزیدی حکومت سے ملک رے کی حکومت دینے کا وعدہ کیا گیا تھا مختار نے اس کے بیٹے حفص کو بلوایا اور کہا تیرا باپ کہاں ہے۔ کہنے لگا وہ خلوت نشین ہے یعنی باہر آتا جاتا نہیں ہے مختار نے کہا اب وہ رے کی حکومت کہاں ہے جس کی چاہت میں فرزند رسول، زہرا بتول سے بیوفائی کی تھی اب خلوت نشین کیوں ہوا اس وقت نہ خلوت نشین ہوا مختار کو کچھ جواب نہ دے سکا۔ پھر مختار نے اس کو گھر سے بلوایا اور کہا ظالم کہاں ملک رے کی حکومت جس کے لالچ میں تو نے کربلا میں ظلم وستم کیا عمرو ابن سعد کچھ جواب نہ دے سکا اور اپنی جان بچانے کے لئے ہر ممکن مختار سے

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



واسطے ڈالے لیکن مختار نے کہا ظالم جب نواسہ رسول نے تجھ سے بار بار بات چیت کی تو اس وقت تو نے کوئی امن کی بات نہ مانی اور کہتا تھا میں مجبور ہوں آج میں بھی خدا کے حکم پر انتقام لے رہا ہوں اور میں بھی مجبور ہوں تمہیں بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔

مختار نے حکم دیا کہ جس طرح ظالم نے امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے جوان بیٹے علی اکبر شہید کیے تھے اس کے سامنے پہلے اس کے بیٹے حفص کو مارا جائے حکم ملنے پر حفص کو دو ٹکڑے کر دیا گیا۔ اس کے بعد ان کے ٹکڑے کر کے آگ لگا دو۔ چنانچہ ان کو نذر آتش کر دیا گیا۔ خسر الدنیا والاخرۃ اور سر علیحدہ رکھوا دیے گئے۔ (سوانح کربلا، الحیات الخفی)

## مختار کے لشکر کی ابن زیادی لشکر سے موصل پر جنگ ابراہیم ابن الاشتر کی فتح اور ابن زیاد کی ہلاکت

مختار نے ابراہیم ابن لاشتر کو بیس ہزار کا لشکر دے کر کہا کہ عبید ابن زیاد جو موصل میں تیس ہزار مسلح لشکر کے ساتھ قیام پذیر ہے اس کے ساتھ جنگ کرو اور اس کے ساتھیوں کو مار ڈالو اور ابن زیاد کو مارنے کے بعد اس کا سر میرے پاس کوفہ دارالامارت لایا جائے اس کا حکم ملنا تھا کہ ابراہیم بن الاشتر نے اپنے لشکر لے کر منازل سفر طے کر کے شام کو موصل سے پانچ فرسخ اس طرف نہر فاور پر پہنچ کر اپنا لشکر گاہ قرار دیا اور ساری رات ابراہیم ابن الاشتر سوئے تک نہیں لشکر کی تیاری میں رہے دوسری طرف عبیداللہ ابن زیاد کا لشکر تھا صبح کی نماز کے بعد دونوں طرف سے شدید گھمسان کی جنگ ہوئی۔ اور ابن زیاد کے ساتھ وہی سلوک کیا گیا جیسے مختار نے کہا تھا

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



# لمحہ فکریہ!

سرکار سید الشہداء نواسہ بانی اسلام ﷺ نے کربلا میں جہاد اور بے نظیر عملی نمونہ پیش کرنے اور اسلام کی حمایت میں اپنے دوستوں، عزیزوں، بیٹوں کی جانوں اور خود اپنی جان کو قربان کیا اور جو کچھ کیا ہم کو مذہبی، روحانی، اخلاقی، معاشرتی، تمدنی و اصلاح وحمایت اور ہدایت کی تعلیم کے لئے کیا تھا۔

مگر کس قدر افسوس ہے! کیا ہماری دنیا ہی بدل گئی اور عجیب دنیا بن گئی، اس قدر جہالت، نخوت، خودغرضی، ایذا رسانی، غصب حقوق، ظلم وستم، کذب وافتراء اور اس قدر برائیاں اور بداخلاقیاں اور احکام شریعت سے لاپرواہیاں موجود ہیں جو بیان سے باہر ہیں۔

کیا نواسہ رسول سیدنا امام حسین ؓ کے واقعات شہادت اور کربلا کا یہ مقصد تھا اور عظیم ایثار وقربانی کا یہ ماحصل تھا کہ کچھ رونے والے پیدا ہو جائیں اور ان کے نام کی صرف سبلیں لگائی جائیں، شرینیاں تقسیم کی جائیں اور کھائیں، علم اور تابوت ہی نکالے جایں، تعزیئے بنائے جائیں اور صرف سینہ کوبی کی جائے اور اشعار سنیں اور اشعار سے لطف اٹھائیں اور واعظین و ذاکرین کے مخصوص انداز کا مزہ دیکھیں اور پھر واعظین ومقررین اس پر فخر کریں۔ کہ کیا خوب وقت ایک مشغلہ یعنی شغل میں گزر گیا۔ تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہرگز نہیں اور یقیناً نہیں بلکہ فی الحقیقت لاریب سرکار سیدنا امام حسین ؓ نے باطل کے پہاڑوں سے ٹکر لے کر اسلام کا نام بلند کیا اور اسلام کا نام بلند کیا اور اسلام کا عملی نمونہ بن کر ایثار علوئے نفس، استقلال، تسلیم ورضا،

Courtesy www.pdfbooksfree.pk



صبر، حمایت حق، خیانت شریعت، خلق و کرم، ہمدردی و رحم اور ادائے قرض کی تعلیم دی، مگر ذرا غور کریں اور بتلائیں کہ مذکورہ بالا صفات و احکام پر ہم کس قدر عمل کرتے ہیں۔ صرف فرائض کو ہی لیجئے، نماز، روزہ، حج، زکوۃ، صلوۃ، جمعہ، تلاوت قرآن، ہم میں کس قدر ہے نہ تلاوت قرآن نہ نماز نہ جمعہ، کیا کیا عالی شان مسجدیں اس لئے بنی ہوئی ہیں اور لاکھوں روپیہ خرچ کیا گیا ہے کہ وہاں کوئی نماز نہیں پڑھنی چاہئے، یا کیا صرف اسی لئے کہ جب کوئی خاص دن آ گیا تو وہاں خوب روشنیاں، قمقمے اور کئی تکلفات کئے جائیں۔ ہزاروں روپیہ صرف کیا جاتا ہے کیا اس لئے کہ غریب مسکین تنگدست، بیوہ، یتیم، بے روزگار، بے سرو آسرا افراد کی مدد نہ کی جائے، جب یہ چیزیں ہم پر فرض ہیں اور اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ نے حکم دیا ہے اور نواسہ رسول نے اس کا عملی نمونہ پیش کیا ہے تو ہم پر لازم ہے کہ اس پر عمل کریں۔ اگر ایسا نہیں تو پھر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی محبت کا دعوی سراسر کذب ہے۔ صرف حالات و مصائب سن کر محض رو دینا کوئی کافی نہیں ہے۔ دیکھنا تو یہ ہے کہ ان آنسوؤں کے پیچھے درجہ ہمدردی و اثر کتنا ہے، کتنے عامل فرائض سنن، مستقل، مزاج، کریم النفس، رحیم، ہمدرد، سخی، شجاع اور پابند صوم و صلوۃ ہیں، مصائب کا کس طرح مقابلہ کرتے ہیں اور کتنی غیرت کے مالک ہیں۔ فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ اس لئے ہم پر لازم ہے کہ ہم جس محبت کا دعوی کرتے ہیں اور اس نام کے محب کہلاتے ہیں ہم ان کے اسی مقصد کو اپنائیں، مولیٰ تعالیٰ ہم سب کو سرکار سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے درس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر کی تصانیف، ترجمہ، شرح و تخریج کی ہوئی کتب

جہانگیری
صحیح بخاری شریف
20 کتب سے تخریج
8 جلدیں مکمل
احادیث نبویہ کی سب سے مستند کتاب کا عام فہم، آسان، سلیس، بامحاورہ ترجمہ
امام احمد رضا خان کی تعلیقات علی البخاری

جہانگیری
فیوضات جہانگیری شرح صحیح بخاری
المعروف بہ
جمال السنہ
تقریباً 12 جلدیں مکمل

جہانگیری
سنن دارمی
محدث امام دارمی
2 جلدیں مکمل

جہانگیری
الموطا
امام مالک

PDFBOOKSFREE.PK

جہانگیری
صحیح مسلم شریف
مع ترجمہ
3 جلدیں مکمل
امام ابو الحسین مسلم بن حجاج القشیری

جہانگیری
انتخاب تفسیر جلالین
مشکوۃ المصابیح

جہانگیری
ریاض الصالحین
2 جلدیں مکمل

جہانگیری
اربعین نووی

جہانگیری
انتخاب احادیث
صحیح بخاری و صحیح مسلم
2 جلدیں مکمل

جہانگیری
معارف درود و سلام

جہانگیری
شرح القدوری
2 جلدیں مکمل

جہانگیری
مسند الامام الشافعی
2 جلدیں مکمل

جہانگیری
مسند الامام زید

جہانگیری
نحو میر
میر سید شریف علی بن محمد جرجانی

جہانگیری
فیوضات جہانگیری شرح سنن دارمی
المعروف بہ
تحفہ باقیہ

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006